زبانِ اردو میں ہم قافیہ و ہم آواز (یا حافظ) ہاتف سے ترجمہ دیوان حافظ شیراز

ترجمان الغیب

یعنی

لسان الغیب خواجہ حافظ شیراز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کے

ہر دلعزیز دیوان کی چھ سو (۶۰۰) غزلوں کا منظوم اردو ترجمہ

اصل فارسی کے بحر و قافیہ اور ہم آہنگ ردیف میں

"معجزہ گر نیست کرامات ہست"

مترجمہ

مولوی محمد احتشام الدین صاحب (حقی) دہلوی ایم۔ اے (علیگ)

باہتمام خاکسار محمد شمس الدین خاں اکبرآبادی مالک

شمس المطابع مشین پریس نظام شاہی روڈ حیدرآباد دکن

۱۵ شوال ۱۳۵۷ ہجری

طبع اول (تعداد ۲۲۵۰) قیمت ۱۲؍

(حقوق طبع بحق مترجم محفوظ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیانِ مترجم

الحمد للہ کہ ایشیا کے مشہور و مقبول و ہر دلعزیز اور دنیا بھر کے مسلمہ شاعر یعنی حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تخمیناً چھ سو دلچسپ غزلوں کا یہ منظوم ترجمہ پورا اور طبع ہو کر اہلِ نظر کے سامنے پیش ہوتا ہے۔ اس کو ترجمہ کرنے کے لئے کسی معذرت کی ضرورت نہیں دُنیا کی اکثر معتبر زبانوں میں یہ کلام بار بار ترجمہ ہو چکا ہے۔ یہاں تک کہ نظم میں بھی۔ یورپ کے مشہور شاعر گوئٹے نے تو اس کی طرز پر ایک دیوانِ غزل ہی لکھ ڈالا ہے اور اُس کو دیوان ہی کے نام سے موسوم بھی کیا ہے۔ اُردو کیوں اس سے محروم رہتی؟

اس ترجمے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اصل کے بحر و قافیے کی ہر غزل میں پابندی کی گئی ہے یعنی ترجمہ اُسی بحر و قافیہ میں ہے جو اصل فارسی غزلوں کا ہے ردیف بھی مماثل رکھی گئی ہے۔ اصل کے وہ الفاظ جو اُردو میں مشترک و مانوس ہیں اکثر برقرار رکھے گئے ہیں۔ فی الجملہ گانے بجانے اور ساز و آواز میں ترجمہ کی غزلوں کا وہی لہجہ اور اثر ہے جو اصل فارسی غزلوں کا جس کی بدولت یہ ترجمہ اصل سے بہت قریب مشابہ اور مماثل اور اس صفت میں دنیا بھر کے ترجموں میں لاجواب اور لاشریک ہے۔ ہم نے اس میں فال بھی کھول کر دیکھی تو معلوم ہوا کہ اصل کلام معجز نظام کی اس صفت سے بھی یہ ترجمہ محروم نہیں رہا۔ ثم الحمد للہ!

اس بیانِ واقعہ کو مترجم کی خود ستائی پر محمول نہ کیا جائے گا کہ ایسے نفیس و عالی کلام کے لطائفِ لفظی و معنوی کو اصل کے بحر و قافیے کی پابندی اور ردیف کی ہم آہنگی کی شرط کے ساتھ اردو میں منتقل کر دینا

ایک نہایت دشوار کام تھا اور بعض صورتوں میں ناممکن بھی تاہم وہ جس حد تک پورا ہو سکا اُس کے لئے مترجم اپنی دماغ سوزی اور جگر کاوی سے زیادہ حضرت صاحب دیوان علیہ الرحمہ کی امداد کا رہین منت ہو ترجمے میں جہاں کوئی مشکل آن کر اڑی حضرت کی روحانیت کی طرف توجہ کرنے سے حل ہو گئی اُس کی صرف ایک یہ مثال نمونے کے لئے لکھ دینی کافی ہو گی کہ

سحر بادمی گفتم حدیث آرزومندی

اس غزل کے سب قافیے اُردو میں مشترک ہیں سوائے اس شعر کے قافیے کے کہ

ہمائے چو تو عالیقدر میل استخوان تاکے دریغ ایں سایہ دولت کہ بر نااہل افگندی

ردیف وقافیے کا آخری لفظ "افگندی" تھرا رہے اور کسی طرح ترجمے میں نہیں کھپایا جا سکتا تھا مترجم کا آخر تھک کر حضرت صاحب دیوان کی طرف توجہ کرنا تھا کہ فی الفور اس طرح ترجمہ ہو گیا اور وہی لفظ اُردو میں صورتاً قایم رہا کہ

ہو ضائع سایۂ دولت تیرا نا اہل پر صد حیف ہما یہ تجھ سا عالی قدر اور یہ ہڈیاں گندی ؟

چھ سو غزلوں کے تخمیناً پانچ ہزار اشعار کے ترجمے میں ایسی ایسی دشواریوں کے متواتر پیش آنے اور سہل ہو جانے سے مترجم کو اب یقین ہے کہ یہ ترجمہ اُس نے نہیں کیا بلکہ وہ اس کے کرنے پر مامور تھا۔

شاید اس ترجمہ کی ضرورت اس لئے پیش آئی ہو کہ ہندوستان میں فارسی داں پہلے ہند و بھی بکثرت تھے اب مسلمان بھی ڈھونڈھے نہیں پاتے۔ حضرت کا کلام لفظاً نہیں تو معناً ہی اس سرزمین پر قایم اور یہاں کی نسلیں اُس سے بدستور منتفع اور متمتع رہیں مجالس سماع میں جو وجد و حال آپ کے اشعار پر بلا سمجھے بوجھے ہوا کرتے ہیں وہ آئندہ سمجھ بوجھ کر ہوا کریں۔ کلام حافظ کو لوگ خود سمجھ کر اپنی رائے قایم کریں تقلیدی رائے نہ رکھیں وغیرہ " مترجم باقاعدہ شاعر تھا نہ شاعر کی کوئی دم یعنی کوئی تخلص مشہور نہ رکھتا تھا۔ تاہم یہ کام اُس سے لیا ع قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند!

یا شاید اس کلام کو اُردو کے آئینے میں دکھانے سے یہ مدعا ہو کہ ایشیائی شاعری خصوصاً تغزل کا اصلی اور حقیقی نمونہ مدعیانِ فن کے پیش نظر رہے۔ اُردو میں فی زماننا اُستاد غالب اور اُن کے پیرکار مبالغے کے ساتھ پوجے جارہے ہیں حالانکہ اُن کی شاعری صاف طور پر یک رُخی ہے یعنی صرف آہ کا پہلو رکھتی ہے یہی حال بلکہ اس سے زیادہ قبلہ و کعبۂ شعرا میر صاحب کا ہے ان کے اشعار نہیں آنسوؤں کی لڑیاں ہیں۔

خواجہ حافظ کی غزلیں واہ کا نمونہ بھی پیش کرتی ہیں ہمت بندھاتی ہیں مایوسی سے منع کرتی ہیں اور خوشدلی کا بھی جو مساوی حق شاعری پر ہے اُس کو کما حقہٗ ادا کرتی ہیں۔ طبیعتوں کو مُردہ اور افسردہ ہوکر بجھ جانے اور نشاط میں آکر اعتدال سے گزر جانے سے یکساں روکتی اور مانع ہوتی ہیں۔

"ڈاکٹر بجنوری کے دیباچۂ دیوان غالب میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ دنیا کا وہ کون سا مضمون اور فطرت کا وہ کونسا پہلو ہے جو ڈیڑھ جزو کے انتخاب دیوان غالب میں نہیں آگیا۔"

بلا ضرورتِ جواب، اس ترجمے کے ذریعہ خود روشن ہوجائے گا کہ حافظ کے کلام میں کتنا کچھ ہے اور کیسے حسن و ظرافت و لطافت کے ساتھ ہے کہ غالب کے ڈیڑھ جزوی دیوان بلکہ کلیات میں بھی اس کا پتہ نہیں۔ بحروں کی روانی، ردیف قافیہ کی دلآویزی و موسیقی، الفاظ کی دلکشی، استعارات کی دلچسپی، تشبیہات کی رنگینی، مضامین کی جدت و ظرافت کے علاوہ بہاروں کی نقشہ کشی، حسن کے سراپا، عشق و محبت کے معاملات، زندگی کے کاروبار، شریعت و طریقت کے مباحث و نکات، نصیحت و رہنمائی کے اشارات، فطری جذبات، نفسی کیفیات، حمد و نعت وغیرہ وغیرہ کے جتنے بے شمار پہلو خواجہ حافظ کے کلام میں روشن اور ترجمۂ کلام میں بھی جھلکتے نظر آئیں گے کسی کلام میں اُن کا عشر عشیر بھی نہ پایا جائے گا۔

مرزا غالب نے اپنا فارسی دیوان اہل زبان فارس کے سامنے عالمِ تصور میں پیش کرتے ہوئے

یہ شعر پڑھا ہے گویا ان کو چیلنج (ٹوکنا) دیا ہے کہ ؎

بیا ور ید گر ایں جا بُود زباں دانے غریب شہر سخنہائے گفتنی دارد

اس کے جواب میں حافظ شیراز کا یہ اردو ترجمہ بھی اکثر بزبانِ حال پکارتا سنائی دے گا کہ ؎

بیاورید کجا رفت غالب ہندی پہ پیش حافظِ شیراز گفتنی دارد؟

اس کے لئے ترجمے کو اول سے آخر تک مطالعہ کرنا لازم ہے۔ کہیں کہیں سے اٹھا کر دیکھ لینا کافی نہیں کیونکہ مترجم کو ہرگز یہ دعویٰ نہیں کہ یہ ترجمہ بقول مرزا صائب ؎

"جو شعر حافظِ شیراز انتخاب نہ دارد"

یعنی اس ترجمے میں اصل کلام کی طرح سب رطب ہی رطب ہے یابس مطلق نہیں۔ البتہ یہ دعویٰ ضرور ہے کہ مترجمہ اشعار کی پانچہزار تعداد میں سے غالب کے مختصر دیوان کی پندرہ سو تعداد سے زیادہ اپنے پُر کیف و مضمون اشعار انتخاب کئے جا سکتے ہیں جو اپنے لطف و لطافت میں اپنی نظیر ہوں اور دماغ کے لئے تفریح کے علاوہ غذائے روحانی مہیا کریں جس کی ضرورت سے طبیعت بشری کبھی سیر نہیں ہو سکتی اور اردو کے سرمایۂ ناز مختصر دیوان غالب کو جلدی سے ختم کر کے تشنہ ہی رہ جاتی ہے۔

ترجمہ کہیں لفظی ہے کہیں محاورے کا اور کہیں بامدک ترک و تصرف جو ترجموں میں جائز سمجھا گیا ہے یعنی غیر زبان کے ادب کو اپنانے کے لئے ناگزیر ہے بغیر اس کے ترجمہ کسی زبان کا دوسری زبان میں ادب نہیں بن سکتا۔ بہر حال ماخذ ہر ترجمہ شعر کا حافظ صاحب ہی کا شعر فارسی ہے اور مترجم نے بقدر اپنی فہم و قابلیت کے اس کو سمجھ کر ترجمہ کیا ہے۔ اس کے سمجھنے میں غلطی کا امکان معانی کی غیر معمولی بلاغت و نزاکت خصوصاً تصوف و معرفت کے رموز و نکات کی بہتات اور دیوان کے نسخوں کے اختلافات کی وجہ سے اور بھی زیادہ ہے شارحین کی شرحین بھی یہاں کچھ مددگار نہیں ہوتیں بلکہ اکثر مشکل ہی کے موقعہ پر خاموش پاتی ہیں۔

ترجمے کے لئے میر اور درد کی غزلوں کی شستہ زبان اور شیریں لہجہ اختیار کیا گیا ہے ایک بزرگ شاعر کے درویشانہ کلام کے لئے یہی زبان و لہجہ موزوں خیال کیا گیا۔ فارسی کی چند دہ ترکیبیں بھی ترجمے میں جایز رکھی گئی ہیں جو میر و مرزا کے کلام کے ذریعہ مانوس اور اب غالب کی پیروی کی دھت میں از سر نو زندگی پا گئی ہیں۔ نیز بعض قیود کی جو نظم اردو پر خواہ رسماً یا جدت طرازوں نے مجدد کہلانے کے لئے عائد کر رکھی ہیں، پروا نہیں کی گئی ہے۔ منیر لکھنوی نے تو ان مجددوں کو اپنے آخری دیوان کے فارسی دیباچے میں برا بھلا تک کہدیا ہے۔ عروض کے جوازوں سے بھی جہاں ضرورت ہوئی استفادہ کیا گیا ہے دو ایک جگہ مترجم کا خاص اجتہاد بھی قابلِ معافی ہے۔ مگر یہ سب خال خال ہے اور سب کا مجموعہ کُل ترجمے میں آٹے میں نمک کی قدر سے بھی کم ہے مثلاً متروک الفاظ میں سے کبھو اور جوں صرف ایک آدھ جگہ۔ نت دو جگہ اور آئے ہے اور جائے ہے کے نمونوں کے الفاظ دو تین جگہ سے زیادہ نہیں فلہذا ان کمزوریوں کے جتانے کی ضرورت بھی نہ تھی لیکن دنیا کا مزاج عیب جو واقع ہوا ہے عیب چینوں کی نظر عیوب و نقائص ہی کو کھود کھود کر نمایاں کرنے میں مصروف رہتی ہے ؎

عیب ہی زاہد ہمیں کو نظر آئے خدا — کورآنکھوں سے یہ آئینۂ ادراک پڑے!

دنیا بھر خواجہ حافظ کو مانتی اور اُن کے کلام کی داد دیتی چلی آئی ہے شعرائے متمرد کا فرعون عرفی شیرازی بھی کان ٹیک دیتا ہے اور کہتا ہے ؎

بہ گردِ مرقدِ حافظ کہ کعبۂ سخن است — درآمدیم بعزم طواف در پرواز

یورپ کے ادیب بھی جو اس کلام کو سمجھ لیتے ہیں عاشق و شیدا ہو جاتے ہیں گوئٹے جیسے عظیم الشان شاعر عالم کی مفتونی کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ مسٹر اسٹوری جو آجکل کیمبرج میں اعلیٰ پروفیسری پر ہیں پہلے علیگڑھ کالج میں تھے اپنے ایک دوست رکسی مسٹر اسمتھ نامی، کا جو کیمبرج یونیورسٹی میں فیلو تھے تذکرہ کرتے تھے کہ اُن کے وہ دوست سات سال سے کلام حافظ کے مطالعہ میں مصروف ہیں اور اُن کا

بیان ہے کہ حافظ میں شیکسپیر سے زیادہ لطافتیں اور خوبیاں پائی جاتی ہیں۔

اس بیان کی تردید کا حق اُن کو نہیں جنھوں نے اتنی مدت دراز کلام حافظ کے مطالعہ میں نہیں بسر کی اور نہ شیکسپیر اُن کی مادری زبان ہی ہے۔ لیکن بقولِ حافظ ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم   کہ با من ہر چہ کرد آں آشنا کرد

یہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ حافظ کے کلام کی نسبت مولانا حالؔی اور اقبالؔ نے قدرے یاوہ گوئی سے کام لیا ہے اُن کی کوتاہ بینی پر افسوس ہے۔ اس کا مفصل جواب اس مختصر دیباچے میں نہیں دیا جا سکتا حافظ کی لائف میں دیا گیا ہے جو اس ترجمۂ دیوان کا ضمیمہ ہے مگر ضخامت کے خوف سے علیحدہ جلد میں شائع ہو سکے گا۔ سردست تو دیوان کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے ناظرین اس کو دیکھ کر اپنی رائے خود قایم کریں اور اس تنبیہ کو نہ بھولیں ؎

دوستاں عیب نظر بازی حافظ مکنید   کہ من اورا از محبان خدا می بینم

اِس ترجمے سے اصل کلام فارسی کو سبقاً سبقاً مطالعہ کرنے والے بھی کافی استفادہ کر سکتے ہیں۔

مترجم اُن اصحاب کا بہ دل شکر گزار ہے جنھوں نے اس ترجمۂ دیوان کی کتابت طباعت اشاعت وغیرہ میں مدد کی اور مدد کریں گے نیز مالکِ شمس المطابع مولوی محمد شمس الدین خاں صاحب اور کاتب مطبع منشی عبدالرحمٰن صاحب اکبرآبادی کا ممنون ہے انھوں نے غلطیوں اور تبدیلیوں کے بار بار درست کر دینے میں مکرر زحمتوں سے کبھی پہلوتہی نہیں کی۔ پھر بھی مترجم کی پروف دیکھنے میں نظر چوک جانے سے چند غلطیاں رہ گئیں ہیں جن کی فہرست جدا لگا دی ہے۔ دوسری طبع میں ان غلطیوں کو متن میں درست کر دیا جائے گا اور جو اشعار یا مصرعے ڈھیلے رہ گئے ہیں ان کو اور کس دیا جائے گا۔ ناظرین بھی جو نیچ اصلاحوں اور ترجمے کی غلطیوں سے مطلع فرمانے میں مدد کریں گے اُس کا بھی لحاظ رکھا جائے گا۔ کسی عمدہ مشورہ کو ترجمے میں داخل کرنے سے دریغ نہیں ہوگا۔ مطمح نظر حضرت حافظ کے کلام کو اُردو میں

ڈھال لینا اور اپنی زبان کو دیوان ذی شان کے صدہا ترانوں اور ان کے لطائف و ظرائف سے مالا مال کر لینا ہے۔ یورپ کے ملکوں میں کسی عمدہ کلام یا کتاب کو شائع ہوئے عرصہ گزرنے نہیں پاتا کہ دوسرے ممالک میں اس کو ترجمہ کر کے اپنا لیا جاتا ہے۔ مترجم بھی امیدوار ہے کہ یہ ترجمہ اردو میں ایک اضافہ ثابت ہو مقبولیت پائے لوگ اس سے فالیں دیکھا کریں اس کے ترانے محفلوں کو گرمایا کریں اس کے اشعار اور مصرع زبانوں پر جاری اور ضرب المثل ہو کر تحریر و تقریر میں تراوش کیا کریں اس کی طرحوں پر مشاعروں میں غزلیں کہی جایا کریں۔ شعرا اس سے شاعری کے سبق لیں نئے نئے انداز سخن سیکھیں۔ کما قال الشاعر ؎

قائل ہیں ہم اے داغ اسی انداز سخن کے ۔۔۔ ہر شعر میں ہو حافظ شیراز کا انداز

عشق و محبت، پاک نفسی اور زندہ دلی اس انداز کی جان ہیں اور نمونہ یہ پر جوش و ولولہ اشعار و غزلیات جو اس ترجمہ کے ذریعہ ہدیہ ناظرین ہوتے ہیں۔

المترجم

محمد احتشام الدین حقی دہلوی ایم۔اے علیگ،

(پتہ) حویلی مفتی محمد اکرام الدین خاں مرحوم، دہلی

مورخہ ۱۵ شوال ۱۳۵۷ھ

حیدرآباد دکن

حافظ

سر تسلیم مرا اور در میخانہ، اگر ۔۔۔ کوئی نافہم نہ سمجھے تو وہ سر اور کوئی خشت

غلط نامہ

شعر	پر ذیل کے مصرعوں کو اس طرح پڑھیے	صفحہ	شعر	مصرع	غلط	صحیح
۱۲	سنبھال لے ترک شیرازی پھرے دل نہ یوں مارا	۲۴	۱۳	۱	نالہٗ	نالہ
۸	شغل جاروبی میخانہ کروں مژگاں کا	۲۹	۱۶	۱	غبت	رغبت
۱۲	اس شہر میں تو مجھ سا ہزاروں غریب ہے	۳۱	۹	۱	رار	راز
۱۲	پائی سنبل سے نسیم سحری باہم جفت	۴۱	۳	۱	پر	پر
۹	کچھ اب تو دست غیب سے میری دوا کریں	۶۰	۱۵	۲	صبحگاد	صبحگاہ
۱۲	سالک راہ طلب ہو کے مٹا دے خود کو	۶۴	۱۱	۲	رعنا	رعنا
۶	ورتلغ قافلہ عشق بالا بالا گیا	۷۷	۱۰	۲	ضیاً	ضیا
۱۴	ہم میں تم میں دوستی کا عہد اور میثاق تھی	۸۴	۴	۱	نشان	نشاں
۱۶	ابروے جاناں ہو گرا وجھل تو دیدہ زار زار	۸۴	۱۳	۲	سر	بھر
۲	سان لیں طینت آدم پئے پیمانہ چند	۹۱	۴	۱	و	دہ
۲	رقص حوروں نے کئے جھوم کے مستانہ اند	۹۱	۴	۲	چمن	چھن
۸	شب خواب خوش میں ہاتھ میں دیکھا پیالہ ہے	۹۶	۹	۱	خسرواد	خسروا
۱۱	رہا دہ عیش نہ رہ جائیں گے یہ غم باقی	۹۸	۸	۱	دروکے	رو روکے
۱۱	ہو عیش رواں تو حریف شبانہ یاد رہیں	۱۱۲	۱۳	۱	بزم	بزم
۷	ہزار موتی بھی گنوا دیں گاہ دم شمرہی	۱۵۲	۹	۲	انا	دانا
۱	آب دھوائے پارس میں یہ سفلہ پروری	۱۸۷	۱۵	۲	ٹر	ترا
۸	خرقہ صوفی کا چلو لے کے خرابات چلیں	۱۹۷	۴	۱	گل	رگل
۳	یاد ہے دل کب سے ہم تجھ کو نصیحت کرتے ہیں	″	۱۴	۱	حافظ	حافظا
۷	خاک کس در کی ہے جز حضرت دلدار لگی	۲۱۶	۱۵	۱	توبہ	توبہ
۱۱	آج اس کو مست دیکھا چھلکتے ہوئے بادہ	۲۳۳	۴	۲	ناموسی	ناموشی
۱۵	جنت حق ہے ہمارا تو حق شناس ہے جا	۲۵۷	۸	۱	جرص	حرص

هُو الحق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا یا ایہا الساقی ادر کاساً وناولہا

سن اے ساقی چلا ساغر دے آ، سہل تھا دل کا
مگر اب عشق میں ہے سامنا مشکل پہ مشکل کا

جو بوئے نافہ طرے سے صبا پچھلے کو کھول آئے
بھرے بل زلفِ مشکیں پیچ کیا کیا کھائے خونِ دل کا

مصلے رنگ لے مے سے اگر پیرِ مغاں کہہ دے
سمجھ رہبر کو نا واقف نہ رسم و راہ منزل کا

یہ کالی رات، طوفاں سر پہ، منہ پھاڑے بھنور آگے
دل اس بپتا کو جانے کیا سبکبارانِ ساحل کا

ہوئیں خود رائیاں کاموں میں آخر وجہِ رسوائی
رہا کب راز بن کر مشوروں میں نقلِ محفل کا

ہمیں کیا منزلِ جاناں میں لطفِ امن و آسائش
جگا دے ہر گھڑی گھڑیال باندھو بندِ محمل کا

حضوری چاہے گر حافظ تو رکھ پیشِ نظر اس کو
اسے دیکھے تو دنیا چھوڑ دے یہ پھینک دے چھلکا

اے فروغ ماہ حسن از روے رخشان شما

حسن کا خود چاند ہوئے درخشاں آپ کا
آبرو بخشِ حسیناں ہے زنخداں آپ کا

حسرتِ دیدار میں اب جاں لبوں پر آ گئی
باہر آئے؟ لوٹ جائے؟ کیا ہی فرماں آپ کا

کونسا دن ہوگا وہ بھی جب گلے دونوں ملیں
جمع خاطر میری اور گیسو پریشاں آپ کا

نرگسِ بے باک نے کی عافیت سب کی خراب
ستر پوشی سے رہے یہ مستِ عریاں آپ کا

بخت خواب آلودہ اپنا شاید اب بیدار ہو
چھینٹے منہ پر دے رہا ہی روئے رخشاں آپ کا

گلشنِ رخسار سے پہنچے کوئی اُڑ کر ورق
دیکھیں اب کس رنگ بو پر ہے گلستاں آپ کا

دل چلا ہاتھوں سے ہاں دلدار کو دینا خبر
دوست تو ہے ہاتھ میرا اور داماں آپ کا

آپ کی عمریں درازاے ساقیانِ بزمِ جم
مے سے خالی گرچہ گزرے ہم پہ دوراں آپ کا

اے صبا پہونچا اہلِ یزد کو میری دعا
ہو سزا ناحق شناساں گوئے میداں آپ کا

دُور ہوں لیکن سمجھ لینا نہ مجھ کو دل سے دُور
آپ کے شہ کا ہوں بندہ اور ثنا خواں آپ کا

اے شہنشاہِ بلند اختر سہارا دیجئے
آسماں تک اٹھ کے چھو لوں سنگِ ایواں آپ کا

آپ نے دامن بچا کر خاک خوں میں ہیں پڑے
سینکڑوں دل کٹتے یہاں اور یہ بھی قرباں آپ کا

کرتا ہے حافظ دعا آمین گو ہیں سب یہاں
ہو مبارک ہم کو لعلِ شکر افشاں آپ کا

دل میرود ز دستم صاحبدلاں خدارا

ہاتھوں سے دل چلا اے صاحبدلاں خدارا
ہے یہ کہ رازِ پنہاں ہوتا ہے آشکارا

دو روزہ پھر گردوں افسانہ ہی اور افسوں
یاروں سے کر لے یاری جب تک ہو اس کا یارا

تختے پہ بہہ رہے ہیں چل جا ہوا موافق
بچھڑے اس آشنا سے پھر جا ملیں دوبار

شب جلسۂ گل و مل میں کیا ہی چہکی بلبل
ہات الصبوح ہبوا یا ایہا السکارا

اے صاحبِ کرامت دے صدقۂ سلامت
بیچارہ بے نوا کا ایک روز تو ہو چارا

تا کوئے نیک نامی جانے ہی ہم نہ پائے — حکمِ قضا بدل دے ہو جس کو ناگوارا
دونوں جہاں کی راحت اس ایک بات میں ہے — یاروں کے ساتھ یاری دشمن سے بھی مدارا
آئینہ سکندر ہے جامِ جم کے اندر — دیکھ اس میں آنکھ بن کر انجامِ ملکِ دارا
سرمست اٹھا مبادا جوں شمع سوز پائے — دلبر وہ موم جس کی مٹھی میں سنگ خارا
مطرب ہو دوستوں کا یہ شعر پارسی ہوں — پیرانِ پارسا کا پھر دیکھئے نظارا
خوبانِ پارسی گو دیدیں گے عمر رفتہ — پیرانِ پارسا کو ساقی کا ہے اشارا
وہ تلخ شے کہ صوفی کہتا ہے پاپ کی جڑ — اشہیٰ لنا و احلیٰ من قبلۃ العذارا
ہنگام تنگ دستی دے داد عیش و مستی — پارس بنا لی ہستی قاروں کا مال مارا
حافظ نے کب تھا پہنا یہ خرقۂ مے آلود — اے شیخِ پاک دامن چھوڑ اس کو تو خدارا

ساقی بنور بادہ برافروز جام ما

ساقی فروغِ بادہ سے دہکا دے جام کو — مطرب دے شادیانہ بہرِ خاص و عام کو
ساغر میں میں نے عکسِ رخِ یار دیکھا ہے — کیا جانو میری لذتِ شربِ مدام کو
بھولیں یہ سب کرشمہ و نازِ سہی قداں — آنے دو میرے سروِ صنوبر خرام کو
دل زندہ عشق سے ہے تو مرنا محال ہے — کندہ ہیں ہم تو لوحِ جہاں پر دوام کو
متوالی میرے دوست کی بھائی قضا کو آنکھ — مستی کے ہاتھ دے گئی میری زمام کو
ترجیح حشر میں کہیں دیدیں نہ شیخ کی — نانِ حلال پر مرے آبِ حرام کو
بادِ صبا جو گلشنِ احباب میں چلے — کہنا ضرور یار سے تو اس پیام کو
کہنا کہ میرے نام کو قصداً بھلائے کیوں — آ جائے خود کہ یاد ہی آئے نہ نام کو

یہ آبی آسمان: یہ کشتی نما ہلال! — خم کیوں ہیں؟ شکر نعمتِ حاجی قوام کو
دل سرد مہریوں سے فسردہ ہے لالہ وار — اے مرغِ بخت دیکھ کسی دن تو دام کو
حافظ دریغ رکھ نہ گہر دانۂ سرشک — ممکن ہے مرغِ وصل کبھی پائے دام کو

صلاحِ کار کجا و دل خراب کجا

صلاحِ کار کہاں یہ دلِ خراب کہاں — ہے فرق و فاصلہ اِن میں کہاں سے تا بہ کہاں
صلاح و تقویٰ کو رندی سے کیا بھلا نسبت — خراشِ وعظ کہاں نغمۂ رباب کہاں
تصورِ شبِ وصلت میں دن کو بھول گئے — کہ وہ کرشمہ کہاں اور وہ اب عتاب کہاں
پناہ خانقہ اور خرقہ ریائی سے! — کدھر ہے دیرِ مغاں اور شرابِ ناب کہاں
جمالِ یار سے روشن ہو کیا ضمیرِ عدو — چراغِ مردہ کہاں شمعِ آفتاب کہاں
نہ دُور سیبِ زنخداں پہ چاہ پیچ میں ہے — ذرا تو ٹھیر چلا دل بایں شتاب کہاں
مجھے تو سرمہ ہے مٹی تمہاری چوکھٹ کی — میں جاؤں چھوڑ کے اِس در کو اے جناب کہاں؟
قرار و خواب کا حافظ یہ کچھ گمان نہ ہو — قرار کیا ہے کِسے چین اور خواب کہاں؟

اگر آں ترکِ شیرازی بدست آرد دلِ مارا

سنبھال اے ترکِ شیرازی یہ پھر دل یوں نہ مارا — سمرقند و بخارا خالِ کافر پر ترے وارا
نصیحت مان لے پیارے کہا دانا بزرگوں کا — سعادتمند جواں رکھتے ہیں جی اور جان سے پیارا
پلا ساقی مےِ باقی کہ جنت میں نہ پائیں گے — مصلّے اور رُکنا باد کی یہ سیر و نظارا
گرے دل چھیننے کو یہ حسیں آفت کے پرکالے — کہ لُوٹے خوانِ یغما لُوٹنے پر ترک یکبارا

جمالِ یار مستغنی ہے ایسی اوچھی اُلفت سے
نہیں محتاج رنگ و خال و خط وہ حسن خود آرا

کہے دیتی ہے دن دُونی ترقی حسن یوسف کی
کہ ہوگا پردۂ شرم زلیخا عشق میں پارا

سرود و مطرب و مے ہو، یہ رازِ دہر مت بوجھو
بحکمت کھل چکا عقدہ یہ کھولا جس نے وہ ہارا

دیا دشنام، میٹھا کر دیا منہ واہ کیا کہنا
جوابِ تلخ اِن ہونٹوں سے؟ لب ہیں یا شکر پارا

پروئے ہیں جو موتی آبِ لحن خود سنا حافظ
فلک اِس نظم پر عقدِ ثریا وار دے سارا

دوش از مسجد سوئے میخانہ آمد پیرِ ما

رُو بہ میخانہ نکل مسجد سے آیا پیر ہے
اب اے یارانِ طریقت اپنی کیا تدبیر ہے

سجدہ سوئے کعبہ کیونکر کر سکیں گے ہم مُرید
قبلہ میخانہ کو پکڑے اپنا قبلہ پیر ہے

کیا خراباتِ مغاں میں ہم بھی بیٹھیں تالیاں
کیا ازل سے اپنی قسمت میں یہی تحریر ہے

عقل نے جانا کبھی گر عیش بندِ زلف کا
پائے ہر عاقل میں دیکھو گے پڑی زنجیر ہے

لطف و خوبی کی ایک آیت جب سے جانا رُوئے دوست
اپنے قرآں کی اِنہی دو حرف میں تفسیر ہے

آہِ آتش بار و سوزِ نالۂ شبگیر کو
تیرے سنگیں دل میں کچھ بھی سچ بتا تاثیر ہے

دامِ دل میں ہو گئی تھی جمع خاطر ایک شکار
زلفِ جاناں کھل پڑی آ ہو ہوا نخچیر ہے

زلف تو چھیڑی صبا نے مجھ پہ کیوں عالم سیاہ؟
مجھ پہ کیوں ظلم؟ اس میں بھی کیا کچھ مری تقصیر ہے

تیرِ آہ لے جان جاں گردوں سے جاتا ہے نکل
چھیڑ مت، کر رحم خود پر، یہ بلا کا تیر ہے

ہم بھی حافظ ڈال دیں چوکھٹ کے باہر بسترا
ہمنشیں رندوں کا اندر یار اپنا پیر ہے

شب از مطرب کہ دل خوش باد وی را

خدا خوش رکھے اِس شب مطرب نے چھیڑا
دیا اک نالۂ جاں سوز نے کا

وہ وحدت جی میں بیٹھی اس کی نقشہ
نظر میں رنگ تھا ہر آبگینے کا

تھا ایک ساقی بھی واں جس کے رخ و زلف
دکھاتے تھے تماشا شمس و دے کا

بڑھایا شوق ، بھر بھر کر دیئے جام
کہوں کیا لطف اُس فرخندہ پے کا

دلا دی شہر ہستی سے رہائی
پیالے دے کے مجھ کو جام مے کا

خدایا صبر تا ہر عصر کے ہیں
ہے غل دو جہاں میں تیری جے کا

نہیں آپے میں حافظ خاک سمجھے
کرشمے کیا ملک ہو کاؤس و کے کا

صوفی بیا کہ آئینہ صافیست جام را

صوفی جھمک کے نکلا ہے آئینہ جام کا
قائل ہو تو صفائے مے لعل فام کا

رازِ نہفتہ پوچھ تو رندانِ مست سے
رتبہ نہیں یہ صوفیِ عالی مقام کا

عنقا شکار ہو گا نہ بس دام کھینچ لے
حاصل بجز ہوا نہیں کچھ اہلِ دام کا

اُمیدِ عافیت نہ رہی عشقِ یار کو
دل نے دیا ہے مرتبہ مختارِ عام کا

مت چھوڑ عیشِ نقد ، کیا ترک اعتنا
آدم نے تحیط دانہ سے دار السلام کا

دو ایک جام بزم میں پی کر روانہ ہو
پتہ کسی کے نام نہیں یاں دوام کا

اے دل شباب آ کے گیا بے گلِ مراد
پیری میں بھی ہے ضبط وہی ننگ و نام کا

اُس کے بھی تجھ پہ ہیں حقِ خدمت ہزار ہا
دیکھ آنکھ بھر کے حال تو صاحب غلام کا

حافظ مریدِ جام ہوا شیخِ جام کو   پہونچا سلام جا کے صبا اس غلام کا!

رونقِ عہدِ شباب ست دگر بستان را

پھر ہے رونق پہ شباب از سرِ نو بستاں کا   گُل کی آمد پہ طرب بلبلِ خوش الحاں کا
گر جوانانِ چمن میں ہو گزر پوچھ مزاج   میری جانب سے صبا سنبل و گل و ریحاں کا
زلفِ مشکیں کے سرِ رُخ پہ تمہارے چوگاں   مضطرب حال نہ کر دیں کسی سرگرداں کا
ہائے وہ لوگ جو ہیں دُردکشوں پہ خندہ   صرف کرتے ہیں خرابات پہ کیوں ایماں کا
ساتھ مردانِ خدا کا ہی سمجھ کشتیِ نوح   جس میں فرقے کو ذرا ایک قطرہ نہیں طوفاں کا
بھاگ جا خوانِ تواضع سے فلک کے آخر   یہ سیہ کاسہ اُڑا دیتا ہے سر مہماں کا
میفروشی کریں گر بیٹھے اس ٹھاٹھ کے ساتھ   شغل جاروبیِ میخانہ کرو دل مژگاں کا
رازِ ہستی کے نہ ایک نقطہ پہ آگاہی ہو   چھان لیں دور بھی گر دائرۂ امکاں کا
جا کے سونا ہے بالآخر جو تہِ بسترِ خاک   کھینچئے تا بہ فلک کنگرہ کیوں ایواں کا
مصر کا تخت ہے لائق ترے ماہِ کنعاں   چھوڑ شایاں نہیں رہنا تجھے اس زنداں کا
زلفِ جاناں کے ہی کیا سر میں سمایا سودا!   جال بکھرا ہے جو بوئے مشک افشاں کا
ملکِ آزادگی اور کنجِ قناعت ہی وہ گنج   جس پہ قبضہ نہیں چلتا ہی کسی سلطاں کا
مے بھی پی، رند بھی رہ، چین منا، پر حافظ   دھوکے بازی کو بنا جال نہ تو قرآں کا

بہ ملازمانِ سلطان کہ رساند ایں دعا را

کرے عرض جو صبا پیشِ سلطاں ہے کسی گدا کا یارا   کہ نہ پا کے بادشاہی تو گدا سے کر کنارا

یہ دکھائی کیا قیامت مری جاں ! دوستوں کو — رخِ نرم ماہ تاباں ، دلِ سخت سنگِ خارا
وہ رقیبِ بد صورت کہ خدا بچائے اُس سے — مددے شہابِ ثاقب ! تو سہا کا ہو سہارا
رکئے خاک دل جلا کے وہ عذار تمتما کے — جو بہ لطف پیش آئے تو نہیں ہو کچھ خسارا
غلطی نہ کیجو پیارے ہیں فریب اِن میں پنہاں — شرہ سیہ کریں گر مرے قتل پہ اشارا
یہی انتظار شب بھر کہ نسیمِ یار چل کر — کوئی لائے مژدہ تر کہ کھلے یہ دل ہمارا
بخدا پلا و راسی کہ یہ حافظِ سحر خیز — وہ دعا دے تجھ کو گویا کہ ہدف پہ تیر مارا

صبا بہ لطف بگو آں غزالِ رعنا را

صبا ! یہ کہنا ذرا اُس غزالِ رعنا سے — کہ خوب ٹھوکریں کھلوائیں کوہ و صحرا سے
بجے الٰہی اگرچہ درِ تیغ رکھتا ہے — شکر فروش شکر طوطیِ شکر خا سے
غرورِ حسن نے روکا اگر تجھے اے گل — کہ بات کرتا کوئی عندلیبِ شیدا سے
ہے صیدِ اہلِ نظر حسنِ خلق سے ممکن — چھپاتے دام ہیں صیاد مرغِ دانا سے
جو بیٹھو بادہ و معشوق تو سمجھ لینا — ہمیں بھی اپنے حریفانِ بادہ پیما سے
الٰہی چھوٹ گیا رنگِ آشنائی کیا — سہی قدانِ سیہ چشم ماہ سیما سے
کمی ہے حسن میں کوئی تو یہ کہ خالِ وفا — گرا ہی چھٹ کے کہیں اُس کے روئے زیبا سے
عجب نہیں جو فلک پر غزل یہ حافظ کی — سنائے زہرہ ، ہوا رقص ہو مسیحا سے !

ساقیا برخیز و در دہ جام را

ساقیا اُٹھ بیٹھ بھر دے جام کو — ڈال چولھے میں غمِ ایام کو

بھر کے دے ساغر کہ آخر کب تلک
بکبر و نخوت نفس نافرجام کو

ساغرِ مے دے کہ میں پھینکوں اُتار
جسم سے اس دلقِ ازرق فام کو

ہو جو بدنامی ہے نزدِ عاقلاں
کیا کروں گا لے کے ننگ و نام کو

دودِ آہِ سینۂ سوزاں مرے
پھونکدے اُن پختگانِ خام کو

محرمِ رازِ دلِ شیدا نہیں
خوب دیکھا پھر کے خاص و عام کو

لگ گیا دل ایک دل آرام سے
لے گیا یک مشت جو آرام کو

سرو پر ڈالیں چمن میں کیا نظر
دیکھ کر اس سروِ سیم اندام کو

بھر گیا دُنیا سے دل گو صبر کر
کھا خوشی سے غم ہی کاٹ ایام کو

مشکلیں حافظ جو ہوں برداشت کر
سہل ہوں گی مشکلیں انجام کو

ما برفتیم و تو دانی و دلِ غمخوار ما

مَیں چلا۔ جانے تُو اب اور دلِ غمخوار مرا
مجھ کو دے جائے کہاں بختِ نگونسار مرا

نامہ بر خط ترا لائے گا تو از بہرِ نثار
دُر ہی برسائے گا ہر دیدہ گہربار مرا

لے دُعا مانگ لے۔ جاتا ہوں اُٹھا دستِ دعا
تیرا ہی حامی ہو وفا عشق رہے یار مرا

کہنے دے کہتی ہے گر خلقِ خدا ہم تم کو
دے گا انصافِ ستم داور دادار مرا

تیرا سودا نہیں جائیگا ترے سر کی قسم
مدعی سارا جہاں بھی ہو گر اک بار مرا

چار سُو رشکِ فلک نے مجھے آزار دیا
جاں نوازی سے تری ہو گیا غمخوار مرا

وصف تیرے رُخِ زیبا کے مسلسل میں لکھے
زیب تر دفترِ گل سے بھی ہے طومار مرا

کاش جلدی بسلامت ہو سفر سے پھرنا
آئے وہ دن کہ ہو پہلو ہی میں دلدار مرا

کہتا پردیس گیا روتا ہوا زار و قطار
پوچھے حافظ مرے تجھے جو مجھے یار مرا

لطف باشد گر نپوشی از گدایاں روت را

لطف ہو جاوے کے نزد درویشوں سے گر اُس گل کو
دیکھ لیں اچھی طرح ہم آنکھ بھر اس گل کو

ہیں گرفتار بلا ہاروت کی مانند ہم
دیکھنے کا ہے کہ دگر ہوئی جب اُس گل کو

ہوتا کیوں ہاروت بھی چاہ زنخداں میں اسیر
جا کے وہاں روتا نہیں ہاروت گر اس گل کو

بوئے گل آئے چمن سے گر وہاں ہو جلوہ گر
بلبلیں بھی وجد میں ہوں دیکھ کر اس گل کو

سہہ چکا جور و جفا الفت میں بس کر لے ستم
دیکھ لے حافظ دکھاوے رحم گر اس گل کو

تا جماعت عاشقاں را زد بوصل خود صلا

حسن نے دی عاشقوں کو وصل کی جب سے صلا
جان و دل دونوں ہی زلف و خال کے ہیں مبتلا

ہجر کے ہاتھوں گزرتی ہے جو ہم عشاق پر
کس پہ گزری ہوگی وہ جز کشتگان کربلا

ترک اپنا مسکن و سرکش ہو جبر دم جان من
زہد و تقویٰ طاق پر پہلے ہی رکھ دینا بھلا

بزم عیش و موسم شادی و ہنگام طرب
چار دن عشرت کے یہ بھی بس غنیمت ہیں و لا

حافظا گر ہاتھ آئے پائے بوس بادشاہ
دونوں عالم میں ہو وجہ زینت و عز و علا

می دمد صبح و کلہ بست سحاب

صبح نے کی گھٹا کی ڈالے نقاب
الصبوح الصبوح یا اصحاب

رخ لالہ پہ بہتا ہے ژالہ
المدام المدام یا احباب

ہے چمن میں جہاں نسیمِ بہشت — موج سے تیغنے صدائے ناب

کثرتِ گل سے تختِ زر ہے چمن — آتشی لال رنگ کی ہو شراب

لب و دنداں کے تیرے حقِ نمک — رکھتے ہیں جان و سینہ ہائے کباب

درِ میخانہ پھر ہوا ہے بند — اِفتح یا مفتّح الابواب!

ایسے موسم میں کیوں نہ ہو حیرت — درِ میخانہ بند ہو جو شتاب

تو بھی رندوں میں مل کے پی زاہد — فاتقوا اللہ یا اولی الالباب

آبِ حیواں کا گر پتہ چاہے — مے نوشیں سے پوچھ سن کے رباب

ہو سکندر کی زندگی مطلوب — تو لبِ لعلِ یار ہیں نوشاب

غم سے حافظ نہ ہو ملول آخر — چہرۂ بخت سے اٹھے گی نقاب

گفتم اے سلطانِ خوباں رحم کن براین غریب

عرض کی: سلطانِ خوباں رحم کن براین غریب — بولا دل کے پیچھے کیوں جاں کھوتے ہیں مسکیں غریب

عرض کی: کچھ ٹھہریے، بولا کہ بس رہنے بھی دو... اف! — ناز پروردہ کو کیا تاب غمِ چندیں غریب

سوئیں جو سنجاب کی سیجوں پہ ان کو کیا خبر — کرتے ہیں خار و خزف کو بستر و بالیں غریب

آشیاں صد آشنا دل کا ہے گو زنجیرِ زلف — خوش ہے تنہائی میں ہی خالِ رخِ رنگیں غریب

ہے عجوبہ رخ کے گرد اگرد نقشِ مورِ خط — ہو نگارستاں میں جیسے جدولِ مشکیں غریب

سرخیِ مے کی رخِ مہوش پہ یوں رخشاں جھلک — ارغواں جیسے میانِ تختۂ نسریں غریب

طرّۂ شبرنگ رشکِ شامِ غربت ہی سہی — پھر بھی ڈرتا رہ گیا ہے صبح جب نگمیں غریب

پھر کیا اصرار میں نے عارضِ گلگوں نہ ڈھانک (ق)، — دیکھ اجڑ ہی جائے گا ورنہ دلِ مسکیں غریب

لا حافظ پاس والے تکتے ہیں حیرت سے منہ   دُور کیا ہے ڈھونڈنے والوں میں کوئی مسکیں غریب

آفتاب از روئے او شد در حجاب

آفتاب اس رُخ سے کرتا ہے حجاب   سایہ چھپ جاتا ہے پیشِ آفتاب
باندھ دے حُسن اُس کا مہر و ماہ کو   وہ مہ بے مہر گر کھولے نقاب
محو ہو کر جملہ رہ جاؤں خیال   یار در آغوش گر دیکھوں بخواب
شاہدان مستور مستاں بے شکیب   خانقہ معمور درویشاں خراب
خونِ دل سے بھر دیئے رو رو کے جام   آبرو کھو دی پئے جامِ شراب
منعِ مے پر چاہیے پڑنی نظر   محتسب پر بار بے حدّ و حساب
سوزِ مستاں جان لے گر محتسب   مے سے دوڑے ڈالنے آتش پہ آب
ترکِ پند و وعظ حافظ ہو نہ ہو   ترکِ مے ترکانِ خطا ہے ناصواب

تعالی اللہ چہ دولت دارم امشب!

عجب واللہ دولت پائی امشب   کہ ناگاہ اُن کی تشریف آئی امشب
کیا سجدہ وہیں پیشِ رُخِ خوب   یہ نیکی ایک ہی ہاتھ آئی امشب
ہوں برخوردار از بخت کامراں سے   کہ شاخِ آرزو پھل لائی امشب
کہے ہر قطرہ خوں میرا انا الحق   شہادت میں نے بھی گر پائی امشب
براتِ طالعِ بیدارے کر   مُبارک لیلۃ القدر آئی امشب
یہ ٹھانی ہے کہ سر جائے تو جائے   کروں گا پا ہی ہر من بھائی امشب

غنیِ حُسن تو ہیں مستحق، دے — زکوٰۃِ حُسن پائی پائی امشب
فنا حافظ نہ ہو جاؤں یہ ڈر ہے — قیامت شورِ سر نے ڈھائی امشب

صبح دولت میدمد کو جامِ ہمچوں آفتاب

صبح دولت چمکی، نکلے جام رشکِ آفتاب — اس سے بہتر وقت کیا ہوگا چلے جامِ شراب
خانہ بے تشویش، ساقی یار، مطرب بذلہ سنج — روزِ عیش و دورِ ساغر، فصلِ گل، عہدِ شباب
ساقی و شاہد ہیں دست افشان و مطربِ تالے کوب — چشمِ میکش سے اڑایا غمزۂ ساقی نے خواب
خلوتِ خاص، امن کی جا، بزمگاہِ دلفریب — دیکھتا جو کچھ ہوں یا رب ہے یہ بیداری کہ خواب!
لطفِ مے کے ہی لئے مشاطۂ خوش فکر نے — بھر دیا رگ رگ میں برگِ گل کی دُردہ گلاب
راحتِ دل کے لئے حسن و طرب کے زیب کو — خوشنما ترکیب جامِ زر میں ہو لعلِ مذاب
جب سے وہ مہ مشتری دُرہائے حافظ کا ہوا — گوشِ زہرہ میں ہے ہر دم شورِ گلبانگِ رباب

ز باغِ وصلِ تو یابد ریاضِ رضواں آب

ریاضِ خلد ترے باغِ وصل سے شاداب — تپِ فراق سے تیری شرارِ دوزخ تاب
بہار ہے تری شرحِ جمال میں ہر فصل — کھلے ہیں خلد میں ذکرِ جمیل کے ابواب
بہشت و طوبیٰ ترے حسنِ عارض و قد میں — پنہ گزین ہیں طوبیٰ لہم و حسنِ مآب
لبوں کو دیکھ کے ثابت ہوا کہ گوہرِ لعل — بنا ہے لعلِ تہِ آفتابِ عالم تاب
لبِ دہاں کے ہیں تیرے بہت حقوقِ نمک — کہاں ہیں زخمِ جگر اور سینہ ٹکڑے کباب؟
مری ہی آنکھ سے سیکھا ہی جو بہارِ بہشت — خیالِ نرگسِ مستِ صنم کے دیکھنے خواب

یہ حسنِ ظن ہے کہ عاشق ہی مست ہیں تجھ پر
سنا نہیں ابھی احوالِ زاہدانِ خراب

ملی مراد نہ دل کو اگرچہ خاک ہوا
مراد دل کو پہونچ کر بہاتا کیوں خونناب

گزرنے وقت کو بیفائدہ نہ دے حافظ
کہیں یہ فرصتِ عمرِ عزیز ہو نایاب

آں سیہ چردہ کہ شیرینی عالم با اوست

حسن کانِ نمک و قندِ دو عالم اس کا
چشم میگوں، لبِ خنداں، دلِ خرم اس کا

گو ہیں شیریں دہنی وصفِ سلاطینِ جہاں
وہ سلیماں ہے دہن غیرتِ خاتم اس کا

خوبرو، کامل فن، پاک و منزہ دامن
دم بھریں کیسے نہ پاکانِ دو عالم اس کا

کون مانے گا، کیا قتل اسی ظالم نے
سانس ہے رشکِ دمِ عیسیٰ مریم اس کا

گندمی رنگ پہ اس دانۂ مشکیں کی صفت
پوچھ لیں ان سے مزا چکھ چکے آدم اس کا

دلبری کر کے سدھارے، وہ دلِ خستہ کی
کیا ہو تدبیر کہ جاتا رہا مرہم اس کا

معتقد اک ترا حافظ بھی ہے رکھ اس کو عزیز
پاس کرتی ہیں بہت روحِ معظم اس کا

آں شبِ قدرے کہ گویند اہلِ خلوت امشب ست

کہتے ہیں شبِ قدر جس کو کیا وہی شب آج ہے
کس بلندی پر ہے طالع کون کوکب آج ہے

کوئی دستِ ناسزا اس زلف تک کیا ہو رسا
جس کے ہر حلقہ میں دل ہر دل میں یارب آج ہے

غرق اس چاہِ زنخداں میں ہوں جس کے ایک غضب
گوہرِ جاں کا بھی ہیکل زیرِ غبغب آج ہے

دیکھنا قطرے عرق کے رخ پہ تاباں، آفتاب
گرم ان کی تابِ تب میں روز تا شب آج ہے

مور پا ہوں ہم قدم کیونکر سلیماں کے چلوں
برق کے کاندھوں پہ جاتا اس کا مرکب آج ہے

شہوار اپنا کہ جس کے آئینہ داروں میں بدر — خود ہلالِ آسماں ایک نعلِ مرکب آج ہے
کیوں نہ منقارِ بلاغت سے بہے آبِ حیات — یہ قلم نامِ خدا وہ اوجِ مشرب آج ہے
ترکِ لعلِ یار و جامِ مے سے رکھ زاہد معاف — لعلِ یار و جامِ مے ہی اپنا مذہب آج ہے
مسکرایا تھا لگا کر نیچی نظروں سے جو تیر — قوتِ جان و روحِ حافظ اس کا ہر لب آج ہے

آں پیکِ نامور کہ رسید از دیارِ دوست

وہ پیکِ نامدار بریدِ دیارِ دوست — لایا ہے حرزِ جاں خطِ مشکبارِ دوست
ہے گلفشاں بیانِ جلال و جمال میں — اس سے سنو حکایتِ عزّ و وقارِ دوست
جاں پیشکش نہ شرم و خجالت سے ہو سکی — کچھ شے نہ تھی وہ لایقِ نذر و نثارِ دوست
بے اختیار دورِ قمر گردشِ سپہر — چکرا رہے ہیں بر حسبِ اختیارِ دوست
شکرِ خدا مدد پہ ہوا بختِ کارساز — بے حسبِ مدعا ہی ہر ایک کاروبارِ دوست
برہم ہوں بادِ فتنہ سے کون و مکاں تو ہوں — ہم ہوں چراغِ چشم ہوا اور انتظارِ دوست
ہم ہوں اور آستانۂ عشق و سرِ نیاز — اس خوابِ خوش سے آنکھ کھلے در کنارِ دوست
کحل الجواہر آنکھ کو لا کر نسیم دے — یعنی وہ خاکِ پاکِ رہِ رہگذارِ دوست
دشمن برائیاں مری حافظ کیا کرے — احسان اس عدو کا نہیں شرمسارِ دوست

آں ترکِ پری چہرہ کہ دوش از برِ ما رفت

وہ ترکِ پری چہرہ اس آغوشِ وفا سے — کیا پا کے خطا رات گیا راہِ خطا سے
وہ چشمِ جہاں بیں سا ہوئی آنکھوں سے جب اوجھل — گوری ہی جو پوشیدہ ہوئی خلقِ خدا سے

نکلے نہ تھے وہ شمع کے بھی شعلۂ دل سے — اُٹھے جو دھوئیں سوزِ جگر کے سرِ پا سے
ہجرِ رُخِ محبوب میں اِن آنکھوں کے رستے — سیلاب سرشک اُمڈے تھے طوفانِ بلا سے
موت آئی تھی آئی نہ تھی لو گو شبِ ہجراں — بیتاب تھا میں درد سے اور دُور دوا سے
سُن رکھا تھا بچھڑوں کو ملاتی ہیں دُعائیں — اُس دن سے نہ خالی رہے یہ ہاتھ دُعا سے
کیا باندھے احرام یہ کعبہ ہی نہیں وہ — ہے سعی بھی بے سود ہر ایک مروہ صفا سے
دیکھا جو طبیبوں نے بھی بولے بصد اندوہ — خارج ہے مرض حیف یہ قانونِ شفا سے!
حافظ کی عیادت دو قدم چل کے ادا کر — قبل اس کے کہ رخصت ہو وہ اِس دارِ فنا سے

اے شاہدِ قدسی کہ کشد بندِ نقابت!

کن ہاتھوں کھُلے شاہدِ قدسی کی نقاب آہ — دیں مرغِ بہشتی وہ تجھے دانہ و آب آہ
اس فکرِ جگر سوز میں آنکھوں کی اُڑی نیند — آغوش بنے کس کی تری منزلِ خواب آہ
درویش کا پُرسان نہیں شاید نہیں تجھ کو — اندیشۂ بخشایش و پروائے ثواب آہ
عشاق کی رہزن ہوئیں وہ چشمِ خماری — ظاہر ہے کہ ہے تیز بہت تیری شراب آہ
غمزے کا خطا ہو نا بھی دل پہ ہی لگا تیر! — اندیشۂ دیگر نہ کرے رائے صواب آہ
جو نالۂ و فریاد کیا تجھ کو نہ پہونچا — کس درجہ ہے اونچی تری اے دوست جناب آہ
کیا قصرِ دل افروز ہے منزلِ گہِ جاناں — اس کو نہ کرے آفتِ ایام خراب آہ
ہُشیار کہ اس دشت میں کوسوں نہیں پانی — دکھلائے کوئی غولِ بیاباں نہ سراب آہ
اب دیکھئے کیا طور ہوں پیری میں ترے دل — برباد و غلط صرف ہوا دورِ شباب آہ
حافظ نہیں اِن بندوں میں آقا سے جو رُوٹھیں — من جا، ہے بہت شاق ترا اسکو عتاب آہ!

اے ہُدہُدِ صبا بہ سبا می فرستمت

ہُدہُد بن اے صبا کہ سبا بھیجتا ہوں میں ‏ ‏ ‏ تُو دیکھ تو کہاں سے کُجا بھیجتا ہوں میں
اِس خاکداں میں تجھ سا پرندہ ہو چل تجھے ‏ ‏ ‏ بر اوجِ آشیانِ وفا بھیجتا ہوں میں
اے غائب از نظر اے مرے ہم قرینِ دل ‏ ‏ ‏ ہر دم تجھے دعا و ثنا بھیجتا ہوں میں
نزدیک و دُور عشق میں یکساں ہیں دُور سے ‏ ‏ ‏ گھر بیٹھے دیکھتا ہوں دُعا بھیجتا ہوں میں
روزانہ بھر کے نیک دعاؤں کا قافلہ ‏ ‏ ‏ ہمراہِ بادِ صبح و مسا بھیجتا ہوں میں
یہ مُلکِ دل نہ لشکرِ غم سے ہو پائمال ‏ ‏ ‏ بجانِ عزیز نعل بہا بھیجتا ہوں میں
غمِ تازہ ہر گھڑی مجھے بھیج اور ناز سے ‏ ‏ ‏ فرما کہ نذرِ راہِ خُدا بھیجتا ہوں میں
صورت میں اپنی سیر کر اُس کے کمال کی ‏ ‏ ‏ آئینہ ایک دوست نما بھیجتا ہوں میں
مطرب کی ہی زباں سے سُن لے سُرود میں ‏ ‏ ‏ یہ شوقِ دل غزل میں بھرا بھیجتا ہوں میں
آ ساقیا! کہ ہاتفِ غیبی نے دی نوید ‏ ‏ ‏ لا تاب درد کی کہ دوا بھیجتا ہوں میں
تیرے ہی ذکرِ خیر کا حافظ یہاں ہے راگ ‏ ‏ ‏ آ تیز گام اسپ و قبا بھیجتا ہوں میں

اے غایب از نظر بخدا می سپارمت

اے غایب از نظر! ترا اللہ رفیق و یار ‏ ‏ ‏ جاں پھونک دینے پر بھی ہے دل تیرا دوستدار
دامن پکڑ کے کھینچ لے جب تک نہ پائے گور ‏ ‏ ‏ تب تک یہ ہاتھ چھوڑے گا دامن نہ زینہار
جانا ہو چاہے بابل و ہارُوت کی طرف ‏ ‏ ‏ پہونچوں بہ صد فسوں تجھے لیکر بنوں فرار
محرابِ ابرو اپنی دکھا دے دُعا میں ہوں ‏ ‏ ‏ دستِ دُعا اُٹھا کے بنا دوں گلے کا ہار

دم نکلے تیرے سامنے اے بیوفا طبیب | آ دیکھ تو مریض کو دکھلا نہ انتظار
صد جوئے آب آنکھوں میں پُر ہیں کہ ہو سکے | سینے میں تیرے تخمِ محبت کی کِشت کار
کر قتل مجھ کو آ غمِ فرقت سے دے نجات | ہو جاؤں تیرے خنجرِ غمزہ کے میں نثار
ہے چشمِ اشکبار کی زاری سے یہ مُراد | سر سبز تخمِ مہر کی ہو دل میں کِشت زار
اس دیدہ اور دل سے غرض اور ہو اگر | دل کو تو جھونکوں آگ میں دیدوں میں بھونکوں خار
دے بار اپنے پاس کرم سے کہ سوزِ دل | زیرِ قدم گُہر کا رواں کر دے آبشار
حافظ کا شیوہ شاہد و رندی و مے نہیں | کچھ کر لیا کبھی تو وہ ہے خارج از شمار

اگرچہ بادہ فرح بخش و باد گلبیز است

اگرچہ بادہ روان بخش و باد ہو گلبیز | نہ راگ و رنگ سے پینا کہ محتسب ہے تیز
صراحی اور کوئی محبوب ہاتھ آ جائے | تو عقل و ہوش سے رہنا ہی وقت شور انگیز
چُھپانا جام کو جُبّے کی آستینوں میں | کہ شکل چشمِ صراحی زمانہ ہے خونریز
چُھٹانا داغِ مے خرقوں کے اشکباری سے | کہ دن ہیں زہد کے آیا ہے موسمِ پرہیز
نہ دے گا جامِ طرب دَورِ واژگونِ سپہر | نظر ہی آتا ہے خُم سارا صاف دُرد آمیز
یہ آسمانِ معلّق ہے خونفشاں چھلنی | کہ جس کے قطرے ہیں تاجِ کَے و سرِ پرویز
عراق و پارس کیے فتح شعرِ حافظ نے | ہے وقتِ یورشِ بغداد و حملہ تبریز

اگرچہ عرضِ ہنر پیش یار بے ادبی ست

نہ ہوتی عرضِ ہنر کاش اُس سے بے ادبی | لبوں پہ ٹھہرتے دل میں بھری ہوئی عربی

چُھپی چُھپی پھریں پریاں تو دیو ناچتے ہوں
نہ عقل دنگ ہو کیوں دیکھ کر یہ بُوالعجبی

سوال کیا ہے کہ کیوں چرخِ سفلہ پرور ہے
نوازنے کو ہے کافی بہانہ بے سببی

نہیں تھا یہاں گُلِ بے خار کرتے تھے چشمک
چراغِ مصطفوی سے شرارِ بُولہبی

بلالؓ حبشی، حسن بصریؒ، شام سے ہو سہیلؓ
زمینِ مکّہ سے بُوجہل؟ واہ بُوالعجبی

جمالِ دخترِ رز نورِ عینِ چشم مگر
پسِ نقاب زجاجی و پردۂ عنبی

دوائے دردِ دل اب اُن مفرّحات میں ڈھونڈھ
ہیں جن کے چینی کے بویام قفلیاں حلبی

ہے مفت کو بھی گراں حجرۂ خانقہ کا مجھے
دکانِ مے مِرادالان، پائے خُم طلبی

ہزار عقل و ادب مجھ میں تھے جناب مگر
خراب و مست ہو باقی رہی ہے بے ادبی

منگالے بادہ جو حافظ سی توبہ توبہ بھی ہو
مدام گریہ بھی بعد از نمازِ نیم شبی

اے نسیم سحر آرام گہ یار کجاست

ہے نسیمِ سحر آرام گہِ یار کہاں
رہتا ہے وہ بُتِ عاشق کُش عیّار کہاں

شبِ تاریک بھی ہے دادیِ ایمن بھی مگر
جلوۂ طُور کہاں طالبِ دیدار کہاں

کون ہے جس میں خرابی کے کچھ آثار نہیں
پوچھتے کیا ہو خرابات میں ہُشیار کہاں

جو اشارت کو نہ سمجھتے ہوں بشارت اُن کو
سر ہزاروں ہیں مگر واقفِ اسرار کہاں

رُو نگھٹے رُو نگھٹے کو اپنے ہے سودا اُس کا
ہم کہاں اور نصیحت گرِ بے کار کہاں

بادہ و مُطرب و گُل کون سی شے ہے کہ نہیں
عیش بے یار تھیا نہیں، ہے یار کہاں

زاہد و صومعہ چُولھے میں! یہ بتلاؤ کہ ہے
یار ترسا بچہ اور خانۂ خمّار کہاں

عقل دیوانی ہوئی زلفِ مسلسل ہے کدھر
دل چلا ہاتھ سے ہے ابروئے خمدار کہاں

عاشقِ خستہ جلا ہجر میں کیا کیا اُس نے — کبھی پوچھا بھی کہ مرتا ہے وہ غمخوار کہاں
چمنِ دہر میں حافظؔ نہ خزاں ہے نہ بلبل — عقل سے کام لے غافل گُلِ بے خار کہاں

امروز شاہِ انجمنِ دلبراں یکیست

عالم میں شاہِ انجمنِ دلبراں ہے ایک — دلبر ہوں یوں ہزار، فدا جس پہ جاں ہے ایک
اُس ایک کے لیے ہی کیے دین و دل خراب — پروا نہیں کہ حاصلِ ہر دو جہاں ہے ایک
سودائیانِ عالمِ پندار سے کہو — سرمایہ اپنا پھونک دیں سُود و زیاں ہے ایک
خلقت ہزار دعوئے الفت کیا کرے — قربان اُس کے جس کا کہ دل اور زباں ہے ایک
حافظؔ ہے آستانۂ عالی پہ سر رکھے — کیا سر بلند ہے کہ سر و آستاں ہے ایک!

المنۃ للہ کہ درِ میکدہ باز است!

المنۃ للہ ہے درِ میکدہ باز اب — اُس سمت سے جس رُخ ہی مرا روئے نیاز اب
خُم جوششِ مستی سے ہیں جوشان و خروشاں — لبریز حقیقت سے ہے صہبائے مجاز اب
واں بڑھ گئی مستی و غرور اور تکبر — یہاں رہ گئی بیچارگی و عجز و نیاز اب
ہیں خم پہ خم اس زلف میں ہر خم پہ شکن بھی — کھولے جو کوئی ان کو تو ہو قصہ دراز اب
وہ رازِ نہفتہ جو کسی سے نہ کہا تھا — کہہ دیجیے کہ ہے دوست تو خود محرمِ راز اب
تھا بارِ دلِ قیس کبھی طرۂ لیلےٰ — رخسارۂ محمود ہے اور پائے ایاز اب
کھنچے ہوئے تھا سب سے جو شہباز کی مانند — تیرے رُخِ زیبا پہ وہی دیدے ہیں باز اب
کعبہ سے ترے کوچہ میں جا نکلا جو منکر — محرابِ دو ابرو میں ہے در عینِ نماز اب

ے ہمنفسو بزم میں سوزِ دلِ حافظ پوچھو تو کہے شمع بصد سوز و گداز اب

بیا کہ قصرِ امل سخت سست بنیاد ست

اُٹھ آرزوؤں کے محلوں کی بودی ہی بنیاد
اُٹھائے بادہ ہے بنیادِ عمر بھی برباد
مرید ہوتا میں اُس کا اگر کوئی ملتا
جہاں میں قیدِ علائق سے مطلقاً آزاد
عمل کرے۔ جو نہ بھولے، تو یہ نصیحت ایک ق
رہی ہے پیرِ طریقت کی اپنے مجھ کو یاد
وفا کی رکھیو نہ اُمیدِ زالِ دُنیا سے
کہ اس عجوزہ نے مارے ہیں سینکڑوں داماد
سروشِ غیب نے خوشخبریاں سُنائیں مجھے ق
شب اپنے عالمِ مستی کی کیا کہوں رُوداد
کہا۔ بلند نظر! شاہبازِ سدرہ نشیں!
جگہ نہیں تری راحت کی یہ محن آباد
ہے بامِ عرش سے پیہم تجھے صلائے صفیر
پھنسا یہاں جو تو آکر تو کیا پڑی اُفتاد
نہ کھائیو غمِ دنیا، نہ بھول جائے یہ پند
جو رہ گئی ہے مجھے ایک ہمسفر سے یاد
جہاں میں بن کے گُل رہ خندہ رُو رضا بقضا
نہ تیرے بس نہ مرے اختیار بست و کشاد
وفا سے خالی ہے مطلق ادائے خندۂ گل
بجا ہے بلبلِ مسکیں کا نالہ و فریاد!
قبولِ عام، یہ لطفِ کلامِ حافظ کا
خدا کی دین ہے اے سُست نظم او حسّاد!

برو بکارِ خود اے واعظ ایں چہ فریاد ست

ے اپنی راہ تو واعظ یہاں نہ کر فریاد
مِرا تو دل ہو گیا تجھ پہ کیا پڑی اُفتاد!
لبِ نگار کی جب تک نہ بانسری بجاؤں
جہان بھر کی نصیحت ہے مجھ کو حرفِ باد
کمر کو نیست سے اُس کی خدا نے ہست کیا
یہ نکتہ وہ ہے کہ عاجز ہیں یاں ہر اک اُستاد

گدائے کوچہ بہشت بہشت کہہ کے ٹھکرادیں
اسیرِ زُلف ترے دو جہان سے آزاد

خراب عشق کی مستی نے کر دیا ایسا
خرابیوں سے ہی معمور ہو گئی بنیاد

نہ کیجو نالہ کبھی جورِ یار سے اے دل
یہ اُس کی دین کہ حصّہ کیا ترا بیداد

بنا نہ باتیں بہت اپنی راہ لگ حافظ
ہمیں بھی ایسے ہیں قصّے فسانے اکثر یاد

باغ مرا چہ حاجت سرو صنوبر است

بے کار میرے باغ میں سروِ صنوبری
شمشادِ سایہ دار پہ کیا اُس کو برتری

کس مت میں پڑ گیا تجھے اے طفلِ نازنیں
خوں میرا ہے حلال ترا از شیرِ مادری

دھونے کو نقش غم دے ترٹیرا شراب کا
ثابت مرض ہے اور مداوا مقرری

ہے ایک قصہ سب کی جدا داستانِ عشق
سنئے تو ہر کہانی نئی، جدّتوں بھری

کیوں آستانِ پیرِ مغاں سے اٹھاؤں سر
ہر دولت و مراد اسی در پہ ہی دھری

کل وعدہ جب کیا تھا تو مستِ شراب تھا
کیا دیکھیں آج کہتا ہی کس دُھن میں وہ پری

کھوئیں گے ہم نہ فقر و قناعت کی آبرو
سن رکھے بادشاہ ہے روزی مقدری

شیراز و رکنا باد کی آب و ہوائے خوش
خالِ رُخِ زمانہ ہی ہر عیب سے بری

ظلمات میں ہے خضر ترا چشمۂ حیات
ہے روشنی میں چشمۂ اللہ اکبری

اپنے نگر میں خستہ دلی کی ہے قدر بس
بازارِ خود فروشی، وہ بستی ہی دوسری

حافظ قلم تری کوئی شاخِ نبات ہی؟
مات اُس کی ہیں مٹھاس سے شہد و شکر تری

بجانِ خواجہ و حقِ قدیم و عہدِ درست

قسم ہے یاد ہے حقِ قدیم و عہدِ درست
دعائے خیر کئے جانے میں نہیں میں سست

بجھا دے نوحؑ کا طوفاں یہ آنسوؤں کی جھڑی
نہ کر سکے گی ترے نقشِ مہر کو شُستشست

دلِ شکستہ کی کر لیجیے خریداری
کہ ٹوٹ کر بھی ہے قیمت ہزارِ مہرِ درست

خراب حال کا کیا طعنہ پیرِ عشق نے خود
حوالہ کی تھی خرابات ہی تو روزِ نخست

نہ دل کو پاس ہوا اس لطفِ بے نہایت سے
یہ شرطِ عشق ہے ہو سر فروش چابک و چست

بجا تھی مور نے آصف سے کی جو منہ زوری
گما کے مہرِ سلیماں رہا تلاش میں سست

میں تیرے عشق میں شیدائے کوہ و دشت بنا
تو میرے پاؤں کی رسی کو اب تو چھوڑ دے سست

ہو صدق کوش کہ ہر سانس آفتاب بنے
دروغ نے تو کیا روسیاہ روزِ نخست

نہ گلرخوں میں وفا ڈھونڈھ صبر کر حافظ
چمن میں ہو نہ جو اُنسا تو ہی بجا و درست

زبانِ بلبل اگر با منت سرِ یاریست

رکے نہ نالہ یہ بلبل جو مجھ سے ہے یاری
ہیں ہم دو عاشقِ زار، اپنا کام ہے زاری

نسیمِ طرۂ جاناں ہو جب چمن کی ہوا
وہاں نہ ماریں گے دم نافہ ہائے تاتاری

کہاں ہے بادہ، رنگیں لاؤ جامۂ صوفی
کہ مست بادِ غرور اور نام ہشیاری

کھلا ہوا ہے درِ توبہ اُٹھ کے چل فی الحال
کہ فصلِ گل میں یہ ہے توبہ کا نام بے کاری

پڑے نہ زلف کے سودے میں خام طبع کوئی
پنھائیں کبکِ دری کو نہ بیڑیاں بھاری

نہیں جمال یہی۔ زلف و چشم و عارض و خال
ہے ایک بھرا ہوا بازارِ خوبی و دلداری

ہے ایک لطیفۂ پوشیدہ عشق کا چشمہ
نہ نام لعلِ لب اُس کا نہ خطِ زنگاری

ہے نیم جو کو بھی ٹھنگا نگارہ بینا میں
لباسِ اطلسی مطلق کمال سے عاری

رسائی کیوں نہ ہو مشکل جنابِ والا تک
پہونچ ہے تا فلکِ سروری بدشواری

نہ چھیڑ طعنوں سے اُس کو معاف کر حافظ ہے رستگاریِ جاوید در کم آزاری

بکوئے میکدہ ہر سالکے کہ رہ دانست

جو سالکوں میں کوئی میکدے کی رہ جانے وہ اور راہوں کو اندیشۂ تبہ جانے
اُسی پہ سجتا ہے یہاں تاجِ شاہیِ رندی جو دو جہاں میں اُسے فخر کی کُلہ جانے
جو آستانۂ میخانہ پر ہو سر بہ سجود بہ فیضِ جام سب اسرارِ خانقہ جانے
پڑھے جو رازِ دو عالم کے خطِ ساغر میں رموزِ جامِ جم ایک نقشِ پا سے کہہ جانے
نہ زینہار اماں چاہے چشمِ ساقی سے کہ نرم دل نہیں وہ ترکِ دل سیہ جانے
ہیں پاگلوں کی سی اُٹھ بیٹھ اپنی کیا ہو نماز ہمارا پیر طریقِ عاقلی گُنہ جانے
سحر جو بختیِ طالع پہ پھوٹے پھوٹ کے آنکھ یہ انتہا ہو کہ ناہید دیکھے مہ جانے
خوشا نظر! جو لبِ جام وردِ ساقی کو ہلالِ یک شبہ و ماہ چار دہ جانے
بلند رتبہ ہے وہ شہ جو نُہ رواقِ سپہر نمونۂ خمِ محرابِ بارگہ جانے
خبر یہ حافظ پنہاں شراب نوشی کی نہ جانے محتسب و شحنہ پادشہ جانے

بلبلے برگِ گلِ خوش رنگ در منقار داشت

جو چونچ میں بلبل لیے برگِ گلِ گلزار تھی اِس خوشی میں نغمہ زن با نالہ ہائے زار تھی
عینِ وصل اور نالۂ حیرت ہو گئی آخر کھلا حُسنِ جاناں کا تقاضا تھا وہ خود ناچار تھی
ہیچ سب عجز و نیاز اپنا حضورِ حُسنِ دوست ہائے وہ قسمت حسینوں سے جو برخوردار تھی
ایک دم آکر نہ بیٹھا پاس، کیا شکوہ کریں پادشاہِ کامراں کو گدڑیوں سے عار تھی

آؤ اُس نقّاش کے نوکِ قلم پر جان دیں — یہ عجائب رکھتی جس کی گردشِ پرکار تھی
ہے مُریدِ راہِ عشق اور خوفِ بدنامی، یہ کیا؟ — سبحۂ صنعاں تو رہنِ خانۂ خمّار تھی
ہائے وہ شیریں قلندر! اُس کے وہ اطوار سیر! — دورِ تسبیحِ مَلَک ہر گردشِ زنّار تھی
اُس پری کے زیرِ قصرِ حور حافظ کی ہر آنکھ — آیتِ جنّٰت تجری تحتہا الانہار تھی

بدامِ زلفِ تو دل مبتلائے خویشتن است

ہے دامِ زلف میں دل تیرے۔ مبتلا اپنا — اُڑا دے غمزہ سے سرپائے تو رکیا اپنا
بر آتی ہو ترے ہاتھوں اگر کسی کی مُراد — نکال جلد سمجھ خیر میں بھلا اپنا
قسم ہو اے بتِ شیریں! یہاں بھی شمع مثال — اندھیریوں میں ہو راتوں کی دم فنا اپنا
جو مجھ سے پُوچھے تو بلبل کبھی نہ کیجیو عشق — ترا نہیں گلِ خود رو ہے آشنا اپنا
جمالِ گُل نہیں مشکِ ختن کا حاجت مند — اُسے ہے نافہ ہر ایک تکمۂ قبا اپنا
نہ جھانک محلوں پہ اربابِ بیمروت کے — حصارِ امن ہے اے دوست جھونپڑا اپنا
ہُوا ہُوں سوختہ حافظ پہ عہدِ جانبازی — رہی ہو دل میں، وہی دعوئِ وفا اپنا

بحریست بحرِ عشق کہ ہیچش کنارہ نیست

کیا وار پارِ عشق کا صاحب کنارہ کیا! — چڑھ جائیں بھینٹ اِس کے سوا اور چارہ کیا
جاں نذرِ عشق دینے کو سب ساعتیں ہیں نیک — درپیش کارِ خیر ہو تو استخارہ کیا
کس کے نصیب شیوۂ رندی! نشانِ گنج — کھل جائے بد نصیب پہ؟ ہو آشکارہ کیا؟
دھمکی میں عقل کی نہیں آئیں گے! بادہ لاؤ — اِس عقل سے بھی بڑھ کے ہے کچھ ہیچکارہ کیا

پوچھ اپنی آنکھ سے مرے جلاد کا تو نام
اے جاں قصورِ بخت و گناہ ستارہ کیا!

دیکھیں اسے بھی پوچھ کے آنکھیں ہلال وار
ہر آنکھ کو دکھائے گا وہ ماہ پارہ کیا

تجھ میں مرکیا نہ گریہ حافظ نے کچھ اثر
حیرت میں ہوں کہ دل ہے ترا سنگ خارہ کیا

برو اے واعظ و دعوت نہ کنم سوئے بہشت

واعظا جا نہ دکھا ہم کو ہرے باغ و بہشت
یاں ازل ہی سے نہیں خلد کی مٹی سے سرشت

منع مے سے نہ کر اے صوفیِ صافی کہ ہوئی
اپنی طینت کی ازل میں مےِ خالص سے سرشت

تجھ کو تسبیح و مصلےٰ و رہِ زہد و صلاح
مجھ کو میخانہ و ناقوس و رہِ دیر و کنشت!

خرقہ یہاں چھوٹا نہ گر میری طرح رہنِ شراب
صوفیِ صاف کی بخشش ہو نہ پائے وہ بہشت

نہ ملے حور بہشتی نہ ملے کوثر و جام
چھوڑنا دامنِ محبوب کا اس درجہ ہے زشت

خرمنِ ہستی سے ایک جو نہ پڑا پائے اگر
راہ مولیٰ و فنا میں نہ کی ایک دانہ کی کشت

حافظا لطفِ خدا شاملِ احوال ہو بس!
چھوڑ دے سب یہ غمِ دوزخ و شادیِ بہشت

بے مہر رخت روز مرا نور نماندست

بے مہر لقا دن میں مرے نور نہیں ہے
یہ زندگی بیش از شب دیجور نہیں ہے

کل وقتِ وداع دل نے وہ کی گریہ وزاری
جانانہ سے دور، آنکھ میں اب نور نہیں ہے

بعد اس کے قدم رنجہ کیا بھی تو عبث ہے
اب سانس بھی بیمار میں بھرپور نہیں ہے

کہتا گیا دل سے یہ سراپا کا تصور
واحسرتا! اب خانہ یہ معمور نہیں ہے

دیں گے کوئی دم میں یہ خبر آپ کے درباں
اس در کی بلا دور! وہ رنجور نہیں ہے

تھا قرب سے تیرے کہ اجل پاس نہ بھٹکی
ہجراں کی بدولت مگر اب دور نہیں ہے

فرقت کی دوا صبر ہے پر کیونکہ ہو کیجئے
یاں صبر کا بھی اپنے میں مقدور نہیں ہے

گریہ نے اگر خشک کیا آنکھ کا پانی
خوں دل کا بہانے سے تو معذور نہیں ہے

تھی بات تو ہنسنے کی مگر رو دیا حافظ
اب تو کسی عنواں بھی مسرور نہیں ہے

باد بادِ سحر نافۂ تاتار وزیدہ است

ہمدوش صبا نافۂ تاتار رسیدہ
یا کہیے کہ خود اس کی گلی سے ہیں پریدہ

کھلتی نہیں کرتا ہے اگر غنچہ لبوں سے
منہ کس کا چڑاتا ہو وہ یوں ہونٹ دبیدہ؟

منہ مارِ سرِ زلف کا دل چوم کے بولا
دیوانہ ہے؟ اس زہر کا اس نے جو ندیدہ؟

کچھ وصفِ رخ و زلفِ سیہ سے نہیں واقف
جو مارِ سیہ کا نہیں گلشن میں گزیدہ

مت پوچھ شبِ زلف میں حالِ دلِ بُدوز
سو بار شکنجوں میں ہے ایک تار کشیدہ

کر رحم مرے اشک پہ نکہت پہ تری دو
سرگشتہ پڑا پھرتا ہے ہر سمت ندیدہ

سینے میں دبائے رکھوں کب تک ترے غم کو
ہر آہ کو تو دیکھ ہے تا عرش رسیدہ!

مت چھیڑ سرِ زلف نہیں کرتے اشارہ
موذی کو کہ تجھ پر نہ پلٹ آئے وہ سیدھا

مت دیدۂ پُر آب کی پوچھو یہ وہ گوہر ہے
بن برسے ہی رہتا ہو برس بھر جو چکیدہ

کب تک یہ ترے وعدے کہ آتا ہوں اب آیا
آ چک کہ نہ پھر یاد پڑے پھر کے بپیدہ

کیا حافظِ بدروز کی بھی رات کٹھن ہو
ایک عمر سے ہے صبح کی صورت کا ندیدہ!

پری روئے کہ رخسارش چو ماہ است

ہر ایک رخسار وہ اُس یوسف کا ماہ ہے
ہزاروں مجھ سے مت اُس پر تباہ ہے

زنخداں ایک کنواں ہے مرے حق میں
خدا شاہد وہی دل کا گواہ ہے

اگر تلوار مارے، مارنے دو
لبِ دلجو تو دیکھو! عذر خواہ ہے

شبِ قدر اس لیے محبوب ٹھیری
بہ رنگِ زلف کالی بھٹ سیاہ ہے

تج دے مجھ کو آنسو کی طرح وہ؟
صنم جس کا لقب عالم پناہ ہے

گیا تھا کہہ کے "قتل آکر کروں گا"
مری آنکھیں ہیں اب اور اس کی راہ ہے

یہ خشکی لب کی حافظ، رخ کی زردی
دل و دیں ہار دینے کی گواہ ہے

تا سرِ زلف تو در دستِ نسیم افتاد است

خمِ گیسو میں ترے دستِ نسیم آن پڑا
کٹ گیا دیکھ کے دل، ہو کے دو نیم آن پڑا

عینِ مسودۂ جادو ہیں یہ چشمِ پُر سحر
ہے ذرا فرقِ صحیح اور سقیم آن پڑا

اُس خمِ زلف میں ہے خالِ سیہ یا نقطہ
ایک سیاہی کا ہے در حلقۂ جیم آن پڑا

کیا اڑائے گی صبا؟ خاک نہیں تن میرا
تیرے کوچہ میں یہ اب بارِ عظیم آن پڑا

سایۂ سروِ مسیحا نفس اس قالب پر
پرتوِ روح سا بر عظمِ رمیم آن پڑا

زلفِ مشکیں کی مثل گلشنِ رخ میں مت پوچھ
اُڑ کے طاؤس ہے در باغِ نعیم آن پڑا

شوقِ خوشبو میں تری دل مرا اُنسِ جان
خاکِ پا ہو کے سرِ راہِ نسیم آن پڑا

ذوقِ لب میں ترے آوارہ تھا قطبِ کعبہ
درِ میخانہ پہ اب بن کے مقیم آن پڑا

حافظِ گم شدہ کو تیرے لب غائب سے　　تھا جو ایک واسطۂ عہدِ قدیم، آن پڑا

جز آستانِ توام در جہاں پناہے نیست

رسوا یہاں کے جہاں میں مجھے پناہ نہیں　　یہ وہ نہیں تو کہیں سر کو تکیہ گاہ نہیں
بنی ہے کیا جو خرابات کو میں ترک کروں؟　　یہاں سے زیادہ کہیں میری رسم و راہ نہیں
وہ دام گھات میں ہر سمت ہیں مرے واسطے تو　　تمہاری زلف سے محفوظ تر پناہ نہیں!
عدو اٹھائے اگر تیغ، ڈال دوں میں سپر　　کہ تیرا پناہ بخشنا لہٰ اور آہ نہیں
زمانہ پھونکنا چاہے جو میرے خرمن کو　　تو کیا ہے، پھونک دے، پاس اپنے پرکاہ نہیں
عقابِ جور پسارے ہے شہپر بازو　　کمانِ گوشہ نشیناں میں تیرِ آہ نہیں
غلامِ نرگسِ فتاں ہوں اُس سہی قد کا　　کسی پہ عجب ہے جس کی پڑے نگاہ نہیں
عناں کشیدہ چل اے بادشاہِ کشورِ حسن!　　کوئی گزر نہیں جس میں کہ دادخواہ نہیں
نہ ہو نا درپے آزار سب گنہ کرنا　　ہماری شرع میں اس کے سوا گناہ نہیں
خزینۂ دلِ حافظ نہ زلف و خال کو سونپ　　اس اعتماد کے قابل یہ رو سیاہ نہیں

چو بشنوی سخن اہلِ دل مگو کہ خطاست

نہ کہہ کبھی کسی ارشادِ اہلِ دل کو خطا　　سخن شناس نہیں تو خطا تو یہ ہے دلا
جھکے نہ دنیا و عقبیٰ کے واسطے ہرگز　　پناہ خدا کی! ہائے کس شور شوں سے سر یہ پھرا
خبر نہیں دلِ خانہ خراب میں ہے کون　　کہ ہم خموش ہیں وہ در فغان و واویلا
تلا ہے پردہ سے کھل کھیلنے پہ دل مضطرب　　الا اپ جلد! ادھر بھی ہے نالہ لب پہ دھرا
مجھے تو کچھ نہ تھی رغبت جہان پہ لیکن　　لبھایا تیرے ہی رخ نے سنوار کر کیا کیا

اُڑائی نیند شبوں کی خیالِ بندگی نے
خمارِ سستیِ شب ہو میکدے کا دو تو بتا

ہے فرشِ صومعہ آلودہ خونِ دل سے مرے
مجھے شراب سے دیں غسل یہ ہے میری سزا

عزیز و پیرِ مغاں میں ہوں اس لیے کہ مدام
اُس آگ سے جو نہ گُل ہو، کلیجہ ہے ٹھنڈا

بلا کا داغ اُٹھایا تھا مطربِ عشاق!
کہ عمر گذری نہ نکلی دماغ سے وہ صدا

خیالِ عشق کسی کا ہو رات سے دل میں
کہاں کا سجدہ و رکوع اور کیا وظیفہ دُعا!

صدائے عشق درِ دل پہ شب سنی حافظ
فضائے سینہ میں اب تک وہ گونجتی ہے صدا

چہ لطف بود کہ ناگاہ رشحۂ قلمت

یہ لطف کیا تھا کہ ناگاہ یار تیرا قلم
مرے حقوق لگا کرنے عرض بہرِ کرم؟

لکھا ہے اپنے قلم سے سلام تو نے مجھے
ہمیشہ لوحِ جہاں پر رواں رہے یہ قلم!

کہوں یہ کیسے کہ سہواً کیا ہے مجھ کو یاد
مجالِ عقل کہ آلودہ سہو ہو وہ قلم!

ذلیل مجھ کو نہ سمجھو یہ مان کر احسان
اعزِ دولتِ سرمد سے ہے تو اور اکرم

ادھر تو آ تری زلفوں کے عہد میں باندھوں
قلم ہو سر بھی تو چھوڑوں نہ ہاتھ سے وہ قدم

خبر تجھے مری حالت سے ہو گی کیا اس دن
کہ لالہ زار بنے خاکِ کشتگانِ ستم؟

مری بھی روح ہے پیاسی کر ایک گھونٹ عطا
جب آبِ خضر سے بھر کر ہے تو ساغرِ جم

پڑا ہے در پہ ترے دل مرا اُٹھا لیجو
کیا ہے جس طرح تجھ پر خدا نے فضل و کرم

صبا نے پھونکی ہی ہر گوشِ گل میں یہ کیا کیا
دریغ پا میں خیلِ خور زدہ دردِ حرم

ہمیشہ خوش رہے عیسیٰ نفس نسیمِ سحر!
اُسی کے دم سے رہا زندہ عاشقِ بیدم

کمین گاہ میں حافظ یہ تیز و خوش رفتار
خموش ایسے کہ نہ بن جائے گردِ راہِ عدم

حالِ دل با تو گفتنم ہوس است

دل کی اُس کو سنائیں ہے یہ ہوس — کچھ خبر دل کی پائیں ہے یہ ہوس
طمعِ خام دیکھو! قصہ فاش — غیر سُننے نہ پائیں ہے یہ ہوس
رات کچھ اے صبا مدد کر دے — صبح اُٹھ کھِل کھلائیں ہے یہ ہوس
نکلے اُس کوچہ کے شرف کے لئے — جن کے پلکوں سے لائیں ہے یہ ہوس
یہ شبِ تار! وہ دُرِ نازک! — بیندھنے اُس کو پائیں ہے یہ ہوس
اِس شبِ قدرِ محترم سے مجھے — صبحِ محشر جگائیں ہے یہ ہوس
ضد پہ دشمن کی غزلیں رندانہ — مثلِ حافظ سنائیں ہے یہ ہوس

حُسنت باتفاق ملاحت جہاں گرفت

ملکِ نمک سے حسن نے اُس کے جہاں لیا — ہاں اتفاق ہو تو جہاں بیگماں لیا
اقرارِ رازِ خلوتیاں کر رہی تھی شمع، — کچھ خیر تھی کہ روک نوکِ زباں لیا
کچھ رنگ و بو سے اُس کی تھا دم مارنے کو گُل — غیرت سے ڈھانک دستِ صبا نے دہاں لیا
لالہ نے کج کلاہِ طرب کی تھی عجب سے — داغوں نے گھیر سب چمن ارغواں لیا
جی میں لگا دی آگ مرے عشقِ جام کی — ساقی کے عکسِ رخ نے جنم جب وہاں لیا
مے جامِ جم میں دو کہ صباحِ صبوحیاں — شمشیرِ زر فشاں ہے کہ جس نے جہاں لیا
یہ آتشِ نہفتہ جو سینے میں ہے مرے — شعلوں نے اس کے دامنِ ہفت آسماں لیا
مے دو کہ جس نے حشرِ جہاں دیکھا ایکبار — غم سے نجات ہونے کو رطلِ گراں لیا

مٹھی جو نہ فتنہ حسرت دیکھو شیخ کی — کودا ہے حوض مے میں۔ کنارہ کہاں لیا!
پرکار دور دور ہی کتراتے جاتے تھے — گردوں نے نقطہ وار ہی ہر درمیاں لیا
دیرِ مغاں میں جا بیٹھے یہاں ہاتھ جھاڑ کے — فتنوں نے گھیر دامنِ آخر زماں لیا
ہر برگِ گل پہ ہے یہ قسم خونِ لالہ سے — دانا ہے جس نے جامِ مے ارغواں لیا
حافظ کی نظم سب کو پلاتی ہے آبِ لطف — دشمن کی نکتہ چینی نے دم کب یہاں لیا

حاصلِ کارگہِ کون و مکان این ہمہ نیست

حاصلِ کارگہِ کون و مکاں ہیچ ہیں سب — بادہ پلواؤ کہ اسبابِ جہاں ہیچ ہیں سب
اس دل و جاں سے غرض ہے شرفِ صحبتِ یار — ہے یہی ورنہ یہ کیا ہیں دل و جاں ہیچ ہیں سب
چھاؤں کے واسطے منت کشِ طوبیٰ کیوں ہوں — تو خراماں ہو تو اے سرو رواں ہیچ ہیں سب
مال وہ ہے کہ جو بے خونِ جگر ہاتھ لگے — گر تگ و دو سے ملے حور و جناں ہیچ ہیں سب
پنج روزہ یہ جو مہلت ہے غنیمت جانیں — اینڈ لیں پھر تو زمین و زماں ہیچ ہیں سب
بر لبِ بحرِ فنا میں تری رہ میں ساقی — دیر کیا ہے کہ ز لب تا بہ دہاں ہیچ ہیں سب
غیرتِ حق کے نہ عشوے سے ہو غافل زاہد — فاصلے کعبہ سے تا دیرِ مغاں ہیچ ہیں سب
نالہ کش سوختہ دل، سوختہ جاں زار و نزار — دیکھ تو شکل سے الفاظ و بیاں ہیچ ہیں سب
ڈر نہ رسوائیِ دنیا سے کھلا پھول سا رہ — عزت و تمکینِ جہانِ گزراں ہیچ ہیں سب

نیک بندوں میں ہیں ایک حضرتِ حافظ بھی رقم
رند و عاشق ہا انہیں کیا۔ سود و زیاں ہیچ ہیں سب

خدا چو صورت ابروئے دلگشائے تو بست

خدا نے کھینچ دی ابروئے دلکشا تیری
کشادِ کار کو لکھ دی مرے ادا تیری

ہزار سروِ چمن دل پکڑ کے بیٹھ گئے
بنی زمانے نے زر کار جب قبا تیری

نہ مجھ کو چین، نہ مرغِ چمن کو آخرِ شب
یہ حکم ہے کہ لگاتے ہیں صدا تیری

بہت سی گرہِ دلِ غنچہ وا ہوئیں جب سے
ہوئی ہے صبح کی جاروب کش ہوا تیری

غلام اپنا بنا کر مجھے زمانے نے
خلاص مرضی پہ موقوف رکھ دیا تیری

گرہ نہ ٹوٹے دلِ بیکس کو نافہ وار کہ عہد
وفا کا باندھ چکی زلفِ دلکشا تیری

حیاتِ ثانی تھا تو بھی تو اے زبانِ جمال
غلط تھی باندھی جو امید بے وفا تیری

نسیم سے تری ایک روز کھل کھلائیگی
کلی جو بند ہے دل میں بھرے ہوا تیری

بہ تنگ ہو کے کہا ترکِ شہر کو تو کہا
کسی ہے کس نے یہاں شکیبِ حافظا تیری

خلوت گزیدہ را بہ تماشا چہ حاجت است

خلوت پسند ہو کے تماشا نہ چاہیئے
ہو پاس کوئے دوست تو صحرا نہ چاہیئے

جاناں! تجھے بھی اپنے ہی ارمان کی قسم!
آخر تجھے بھی چاہیئے کچھ یا نہ چاہیئے

اے بادشاہِ حسن! خدا را جلا دیا!
کیا حال پوچھنا ہی گدا کا نہ چاہیئے

سائل ہوں اور بند زبانِ سوال سے
بابِ کرم پہ کہتے ہیں غوغا نہ چاہیئے

جامِ جہاں نما ہے ضمیرِ منیرِ دوست
کچھ حاجتِ سوال تو اصلاً نہ چاہیئے

ایک وقت تھا، کہ منتِ ملاح کرتے تھے
دُر مل گیا تو اب غمِ دریا نہ چاہیئے

ہو قصد میرے خون کا تو بے احتیاجِ جنگ
جاں مال دوستوں کا ہے یغما نہ چاہیئے

اے تیرِ غمزہ روانہ ہو کیا ہم کو تجھ سے کام / یہاں دوستوں میں صورتِ اعدا نہ چاہئے
اے عاشقِ گدا! یہ لبِ روح بخشِ یار / دیتے تو ہیں وظیفہ تقاضا نہ چاہئے
حافظ خموش رہ کہ ہنر خود ہے جلوہ گر / دشمن سے کوئی جنگ و محابا نہ چاہئے

خوشتر زعیش و صحبت و باغ و بہار چیست

خوشتر ز سیر و صحبت و باغ و بہار کیا / ساقی کہاں ہے اور سببِ انتظار کیا
کوثر کے جام و باغِ ارم سے بھی مدعا / جز جوئبار و باغ و مے خوشگوار کیا
ایک دم بھی خوش ملے تو غنیمت ہزار بار / معلوم جب نہیں کہ ہے انجامِ کار کیا
تارِ نفس سے بستہ ہے پیوند عمر کا / غمخوار اپنا رہ یہ غمِ روزگار کیا
رازِ دروں کو پوچھ کسی رندِ مست سے / تکرار پردہ دار سے ہے بار بار کیا
مستور و مست دونوں بہم ہم قبیلہ ہیں / کس کے فدائے عشوہ ہوں ہم اختیار کیا!
سہو و خطائے بندہ تو پوچھے گئے پر ہیں / معنیِ عفو و رحمتِ پروردگار کیا؟
کوثر میں جی ہی شیخ کا حافظ فدائے جام / اب دیکھئے ہے خواستۂ کردگار کیا!

خیالِ روئے تو در ہر طریق ہمرہِ ماست

خیالِ رُخ مجھے ہر جا رفیق ہمرہ ہے / نسیمِ مُو تری دمسازِ جانِ آگہ ہے
سنو تو سیبِ زنخداں کی کیا بناتا ہے / ہزار یوسفِ مصری فتادہ چہ ہے
برغمِ مدعیان عشق سے جو مانع ہیں / یہ ناک نقشہ ترا حجتِ موجّہ ہے
دراز ہو نہ سکیں زلف تک اگر یہ ہاتھ / قصورِ بختِ پریشان و دستِ کوتہ ہے

جتا دے یہ درِ خلوت کے پاسبانوں کو (ق) یہ بندہ اپنا ہی گوشہ نشینِ درگہ ہے
نہ در پہ پائے کبھی گو نظر نہ آئے کبھی — بغیر اس کے بھی اس پر ہمیں توجہ ہے
صدا دے حافظ سائل تو کھول دیجو کواڑ — کہ سالہا سال سے مشتاقِ تہنیتِ مہ ہے!

خمِ زلفِ تو دامِ کفر و دیں است

خمِ کاکل میں دامِ کفر و دیں ہے — یہ ایک لٹکا ترا ادنیٰ تریں ہے
جمالِ اعجاز روشن حسن کا ہے — نہ پوچھو غمزہ کی سحرِ مبیں ہے
ہوئی سحر آفریں عاشق کشی میں — تجھے چشمِ سیہ صد آفریں ہے
عجائب راہ دیکھی راہِ الفت! — کہ نیچے آسماں اوپر زمیں ہے
یقیں مت کر کہ بدگو مر کے چھوٹا — وہ در قبضِ کراماً کاتبیں ہے
وہ چشمِ شوخ کیا چھوڑے گی زندہ — ہمیشہ باکماں ہے درکمیں ہے
لبوں کو اس کے کہہ دیں آبِ حیواں — وہ ٹھیرا آب یہ بار معیں ہے
فریبِ زلف سے غافل نہ رہنا — کہ دل لیجا چکی اب فکرِ دیں ہے
پیا حافظ نے جامِ بادۂ عشق — جبھی تو ہوش میں اک دم نہیں ہے

خوابِ آں نرگسِ فتّانِ تو بے چیزے نیست

خواب میں نرگسِ فتاں ہے تو بے وجہ نہیں — بل بھرے زلفِ پریشاں ہے تو بے وجہ نہیں
دودھ لب سے ترے بہتا تھا کہ جب میں نے کہا — یہ شکر گردِ نمک داں ہے تو بے وجہ نہیں
چشمۂ آبِ حیواں اس کا دہن ہے یعنی — زیرِ لب چاہِ زنخداں ہے تو بے وجہ نہیں

ہو تری عمر دراز! اس میں بھلا شک کیا ہے ۔۔۔ در کماں ناوکِ مژگاں ہے تو بیوجہ نہیں
مبتلائے غم و اندوہ کو یہ دردِ فراق! ۔۔۔ یعنی یہ نالۂ و افغاں ہے تو بیوجہ نہیں
تب صبا کوچہ سے تیرے گئی گلشن کو ضرور ۔۔۔ گُل جو یوں چاک گریباں ہے تو بیوجہ نہیں
دردِ دل جی میں چھپائے سے ہوا کیا حافظ ۔۔۔ ظاہرا دیدہ جو گریاں ہے تو بیوجہ نہیں!

خمے کہ ابروئے شوخ تو در کماں انداخت

نہیں مروڑ وہ شوخ ابروئے کماں ڈالی ۔۔۔ کمند بہرِ دلِ زار و ناتواں ڈالی
گیا تھا مست و عرق کیا کہ آب رنگ سے گُل ۔۔۔ چمن میں آگ جلانے کو ارغواں ڈالی
فریبِ چشم سے نرگس کی خود فروشی پر ۔۔۔ جہاں میں تو نے قیامت جہاں تہاں ڈالی
جو تیرے رُخ سے دی نسبت سمن نے غیرت سے ۔۔۔ صبا سے خاک لے آپ اپنے ہی ہاں ڈالی
میں محو ہو گیا بزمِ چمن میں غنچوں نے ۔۔۔ ترے دہن کی جو صورت مرے دھیاں ڈالی
بنفشہ طرۂ پُرخم سنوارنے جو اُٹھی ۔۔۔ صبا نے زلف کی لا بحث درمیاں ڈالی
دُھلے نہ داغ مےِ لعل خرقوں سے کس نے ۔۔۔ نوشتِ لوحِ ازل سر سے ہو یہاں ڈالی
نہیں تھی طرح دو عالم پہ رنگِ اُلفت تھا ۔۔۔ نہ سمجھو طرحِ محبت کہ فی زماں ڈالی
میں زہد سے مے و مطرب کو دیکھتا بھی نہ تھا ۔۔۔ پہ غنچوں نے ہر ایک توڑ میری آں ڈالی
مرادِ دل کے موافق چلے گا اب تو فلک! ۔۔۔ گلے میں بندگیِ خواجہ جہاں ڈالی

خراب کر کے بنانے تھے کام حافظ کے
ازل سے گھٹی میں اُس کی مےِ مغاں ڈالی

دل سراپردۂ محبت اوست

دل سراپردۂ محبت ہے — دیدہ آئینہ دارِ طلعت ہے
ملتفت دو جہان پر جو نہ تھا — اب وہی زیرِ بارِ منت ہے
تو دو طوبےٰ ہو ہم ہوں قامتِ یار — فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت ہے
دورِ مجنوں گیا ہے عہد مرا — باری باری ہر ایک کی نوبت ہے
میرا کیا ذکر یہ صبا بھی وہاں — پردہ دارِ حریمِ حرمت ہے
دولتِ عشق اور گنجِ طرب — سب اسی کا کرم عنایت ہے
جان و دل دونوں میں فنا کیا غم — جب تلک دوست تو سلامت ہے
منظرِ چشم تجھ سے ہے آباد — دل کی رونق تری بدولت ہے
میں فرشتہ نہیں پر اس کا تو — ہر دو عالم گواہ عصمت ہے
ہر گلِ نو شگفتہ میں اس کا — اثرِ رنگ و بوئے صحبت ہے
فقرِ ظاہر نہ دیکھ حافظ کا — سینہ گنجینۂ محبت ہے

دارم امید عاطفتے از جناب دوست

امیدِ عفو دوست سے ہے دوستدار کو — ہاں ہو گئی خطا و خیانت معاف ہو
کر دے گا وہ معاف خطا جانتا ہوں میں — صورت پری مثال ہے سیرت فرشتہ خو
زلفوں نے کچھ کہا نہ سنا دل کو لے اڑیں — دلکش ہے شکل بھی تو وہ بے بحث و گفتگو
سونگھے ہوئے زمانہ ہوا زلفِ یار کو — اب تک وہی مشام میں مہکی ہوئی ہے بو

ہے ہیچ ہی وہاں کہ نہیں اُس کا کچھ نشاں — مُو ہی سہی میاں پہ وہ محسوس کچھ تو ہو
حیرت ہے اُس کا نقشِ تصور نہ کیوں مٹا — کی دیدۂ رواں نے ہزاروں ہی شست و شو
رویا ہوں اس قدر کہ ہوئی ندی ایک رواں — دیکھے جو پوچھے ندی کا حیرت سے نام وہ
سر ٹھوکروں میں گیندِ کیا کوئے یار کی — اس سر کو کوئی جانے نہ واں آشنائے کو
حافظ ہے بہرِ حالِ پریشاں خراب کیا؟ — ہے یاد زلف میں یہ پریشانی خوب تو!

در دیرِ مغاں آمد یارم قدحے در دست

یوں دیرِ مغاں میں وہ آیا کہ قدح در دست — مست مے و مخوراں اُن انکھڑیوں سے بدمست
تھی نعل سے مرکب کے شکل مہِ نو پیدا — بالائے بلند اُس کا دیکھے سے صنوبر پست
ہست اُس کو میں کیا کہتا خود بیخبر و خود نیست — اور نیست وہ کیوں ہوتا ہر آنکھ سے جو تھا ہست
شمعِ دل دمسازاں بیٹھی وہ جہاں اُٹھا — غوغائے نظر بازاں اُٹھا جو ہوا وہ پست
جھکے جو اُٹھنا تو سمجھو کہ ملا اُس سے — کھینچے جو کماں وسمہ ہوا ابروؤں سے پیوست
فانوسِ وجود اپنا پروانہ صفت شب بھر — ایک ٹانگ کھڑا جلتا ہے شمع کی ہی بالست
پھر آ کے پھر آجائے حافظ کی جوانی بھی — ہر چند نہیں پلٹا چھٹ کر کوئی تیر از شست

دریں زمانہ رفیقے کہ خالی از خلل است

رفیق آج زمانے میں جس سے کچھ نہ خلل — شراب ناب کی بوتل ہے اور بیاضِ غزل
خلل پذیر ہی دیکھی جو یہاں بنا دیکھی — مگر بنائے محبت، اسے نہیں ہے زلل
جو دیکھے دیدۂ عبرت سے دہرِ پر شر کو — جہان و کارِ جہاں پائے بے ثبات و محل

گزر جریدہ کہ ہے کوچۂ سلامت تنگ
پیالہ تھام کہ عمرِ عزیز جائے نہ ڈھل

نہیں ہوں شغل نہ ہونے سے ایک میں ہی مَلول
بھٹکتے ہیں عُلَما علم پر نہ کرکے عمل

لگائے دل کسی مہوش کے طرح سے بے بحث
کہ سعد و نحس کا باعث ہیں زہرہ اور زحل

اُمیدیں تھیں ترے دیدار سے مجھے کیا کیا
رہِ اَمل میں نہ ہوتی جو رہزنِ اجل

سیاہ بختی نصیبوں کی رونے سے نہ مٹی
ہُوا نہ دھونے سے حبشی سفید سچ ہے مَثَل!

نہ پائیے گا کسی دور میں اُسے ہشیار
بلا کی پی گیا حافظ شراب روزِ ازل

دل دو نیم شد و دلبر بکلامت برخاست

دل دو ٹکڑے ہُوا کرنے وہ ملامت اُٹھا
بولا اُٹھ خیر نہیں پھر تو سلامت اُٹھا؟

بیٹھا اس بزم میں خوشدل کوئی دم بھر کہ جو پھر
ختم صحبت پہ نہ آخر بہ ندامت اُٹھا؟

شمع کی اس لب خنداں پہ زباں گر اُٹھی
پاؤں شب بھر نہ تہِ بارِ ملامت اُٹھا

سرو گلہائے چمن میں سے ہوا دارِ بہار
پنکھا جھلنے تمھیں لئے عارضِ قامت اُٹھا

ہو کے نادم تری رفتار کے آگے جھکا
سرو سرکش جو دکھانے قد و قامت اُٹھا

مست گزرا بہ صفِ خلوتیانِ ملکوت
آنکھ پڑنی تھی کہ اک شورِ قیامت اُٹھا

پھینک اس خرقہ کو حافظ کہ بچے جان سمجھ
جل وہ سب خرمنِ سالوس و کرامت اُٹھا

دیدمش دوش کہ سرمست و خراماں میرفت

رات دیکھا اُسے سرمست خراماں جاتے
پھینک کر جام سرِ محفلِ رنداں جاتے

دوست دیرینہ جو کہہ کر اُسے ٹوکا، بگڑا
پایا آزردہ دلِ آشفتہ پریشاں جاتے

قصدِ خوارزم و خیالِ لبِ جیحوں باندھے | جی بھرا مُلکِ سلیماں سے پُراں جاتے
بے بہا جوہرِ جانِ سخن جیسا تھا | نکلی جاتی تھی اُسے دیکھ کے بس جان جاتے
کس کی باتوں میں مزا آئیگا اب یہ سوال | دیکھ کر تجھ کو شکر لہجہ سخنداں جاتے
بنتیں میری تو بے کار گئیں البتہ | لانے اس کو کرم و رأفتِ سلطاں جاتے
درگزر جرم سے فرمایئے اُس کے شاہا! | نہ بنی اُس کو بجز ہو کے ہراساں جاتے
وہ صنم دیدہ حافظ سے ہی جب اوجھل | اشک بہہ کر ہیں مسلسل سوئے داماں جاتے!

دیدی کہ یار جز سرِ جور و ستم نداشت

دیکھا! کچھ اُس کو یاد سوائے ستم نہیں | عہدِ وفا کو توڑ دیا جھٹ سے غم نہیں
مت کیجیو گرفتِ خدا صید دل میں گر | کچھ اُس کو پاسِ حرمتِ صیدِ حرم نہیں!
اس پر جو اُس کے ہاتھوں اُٹھائی ہیں ذلتیں | باقی کہیں بھی لوگوں میں اپنا بھرم نہیں
شامت یہ بختِ بد سے ہے اپنے وگرنہ یار | سچ پوچھیے تو خوگرِ جور و ستم نہیں
ساقی پلائے بادہ کہے مدعی سے صاف | انکار جس سے کیجیے یہ وہ جامِ جم نہیں
اندر حریمِ دوست کے پایا نہ جس نے بار | بھٹکا وہ وادیوں میں ہی پہنچا حرم نہیں
کیا بات ایسے مست کی! دنیا و عاقبت | سب کچھ گنوا کے بیٹھا ہے خوش ہیچ غم نہیں
حافظ کا حق ہے دادِ فصاحت حریف کو | علم و ہنر سے مَس بھی خدا کی قسم نہیں

روضۂ خلد بریں خلوت درویشاں است

روضۂ خلدِ بریں خلوتِ درویشاں ہے | مایۂ محتشمی خدمتِ درویشاں ہے

گنج عزلت کے طلسمات عجائب ہیں مگر
اس کی کنجی نظرِ ہمتِ درویشاں ہے

قصرِ فردوس کہ رضواں ہے درباں جس کا
سیرگاہے ز چمن نزہتِ درویشاں ہے

جھک کے قدموں پہ رکھے تاج تکبر خورشید
واہ کیا شان ہے کیا شوکتِ درویشاں ہے

ایسی دولت جسے ہرگز نہیں آسیبِ زوال
بے تکلف یہ سمجھ حشمتِ درویشاں ہے

بادشاہ قبلۂ حاجات جہاں ہیں یہ بھی
باعثِ بندگیِ حضرتِ درویشاں ہے

چہرۂ شاہدِ مقصود جو تکتا ہیں شہاں
آئینہ اس کا مگر صورتِ درویشاں ہے

کیا جتاتا ہے انھیں اپنی بزرگی منعم
زور و زر تیرا یہ سب دولتِ درویشاں ہے

گنج قاروں کہ دھنسا جاتا ہے اب تک نیچے
جانیو اس کا سبب غیرتِ درویشاں ہے

آصفِ عہد کا بندہ ہوں کہ ظاہر باطن
صورتِ خواجہ ہی اور سیرتِ درویشاں ہے

حافظا اس در کا ادب چاہیے سلطاں و ملک
سب کو لازم ادبِ حضرتِ درویشاں ہے

روزہ یکسو شد و عید آمد و دلہا برخاست

روزے رخصت ہوئے، عید آئی ہے، پھر دل اٹھا
خم میں دم ہو چکی مئے، اس کو بھی اب دیکھیے ہوا

نوبتِ زہد فروشانِ گراں جاں گزری
شادیانوں کے ہے موسمِ رنداں پہونچا

عیب کیا اس میں جو ہو مجھ سا بلانوش کوئی
عاشق و مست تو کچھ عیب ہی سمجھیں نہ خطا

کیا ہوا پی لی جو دو چار قدح یاروں نے
آبِ انگور پیا، خوں تو کسی کا نہ پیا؟

کچھ خلل اس میں نہیں اور نہ کچھ عیب کی بات
عیب ہے بھی تو جو بے عیب ہو دو اس کا پتا

بادہ نوش ایسا نہ کچھ جس میں ریا ہو، بہتر
سارے ان زہد فروشوں سے جو کرتے ہیں ریا

حق پرستی کریں، اور نہ بد کسی کا چاہیں
ناروا بھی ہے مرے نزدیک بایں شرط روا

ہم نہیں اہلِ ریا اور نہ پرستارِ نفاق　　عارفِ عالمِ اسرار ہے شغل اپنا
گو بہت عشقِ خط و خال میں بھٹکا حافظ　　پاس ہے پرکارِ نگہ نقطۂ دل پہ ہی اپنا

روزگاریست کہ سودائے بتاں دینِ من است

کون مدت سے ہے سودائے بتاں دیں اپنا　　پھر بھی ہے عشقِ تماشائے دلِ غمگیں اپنا
دیکھنے کو اُسے اک دیدۂ جاں لازم ہے　　یہ نصیب آہ کہاں چشمِ جہاں بیں اپنا
عشق سے تیرے جو تعلیمِ سخن پائی ہے　　ہے زبانوں پہ صلہ مدحت و تحسیں اپنا
دولتِ فقر خدایا مجھے ارزانی ہو　　فقر ہی ہو سببِ حشمت و تمکیں اپنا
واعظا! دوستیِ شحنہ پہ اس درجہ غرور؟　　دیکھ ہے منزلِ سلطانِ دلِ مسکیں اپنا
جلوہ گر کس کی ہے یہ منزلِ مقصود اپنی　　جس کا ہر خارِ زمیں ہو گیا نسریں اپنا
ساقیا ہم کو پلا زیبِ فلک مینا ہو　　رخ ترا ماہ ہے تو ہے اشک تری پرویں اپنا
ساقیا حشمتِ پرویز کا کیا ہے مذکور　　دے مجھے روزِ ازل خسرو و شیریں اپنا

روئے تو کس ندید و ہزارت رقیب ہست

بن دیکھے ہی یہ دیکھو کہ صد با رقیب ہو　　غنچہ کھلا نہیں کہ ہزار عندلیب ہے
میں ہی تری گلی میں نظر آیا ایک غریب　　اس شہر میں تو تجھ سے ہزاروں غریب ہے
گو تجھ سے دور ہوں کہ ہو تجھ سے کوئی دور　　لیکن امیدِ وصل کہ اب عنقریب ہے
کچھ قیدِ خانقاہ و نہ خرابات عشق میں　　اک شرط چاہیے پرتوِ روئے حبیب ہے
ہاں کیوں نہ ہو یہ رونقِ بازارِ صومعہ!　　ناقوسِ دیر و راہب و نقلِ صلیب ہے

عاشق ہوا ہی کون کہ پوچھا نہ یار نے
اے دوست! روزی نہیں ورنہ طبیب ہے

فریاد ہے حافظ ایسی تو کچھ بے مزہ نہیں
ایک قصۂ غریب و حکایت عجیب ہے

روشن از پرتو رویت نظرے نیست کہ نیست

پرتو رخ سے نہ روشن ہو نظر کونسی ہے
ناوک ورسے ترے بے بہرہ بصر کونسی ہے؟

محو نظارۂ رخسار ہیں اہلِ نظر
گم ہو رخشندہ [illegible] جو نظر کونسی ہے

اشکِ غماز کا کیا رنگ چھپا لیتے نے کیا
شکل جس کو نہ ہو غیبت سے خبر کونسی ہے

مجھ سے تیرے کس پہ کمر ظلم کی کسنا ہے ہے
نہ کٹے ہوں جو محبت پہ کمر کونسی ہے

اس کے دامن کو مکدر نہ کرے تا کہ نسیم
تر نہ اشکوں سے جو رکھا ہو وہ گرد کونسی ہے

جا کے کہہ دے نہ کہیں شام سرِ زلف کے رنگ
جب یہ قدِ نحس نہ صبا پڑے وہ سحر کونسی ہے

ایک مجھ کو ہی شکایت مری تقدیر سے ہے
پھر وہ جو تجھ سے نہ ہو حسن بشر کونسی ہے

کس کو تیرے سبب نہ شکیب ہے نہیں ناش نصیب
گل کے شہرت نہ بنی ہو جو شکر کونسی ہے

خاکِ رہ کے ترے ممنون ہیں مرے دیدۂ تر
ان کی ممنون نہیں جو رہ گزر کونسی ہے

ہے فقط نام تو باقی مری ہستی کا نشاں
بے نشانی جو نہ رکھتی ہو اثر کونسی ہے

شیر ڈر جائیں رہِ عشق میں روباہ ٹھہریں
منہ نہ پھیلائے ہو جو یہاں شکل خطر کونسی ہے

مجھ ہی بیدل کا جگر خوں نہیں تیرے ہاتھوں
پر نہیں خوں سے جو بہا کے جگر کونسی ہے

تیرے کوچہ سے چلے پاؤں میں طاقت یہ کہاں
ورنہ دل میں جو نہ ہو راہِ سفر کونسی ہے

تو تو کہہ شعلۂ رخشندہ کہ کس چرخ میں ہو
تجھ سے بھٹکتی نہ ہو جو جانِ جگر کونسی ہے

مصلحت ہی نہیں ہے راز کا افشا ہونا
بزمِ رنداں میں نہیں ہو جو خبر کونسی ہے

یہ تو ہے خیال کہ حافظ پہ نہیں ہو رنج مجھے پھر بھی مجھ میں سراپائے ہمت گر لسی ہے

رواقِ منظرِ چشمِ من آشیانۂ تست

ہے طاقِ منظرِ چشم اپنا آشیانہ ترا بصد لطف و کرم آ یہ خانہ خانہ ترا
وہ خط و خال کہ دل عاشقوں کا موہ لیا کشش عجیب ہے کیا بچھایا ہے دام و دانہ ترا
وصالِ گل سے رہے شاد تو بھی اے بلبل چمن کی جان ہے ہر نعرۂ عاشقانہ ترا
دوائے ضعفِ دل ان لبوں سے عطا پُر از مفرّح یاقوت ہے خزانہ ترا
بہ تن گو دولتِ خدمت سے ہوں میں دور بہ دل یہ جان کہ ہوں خاکِ آستانہ ترا
شہا! کیا ہی کہ شعبدہ ہے حیرت شعبدہ باز عجیب حیلوں کا خرمن ہے ہر بہانہ ترا
ہر ایسے ویسے کو دل دوں خیال نہیں کہ سر پھرے ہے جفا پیشہ کیسا ترانہ ترا
تو کون ہے خدا را سوارِ شیرِ فلک سمندِ چرخ بھی کھاتا ہے تازیانہ ترا!
فلک کو رقص نہ ہو کیوں سرودِ مجلس پر ہے شعرِ حافظِ شیریں سخن ترانہ ترا

روز و شب در نظرم زلف و رخ یار است

رات دن فکر میں یاں زلف و رخِ یار ہی ہے یار کو فکر نہ کچھ ہم سے سروکار ہی ہے
ذرہ پروا نہیں اُس کو یہی ہے دشواری عشق تو اُس کا نہ کچھ بار نہ دشوار ہی ہے
سودا اچھلا تھا کہ چھٹ سے ہی دی زلف کو دل تاکہ آج شہر یہ جانے مرا دلدار ہی ہے
پھر کبھی ہے نظرِ یار کو مجھ سوختہ پر ڈر نگہباں سے نہیں ہو جو اغیار ہی ہے
لے دل لیتا ہے گر شوخی و عیاری سے دلبر شوخ جفا پیشہ و عیار ہی ہے

پھر سمجھانا ہے جو [illegible] سمجھا رہا ہوں [illegible]   فیض کی دین ہے مستند ہم اسے انکار ہی ہو!

رسیدہ ام بمقامیکہ لامکاں آنجاست

کہاں میں پہونچا کہ بے سمت لامکاں ہی جہاں   پتہ زمیں کا نہ کچھ نام آسماں ہے جہاں
وہ وہ بھید کھلے کہ دل و لب بلا سے کیا کرے   نہ تابِ دید نہ طاقتِ بیاں ہے جہاں
گرہ رہا ہی جہاں کچھ نہیں ہے چون و چرا   نہ کوئی شکل نہ صورت جسم و جاں ہے جہاں
مرے نہ مرغِ چمن اس گل و گلستاں پہ   بہار آئے نہ ہرگز کبھی خزاں ہے جہاں
سنا ہے کلمۂ منصور ایسی وحدت میں   نہ جائے حرف و لب جنبش زباں ہے جہاں
نہ کاوے خانۂ محبوب سے لگا حافظ   نہ جا اندھیرے میں بیدار پاسباں ہے جہاں

زاہد ظاہر پرست از حال ما آگاہ نیست

زاہدِ ظاہر پرست اس حال سے آگہ نہیں   جو کہے کہنے دو ہم کو اس کی کچھ پروا نہیں
ہاں طریقت میں جو جی چاہے لگے گو وہ خوب   ہے صراطِ مستقیم اس میں کوئی گمرہ نہیں
کھیل کیا کھلتا ہے چل کر ایک پیادہ دیکھئے   پہلے اس شطرنج زنداں میں بھی چلتے شہ نہیں
ہو کیسی بے نیازی کیا ہی نادر داوری!   اس قدر تو زخمِ پنہاں اور مجالِ آہ نہیں
صاحبِ دیواں نے چھوڑا ہم کو خارج از شمار   کیا حسابِ شہ میں قدِ حبۃ للہ نہیں؟
کیا ہی یہ سقفِ بلند؟ اور کیا ہیں یہ نقش و نگار؟   اس معمے سے کوئی دانا یہاں آگہ نہیں
جس کا جی چاہے وہ آئے جس کا جی چاہے وہ جائے   بیجو دہ بجو حاجب و درباں کا یاں قصہ نہیں
ہے قصور اس قامتِ ناساز بے ہنگام کا   اس کا خلعت تو کسی بھی جسم پر کوتہ نہیں

بارہمیں نے کے اندر حق پہ جھگڑوں میں کہا ہے
خود فروشوں کے لئے تو اس دم ہیں رہ نہیں

بندہ پیرِ مغاں ہوں جس کے دائم ہیں کرم
ورنہ لطفِ شیخ و زاہد گاہ ہے اور گاہ نہیں

صدر بن جائے کہیں حافظ تو یہ اس کا کرم
عاشق و مستانہ کو منصب و جاہ کی حاجت نہیں

زلفت ہزار دل بہ یکی تار مو ببست

بستہ ہزار دل ترے اک تار مو سے ہیں
رستے رہائیوں کے گھرے چار سو سے ہیں

کیوں سر پٹک پٹک نہ لیں عاشق نسیم پر
نافے کھلے ہیں جس نے مشکبو سے ہیں؟

دیوانہ یوں ہوا ہوں کہ اک ماہ نگار نے
ابرو دکھا کے جلوہ سے رخ پروے ہیں

ساقی نے رنگ رنگ کی بھر دی پیالے میں
کیا کیا نقوشِ تازہ نکلتے سبو سے ہیں

کیا جم خونِ خم میں صراحی کی ہے ابال
برستے ہیں کیسے نعرۂ قلقل گلو سے ہیں

ناخن سے سارے تارِ فلک حشر باز پہ
کچھ شعر پڑھے نہ اس سے چپ گفتگو سے ہیں

کیا راگ تو نے رنگ میں مطرب ملا دیا
ایک دم جو اہلِ حال رکے ہاؤ ہو سے ہیں

حافظ بغیرِ عشق ہیں جو خواستگارِ دل
احرام باندھے کعبہ میں کچھ بے وضو سے ہیں

زلف آشفتہ و خوی کردہ و خنداں لب و مست

بال بکھرے، عرق آلودہ ہنسی لب پہ مست
وا ہر اک بند قبا، نغمہ سرا، جام بدست

نرگسیں سحر بھری، لعل لب پر افسوں دونوں
نیم شب آکے سرہانے مرے ہو لی نشست

جھک کے منہ لا کے مرے کان میں آہستہ کہا
خوب سوتا ہے تجھے کچھ نہیں خبر مست و ہست

عشق میں جس کو ملے بادۂ شبگیر ایسا
کافرِ عشق ہو وہ ہو نہ اگر بادہ پرست

زاہدا کیجیو نہ ہم رندوں کو بدنام
درد ہی اپنی تو قسمت تھی ہوئی روزِ الست

بھر دیا جس سے قدح ہم نے وہی نوش کیا
کیا خبر خمرِ بہشتی تھا کہ وہ بادۂ مست

خندۂ جام مے اور زلفِ گرہ گیرِ نگاریں
ہیں بہت توبہ پہ اور توبۂ حافظ کے شکست

زگریہ مردمِ چشمم نشستہ در خون است

ہر ایک مردمکِ چشم غرقۂ خوں ہے
یہ حالِ مردماں تیرے لیے دگرگوں ہے

بیادِ لعلِ لبِ یار و چشمِ میگوں یہ
نہیں ہے جامِ مئے لعل جرعۂ خوں ہے

طلوعِ مشرقِ کوچہ سے مہرِ طلعت ہو
تو ہم بھی جانیں کہ کچھ طالعِ ہمایوں ہے

حکایتِ لبِ شیریں۔ وظیفۂ فرہاد
شکنجِ طرۂ لیلیٰ۔ مقامِ مجنوں ہے

جگر ہے دل کی جو قید میں ہے سرو دلجوئی
سخن سرا ہو جو طبعِ لطیف و موزوں ہے

کلیجہ ٹھنڈا ہو ساقی چلا دے دورِ شراب
ہمارا باعثِ گردش یہ دورِ گردوں ہے

عجب گھڑی مرے پہلو سے یار نکلا تھا
کہ ہر سرشکِ رواں رشکِ رودِ جیحوں ہے

نہ ہوگی شاد کسی طرح خاطرِ محزوں
حدودِ طاقت و کوشش سے بات بیروں ہے

ہوس کی آرزو حافظ یہ خود فراموشی؟
گدا کو دیکھو طلبگارِ گنجِ قاروں ہے!

زاں یارِ دلنوازم شکریست با شکایت

اُس دلنواز کا ہے ایک شکر با شکایت
اُلفت کے نکتہ داں ہو دلچسپ ہو حکایت

بے مزد اور منت کی ہیں نے کی جو خدمت
یارب نہ ہو کسی کا مخدوم بے رعایت!

بے آبرو کرے وہ تب بھی نہ منحرف ہوں
جو ہے حبیب بہتر دشمن کی کیا عنایت

خوں کر گیا ہے کیا کیا تیر ادا و غمزہ چشم
جاناں دل و جگر سے پوچھے سناں کی حکایت

گم ہے اندھیری شب میں اس دل کی راہ مقصد
آخر طلوع ہو گا اسے کوکبِ ہدایت!

اے آفتابِ خوباں ایک سوزشِ دروں ہے
ایک پل کو اس طرف بھی ہو سایۂ عنایت

جس سمت میں گیا میں وحشت زیادہ پائی
توبہ ہے اسے دنیا پا لے اس راہ بے نہایت!

اس راہ کی نہایت کا کیونکر ہو تصور
ہو صد ہزار منزل طے راہ کی ہدایت

پانی بھی منع دینا رندانِ تشنہ لب کو؟
چھوڑی دلی سنا سو کیا تم نے یہ ولایت؟

ہو عشق تیرا حامی تو بھی مثال حافظ
قرآن حفظ کر لے یا چار دہ روایت

سرِ ارادتِ ما و آستانِ حضرتِ دوست!

مری جبینِ ارادت ہو اس کی چوکھٹ ہو
ارادت سے ہے اسی کے گر رقی ہے جستجو

نظیرِ دوست نہ دیکھی مقابل اس رخ کے
بجائے آئینہ رکھ دیکھے مہر و مہ دونو

جمال پر ترے ہر برگِ گلِ چمن کا نثار
فدائے قد ترا ہر سروِ بوستاں لبِ جو

منہ آج دیکھا ہے تیرا مراد پاؤں گا
کہ پیش خیمہ ہے حالِ نکو کا فالِ نکو

صبا سے ہو سکے کیا میرے غنچۂ دل تنگی
کلی ہیں پتیاں لپٹی ہوئی ہیں تو بر تو

سبو کش اور بھی اس دیرِ رند سوز میں ہیں
ہے ایک خم اور اس پہ ہزار سر ہیں سبو

زبانِ ناطقہ وصفِ جمالِ یار میں لال
چہ جائے کلک کہ ہے دو زبانِ بیہودہ گو

ہوا ہے شانہ مگر زلفِ عنبریں میں کہیں
کہ بادِ غالیہ سا ہے تو خاکِ عنبر بو

نہیں ہے آج سے سوزِ طلب یہ حافظ کو
ازل سے داغ ہے دل مثلِ لالہ خود رو

سینہ ام ز آتشِ دل در غمِ جانانہ بسوخت

آتشِ دل سے پسِ سینہ غمِ جانانہ جلا!
ہائے کیا آگ تھی اِس گھر میں کہ کاشانہ جلا!

تن بدن دُوریِ دلبر سے سراسر پگھلا
جان تو آتشِ ہجرِ رُخِ جانانہ جلا

جس نے زنجیرِ سرِ زلف پُرپیچ دیکھی
وہ پریشان بہ حالِ دلِ دیوانہ جلا

آتشیں اشک سے شب شمع کی تھی دل سوزی
ایسی دل سوزی نہ تھی رشک سے پروانہ جلا

دل پیالے کی طرح توبہ جو کی ٹوٹ گیا
لالہ ساں ظرفِ جگر بے مے و پیمانہ جلا

آشناؤں سے تعجب کیا جو ہوں دل سوز مرے
حالتِ غیر پہ میری دلِ بیگانہ جلا

اب تو مت جا کہ اِن آنکھوں نے سراپا مجھ کو
کر دیا مست، دیا خرقۂ رندانہ جلا

خرقۂ زہد بہا آبِ خرابات میں حیف!
خانۂ عقل گئی آتشِ خم خانہ جلا

پی کے مے، سو بھی کہیں چھیڑ یہ قصہ حافظ
رات بھر شمع کا دل سُنتے یہ افسانہ جلا

ساقیا آمدنِ عید مبارک بادت!

ساقیا عید کا آنا ہو مبارک دل شاد!
وعدے یاروں سے جو تھے وہ بھی ہیں کیا تجھے یاد!

دم قدم سے ترے وابستہ جلیسوں کی نشاط
منزلِ غم ہو جو دل تجھ کو نہیں چاہے شاد

شکر ایزد کہ رہے دورِ خزاں میں بھی ہرے
بوستانِ سمن و سرو و گلاب و شمشاد

غائبانہ بھی تعجب ہے کہ اس مدت میں
تُو نے دل لینے کی دی، یاروں نے دل دینے کی داد

دخترِ رز کی بھی بہ آدابِ قدم بوس ہو غرض
ہم غریبوں کی دعاؤں سے ہوئے ہو آزاد

چشمِ بد دُور، بچا لائے غضب مہلکے سے
طالعِ نامور و بختِ خوش مادرزاد

کشتیِ نوح ہے حافظ نہ چھٹے یہ سنگت ورنہ طوفانِ حوادث میں بہے گی بنیاد

ساقی بیار بادہ کہ ماہِ صیام رفت

ساقی پلا دے بادہ جو ماہِ صیام جائے دے ایک قدح کہ موسمِ ناموس و نام جائے
وقتِ عزیز کی بھی قضا چاہیئے ضرور جو وقت بے حضورِ صراحی و جام جائے
توبہ کے غم میں سوز یہ کب تک بسانِ عود مے دے کہ سر سے اپنے یہ سودائے خام جائے
دو مست کر کہ ہوش ہی اس کے رہیں یہاں کب آئے وقتِ صبح کدھر وقتِ شام جائے
زاہد کو تو غرور پیالہ دے عقدان سے دور رند عاجزی کی راہ سے دار السلام جائے
تو جانے زاہدا تیری چلے کسی نماز عشاق کی تو بن گئی عیشِ مدام جائے
تھا ایک نقد دل سو بہا در بہائے مے قلبِ سیاہ کیوں نہ بجائے حرام جائے
حافظ کو سب فضول نصیحت وہ رہ نہ پائے صہبائے عشق جس کے اثر زیرِ کام جائے

ساقیم خضر ست و مے آبِ حیات

خضر ساقی میرا مے آبِ حیات کیں کی توبہ لاؤ ساغر ہاتھوں ہات
عشق کے دفتر سے یہ روزی ملی تحفیِ ہجراں ہے عاشق کی برات
تلخ مے شیریں لبوں کے ہاتھ سے قند و مصری کی کرے پھیکی نہ بات
ہے دم عیسیٰ نسیمِ لطفِ یار مردۂ صد سالہ کو بخشے حیات
غیرِ یکسر بادۂ آتشیں یعنی شراب حل نہیں ہوتی ہیں ہرگز مشکلات
شادورِ رحِ رندِ بر خوردار ہو بر سر کوئے مغاں پائے وفات

حاصل عمر اپنا حافظ دہر میں   بادۂ صافی ہے باقی واہیات

ساقی بیا کہ یار ز رخ پردہ برگرفت

آیا قیا کہ یار نے گھونگھٹ اُٹھا دیا   اندھیر خلوتوں میں سراسر مچا دیا
شمع فسردہ چہرہ برافروختہ ہوئی پھر   پیر کہن کو رشک جواناں بنا دیا
جن خوش قدوں کو ناز تھا خود شیدہ پر   تیرے خرام ناز نے نیچا دکھا دیا
ہے ہے یہ گفتگوئے لب شیریں دلفریب!   پستے پہ ایک غلاف شکر بھی چڑھا دیا
گمراہ مفتیوں کو کیا کید عشق نے   دشمن کو لطف دوست نے زک دی ہرا دیا
جو قصہ ہفت گنبد افلاک میں نہ آئے   کوتہ نظر نے کیا ہی ذرا سا بتا دیا
وہ بار غم کہ خاطر خستہ پہ تھا وبال   عیسی نفس کو بھیج خدا نے اٹھا دیا
حافظ کہاں یہ سیکھا تھا جادو بھرا کلام   تعویذ کر کے اس نے غلاف طلا دیا

شگفتہ شد گل حمرا و گشت بلبل مست

کھلا ہے لالہ حمرا ہوئی ہے بلبل مست   صلائے عام ہے لے عاشقان بادہ پرست
اساس توبہ جو تھی محکمی میں سنگ صفت   ہوئی ہے شیشہ و ساغر سے آہ کیسی شکست
پلاؤ بادہ کہ سرکار بے نیازی میں   ہیں ایک پیادہ و سلطان ہوشیار و مست
سفر سرائے دو در سے ہے ناگزیر تو کیا   در دوکان معیشت بلند و اوسط و پست!
مقام عیش میسر نہیں بجز محنت   بلا کا ہیچ تھا "قالو بلیٰ" بیں روز الست
نہ ہست و نیست کے غم سے ملول ہو خوش رہ   کہ نیست ہوتا ہے انجام ہر کمال کہ ہست!

شکوہِ آصفی و تختِ باد و منطقِ طیر — رہا نہ کچھ بھی سکندر کو ہزار بند و بست
لگا کے بال و پر اُڑا کہ تیسرے تابی — اُڑا سب ہے یہ ہوا، خاک میں ہی ہیچ و پوست
زبانِ کلک سے حافظ ہو کیسے شکر ادا — کہ شعر تیرے ہیں جاتے لیے ہیں دست بدست

شربتے از لبِ لعلش نہ چشیدیم و برفت

چلدیا شربتِ لب غیر چشیدہ ہی رہا — دل پہ اس کے رخِ مہوش کا ندیدہ ہی رہا
کیا ہی بیزار تھا، رکھ زین، ہوا ایسا ہوا — دامنِ گرد بھی نظروں سے رمیدہ ہی رہا
نہ پھرا۔ فاتحہ اور حرزِ یمانی پڑھ کر — پھونکتا ہمدہ پہ اخلاص و قصیدہ ہی رہا
خطِ فرماں سے نہ بڑھنے کی ادھر دیکے قسم — چل دیا جب جا مرے آگے وہ کشیدہ ہی رہا
مجھ کو ٹھیرا کے رہِ عشق میں گم ہے اب تک — جان پُرحیل کے دم میں تھا میں سیدھا ہی رہا
کر گیا وہ چمنِ حسن و لطافت میں خرام — اور میں بیٹھا سرِ دامنِ چمن ماندہ خزیدہ ہی رہا
ترکِ خود کرنے کو کہہ کر تھا گیا طالب سے — وہ اس امید پہ اپنے سے بریدہ ہی رہا
صورت اس کی تھی لطافت میں خدا کی صنعت — دیکھ کر بھی اسے دل سب کا ندیدہ ہی رہا
نالے حافظ کے سے ہیں ویسی ہی آہیں شاید — دمِ رخصت بھی کہیں دور ز دیدہ ہی رہا

شنیدہ ام سخنے خوش کہ پیرِ کنعاں گفت

بہت ہی راست یہ مردی ہے پیرِ کنعاں سے — کہ دردِ ہجر کی ہو کیسے شرح انساں سے!
حدیثِ ہولِ قیامت کہے تھا واعظِ شہر — وہ ایک کنایہ تھا آفاتِ روزِ ہجراں سے
نشانِ یارِ مسافر کا پوچھئے کس سے — صبا کے فقرے تو ہوتے ہیں کچھ پریشاں سے

فغاں کہ وہ مہ نامہرباں ہے دشمن دوست | تو چھوڑا اسکے چاہنے والوں کو دل سے کیا ہی آساں سے
ہم اور مقام رضا اور دوست سے بھی جدائی | اسی واسطے کیا کریں جانا کہیں اکیلے وہاں سے
گرہ لگا نہ ہوا میں چلے کہ سب ہوا پہ | کہو یہ بے پاؤں کی گھوڑا ہے خود سلیماں سے
کرے نہ چون و چرا کوئی بندۂ مقبل | رکھے سر آنکھوں پہ جو کچھ ملے جو حکم جاناں سے
ادا سے دہر پہ ہو جا تو سنہ اوشاہ زوال | نہ کہہ ... بھاگے زال و دستاں سے
ترا ہے غم کو ... | خوشی کی خبر ہو جو پوچھا دل بے خبر تو کہاں سے؟
چڑھا لے بادہ کہ کل پیر میکدہ کہتا کیا | حدیث میں تھا لطف رحیم و رحماں سے
کہا یہ کس نے کہ حافظ نے چھوڑا ہے یہ خیال | مرا مقولہ نہیں یہ کہا تو قول شیطاں سے

صحن بستاں ذوق بخش و صحبت یاراں خوش است

صحن بستاں ذوق بخش و صحبت یاراں خوش | موسم گل ہو مبارک صحبت میخواراں ہے خوش
ہے صبا سے دم بدم تازہ مشام جان و دل | کیوں نہ ہو خوشبو سے اس کی بے ہوا داراں ہے خوش
گل نے بن کھولے نقاب آج پہنا جامۂ کر لیا | نالہ کرتا ہے بلبل کہ گل ... دل افگاراں ہے خوش
خوش دلی باز ابد دنیا میں کی بس دم کو | ہے تو کچھ رندی و خوش باشی تیاراں ہے خوش
مرغ خوش الحاں کو بشارت ہو کہ ... دوست | مشغل ... بیداراں ہے خوش
حافظا ترک جہاں میں منحصر ہے خوشدلی | ہاں نہ سمجھے کوئی احوال جہانداراں ہے خوش

صبا اگر گذرے افتدت بہ کشور دوست

صبا جو راہ میں جائے تجھ کو کشور دوست | بیا سکے لائیو ایک گیسوئے معنبر دوست

قسم اسی کی کہ ہم جان دیدیں گے انعام — کبھی ادھر کو جو بن کر تو آئے پیمبر دوست
اگر نہ ہو تجھے بار اس کی بارگاہ میں خاص — تو قدرے خاک ہی سرمے کو لانا از در دوست
دریغ ایسے گدا کو ہوس وصال اس کا — بہشت ہی خواب میں گر دیکھ پائے منظر دوست
دلِ صنوبری صورت ہے بید وش لرزاں — چڑھی ہے اس کو تپ حسرت صنوبر دوست
دو مفت بھی نہ قبا دے ہمیں تو رنج نہیں — نہ ہم دیں دولت دنیا کو موئے از سر دوست
نہ قیدِ غم سے ہو آزاد وہ بھی کیوں آخر — نہیں ہو حافظِ مسکیں غلام چاکر دوست؟

صبحدم مرغ چمن با گل نوخاستہ گفت

نوکِ بلبل نے کی اک دن جو گلِ تازہ شگفت — ”تجھ سے گلشن میں بہت پھولے ہیں اترا تو نہ مفت“
گل نے ہنس کر کہا سچ بات کا کیا رنج ولے — کسی عاشق کی بھی معشوق سے یہ تلخ تھی گفت؟
گر ہوس جام مرصع میں مے لعل کی ہو — چاہیئے نوکِ مژہ سے دُر و یاقوت ہوں سُفت
تا ابد بو بھی محبت کی نہ سونگھی جس نے — روب کی پنجۂ مژگاں سے نہ میخانوں میں رُفت
رازِ الفت تو زباں پر ہی نہیں آسکتا — ساقیا جام دے رکھ طاق پہ سب قال و گفت
صبحدم باغ میں فردوس کے تھے جمع مزے — پائی زلفِ سنبل سے نسیمِ سحری باہم جفت
تختِ جم سے جو لیا جام جہاں بیں کا پتہ — بولا افسوس کہ آں دولتِ بیدار بخفت“
ہوش و صبر اشکوں نے حافظ کے لیے سب تاب — کیسے اب سوزِ غمِ عشق چھپے یا ہو نہفت؟

صوفی از پرتو مے راز نہانی دانست

صوفی دیکھے سے جھلک راز نہانی جانے — فطرتیں سب کی پئے لال سا پانی جانے

شرحِ مجموعۂ گل مرغِ سحر ہی سمجھے — نہ کہ ہر خواندہ جو الفاظ و معانی جانے
آیتِ عشق کو حکمت سے سمجھنے والے — یہ ہے تحقیق سمجھ میں نہیں آنی جانے
پھونکے اک پھول پہ گر باغِ جہاں کے کوئی — کاش غارتگریِ بادِ خزانی جانے
دو جہاں اس دلِ ناکارہ کو دکھلا کے تھکا — تیری الفت کے سوا باقی کو فانی جانے
سنگریزوں کو کرے وہ جو سمجھے ہی لعل و گہر — یہاں جو قدرِ نفسِ بادِ یمانی جانے
پاسِ خاطر ہے ہمیں مصلحتِ وقت نہیں — ورنہ وہ بھی تو یہ سب دل کی گرانی جانے
مخبری کرتے تو کرتے کوئی انصاف نہیں — محتسب آپ یہ سب عیشِ نہانی جانے
یہ جو حافظ کی طبیعت نے پروردہ ہوئی — اثرِ تربیتِ آصفِ ثانی جانے

عیب رنداں مکن اے زاہدِ پاکیزہ سرشت

ہجو رندوں کی نہ کر زاہدِ پاکیزہ سرشت — اُن کے اعمالوں سے آلودہ نہ ہو تیری نوشت
نام اس کا ہے نہاد؟ آہ تو کیا خوب نہاد! — اس کو کہتے ہیں سرشت؟ آہ تو کیا خوب سرشت
میں بُرا ہوں کہ بھلا تو ہی خبر لے اپنی — حسبِ اعمال ثمر لائے گی اعمال کی کشت
تکیہ اعمال پہ بھی خوب نہیں دوست یہاں — کلکِ قدرت نے خبر کیا تری کیا لکھ دی نوشت
گر نہ یاوریِ کرم لطفِ ازل کیا جانے — خوب ٹھہرائے کسے اور کسے ناکارہ و زشت
سرِ تسلیم مرا اور درِ میخانہ اگر — کوئی نافہم نہ سمجھے تو وہ سر اور کوئی خشت!
طالبِ یار ہیں سب کافر و دیندار کہ مست — خانۂ عشق ہر اک جا ہے نہ مسجد نہ کنشت
باغِ جنت کے مزے آنکھوں پہ سرِ چشمہ — میری جنت ہیں یہی سایۂ بید و لبِ کشت
وقتِ موعود سے حافظ وہ اگر ہاتھ میں جام — میں خرابات سے فی الفور پہنچ جاؤں بہشت

خمش تا در وطنِ ما دے اگرفت

غمِ جاناں کا دل یادِ سے لو ملیجا | ستایا گیسوؤں کا سر میں سودا
وہ آبِ چشم کیا سوتی بہا ہے! | ہے اس سرچشمہ جہاں تو تو دُلالا!
یہ ہم آتش اور آبِ زندگانی لب | دلِ افسردہ کو دے گرم آب گرما
نسیم اس طرح عنبر بو نہ آتی | نہ کرتا صبح گردہ سیرِ صحرا
ہم نے ہمت اپنا عذر یوں سے | نظر میں جب سے وہ قدِ بالا
قدِ بالا کا عاشق یوں ہوا ہیں | ہے اس سے عاشقوں کا بول بالا
ہم اس کے سایۂ الطاف میں ہیں | اُسے توحیف ہے سدرہ کا سایا
سخن حافظ کا وصفِ قد سے سیر | ہے سروِ یاسمن تو سب سے بالا

کنوں کہ در کفِ گل جام بادہ صافت

لیے ہیں ہاتھوں میں گل جامِ بادۂ شفاف | زباں پہ بلبلیں کھولے ہیں صد ہزار اوصاف
اٹھا کے دفترِ اشعار تو بھی صحرا چل | بڑھا دے مدرسے طے کر دے کشف اور کشاف
فقیہِ مدرسہ کل پی گیا تھا کر دی خبر | کہ ہے حرام پہ بہتر ز لقمۂ اوقاف!"
شرابِ ناب کہ پیش تھی جیب پھٹ کھول! | ہمارے ساقی نے جیسی پلا دی عین الطاف
جدا ہو خلق سے عنقا سے سیکھ لے یہ سبق | ہے شہرہ گوشہ نشینوں کا قاف سے تا قاف
زبانِ خلق کا کہنا، ہیں دونوں مانندہ | کہا کریں اسے زرباف اُس کو بوریہ باف
نہ کھول حافظ اور ان بھزرا صوفوں کو | چھپا رہے طلب میں شہرہ ہے شہر کا سراف

کس نیست کہ افتادۂ آں زلف دوتا نیست

ہے کون جو پھندا نہیں اس زلف دوتا کا — کس راہ میں پھندا نہیں اس دامِ بلا کا
ہے شکل تری آیتِ قدرت الٰہی — سچ ہاں کہ مادی نہیں پیرو دو ریا کا
دیکھوں نہ تجھے دیکھو تو ناصح کی بتا شکل — صورت سے تری شرم نہ کچھ خوف خدا کا
تقلید ان آنکھوں کی نرگس کیا ہو اب کیس — بے منہ ہے دیدہ دل میں گڑ کیا ہو حیا کا
بلبلہ مشتاق ہے کبوتر زلفِ معنبر — یہاں ناک میں دم کر دیا اڑ اڑ کے صبا کا
لے شمع دل اور نہ پروانہ یاں تو پوچھیں ہو — اندھیر ہے مجلس میں سنیں نام ضیا کا
کل وقتِ وداع یاد جو آئے عہد دلایا — بولا کہ غلط! عہد نہیں ہے یہ وفا کا
تمارِ غریباں ہے ہر ایک شہر کا مقصد — اس میں بھی انوکھا ہے نگر اپنے پیا کا
کیا فرق ہے گر پیرِ مغاں شیخ ہے اپنا — ایک سر نہیں اسرار نہ ہو جس میں خدا کا
عاشق جو پڑے شہر میں دست یہ ہے بکھر — ہے کون وہ اور جو سپر ہو نہ قضا کا
خورشید سے خوش منہ کہیں چاند سے بڑھ کر کا پیشہ — بے شبہ بڑا بول ہے منہ چھوٹا سُہا کا
زاہد جو ترا مسجد یا خلوتِ صوفی — محراب دو ابرو ہی ہیں بے لطف دعا کا
خونِ دلِ جانفزا میں رنگا ہے تجھ کو دلبر — ظالم تجھے پاس آیا نہ قرآنِ خدا کا

کنوں کہ میدمد از بوستان نسیم بہشت

مہکتی آتی ہے گلشن سے کیا نسیم بہشت — الٰہی باد وہ بھی جاں بخش و یار حور سرشت!
چمن حکایتِ ادنیٰ بہشت کہتا ہے — وہ بیوقوف جو چھوڑے یہ کل پہ آج بہشت

بنائے خانۂ دل مے سے ہو جہانِ خراب
تلاش میں ہیں بنائے ہماری خاک خشت

گدا بھی آج کرے وہ مزے بادشاہی کا
ہے ابرِ خیمۂ دربار، بارگہِ لبِ کشت

نہ بادہ خواری پہ کہہ دینا دوزخی فوراً
خبر نہیں کہ وہاں کیا رکھی کسی کی نوشت

نہ کیجے ترکِ نمازِ جنازہ حافظ کی
ہزار غرقِ گنہ ہو پہ جا رہا ہے بہشت!

گل در بر و مے در کف و معشوقہ بکام است

دولہا بنا، دلہن سے ملا ہاتھ میں جام آج!
ہو شاہِ جہاں بھی تو ہے بندے کا غلام آج!

ہیں کان لگے قلِ نے و چنگ پہ دونوں
ہے آنکھ سوئے لعلِ لب و گردشِ جام آج

اور عطر کوئی لا کے نہ محفل میں بسائو
اُن گیسوؤں سے خود ہی معطر ہے مشام آج

کہہ دو نہیں کچھ روشنیِ شمع کی حاجت
مجلس میں رخِ دوست ہی ہے ماہِ تمام آج

کچھ قند کا مصری کا بھی مذکور نہ کیجے
شیریں لبِ شیریں سے ہیں خود ہی لب و کام آج

مت نام کی پوچھو کہ ہوا نام تو اب ننگ
اور ننگ کی کیا بات کہ ہے ننگ ہی نام آج

میخوار ہوں سرگشتہ ہوں اور رند و نظرباز
مجھ سا نہ کوئی شہر میں ہو ایک تو نام آج

مخبر نہیں کیا آرزوئے محتسب آخر؟
مجرم کے مقدر میں جو ہے عیشِ مدام آج؟

ہے بادہ روا روز ہی مذہب میں ہمارے
بن تیرے پہ اے سروِ گل اندام حرام آج

حافظ نہ کٹے بے مے و معشوقہ کوئی دم
ہے عہدِ گل و یاسمن و عیدِ صیام آج

گر زدستِ زلفِ مشکینت خطائے رفت رفت

ہو گئی گر زلفِ مشکیں سے خطا کچھ ہو گئی
خالِ کافر سے بھی جانے دو جفا کچھ ہو گئی

جل گیا تو جل گیا ایک خرمن پشمینہ پوش
بینوا پر گرم چشم بادشاہ کچھ ہو گئی

لے گیا دل غمزۂ دلدار کوئی لے گیا!
جان جانے اور جاناں بات کیا کچھ ہو گئی؟

ساقیا مے دے کہ رنجش اپنے مذہب میں نہیں
جی سے دھو ڈالی کدورت جب برا کچھ ہو گئی

عشق بازی میں تحمل چاہیئے دل صبر کر
خیر گزری وہ بلا تھی یا وبا کچھ ہو گئی

طول دیتے ہیں سخن چیں ورنہ ہو رفت و گزشت
گفتگو گر دوستوں میں بے مزا کچھ ہو گئی

جائے گر جائے کہیں مسجد سے حافظ واعظا
ہائے آزاداں پہ بھی بندش بھلا کچھ ہو گئی؟

لعل سیراب بخوں تشنہ لب یار منست

لعل سیراب لب تشنۂ خوں یار کا ہے
اس سے دو چار ہو جگرا یہ دل زار کا ہے

کیونکہ دل لیتے ہیں چشم سیہ، مژگان دراز؟
دیکھ کر آنکھ سے پھر منہ مرے انکار کا ہے؟

سارباں ٹھیر ہیں جانے دے پیدل سر کوہ
شارع خاص یہ منزل گہہ دلدار کا ہے

اے زہے بخت؟ کہ اس قحط وفا میں اپنا
قدرداں عشق بت مست قدح خوار کا ہے

شیشۂ عطر میں اور ظرف عبیر افشاں میں
کیا ہے؟ ایک شمۂ خوشبو مرے عطار کا ہے

باغباں باغ بدر مجھ کو نہ کر مثل نسیم
رنگ ہر گل میں مرے چشمۂ خونبار کا ہے

لکھ دے گلقند لب یار مرے نسخے میں
دیدۂ نرگس کا معالج دل بیمار کا ہے

حافظ ایک نکتے کا اس طرز غزل میں ممنوں
یار شیریں سخن نادرہ گفتار کا ہے

مطلب طاعت و پیمان درست از من مست

کلمہ روزہ، نماز، ان کو میں کیا جانوں مست
جس سے منسوب ہوئی بادہ کشی روز الست

حوض پر عشق کے جس وقت کیا میں نے وضو
چار تکبیر کہیں سب پہ اُٹھا کر دو دست

مے پلا کر مجھے سب پوچھ لے اسرارِ نہاں
کس کے دام کا ہوا بند یہ دیوانہ تو کس شکل پہ مست

کمر کو یہاں بال سے باریک سمجھ
یعنی باریک نہ سمجھے سے ہوئے بادہ پرست

صدقے اُس غنچہ دہن کے کہ جہاں آ رہے
نہ سکا غنچہ تنگ دل ہو کبھی تو یہ شد دلبستہ!

بجز اُس نرگسِ مستانہ کے چشم بد دور
محرم اِس گنبدِ فیروزہ میں ہے کس کی شکست

ہے ترے عشق کی دولت سلیماں حافظ
یعنی کچھ عشق سے حاصل نہیں جز باد بدست

مرحبا اے پیکِ مشتاقاں بدہ پیغامِ دوست

مرحبا! اے پیکِ مشتاقاں سُنا پیغامِ دوست
دل تو کیا ہم جان بھی دیویں فدائے نامِ دوست

والہ و شیدا ہے دائم مثلِ بلبل در قفس
طوطیِ طبع اپنا ہے شکر ز بادامِ دوست

خط میں لکھے شرحِ حالِ دل اُسے بس مختصر
دردِ سر کا ہو نہ باعث زیبِ ابرامِ دوست

زلفِ جاناں دام ہے دانہ خال ہم طائر بدام
ایک دانے کی ہوس سے آ دکھایا دامِ دوست

سر نہ مستی سے اُٹھائے تا بہ صبحِ روزِ حشر
مجھ سا پایا ہے ازل میں جس نے ہمدم جامِ دوست

قصد میں اپنے وصال اور دوست کے جی میں فراق
ترک مقصد اپنا کر دیں ہم بنا دیں کامِ دوست

ہاتھ آ جائے تو سُرمہ ہی بنا لیں آنکھ کا
خاکِ رہ جس کو شرف کر گئے اقدامِ دوست

حافظ اُس کے سوز میں جلنا نہ ہونا چارہ جُو
دردِ بے درماں سمجھنا دردِ بے آرامِ دوست

منم کہ گوشۂ خم خانہ خانقاہ من است

یہاں ہی ہوں گوشۂ خمخانہ خانقاہ مرا
دعائے پیرِ مغاں وردِ صبح گاہ مرا

ہے بے شراب و ترانہ اگر صبوح مری — تو کم ہے صبح کا نالہ پئے عذر خواہ مرا
گدا و شاہ سے آزاد ہوں بحمد اللہ — گدائے کوئے محبت ہے پادشاہ مرا
غرض ہے مسجد و بتخانہ سے تلاش تری — غرض کچھ اور نہیں ہے خدا گواہ مرا
طناب خیمۂ تن کاٹ دے اجل تو معاف — وگرنہ ہے در دولت سے لب نباہ مرا
سر آستاں پہ ترے رکھ کے دیکھتا کیا ہوں — فلک ہے مسند و خورشید تکیہ گاہ مرا
گناہ پر گو نہیں اختیار کچھ حافظ — تو بہ ادب سے شرط یہی کہہ کہاں گناہ مرا

ماہم ایں ہفتہ شد از شہر و بچشمم سالیست

ہفتہ اس مہ کو گئے شہر سے گزرا سال ایک — حال ہجراں بھی عجب جانئے مشکل حال ایک
مردم دیدہ کی تھی رخ کی لطافت پہ نظر — عکس اپنا ہی تھا سمجھے جسے مشکیں خال ایک
انگلیاں شہر میں اٹھتی ہیں سخاوت پہ تری — ہم غریبوں کے ہی حق میں ہی عجب اہمال ایک
لب شیریں سے ابھی دودھ کی بو آتی ہے — ہر فقرہ عشوہ گری میں ہے صفت قتال ایک
جوہر فرد میں ہے بعد نہیں شبہ و شک — خود وہاں اس کا ہو اس باب میں استدلال ایک
خوش خبر نکلے یہ افواہ کہ وہ آتے ہیں — خیر سے بدرے نہ نیت، ہی مبارک فال ایک
کوہ اندوہ فراق آپ کا کیوں کر کھینچے — حافظ خستہ کا تن گھل کے رہا ہی بال ایک

ما را ز خیال تو چہ پروائے شراب است

دامن میں تری کب مجھ کو ہی پروائے شراب آج — خم سے کہو سر پھوڑے ہے خمخانہ خراب آج
ہو خمر بہشتی بھی تو پھینکو کہ بلا دست — ہر شربت عذب عین الم بلکہ عذاب آج

ہشیار ہو اے دیدۂ دل یوں جبیں سے اٹھو — اس سیلِ دما دم سے یہ گھر ہوگا خراب آج

معشوقہ کھلے بند دل پھرا کرتی تھی آگے — نامحرموں کی وجہ سے ڈالے ہے نقاب آج

دلبر گیا صد حیف دبا دینے اگر پاس — یاد اُس کے خطِ خوب کی ہے نقش بر آب آج

سو شمع ترے حسن سے ہیں دل میں فروزاں — ہر چند کہ آئینہ میں صد با ہی حجاب آج

بے روئے دل آرا ترے اے شمع دل افروز — دل رقص میں ایک بر سرِ آتش ہے کباب آج

ہیں سبزہ و دشت سیرِ آبِ رواں چل — تا تجھ کو نظر آئے جہاں جملہ سراب آج

سمجھو نہ مرے سر میں کوئی جائے نصیحت — اس حجرہ میں ہے زمزمۂ چنگ رباب آج

کیا شان تری شان کہ اس شان کے آگے — خورشید فلک لگتا ہے ایک ورقِ آب آج

حافظ بھی ہے گر رند و نظر باز تو کیا ہے — ہوتے ہیں جوانی میں ۔ ہے اُس کا بھی شباب آج

مارا ز آرزوئے تو پروائے خواب نیست

حاشا جو تیری یاد میں پروائے خواب ہو — بے روئے دلفریب یہ جینا صواب ہو

پائے نہ چشمِ مست کے دوراں میں ہوشیار — ہر آنکھ دن کو دیکھتی اُس کے ہی خواب ہو

دیکھو جسے اسی کے کسی غم میں مبتلا — ایک دل نہ دیکھا جس کی نہ حالت خراب ہو

در پر جو تیرے کشتہ ہوا تیرے ہاتھ سے — پھر قبر میں نہ اُس سے سوال و جواب ہو

حافظ ہوا ہی عشق میں تپ کر مثالِ زر — عاشق ہی کیا وہ جس کو نہ تپنے کی تاب ہو

مدامم مست میدارد نسیم جعد گیسویت !

ہمیشہ مست رہتا ہوں نسیمِ جعدِ گیسو سے — خراب خستہ ہوں دایم فریبِ چشمِ جادو سے

بہت کرلی شکیبائی کسی دن تو الٰہی ہو! ۔۔۔ کہ شمعِ دیدہ روشن یاں محرابِ ابرو سے
جگہ نقشِ سویدا کو عطا کی دیدۂ دل میں ۔۔۔ کہ ہی ہم نسخہ ہم تعویذ عکسِ خالِ ہندو سے
اب تک ہو اگر مدِ نظر زیبائشِ عالم ۔۔۔ صبا سے کہہ اٹھانے پردہ اک دم روئے نیکو سے
و گر رسمِ فنا چاہے کہ اٹھ ہی جائے دنیا سے ۔۔۔ جھٹک دے زلف لاکھوں جھٹ پٹ پڑیں لپٹے ہر خم مو سے
صبا و بندۂ مسکیں ہیں سرگرداں عبث دونوں ۔۔۔ ہیں افسونِ نگاہِ مست سے وہ ٹوٹے گیسو سے
عنایت سے صبائی میں ترا ممنونِ نکہت ہوں ۔۔۔ وگرنہ لائے تو ہے اتنے سویرے ؟ اس سر کو سے ؟
سوادِ دیدہ دائم خونِ دل ہیں دیکھتے آخر ۔۔۔ عزیز از جاں ہوا ہی دل کو یادِ خالِ ہندو سے
نہ دنیا اور نہ عقبیٰ آفریں حافظ کی ہمت کو! ۔۔۔ لیا کیا؟ پھر سر منہ خاک قدرے اُس سر کو سے

مردمِ دیدۂ ما جز برخت ناظر نیست

دیدہ جب دیکھے صورت کا تری ناظر ہے ۔۔۔ دلِ سودا زدہ جب سنیئے ترا ذاکر ہے
اشک احرامِ طوافِ حرمِ یار میں ہے ۔۔۔ خونِ دل بہنے سے اک دم بھی نہ گو طاہر ہے
مرغِ وحشی کی طرح بندِ قفس ہو یارب ۔۔۔ طائرِ سدرہ نہ گر اُس کے لئے سایر ہے
عاشقِ مفلس اگر قلب دل اپنا دے نثار ۔۔۔ رد نہ کر نقدِ رواں پر وہ نہیں قادر ہے
آئے پر آئے، لگے سروِ بلند ہاتھ لگے ۔۔۔ طالبِ یار طلب میں جو نہیں قاصر ہے
اُف بھی منہ سے نہ تہِ آتشِ سودا نکلی ۔۔۔ اب بھی شک ہو کہ تہ داغ یہ دل صابر ہے؟
روزِ اول ہی تری زلف پہ دل بولا تھا ۔۔۔ کہ پریشانی کا یہ سلسلہ بے آخر ہے
ذکرِ جاں بخشیِ عیسیٰ ترے لب سے آگئے؟ ۔۔۔ اس طرح روح فزائی پہ وہ کب قادر ہے
وصلِ جاناں نہیں حافظ کی تمنا تنہا ۔۔۔ جو نہ اس فکر میں ہو کونسی وہ خاطر ہے؟

... آتش سودائے او در جانِ ما

سوزشِ سودا سے جاناں ہماری ہے تباہ
ایک ہنگامہ ہے کہ بس دائم دلِ ویراں میں ہے

غرقِ خونناب جگر ہوں ... اس سے
چشمۂ خورشید کا اس چشمِ جوشاں میں ہے

آبِ حیواں میں ہے جو ... اس کے لعلِ شکر بار کی
پرتو اس خورشید کا قرصِ مہِ تاباں میں ہے

لائے دل میں کر تعشق ... الوہی کو ہم
ہم کسی کے بھی نہیں ہیں کوئی ہماری جاں میں ہے

غیب کے اسرار سے واقف نہیں ہے دل مگر
اس بلند اسرار پر عشق کا محرم جہاں میں ہے

واعظا کب تک بگھارے گا مسائل دین کے؟
دین و دنیا سب ہمارا منحصر جاناں میں ہے

حافظا اس احساں کا ہوں ممنون تا روزِ جزا
درد وہ دل کو دیا جو اول سے ہی درماں میں ہے

... خوش مردی اندر سراپا ...

جان! جاناں تیرا بھایا آسرا ... جان دوں
ترکِ ترکاں خوش خرامی اپنی دکھلا جان دوں

پھر تو کہہ دینے میں جان اپنی مجھے جلدی ہو گیا
رکھ ہی دو ناز ... بے تقاضا جان دوں

کیا کہا؟ دیں گے یہ نوش لب ... درد و دوا
درد کے قربان ہوں بہرِ دوا جان دوں

عاشقِ مجبور ہوں ... سے مسکین
... خراماں تا کہ پیشِ قدِ رعنا جان دوں

لگ نہ جائے خوش خرامی کو کہیں دل کی نظر
ٹھہرتا ہے کہ بس اس کے تہِ پا جان دوں

عمر گزری رنجِ مژگاں سے ملالت کو بڑی
ایک نظر دیکھے تو زیرِ چشمِ شہلا جان دوں

اس کی خلوت میں گزر حافظ نہیں ہے تو نہ ہو
خوش گزر ہیں اس کے سب ... جس جا جان دوں

ہر آں نجستہ نظر کہ پئے سعادت رفت

ہر ایک سعید جو یاں طالب سعادت ہو | بس اس کا میکدہ ہی قبلۂ ارادت ہو
برطل دردکشاں ہی ہو صوفیوں پہ تمام | وہ سیر عشق جو در عالم شہادت ہو
سنو مرا سخن معرفت کہ روح القدس | ندیم ہو تو نہ کیوں مورد سعادت ہو
پہنچتے ہی کچھ نہ مرے زائچے میں جز رندی | پڑا شراب میں ہی کوکب ولادت ہو
ہے صبح ہی سے ترا طرز کچھ نیا شاید | نہ شب کی پی گیا کچھ بیشتر ز عادت ہو
دکھائے معجزہ بھی کچھ طبیب عیسیٰ دم | نہ اس علیل کی خالی فقط عیادت ہو
براہِ میکدہ جا نکلا خانقہ حافظ | الٰہی وہ ہو اب اور گوشۂ عبادت ہو

یارب آں شمع شب افروز ز کاشانۂ کیست

شمع روشن ہے خدا کس کے یہ کاشانے کی! | جان کس کی ہے؟ کہو؟ دم پہ بنی جانے کی!
ماہرخ شاہ منش، زہرہ جبیں، کون ہے وہ؟ | درج بھی ہے کوئی اس بے بہا دُردانے کی؟
حاجت اِس شمعِ سعادت کے تقرب کے لیے | پوچھ دو بہر خدا کس کے ہے پروانے کی؟
یہ لبِ لعل کہ جن چھکے میں ان کا ہوں خراب | مے کہاں پیتے ہیں۔ کس کاسہ و پیمانے کی؟
کس کا ہمخواب ہے یہ خانہ برانداز مرا | رونق افزائی بپا کرتا ہے کس خانے کی؟
سب کے افسوں چلے اُس پر یہ نہ معلوم ہوا | دلِ نازک پہ لگی چوٹ کس افسانے کی؟

آہ دیوانہ ہے حافظ ترا سُن کر یہ ہنسا
کس کا دیوانہ؟ لو اچھی کہی دیوانے کی؟

یارب سببے ساز کہ یارم بہ سلامت

کچھ ایسی ہو یارب کہ وہ باخیر و سلامت / آجائے، اُٹھے مجھ پہ سے یہ بارِ غرامت
اُس یارِ مسافر کی لگا پاؤں کی مٹی / آنکھوں کو جہاں میں کروں بجائے اقامت
فریاد کہ شش جہت سے کرتے ہیں نظر بند / وہ خال و خط و زلف و رخ و عارض و قامت
زیبا نہیں لب پہ یاد ترے جور پہ ہرگز / بیداد و لطیفوں کی ہے سب لطف و کرامت
تقریر و بیاں ہیں جو کرے عشق کا مذکور / بات اُس سے نہ کچھ چاہیے جز "خیر و سلامت"
درویش! نہ کر نالۂ تیغِ اجبا / مر وے پہ پس از مرگ بھی لے آئیں شماتت
خرقہ کو لگا آگ! خمِ ابروے ساقی / ڈھانے کو چلا گوشۂ محرابِ امامت!
ہوں آج ترے بس میں تو کر مجھ پہ ترحم / کچھ نفع نہیں دینے کے کل اشکِ ندامت
سر جائے گا کیا بخششِ سرِ زلف سے حافظ / یہ سلسلہ ٹوٹے گا نہ تا صبحِ قیامت!

دردِ ما را نیست درماں الغیاث

دردِ دل کا ہو نہ درماں الغیاث! / کچھ نہ ہو فرقت کا پایاں الغیاث!
دین و دل لے کر بڑھایا جاں پہ ہاتھ / الغیاث از جورِ خوباں الغیاث
ایک بوسے کے عوض یہ دلستاں / کرتے ہیں یارو طلبِ جاں الغیاث
خونِ دل کافروں نے پی لیا / مومنو! کچھ اس کا درماں؟ الغیاث
رحم مسکینوں پہ کر اے روزِ وصل / اے شبِ تاریکِ ہجراں الغیاث
نت نئے غم کا ہیں باعث یہ حریف / تنگ ہیں ان سے دل و جاں الغیاث

بہجو دارد شغل حافظ روز و شب ہم بھی ہیں نالاں دگر یاراں الغیاث

سحر دگر از ہمہ دلبراں ستانی باج

رواہے مانگے اگر حملہ دلبروں سے خراج جہاں میں آج حسینوں کا تو ہی ہے سرتاج
ان آنکھوں سے ہوں خطا و ختن میں شور و فتن تو ہند و حبش و مہا چین تک دے زلف کو باج
بیاضِ رخ ہے اگر آفتاب سے روشن جہانِ زلف ایک اندھیر نگری چوپٹ راج
خضر ہیں لب تو دہن چشمۂ آبِ حیواں کا جو سرو قد، تو کمر بال، سطح گردن عاج
دہانِ تنگ پلائے خضر کو آبِ بقا لبوں کے قند نے مصری کا کھو دیا ہے رواج
رہے مریض ہی، اب ہو چکی شفا ہم کو کہ دردِ دل کا نہیں آپ کے بھی پاس علاج
ارے یہ سنگدلی دل سے! جان کے دشمن! ہے دل تو شیشہ فقط ایک ٹھیس کا محتاج
ہوس میں بندگیِ شہ کی کہتا ہے حافظ کہ کاش میں بھی غلامانِ در میں ہوتا آج!

اگر بمذہبِ تو خونِ عاشق ست مباح

اگر ہو خون ترے مذہب میں عاشقوں کا مباح وہی صلاح ہے میری بھی ہو جو تیری صلاح
صلاح و تقویٰ و توبہ کا ذکر کیا ہم سے نہ رند و عاشق و مجنوں سے کوئی چاہے صلاح
کسی کی یاد میں ایک دو پیالے میں کیا چیز؟ "ونحن نشرب شربا کذالک الاقداح"
ہوئے وہ موجزن آنکھوں سے بحر اور دریا کہ ناخدا ان میں ڈوبنے سے ڈرتے ہیں ملاح
ہے قوتِ روح وہ آبِ حیواں لب جس سے وجودِ خاکیِ خلاق میں ہے قوت و راح
سیاہی زلف کی تفسیرِ جاعل الظلمات" بیاضِ رخ ہے اگر شرحِ فالق الاصباح"

کمندِ زلف کے پھندے سے مخلصی نہ ملی | نہ تیرِ غمزۂ ابرو کماں سے شکلِ نجاح
بصد فریب بھی بوسہ نہ لعلِ لب نے دیا | نہ نکلی آرزوئے دل کئے ہزار الحاح
دعائے خیر تری وردِ شب ہی حافظ کا | دوام دور میں جب تک رہیں مساؤ صباح

ببیں ہلالِ محرم بخواہ ساغرِ راح

وہ دیکھو! چاندِ محرم کا مانگ ساغرِ راح | کہ ماہِ امن و اماں ہو تو سالِ صلح و صلاح
زمانِ وصل غنیمت ہے قدرداں کے لئے | کہ ہے مثالِ شبِ قدر و روزِ استفتاح
فضول جنگ ہی دنیا کے دوں پہ آپس میں | نکالیں صلح کے رستے سے کوئی شکلِ فلاح
عمل کو دیکھ کے مفتو ہی لرزتا ہے: | کہ قفل کیسے کھلے گا جو گم ہوئی مفتاح
میں مست اہل ہوں کس بندگی کا کیا جانوں | کہ صبح ہوتی ہے کس طرح فالقِ الاصباح
منگائیں بادہ کہ دن اُن کا خوب گزرے گا | چراغِ جام سے روشن ہوئی ہو جن کی صباح
ہے حد شادِ شجاع اور دورِ حکمت و شرع | انند کے تار بجیں رات دن مساؤ صباح
امیدِ صبح میں جاگے جو تا سحر حافظ | گلِ مراد بنے صبح شعلۂ مصباح

دلِ من در ہوائے روئے فرخ!

لگی دل کو ہوائے روئے فرخ | کہ ہے آشفتہ شکل موئے فرخ
نسیمِ مشکِ تاتاری خجل ہو | جو سونگھے مُوئے عنبر بوئے فرخ
مثالِ بید لرزے سروِ بستاں | اگر دیکھے قدِ دلجوئے فرخ
پلا ساقی شرابِ ارغوانی | بیادِ نرگسِ جادوئے فرخ

دوتا جھک کر ہوا ہے قد ہمارا کماں پیوستہ جوں ابروئے فرخ
ہر اک دل ہوتا ہو ایک چیز پہ مائل ہمارا دل ہے مائل سوئے فرخ
وہی ایک روسیہ ہے نیک طالع جو ہے ہمراز و ہم پہلوئے فرخ
ہی برخوردار اس صورت سے یاں کون بجز اک گیسوئے ہندوئے فرخ
ہوں تابع اُس کی مرضی کا بھی حافظ جو ادنےٰ چاکر ہندوئے فرخ

آنرا کہ جام بادۂ صہباش میدہند

جس کو وہ جام بادۂ صہبا عطا کریں اُس کو ہی اندرونِ حرم جا عطا کریں
صوفی نہ ہو تو منکرِ رنداں قضاؤ قدر قلاش ہی کو قلعہ و خنجر عطا کریں
خوش خوش رہو یہاں کہ حریفانِ دُرد نوش ہنس مکھ کو ہی وہ جامِ طرب عطا کریں
ساقی اُٹھا لا بادۂ گلرنگ مشکبو بھڑکے پہ دورہ عقل کے دانا عطا کریں
عشاق بینوا کو نوائیں ہیں سازمیں جو بینوا نہیں ہے اُسے کیا عطا کریں
کیا آج لطف زندگی! ہر عیش نقد پر وعدہ ہی کر گئے ہیں کہ فردا عطا کریں
حافظ نہ نکلے جنتِ فردوس سے کبھی تیرے حریم وصل میں گر جا عطا کریں

آنکس کہ بدست جام دارد

نت ہاتھ میں یہاں جو جام رکھے سلطانیِ جم مدام رکھے
جس گھونٹ سے زندہ حضرتِ خضر میخانہ پر اس کے جام رکھے
ہے جم کی زمام جام کے ہاتھ تب ہی یہ خوش انتظام رکھے

تو ہی تجھے بتائے مجھ کو نشہ — اب دیکھیں وہ کس سے کام رکھے
یادِ رخ و زلف ایک کٹک ہو — سب اچھین جو صبح و شام رکھے
ساقی ترے لب کا منتظر ہے — جو بزم میں حلق و کام رکھے
زخمِ دلِ دردمند میں اب — بہتر کہ نمک طعام رکھے
نرگس نے بھی شیوہ ہائے مستی — ان آنکھوں سے لے کے وام رکھے
اس چاہِ ذقن میں اپنا یوسف — حافظ سے بہت غلام رکھے

آنکہ از سنبل او غالیہ تابے دارد

جس کے طرّے کی مہک غالیے کو آب رکھے — اس کے تورے کی کوئی دل شدہ کیا تاب رکھے!
قتل کرتے ہی وہ آرجا سے نہ کیوں شُبل ہوا — تیزی اس عمر کو ٹھیری ہی تو کیوں تاب رکھے
ماہِ خورشید تھا زلفوں سے یوں روشن تھا — ابر جس طرح جھلکتا رخِ مہتاب رکھے
آبِ حیواں ترا لبِ یار تو روشن ہے سراب — خضر کو جھوٹی نمایش سے بے سیراب رکھے
ہر طرف ہی مِری آنکھوں کا رواں جُھمّرے سرشک — تا سہی سروِ قدِ یار کو شاداب رکھے
قتل میں عین صواب اس کی خطا نامِ خدا — ٹھہرہ شوخی میں جو ایک اچھٹا اُٹھی نایاب رکھے!
چشمِ مخمور کا دل دے کے بیچے پہ ہو دانت — ترکِ میخوار ہر ایک شوق میں چاب رکھے
شفقت سے تم نہیں بیمار میں پرسش کا خود ہی — نوش لب دے کے جواب اس کو تشنہ یاب رکھے

دیکھئے خستہ دلِ حافظ کو نہ ان چشموں سے
ورنہ عالم کو خراب اور تہِ آب رکھے

آنکہ رخسارِ ترا رنگِ گل و نسرین داد

رنگ رُخ کو ترے دیتے جو گل و نسریں کا — صبر و آرام نہ بخشے گا دلِ مسکیں کا!
لطف گیسو کو سکھاتا ہو تطاول کرنے — عدل بھی چاہیے بدلا نہ لے تمکیں کا
فاتحہ پڑھ لی تھی فرہاد کی ہم نے تو کبھی — نام چھپتے اُس سے جس روز سُنا شیریں کا
گنج دولت نہ ہو، ہو گنجِ قناعت اپنا — شاہ کو دو دیا حصہ پر کیا مسکیں کا
دیکھنے میں ہو بہت خوب عروسِ دنیا — سر ہی ہوتا ہو خوش اس کے گر کابیں کا
اب یہ ہاتھ وہ دامن ترا لے شہر بلند — خاصۂ ان روزوں کہ آغاز ہو فروردیں کا
اڑا لا غمِ دوراں کی نہ چھوڑوں حافظ — دامن اب خواجۂ دوراں جلال الدیں کا

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند

وہ ایک نظر میں خاک کو جو کیمیا کریں — میری طرف بھی کاش وہ ترچھی نگاہ کریں
پہونچے نہ میرے درد کو یہ نام کے طبیب — اب تو دستِ غیب سے میری دوا کریں
چہرے سے اپنے وہ تو اُٹھاتے نہیں نقاب — صورت کا ہم بیان تصور سے کیا کریں
پردے میں بیٹھ کر تو بپا ہیں یہ کچھ ستم — پردہ اُٹھا کے کیوں نہ قیامت بپا کریں
بے معرفتہ نہ جائیو بازارِ عشق میں — ساٹھ آدمی کو دیکھ کے پہچان کا کریں
حاسد نہ دیکھ پائیں بلا لے چھپا کے پاس — چھُپ کر سلوک جیسے محبِّ خدا کریں
آجائے خانقہ میں تو اہلِ حضور سب — اوقات جملہ تجھ پہ ہی صرفِ دعا کریں
چھُپ کر ہی پی گنہ نظرِ خلق سے نہاں — بہتر نماز سے جو دکھا کر ادا کریں

کچھ نیک و بد پہ جب نہیں موقوف مغفرت — پھر کیوں نہ بیٹھے اُس کے کرم پر رہا کریں
پتھر کے دل سے چشمہ نکل جائے کیا عجب — گر اہلِ درد حرفِ محبت ادا کریں
یوسف کی بُو سے ہائے جو ہو پیرہن بسا — وہ پیرہن برادرِ یوسف قبا کریں؟
حافظ کسی کو وصل میسر نہیں مدام — کم ہی نظر فقیر پہ سب بادشاہ کریں

آں یار کزو خانۂ ما رشکِ پری بود

وہ یار مکاں جس سے مرا رشکِ پری تھا — سر تا بقدم ایک پری عیبوں سے بری تھا
اِس شہر میں آ اُس کی ہی خوشبو پہ بسے تھے — کیا جانتے تھے یار مسافر سفری تھا
تارا تھا وہ مہ چشمِ خرد کا اُسے حاصل — حُسن و ادب و دیدۂ صاحب نظری تھا
دریا و گل و سبزہ تھے دلچسپ اُسی سے — افسوس کہ وہ گنجِ گہر رہگذری تھا
شرمندہ ہوا ہے دل کہ تو درویش تھا اور وہ — ایک حُسن کی پہنے کُلہ تاجوری تھا
ہاتھ آ کے نکل جائے وہ سب اخترِ بد مہر — آفت کا تیر اور بھی دورِ قمری تھا
ایک میرے ہی یہاں راز کا پردہ نہ ہوا فاش — جب سے ہی فلک کارِ فلک پردہ دری تھا
دن تھے وہی اُس یار کی صحبت میں جو گزرے — وقت اور تو بے حاصلی و بے ثمری تھا
ہر گنجِ سعادت جو ملا غیب سے حافظ — تاثیرِ نمازِ شب و وردِ سحری تھا

آں کیست کز روئے کرم با من وفاداری کُند

ہے کوئی از راہِ کرم مجھ سے جو کچھ یاری کرے؟ — مجھ جیسے ایک بدکار سے قدرے نکوکاری کرے
گائے بجائے چنگ دف پیغامِ جانان دل کو دے — پھر پے بہ پے پیمانہ دے کر ہوا داری کرے

جانوز ہے، بے سود ہے، تدبیر و مقصود ہے — اُمید پر موجود ہے دلبر ہے، لاچاری کرے
میں نے کہا اس طرّہ نے کھولی نہ گنجِ دل کی گرہ؟ — بولا ہمارا حکم ہے تجھ سے یہ طرّاری کرے
وہ طرّہ پُر پیچ و خم کم ہے جو کچھ توڑے ستم — کیا ہتھکڑی بیڑی کا غم جب پیشہ عیاری کرے
مجھ سا گدائے بے نشاں ہو اُس کا ہم عیش نہاں؟ — سلطاں سے کیونکر دوستی ایک ندبازاری کرے
پشمینہ پوش ایک تند خو، جانے گا کیا وہ عشق کو؟ — ایک رمزِ مستی کہہ تو دو تا ترک ہشیاری کرے
ہے لشکرِ غم بے عدد اے بختِ طالع کچھ مدد — یا فخرِ دیں عبدالصّمد کچھ میری غمخواری کرے
جب آنکھ پُر نیرنگ ہو حافظؔ نہ دیکھ اور دنگ ہو — وہ طرّۂ شبرنگ بھی ہر چند مکّاری کرے

ابرِ آذاری بر آمد بادِ نوروزی وزید

چھائی ساون کی گھٹا، ٹھنڈی ہوا، دل کی کلید — بادۂ و مطرب بھی آ پہونچیں تو آج ہو جائے عید!
شاہدوں کی گرم بازاری ہے، اور خالی ہو جیب — کب تلک اے چرخ یہ شرمندگی؟ زر نا پدید؟
سخت یہاں قحطِ سخاوت ہے بچائے آبرو — بادۂ و گُل چاہیئے تو رکھ کے خرقے خرید
عالمِ رندی میں ہو دامن پھٹا تو عیب کیا — نیک نامی کے نہیں جامے کو کیا قطع و برید؟
عدلِ سلطاں ہو نہ گر پُرسانِ مظلومانِ عشق — گوشہ گیروں سے کہو ہوں عافیت سے نا اُمید
لطفِ لعلِ لب کہے میں نے جو وہ کس نے کہے؟ — زلف کے بھی یہ تطاول کس سے تھے دید و شنید
کام بننے کو ہے شاید، صبحِ انفاسِ نسیم — ہر دُعا کی میرے آئیں سا اور دیتے تھے رسید

تیرِ عاشق کُش دلِ حافظؔ پہ بس کا جا لگا
شعر سے اُس کے تراوش ہو لہو کی چشم دید!

اگر آں طائرِ قدسی ز درم باز آید

ابھی ایک دم پری پیکر وہ اگر آجائے
اُلٹے قدموں جو گئی عمر گزر آجائے

اُس کلبا راں سے مجھے اپنے ایک امید سی ہے
کہ یکایک وہ کہیں برق نظر آجائے

خاکِ پا جس کی مرا تاجِ تفاخر ہے خدا
کاش واپس وہ مرا طرۂ سر آجائے

دوستو اُس کے تعاقب میں نکل جاؤں گا
اُس کو لے کر پھروں یا میری خبر آجائے

غلغلِ چنگ و شکر خوابِ سحر ہیں حائل
ورنہ سُنتے ہی مری آہِ سحر آجائے

تازہ نواب ہوں، ورنہ بجاؤں نوبت
ترکِ میرا جو کرے ترکِ سفر آجائے

ہوشیار قدمِ یار گرامی ہے بہت
خوب ہے گوہرِ جاں کام اگر آجائے

ماہوش، رویتِ شہ کی ہے تمنا حافظ
کر کشش تا کہ مع الخیر وہ گھر آجائے

از دیدہ خونِ دل ہمہ بر روئے ما رود

آنکھوں سے خونِ دل کا بہا رُخ تک آ گیا
اور آگے دیکھنا ہے ابھی تک تو کیا گیا

پوشیدہ ہم جو رکھتے ہیں سینے میں ایک ہوس
برباد اس ہوا میں یہ دم دیکھنا گیا

پتھر سہی دل اُس کا ہے سیلِ آبِ دیدہ بھی
بہہ ہی گیا جو سامنے پتھر بھی آگیا

یہاں اشک سے بھی اپنے لڑائی ہے رات دن
اِس رشک سے کہ بہہ کے وہاں کیوں چلا گیا

ہر صبح جامہ چاک رہا مہرِ خاوری
وہ ماہِ مہرباں جو پہنے قبا گیا

آنکھیں بچھائے خود ہی تھے ہم خوب تو ہوا
آنکھوں میں کوندتا ہوا برقِ آشنا گیا

حافظ نے کیا رکھا درِ میخانہ پر قدم
صُفّے پہ گویا صوفیِ دارالصفا گیا

از سر کوی تو ہر کو بملالت برود

روٹھ کر جو ترے در سے بملالت جائے
ہو سکے ناکام جہاں سے بہ خجالت جائے

راہ پائے جو چلے روشنیِ مشعل میں
وہ پڑا بھٹکے جو از راہِ ضلالت جائے

رہنمائے دلِ گم گشتہ خدا را امداد
بھولے بھٹکے کو بھی کچھ کر کے دلالت جائے

کارواں حسن کا پیروار ہو خود لطفِ خدا
باتجمل تجھے - بارعب و جلالت جائے

فیصلہ زاہد و میخوار کا اس پہ ٹھیرا
کس طرح گرنے ہے یہ وہ کوئے جہالت جائے

آخرِ عمر تو واقف مے و معشوق سے ہو
مرتے مرجائے نہ پر تیری بطالت جائے

حافظا ایک چشمہ حکمت سے ہی بھر لے ساغر
شاید اس سے ہی ترا نقشِ جہالت جائے

اگر نہ بادہ غمِ دل ز یاد ما ببرد

گھٹا میں غم کی نہ گر رنگ مے اڑا لے جائے
تو سیلِ حادثہ بنیاد تک بہا لے جائے

نہ ہو جو عقل کی کشتی ہیں لنگر مستی
تو کیسے موج سے بیڑے کو ناخدا لے جائے

طبیب عشق جنوں بادہ نسخوں میں لکھیں
جو ہر مرض کو شفا دے جو ہر بلا لے جائے

بہت ہی راہ دھواں دھار جائیے لے خضر
نہ آگ ہیں کہیں یہ شوق آب کا لے جائے

شفا کا نسخہ ہے تازہ ہوا اسیروں کو
نہ دل کو کھینچ کے کیوں باغ کی ہوا لے جائے

دغا ہی کی فلکِ کینہ باز نے سب سے
ہر ایک کو دھوکے سے کمبخت وہ دغا دے جائے

خبر نہ کی اسے یاں تک کہ چل گیا حافظ
تو اب پائے جو واں یہ خبر صبا لے جائے

اگر رَوَم بہ پیش فتنہ ہا برانگیزد

رہوں جو ساتھ تو فتنے اُٹھائے جاتے ہیں
نہ دوں جو ساتھ تو طعنوں سے کھائے جاتے ہیں

جو بن کے خاکِ قدم رہگذر میں پڑتا ہوں
ہوا کی طرح وہ دامن بچائے جاتے ہیں

جو منع کرتا ہوں ہمرنگِ غیر ہونے کو
رُلا کے خون کے آنسو بتائے جاتے ہیں

ہے ایک نظر تری نرگس کو دیکھنے کا جنوں
کہ ہر گلی میں یہ دریا بہائے جاتے ہیں

بلا ہیں دشتِ محبت کے غار اور کہسار
یہاں سے شیر بھی کنّی دبائے جاتے ہیں

جو زندگی ہے تو رکھ صبر کیا نہ دیکھیں گے
فلک سے روز عجائب دکھائے جاتے ہیں

سرِ آستانۂ تسلیم پر جھکا حافظ
اکڑتے ہیں جو، زیادہ جھکائے جاتے ہیں

اگر زکوئے تو بوئے بمن رساند باد

جو کوئے یار سے خوشبوئے زلف لائے باد
نثار جان و جہاں کر کے دوں میں اُس کی داد

اگرچہ پیس کے ہوا ہے غبارِ تن لیکن
پڑے یہ دامنِ جاناں پہ گرد حیف مباد!

ہوا ہے جب سے وہ دروازہ میرے واسطے بند
کشادہ ہی نہ ہوا پھر کبھی دلِ ناشاد

نظر نہ آئے وہ آنکھوں سے پر نہیں اوجھل
کرے نہ یاد، مگر دل کو اُس کی ہر دم یاد

خیالِ رُخ اِدھر آنکھوں کو خوں رُلاتا ہے
ہوائے زلف اُدھر عمر کرتی ہے برباد

بلا سے کھینچے ہے سر پہ مرے عدو شمشیر
نہ ہاتھ تجھ سے اُٹھاؤں گا ہر چہ بادا باد

چھڑا سکے جی غمِ اُلفت سے تیرے حافظ بھی
عزیز تر رکھے شیریں سے جان گر فرہاد!

اے پستۂ تو خندہ زدہ بر دہانِ قند

ہنستے ہیں تجھ پہ پستہ لب اے دہانِ قند
تھا ایک خندۂ شیریں کہ لب ہوں بند

سرگرمِ خندہ ہوں لبِ جانانہ جس گھڑی
تو پستہ کون، روک ہنسی، ہونٹ دونوں بند!

چاہے جو نورِ چشم بچشمہ لُو کا ہو
نورِ نظر ہے غیر کے رکھ اپنی آنکھ بند

آگاہ اپنے حالِ پریشاں سے کیا جسے
پھندے میں اپنے پھانس چکی ہو نہ وہ کمند

طوبےٰ کی بات کیا ہے ترے قد کے سامنے
اس بحثِ مختصر میں نہ آواز ہو بلند

قطرہ بچاتا ہے کبھی ہما ہیں اُڑاتا ہے
بھاتا نہیں ایک آنکھ ہمیں ایسا خود پسند

حافظ نہ ترکِ غمزۂ خوباں کیا تو بس
تو جان بھیجا جائے گا خوارزم یا خجند!

اگر ترا گذرے بر مقامِ ما افتد!

نکل اِدھر جو کبھی تو خرام میں آئے
ہمائے اوجِ سعادت ہی دام میں آئے

حباب کی طرح اچھلے کلاہِ عیش و نشاط
جھلک بھی تیری اگر میرے جام میں آئے

طلوعِ ماہِ مرادِ زمانہ ہو جس شب
ضیائے غریب کے بھی صحن و بام میں آئے

گزر حضور میں اُس کی صبا تلک کو نہیں
مجالِ بندہ کہ جائے سلام میں آئے

جہاں محال جبیں سائی بادشاہوں کو
گدا اُمیدِ جوابِ سلام میں آئے

شہیدِ لب ہوا آخر اسی تمنا میں
ٹپک کے شہدِ لبِ لعل کام میں آئے

ہے زلفِ یار کو تکرار جان چیز ہے کیا
یہ وہ شکار ہے اکثر جو دام میں آئے

نہ بیٹھ توڑ کے امید آہ کے فال ہی دیکھ
نکل کہیں گر ہی دولت ہی نام میں آئے

صفاتِ خاکِ درِ یار ہوں بیاں حافظ / مہک اٹھے پھر وہی خوشبو مشام میں آئے!

اگر بہ بادۂ مشکیں دلم کشد شاید

نہ بوئے خیر جو رہ رہا ہیں کچھ پاسے / ضرورِ بادۂ مشکیں سے دل کھچا جاہے
جہاں منع کرے عشق سے مجھے کیا کام / کروں میں وہی جو معشوق میرا فرمائے
امید عفو و کرم سے ہے بخش دے گا گنہ / اور عاشقوں نے تو گویا گناہ بخشائے
مقیمِ حلقۂ ذکر اس لئے ہے دل کو / کہ ایک حلقۂ زلف اس کے ہاتھ بھی آئے
چمن بہشت، ہوا دلکش، اور مے بخشش / سوائے طبع خوش انسان اور کیا چاہے؟
جمیلہ ہے یہ عروسِ جہاں مگر بیکار / نکاح میں ہی کسی شخص کے نہیں آئے
جہاں ہو حسنِ خدا داد اور حجلۂ بخت / نہیں ہے حاجتِ مشاطہ بولد وجائے
خوشا دیں کہ لے ماہ وش ترا کیا ہے؟ / جو ایک بوسے سے اس دل کو چین آجائے؟
ہنسا کہ واسطے اللہ کے یہ نہ چاہ حافظ / کہ داغ بوسوں سے تیرے یہ چاند بھی پائے!

اے پسر دولتِ باقی بہ ادب یافتہ اند

اے پسر دولتِ باقی ہیں ادب سے پاتے / نہ طلب چھوڑ یہ نعمت ہیں طلب سے پاتے
ابجدِ عشق کو پڑھ! چھوڑ دے مشق اب وجد / مرتبے لوگ جہاں میں ہیں حسب سے پاتے
سالکِ راہِ طلب ہو کے مٹا دے خود کو / یہ مدارج نہیں خویشی و نسب سے پاتے
مستِ غفلت نہ رہ لے دوست کہ اربابِ حضور / نور راتوں کو ہیں تاریکیِ شب سے پاتے
منزلت چاہے گر اس راہ میں تو بھی حافظ / تو ادب سیکھ، مدارج ہیں ادب سے پاتے

بہ آبِ روشن مے عارفے طہارت کرد

چھلکتے پانی سے عارف نے آٹھ طہارت کی — علی الصباح جو میخانے کی زیارت کی
جونہی کہ ساغرِ سیمیں میں آفتاب چھپا — ہلالِ ابروئے ساقی نے جھٹ اشارت کی
شراب خانے میں تم دیکھو مرتبہ میرا — نہ دیکھو شیخ کی مجھ پر نظرِ حقارت کی
خوشا نماز و نیاز اُس کے جس نے رو کے ساتھ — جگر کے خوں سے وضو اشک سے طہارت کی
شرابِ لعل کی قیمت ہے کیا کہ جوہرِ عقل! — بہت ہی نفع ہوا جس نے یہ تجارت کی
ٹھکانا مہر و محبت کا جانِ عاشق ہے — جگہ تھی قلب بھی پر تیرے غم نے غارت کی
کریں امامِ جماعت جو لوگ حافظ کو — خبر نہیں انھیں مے سے مری طہارت کی

بسرِ جامِ جم آنگہہ نظر توانی کرد

طلسمِ جام میں جم کے نظر تو کر لیجے — پہ کحلِ بادہ سے روشن بصر تو کر لیجے
گدائیِ درِ میخانہ طرفہ ہے اکسیر — کہ خاک چاہیے کہ ہو جائے زر تو کر لیجے
جا کے مرحلۂ عشق میں قدم رکھیے — ظفر بھی آگے ہے پہلے سفر تو کر لیجے
وصالِ یار بھی ہے فتح روزگار بھی ہو — ذرا سی خدمتِ اہلِ نظر تو کر لیجے
گلِ مراد کے رخ سے کھلے گی کیوں نہ نقاب — خوش اُس کو مثلِ نسیمِ سحر تو کر لیجے
ہمیشہ کنجِ طبیعت میں رہ کے بندِ قفس — محال! آتا بہ حقیقت گزر تو کر لیجے
نقاب و پردہ نہیں کچھ نظارے میں حائل — نہ ہو جو دل کی مکدر نظر تو کر لیجے
دل اُس کی لو سے ہو روشن تو شمع ساں ہنس کر — کہے "ضرور ہو گر قطعِ سر تو کر لیجے"

گر تجھے تو لبِ یار چاہیئے اور شے! | یہ شغلے ہوں تو شغلِ دگر تو کر لیجے
کٹے نہ جب کہ وہ مطرب جہاں میں پاس ہوا | کسی طرح سے غمِ دل بدر تو کر لیجے
ہو شاہراہِ حقیقت بھی سہل عمل حافظ | مری نصیحتِ شاہانہ پر تو کر لیجے

بیاکہ ترکِ فلک خوانِ روزہ غارت کرد

فلک نے کشتیِ افطارِ روزہ غارت کی | ہلالِ عید نے سوئے قدح اشارت کی
نمازِ روزہ و حج اس کا جانئے جس نے | حریمِ میکدۂ عشق کی زیارت کی
مقامِ اصل خرابات ہی ہے فی الواقع | جزائے خیر! بِنا جس نے یہ عمارت کی
کمانِ ابرو کی محراب میں نماز پڑھیں | جگر کے خون سے حاصل اگر طہارت کی
امامِ شہر مصلیٰ بدوش نے رنگ کر | لہو میں دخترِ رز کے عبا، قصارت کی!
یہ شیخِ شہر کی دیکھو تو طوطا چشمی آج | نظر کی دُرد کشوں پہ کس حقارت کی
نگاہِ عشق کو حافظ کہے گا ادا خطا کیا | قسم اسی کی تصنع بھری عبارت کی

بخت از دہانِ یار نشانم نمی دہد

کھوج اس دہن کا واں بھی قسمت سے نہ پائیں ہم | پائیں نشانِ گنج تو دولت نہ پائیں ہم
پایا نہ لب کا بوسہ بہت جان پیش کی | دو دے نہ خس پہ، اور وہ نعمت نہ پائیں ہم
مارا اس انتظار نے! کیا پردہ میں نہیں؟ | یا ہی؟ یہ پردہ دار سے رخصت نہ پائیں ہم؟
مانا کہ صبر سے ملے آخر شکر و لے | بد عہدیِ زمانہ سے مہلت نہ پائیں ہم
پرکار وار پھرتے رہیں گردِ دائرہ | اندر قدم رکھیں، یہ اجازت نہ پائیں ہم

شوخیِ صبا کی زلف سے چرخِ سفلہ دیکھ! | پکھا ہی وا نہو جھٹکنے کی [illegible]
چاہیں جو ہو کے خواب میں ہی اسکو دیکھ لیں | حافظؔ سے [illegible]

بود آیا کہ درِ میکدہ ہا بکشایند!

قفلِ میخانوں کے مانگو یہ دعا کھل جائیں | ہوں یہ سب عقدۂ دل اپنے بھی گرہ کھل جائیں
بند گر بہرِ دلِ زاہدِ خود بیں ہووے | تب تو امید ہے [illegible] کھل جائیں
بند ہو جائیں درِ میکدہ یارب یہ نہ ہو | کہ درِ خانۂ تزویر و ریا کھل جائیں
مرثیہ نظم کریں دخترِ رز کا احباب | خونِ دل روئیں کہ دیدے بھی صراحی کے کھل جائیں
گیسوئے چنگ بھی اس سوگ میں منقراض کریں | مغبچوں کے بھی ہوں سے زلفِ دو تا کھل جائیں
صدقِ رندانِ صبوحی کشِ صادق کی قسم | سینکڑوں عقدوں کی کنجی ہے دعا کھل جائیں
حافظؔ اس خرقۂ پشمینہ کو کل دیکھے گا | کتنے زنار جو شانوں سے کھنچا کھل جائیں

بعد ازیں دستِ من و دامنِ آں سرو بلند

اب یہ ہاتھ اور وہ دامن ترا اے سرو بلند | کھینچ لے جائے گو جڑ پیڑ سے تو شکلِ کمند
پردہ رخ سے جو اٹھے چھوڑ کے سب بطرب و | آتشِ حسن پہ بیتاب کروں رقصِ سپند
کس کا منہ ہے جو بنے آئینہ چہرہ بخت | تا نہ پیشانی سے نکل جائے ترا اسپ سمند
غم چھپانے کی ترے کچھ ہی ہو اب تاب نہیں | کیا کروں؟ صبر کہاں تک کروں؟ تا کے تا چند
اس قدر زور سے مت آ ہوئے مشکیں کو جکڑ | دیکھ چشمِ سیہ صیاد نہ کس آتی کمند
ذرہ خاک نشیں در سے تو اٹھ سکتا نہیں | کس طرح چھو سکے ہیہات ترا قصرِ بلند

دلِ وارفتہ ہے اُلجھی وہی زلفوں پہ ہنوز | ہے نکلا ہوں پھنسے لیکن نہیں کبھی ہوئی اسکو بند
رات دن عاشقِ بیدل کی دُعا ہے یارب | اس ہی قدر کچھ اِس باغ میں پہونچے نہ گزند
دل نہ اُن گیسوے مشکیں سے چھٹا، اے حافظ | پاے دیوانہ رہے حلقۂ زنجیر میں بند

بتے دارم کہ گردِ گل ز سنبل سایبان دارد

مرے بُت کے تو گردِ گل ہے سنبل سایباں رکھے | بہارِ تازہ رخساروں پہ رنگ ارغواں رکھے
غبارِ خط نہ دیکھے مہرِ رخ اُس کا کبھی یارب | بہارِ جاوداں دکھلائے حسنِ جاوداں رکھے
نگہ سے اُس کی جاں بچتی ہو مشکل جدھر دیکھو | اُدھر ہی گھات میں بیٹھی ہے تیر اندر کماں رکھے
خدا را داد کچھ میری بھی دے اے شحنۂ مجلس | پیے مے ساتھ اوروں کے وہ مجھ سے سرگراں رکھے
نہ رکھ یوں دور چشمِ زار سے اس قدِ دلجو کو | کہ نزدیک اپنے تازہ سرو کو آبِ رواں رکھے
غبارِ خاطرِ عشاق کیا دامن جھٹک دیجیے | صبا عمّار سے کہہ کر کہ بند اپنی زباں رکھے
مجھے بھی روزِ ہجراں سے اماں دے تو بھی گر چاہے | کہ خالق تجھ کو روزِ بد سے ایمن دراماں رکھے
اگر فتراک سے باندھے تو پہلے ذبح کر لیجو | فراموشی میں اندیشے ہیں غفلت عذریاں رکھے
دیا تھا دل تو سمجھا تھا کہ پایا گوہرِ مقصد | خبر کیا تھی کہ کیا طوفاں یہ بحرِ بیکراں رکھے
ہنسے گر تیرے منہ پر گل تو پھول اس پہ اے بلبل | کہ گل کا کیا بھروسہ لاکھ حسنِ نوجواں رکھے
الٰہی کیا بنی آ کر کہ جس سلطانِ معنی پر | نظر کیجے وہ اُس چوکھٹ پہ سر بر آستاں رکھے

شکایت کیا، یونہی لکھی تھی حافظ کی بصد تلخی
اور اُس عیّار کے ہاتھوں جو وہ شیریں بیاں رکھے!

بحسن و خلق و وفا کس بہ یار ما نرسد

نہ کوئی صورت و سیرت میں یار کو پہونچا
نہ حق تھیں مرے انکار کار کو پہونچا

دکانیں حسن فروشوں نے بھی سجائیں تھیں
پہ کوئی حسن و صفت میں نہ یار کو پہونچا

کسی کے نقد کا بازار کائنات میں مول
نہ اپنے سکۂ صاحب عیار کو پہونچا

قسم ہے مدتِ صحبت میں ایک بھی ہمدم
نہ یارِ یک جہتِ حق شعار کو پہونچا

بنائے نقش تو کیا کیا قلم نے صانع کے
مگر نہ نقش کوئی اس نگار کو پہونچا

دریغ قافلۂ عمر بالا بالا گیا
غبار بھی نہ ہمارے دیار کو پہونچا

خیال دل میں نہ لایا حاسدوں کے طعنہ کا
نہ رنج خاطرِ امیدوار کو پہونچا

غبارِ راہ گزر بن، مگر نہ اٹھا کے ملال
کسی پیادہ و اسپ سوار کو پہونچا

ہوا ہے سوختہ حافظ اگر نہ حال اس کا
کسی طرح سے ستمگار کو پہونچا

بیا کہ رایتِ منصور پادشاہ رسید

وہ آن لشکرِ منصور پادشاہ پہونچا
وہ شورِ فتح و ظفر تا بہ مہر و ماہ پہونچا

نقاب روئے ظفر سے اٹھا دی طالع نے
کمالِ عدل کو ہر ایک داد خواہ پہونچا

طرب میں نُہ طبقِ آسمان کہ پایا چاند
زمیں بھی رقص میں شاداں کہ بادشاہ پہونچا

رواں ہیں قافلے بیخوف دین و دانش کے
کہ خوف راہ گیا اور خضر راہ پہونچا

عزیزِ مصر کے بھائی حسد سے سوختہ ہوں
کہ قعرِ چاہ سے نکلا باوجِ ماہ پہونچا

صبا سے پوچھ غمِ عشق میں جو رنج و ملال
طفیلِ آتشِ ہجراں و برقِ آہ پہونچا

اسیر ہجر نے پایا جو تیرے شوق میں سوز — بھڑک کے شعلوں میں یا آس کو تہ نگاہ پہونچا
کہاں سے صوفی نے حال کہا تھا عمرد — جسے یہ دیکھ کے فہمیدِ دین پناہ پہونچا
دعا کو ورد شب یا دو صبح ہم تلاوت سے — کہاں یہ حافظِ مقبولِ بارگاہ پہونچا!

نشستم دوش بہ گلگشت خوش نشانے داد

دیا بنفشے نے گلگوں کو یہ نشان اچھا — مرد رہ ڈھرے کی دیتا ہے ایک جواں اچھا
دلِ حزیں ہے اسرار کی کلید عجب! — خدا بھی سونپے اسی کو جو ہو لساں اچھا
شکستہ دل ہوں جا کر کہو پیارے کرم — طبیب سب میں بتاتا ہے تیرے ہاں اچھا
نہ لیں اپنا تو پڑا اسے صحبت کو — شراب تھا مرد ساقی سے کیا نہاں اچھا
کہا ... آکے قریب — تو دم ہی دیتا ہے عاشق یہ پیر جواں اچھا
الٰہی وہ بھی یہاں شہر مست خوش جب کی — وفا دوش سے کوئی زار و ناتواں اچھا!
خود ... اگر ہیرا اسرار — دکھائے اس سے کوئی نقد پر دکاں اچھا!

بریدِ بادِ صبا دوشم آگہی آورد

بریدِ بادِ صبا شب کو آگہی لایا — کہ دورِ رنجِ غم روبہ کوتہی لایا
... دیا مطرب صبوحی کو — کہ خوش خبر دمِ بادِ سحر گہی لایا
نسیم ... خضر راہِ عشق رہی — رفیقِ بخت بھی کیا سرِ ہمرہی لایا!
دل آزردہ بہشت سے اب جا بیٹھی غم وا لیا — تری تسلی کو جو حور بھی رہی لایا
وفا ... دل کی جب کھلی سر پوش — شکست اس سے تابشِ افسرِ شہی لایا

گرا میں بجلیاں ناگاہ وہ خرگاہِ مہر پر
میں دل میں جب وہ برقِ ماہِ خرگہی لایا
فلک پہ گاڑ دیا جھنڈا شمع کا حافظ
جب الجھا بہ جنابِ شہ سخنی لایا

بکوئے میکدہ یارب سحر چہ مشغلہ بود

الٰہی میکدے میں رات کون مشغلہ تھا
کہ شور شاہد و ساقی و شمع و مشعلہ تھا
زبانِ عشق میں بے نقطہ حرف تھی فریاد
فغانِ چنگ و دف و نے سے ایک غلغلہ تھا
وہ بحثیں منطقی بزمِ جنوں میں تھیں برپا
نہ مدرسے میں بھی وہ قیل و قال مسئلہ تھا
چڑھائی پر تھا ہمارا ابھی اخترِ طالع
کہ اس کے ماہِ رخ و مہر میں مقابلہ تھا
خطاؤں سے تھا ساقی کی جو رنجیدہ دل
گلہ تھا بخت سے کوئی تو بس یہ ایک گلہ تھا
کہ بوسہ مانگا لبِ یار سے تو ہنس کے کہا
ہمارے آپ کے باہم یہ کب معاملہ تھا؟
دیے ہوئے تھی دنبالۂ چشمِ جادو مست
ہزار سامری فن ساحروں کا قافلہ تھا
دہانِ یار کہ درمانِ دردِ حافظ ہے
غضب کا وقت مروت پہ تنگ حوصلہ تھا!

بوئے خوشِ تو ہر کہ ز بادِ صبا شنید

پیکِ صبا سے جب کوئی خوش گفت نو سنی
یارِ آشنا سے خوش خبرِ آشنا سنی
اے شاہِ حسن آنکھ سے دیکھا فقیر کو
سننے کو تو حکایتِ شاہ و گدا سنی
مرہونِ میکدہ ہوں ایک دلق پوش سے
بوئے ریا وہ سونگھی تھی کمبخت نا سنی
جو بات جی میں عارفِ کامل چھپائے تھا
حیرت ہے میفروش کہاں تو نے جا سنی!
یارب عطا ہو محرمِ راز ایک جس سے دل
کھل کر بیان کر سکے کیا دیکھی کیا سنی

ہرگز نہ کبھی شہزادۂ دلِ حق گزار سکے
اپنے ہی غمگسار سے جو ناسزا سنی

لا ساقیا کہ گنبدِ گردوں میں گونج ہے
جس نے یہاں سنائی وہی برملا سنی

چھپتا نہیں ہوں آج سے خرقہ کی آڑ میں
پیرِ مغاں نے تو یہ بہت بارہا سنی

کچھ آج سے نہیں ہوں میں رسوا بہ بانگِ چنگ
کب وہ جو چرخ میں نہ یہ شور و صدا سنی

دانا کی بات عین صواب اور محضِ خیر
وہ خوش نصیب جس نے بسمعِ رضا سنی

حافظ دعا ہے کام ترا اور کچھ نہیں
اس سے غرض نہیں کہ نہ اس نے یا سنی

بوئے مشکِ ختن از بادِ صبا می آید

ہاں بسی مشکِ ختن سے جو صبا آتی ہے
بو تری اس میں الگ سب سے جدا آتی ہے

نہیں خوشبوئیں، بھرے قافلۂ مشکِ ختن
خود نسیمِ سحر از ملکِ خطا آتی ہے

کیجو پھر سینہ سپر، پہلے الٹ آنکھ تو دیکھ
تیر تو ہے ہوئے سر پر سے قضا آتی ہے

سہم ابرو سے بھی پیوستہ مرا جاتا ہوں
شاد بانو ہے کہ بر تخت سبا آتی ہے

کیونکہ یہ اشک کی کوڈل میں پھسلنا میرا
مردمِ چشم نہ دیکھیں کہ حیا آتی ہے

مے سے پرہیز کی اب ٹھیرے نہ حافظ کہ بہار
پھر وہی عیش کے سامان سجا آتی ہے

بر سرِ بازارِ جاں بازاں منادی شنوید

یہ سرِ بازارِ جاں بازاں منادی تو سنو
اسنو اے ساکنانِ کوئے شادی تو سنو

چند دن سے ہو گئی ہے دخترِ رز یار دوں سے گم
بھاگ گئی رستے سے لے کر جلد حاضر ہو سنو

لال جوڑا بر میں، سر پر بلبلوں کا نیم تاج
عقل و دانش کی ہے چور، امین اس سے ہو سنو

کھائے حلوا وہ جسے بھائے وہ کڑوی ایلوا — منہ لگایا جس نے وہ جائے جہنم کو سُنوا
دخترِ شب گردِ تیرہ تلخ انگارہ تی ہے — ہاتھ آ جائے تو حافظ کے حوالے دو سُنو

بازم مہ رخسار کسے در نظر آمد

پھر آج وہی چاند سا مکھڑا نظر آیا — پھر چشمۂ مہر اپنا وہی جوش کر آیا
پھر ہو گیا سودا زدہ دل اپنا جو تھا — ہر کارے ہر بارے پہ جھاڑ کر آیا
یہ طرفہ کہ آج اس کا جو دیکھا رخسار — کل سے بھی نگاہوں میں بسا خوبتر آیا
ایک بار ہی دیکھا تھا خمِ ابروے دلکش — صد تیرِ بلا کرتے ہی بس ایک نظر آیا
حافظ طلبِ وصل میں جیتا رہا مدت — بیچارہ غمِ ہجر سے آخر نہ مگر آیا

بلبلے خونِ جگر کرد و گلے حاصل کرد

خونِ دل کر کے جو بلبل کو گل ایک حاصل تھا — کیا ہی آلام کی یورش سے پریشاں دل تھا
چہچہا کرتا تھا کیا ذوقِ شکر میں طوطی — لطمہ ایک آ کے لگا۔ چہچہا سب باطل تھا
قرۃ العین مرے میوۂ دل، یاد رہے — تم چھٹے مجھ پہ پڑا بار جو صد مشکل تھا
ساربان وزنِ گراں گر پڑا ناقے کو تھا — تیری خوش خوئی پہ ہم نے یہ کیا محمل تھا
حیف اے مہرِ مہ۔ تم دونوں کی چشمک کے سبب — چاند کی آج مرے گنجِ لحد منزل تھا!
منہ پہ خاک اور مژہ پرنم نہ ہوں کیوں تربت سے — قصرِ فیروزۂ افلاک بلا کہگل تھا

شاہ رخ چل کے نہ دی مات کیا کیا حافظ؟
کس قدر بازیِ ایام سے تو غافل تھا!

پیرانہ سرم عشق جوانی بسر افتاد

پیری میں دل ایک تازہ جواں یار پر آیا
پھر دل کو وہی داغ پرانا ابھر آیا

دل دیکھتے ہی دیکھتے آنکھوں سے ہوا تھا
بتلائیں وہ کس دام میں ہے کس بام پہ آیا؟

اُس آہوے مشکین سیہ چشم کے ہاتھوں
بہ بہ کے بہت دل کا لہو تا جگر آیا

بار اس نے غمِ عشق کا جب دل پہ کیا پیش
کانوں پہ رکھے ہاتھ۔ وہ بوجھ اپنے سر آیا!

ایک مشتِ غبار کوے جاناں سے کہیے
جو نافہ ترے ہاتھ نسیم سحر آیا

کس گھر تھی ملی دخترِ رز؟ پیرِ مغاں تو
بو پا کے بہشتی جو لڑھا غش ہی کر آیا

مژگاں نے جہاں تیغ بہا کھینچ جہاں لی
پڑتے ہی لگے کشتوں کے ایک ایک پر آیا

خوں اپنا کرے سنگ یہ لعل نہ ہوگا
بدلا نہ کبھی اصل سے جو بد گہر آیا

اس دارِ مکافات میں اکثر یہی دیکھا
اُلجھا جو بلا نوش سے ناگوں میں بھر آیا

ڈر پر ہے حافظ کے پریزادی لیکن
با عذاب کے جو آیا وہ غضب طرفہ تر آیا

پیش ازینت بیش ازیں غمخواریِ عشاق بود

پیش ازیں کچھ بیش ازیں غمخواریِ عشاق تھی
دوستی ہم سے تمہاری شہرۂ آفاق تھی

یاد ہیں وہ صحبتیں راتوں کی۔ اُن لفظوں سے جب
بیشتر چھپا الفت کی شغلِ حلقۂ عشاق تھی؟

حسنِ محفل دیانِ مجلس تھا عدوے دین و دل
وجہِ الفت لطفِ طبع و خوبیِ اخلاق تھی

از دمِ صبحِ ازل تا آخرِ شامِ ابد
ہم میں تم میں دوستی کا عہد اور میثاق تھی

سقفِ سبز و طاقِ مینا تھے کہاں جب آنکھ یہ
غرفہ درشن تھی اور ابروے جاناں طاق تھی

پرتوِ معشوق عاشق پر پڑا تو کیا ہوا ۔۔۔ ہم ہدیدے تھے تو اس کی بھی نظر مشتاق تھی
ہو گئی تسبیح ٹھنڈی بھی مجھ سے زاہد کر معاف ۔۔۔ ہاتھ میرے ساعدِ ساقیِ سیمیں ساق تھی
دعوتِ شہ میں مزے کی کھا گیا کل بے نوا ۔۔۔ خوانِ ہر یک پر کرمیِ خدائے رزاق تھی
بیتِ حافظ عہدِ آدم میں بھی اندر خلد کے ۔۔۔ رونقِ نسرین و گل تھی زینتِ اوراق تھی

تا ز میخانہ و مے نام و نشاں خواہد بود

مے و میخانہ کا جب تک کہ نشاں باقی ہے ۔۔۔ سر میں سودائے درِ پیرِ مغاں باقی ہے
حلقۂ پیرِ مغاں کان میں ڈالے ازل ۔۔۔ تا ابد اپنی یہی صورت و نشاں باقی ہے
سر بہ بالینِ لحد رکھے یہ چشمِ پُر شوق ۔۔۔ تا دمِ صبحِ قیامت نگراں باقی ہے
میری تربت پہ کبھی آن کے منت مانو ۔۔۔ ایک زیارت گہِ رندانِ جہاں باقی ہے
بد نہ کہہ رندوں کو اے دوست جہاں میں جب تک ۔۔۔ شاید انجام ہو اچھا یہ گماں باقی ہے
جا بھی اے زاہدِ خود بیں کہ ان آنکھوں سے ہنوز ۔۔۔ راز جیسا تھا بدستور نہاں باقی ہے
بن گئی سجدہ گہِ اہلِ نظر قرنوں کو ۔۔۔ جس زمیں پر ترے تلوے کا نشاں باقی ہے
پھر مرا ترکِ جفا پیشہ چلا باہر مست ۔۔۔ خونِ دل اور کوئی ہونا رواں باقی ہے
بختِ حافظ کی ہو کوتاہی میں کچھ طول ہنوز ۔۔۔ زلفِ معشوق بدستِ دگراں باقی ہے

ترسم کہ اشک در غم ما پردہ در شود

ڈرتا ہوں اشکِ غم کا کہیں پردہ در نہ ہو ۔۔۔ اس رازِ سر بسر کی گھر گھر خبر نہ ہو
پتھر بھی لعل ہوتا ہے کہتے ہیں صبر سے ۔۔۔ ہوتا ہی پر لہو نہ ہو جب تک جگر نہ ہو

چلیے یہاں سے میکدے گریاں ادھر خواہ
غم سے فراغ دل کو کسی اور گھر نہ ہو

دل صبر کر شکستہ نہ ہو - آخر شب کبھی
یہ شام کیا نہ صبح ہو یہ شب سحر نہ ہو

غم تجھ کو ہو کسی طرح اگر اتفاق سے
جا شکر کر کہ پھر سے مبادا - جبر نہ ہو

اے مردمانِ دیدہ نہ رو نام آج سے
پاسِ خیالِ یار کا آئندہ تر نہ ہو

دل عرضِ مدعا مرا کر دیجو یار سے
پر یوں کہ کانوں کان کسی کو خبر نہ ہو

یہ سرکشی بجا ترے سروِ بلند میں!
یوں ہی تو دست کوتہ رسا تا کمر نہ ہو

عشق اس کا دل میں بیٹھا ہی ہوا داغ میں
گھٹتی میں ہو جو تا دمِ آخر بدر نہ ہو

حیرت زدہ ہوں دیکھ کے نخوت رقیب کی
یارب کوئی کمینہ گدا معتبر نہ ہو

جز حسن اور وصف نہیں کچھ - تو آدمی
مشغولِ طبع مردمِ صاحب نظر نہ ہو

جس قصرِ سلطنت کے تر ہاتھ کا چاند ہو
ہے کس کا سر وہاں جو کھا ٹھا کے تر نہ ہو

حسرت ہیں نے چھوڑے ہیں تیرِ نگاہ دل
حیرت گر ایک بھی نہ لگے کارگر نہ ہو

دل کیمیائے عشق نے کندن بنا دیا
وہ جس کی نظر ہو تو کیوں خاک زر نہ ہو

حافظ تو سر کٹا لے گا پابوس کے لیے
پر کیا کرے جو قبر پہ تیرا گذر نہ ہو

ترکِ من چوں جعد مشکیں گرد کاکل بشکند

ترک ہوش جعد مشکیں گردِ کاکل توڑ دے
لالہ کا دل خوں کرے بازارِ سنبل توڑ دے

سروِ گلنار آن نکلے گر خراماں باغ میں
سرو کو نیچا دکھا وے خاطرِ گل توڑ دے

ابروے جاناں ہو گر اوجھل تو دیدہ بار بار
رات دن برسا کرے رونے ہی کا پل توڑ دے

چاک ہونا پردہ گل کا نسیمِ صبح سے
خارِ حسرت دردِ دلِ مجروح بلبل توڑ دے

بہرِ وحدت ہاتھ سے جانے نہ پائے حافظاؔ
زعمِ کثرت کو توڑ اُس پہ توکّل تو رہے

ترکِ مہ پیکرِ من بیں کہ جہاں می گردد

ترکِ مہوش مرا چھپ چھپ کے کہاں جاتا ہے
وہ تو خورشید ہے پسِ ابر نہاں جاتا ہے

یار جاتا ہو بہ انگشت کہ کماں ترکِ رقیب
نام لینے نہیں دیتا کہ فلاں جاتا ہے

اس کمانخانۂ ابرو سے جو ترکشِ چشم
تیر کرتے ہیں تو چھن جوشنِ جاں جاتا ہے

جو بھی آتا ہو مرے پاس مجھے دیکھتا ہے
پاس سے اُٹھ کے مرے اشک فشاں جاتا ہے

قبرِ حافظؔ پہ کبھی گزرے جو وہ یارِ قدیم
چیخ نکلے کہ ٹھہر یار کہاں جاتا ہے؟

جاں بے جمالِ جاناں میلِ جہاں ندارد

جاں کو بغیرِ جاناں میلِ جہاں نہیں ہے
جاناں نہیں ہے جس کا جانو کہ جاں نہیں ہے

اُس دلستاں کو جتنا ڈھونڈھا نشاں نہ پایا
ہم بے خبر ہیں یا کچھ اُس کا نشاں نہیں ہے

جس رہ میں ہم ہیں شبنم صد موج آتشیں ہے
ہے یہ بھی ایک سما جس کا بیاں نہیں ہے

منزل ہے بس قناعت ہو جا ہمیں فروکش
اِس رہ کا حد و پایاں کے اساریاں نہیں ہے

چنگِ خمیدہ قامت کی پند عیش و عشرت
سُن تو جو قولِ پیراں چنداں زیاں نہیں ہے

ہو شمعِ انجمن بھی دشمن تو راز رکھنا
شوخِ بریدہ سر کے بندِ زباں نہیں ہے

کچھ لطف ہاں نہیں ہے بے دوست زندگی میں
بے دوست زندگی میں کچھ لطف ہاں نہیں ہے

اُستاد جس کو مانا دیکھا تو فی الحقیقت
صنعت گری ہے لیکن طبعِ رواں نہیں ہے

اے دل طریقِ رندی تو سیکھ محتسب سے
پیتا ہے وہ بھی لیکن اُس پر گماں نہیں ہے

حافظ سا کوئی بندہ ہوگا نہ اس جہاں میں — آقا بھی کوئی تجھ سا شاہا یہاں نہیں ہے

جمالِ ابروئے عید از ہلال وسمہ کشید

ہے وسمہ ابروئے عالم پہ ایک ہلالِ عید — ہیں اس سے بڑھ کے دو ابروئے یار قابلِ دید
ہلال وار خمیدہ ہوا ہیں دیکھتے ہی — کمانِ ابروئے جاناں کی زیرِ وسمہ کشید
اِدھر تو آ میں کہوں تجھ سے اپنا قصۂ غم — ترے علاوہ نہیں ہے کسی سے گفت و شنید
کہاں ہیں چنگ و رباب و نبیذ و گل، ناحق — نبیذ و گل میں لتھڑ کر ہے مفت مٹی پلید
گزر ہوا تری نکہت کا کیا چمن میں جو کی — گلوں نے چاکِ گریبانِ صبح کی تقلید
وہ چہرہ چاند سا زلفوں میں جب نظر آیا — اندھیری رات بنی میری رشکِ صبحِ سپید
بھرا جو آیا تھا زلفوں پہ ابر۔ اب دیکھو — ہے صرفِ قہقہہ کیا کیا کہ برقِ رخ ہو پدید
بہائے وصل ہو جاں بھی تو گر کے لے لیجے — پسند آتے ہی لیتا ہے قدر دانِ خرید
رکھے اُس کی آبرو! یہ تہلکا تجھ سے دور بہت — پھرا ہے لوٹتا گلیوں میں زیرِ کربِ شدید
لبوں پہ آیا ہے دم، کام پر نہیں بنتا — طلب وہی ہے اگرچہ رہی صفرِ امید
اِسی ادا سے ہنسا کی زمین پہ صبح۔ تو چرخ — ہے انقلابِ جہاں کی فضول سعیِ مزید
نظر سے بچ کے نہ خط آرسی کے بے منہ کھول — وَ اِن یکاد کی آیت ہے رُخ پہ خط کی رسید
لکھے ہیں شعر یہ حافظ نے لعلِ لب کے لیے — یہ اور ڈال لے کانوں میں چند مروارید

جمالت آفتاب ہر نظر باد!

یہ چہرہ سب کا خورشیدِ نظر ہو! — تُو ہر خوبی میں سب سے خوب تر ہو!

ہمارے شہپرِ شاہیں کے دائم
سرِ شاہانِ عالم زیرِ پر ہو

ہو تیر انداز جب وہ گوشۂ چشم
دلِ مجروح ہی بڑھ کر سپر ہو

جو دل بستہ ہو ان گیسوؤں سے
جگر کے خوں میں یارب تر بتر ہو

ملے وہ بوسہ لعلِ شکریں کا
کہ جس سے کامِ جاں تک پُر شکر ہو

مجھے ہر دم نئی تجھ سے لگن ہے
مدام اک تجھ میں بھی حسنِ دگر ہو

بجاں مشتاق ہے یہ تیرا حافظ
تجھے بھی اپنے شایق پر نظر ہو!

چو رویت مہر و مہ تاباں نباشد

جبیں سے مہر و مہ تاباں نہ نکلے
تو قد سے سرو در بستاں نہ نکلے

لبِ لعل اور دُرِ دنداں سے روشن
دُرِ دریا و لعلِ کاں نہ نکلے

میانِ خطِ سبز و لعلِ نوشیں
عجب گر چشمۂ حیواں نہ نکلے

وہ کافر زلف دورِ مصحفِ رُخ
کہ گر دل چیریئے ایماں نہ نکلے

کسی تن کو نہیں اُس تن سے نسبت
کجا تن بلکہ اُس سی جاں نہ نکلے

تجھے شیریں یہ شعرِ حافظ پھر بھی شیریں
ز لعلِ خسرو خوباں نہ نکلے

چو باد عزمِ سرِ کوئے یار خواہم کرد

ہوا ہی بن کے گزر تا بہ یار کر لیں گے
شمیمِ دوست سے دم مشکبار کر لیں گے

جو علم و دین کے اعزاز و تمغے حاصل ہیں
نثارِ نقشِ قدوم نگار کر لیں گے

صبا کہاں ہے کہ ہم خوں گرفتہ گل کی طرح
یہ جاں فدائے بوئے زلفِ یار کر لیں گے

خراب ہوں گے کسی یادِ چشم میں پھر کے — بنائے عہدِ قدیم استوار کر لیں گے
فضول ہے مے و معشوق عمر جاتی ہے — نکتے رہ چکے اب کوئی کار کر لیں گے
یہ مہر یار ہوا صبح شمع سے روشن — کہ عمر گھٹے تو یہی کاروبار کر لیں گے
نفاق و مکر سے حافظ صفا دلِ معلوم — طریقِ رندی و عشق اختیار کر لیں گے

چہ مستی ست ندانم کہ رو بما آورد

عجیب نشہ ہے یارب کہ ایک بلا لایا — یہ ساقی کون تھا ہے کہ کیا اٹھا لایا؟
علاج ضعف تھا تیرا کرشمہ ساقی — دل آنکھ کھول! طبیب آیا اور دوا لایا
تو یہ پیرِ مغاں ہوں۔ بڑا اللہ ما شیخ! — کہ تو نے وعدہ کیا اور وہ بجا لایا
بغل میں تو بھی صراحی دبا کے صحرا چل — ترانہ خوب ہے مرغِ غزل سرا لایا
جہاں کو آمدِ نسرین و گل مبارک ہو! — بنفشہ مژدہ، شگون نیک موتیا لایا
صبا نہیں ہے یہ ایک ہدہدِ سلیماں ہے — پیامِ شوق ہے من جانبِ سبا لایا
یہ کیا الاپ دیا مطرب مقام شناس؟ — غزل کے بیچ میں کیا قولِ آشنا لایا!
عجب ہے ترک پہ مدار تیرے حوصلے پر! — یہ فوج مجھ سے پھٹے حال پر چڑھا لایا؟
فلک کرے گا غلامی تری بدل حافظ — اگر تو اس درِ دولت پہ التجا لایا

چو دست بر سرِ زلفش زنم بتاب رود

بڑھاؤں زلف پہ گر ہاتھ پیچ و تاب کرے — منانا چاہوں تو برہم ہو اور عتاب کرے
ہلالِ نو کی طرح خیرہ کر دے نظروں کو — جھلک دکھائے کبھی رُخ پہ پھر نقاب کرے

نہ سوئے رات کو پی کر نہ سوئے تپتے دن کو — سناؤں اپنی کہانی تو قصہ خواب کرے
پکارا دل عہد شکن کہہ کے مجھ کو زاہد سے — خدا نہ حشر میں تجھ سے بھی خطاب کرے
پہ راہِ عشق پر آشوب قصہ ہو اے دل — خضر رہ لٹ گئی کہا ئے جو کچھ شتاب کرے
سرِ حباب میں بادِ غرور بھرتی ہی — کلاہ سر پہ چڑھے لقمۂ موجِ آب کرے
گدائی درِ جاناں نہ تخت و تاج کرے — نہ چھاؤں چھوڑ کے سر زیرِ آفتاب کرے
ہوا ضعیف تو دے ناز و نازکی کو جواب — بجا ہے گر کوئی نخرے پہ تا شباب کرے
سفید پڑ کے سیاہ بال پھر نہیں ہوں گے — ہزار موچنے سے نوچے یا خضاب کرے
تو آپ پردہ ہے خود بیچ میں سے اٹھ حافظ — خوشا نصیب بستروں جو بے حجاب کرے

حسبِ حالے نوشتیم و شد ایامے چند

خط بھی ہم نے نہ لکھا اُس کو اِن ایام کوئی — نامہ بر بھی نہ جستہ ادھر بھیجے پیغام کوئی
مجھ کو تا مقصدِ عالی ہے پہنچنا دشوار — لطفِ عام آپ کا ہی بڑھ کے رکھے گا کام کوئی
مے گئی خم سے سبوچوں میں کھلی گُل کی نقاب — ہے یہی وقت چڑھا لے جو دو ایک جام کوئی
ہاں گدایانِ خرابات! خدا منعم ہے — وہی دیگا، یہ نہیں دیتے کہ انعام کوئی
زاہدا کوچۂ رنداں سے گزر خیر کے ساتھ — دے ضرر تجھ کو نہ یہ صحبتِ بدنام کوئی
پیرِ میخانہ کی تلقیں ہے بلا نوشوں کو — نہ سنے دردِ دلِ سوختہ کو خام کوئی
اپنے دل کا نہیں معجونِ گل و قند علاج — یاں تو حل بوسوں میں ہو کر لبِ گلفام کوئی
ہوں ہنر بھی تو بیاں عیب ہے سب کر کے چلا — مانے گر بیچ سے بُرا مانے دلِ عام کوئی
پھونک حافظ کو گئی تابِ رخِ مہر فروز — کامگارا! نظرے ایک، مرتا ہے ناکام کوئی!

حسنِ تو ہمیشہ در فزوں باد!

حسن اور بڑھے سدا فزوں ہو
رُخ بادہ پیئے لالہ گوں ہو!

یارب یہ ہوائے عشق سر میں
ہر روز زیادہ ہو، فزوں ہو

قد سے قدِ دلبرانِ عالم
دایم ترے آگے سرنگوں ہو

جو سرو چمن میں سر اُٹھائے
قد تیرا الف وہ شکلِ نوں ہو

جو آنکھ نہ ہو خراب تیری
ہر قطرۂ اشک اُس کا خوں ہو

جس دل میں نہیں ہو تیرا سودا
بے صبر و قرار و بے سکوں ہو

جو تیرے فراق میں نہ بیتاب
عشاق کے زمرے سے بروں ہو

وہ لعلِ لب آہ جانِ حافظ
دُور اُن ہر اک خسیس و دوں ہو!

خسروا گوئے فلک در خمِ چوگانِ تو باد

خسروا! گیند فلک کی ترے چوگاں میں رہے
وسعتِ کون و مکاں عرصۂ میداں میں رہے

فتحِ اطراف کیا، قبضے میں آفاق کیا
شہرۂ اوصاف کا تا حشر دوراں میں رہے

زلفِ خاتونِ ظفر شیفتہ پرچم کی مدام
چشمِ فتحِ ابد، عاشق ہو کہ جولاں میں رہے

دایم انشائے عطارد تری توصیف میں صرف
عقلِ کل لکھنے پہ دفتر ترے دیواں میں رہے

ہو خجل جلوۂ طوبےٰ ترے قد کے آگے
خلد رشک و حسد زینتِ ایواں میں رہے

حافظِ خستہ ثناخواں ہے خلوصِ دل سے
لطفِ عام اپنے ثناخواں کے بھی ارماں میں رہے

خوش است خلوت اگر یارِ من باشد

مزا ہے ملنے کا گر دوست جانِ تن بن جائے
نہ یہ کہ ہم جلیں ، وہ شمعِ انجمن بن جائے

ہُما کو کیسے ہے لائق کہ سایہ افگن ہو
جہاں کہ طوطی پہ فائق ہر اک زغن بن جائے

ہم اُس نگینِ سلیماں کو مفت بھی تو نہ لیں
نگیں جو حلقۂ انگشت اہرمن بن جائے

حریمِ عشق میں گر دیکھ پاؤں میں کہ حریف
کہ محرموں میں میں محروم مجھ پہ بن بن جائے

ہے یاد کوچۂ جاناں کی دل کو جیسے غریب
وطن میں دل ہو گو آوارۂ زمن بن جائے

بیانِ شوق کی حاجت نہیں کہ آتشِ دل
الگ شناخت ہو پُر سوز جیبِ سخن بن جائے

جو ذرۂ زباں بھی ہو حافظ زبانِ سخن بالغ
کھلے نہ آگے ترے ، پھر وہ دہن بن جائے

خوش آمد گل! وزاں خوشتر نہ باشد

خوشا گل! اس سے کچھ خوشتر نہیں ہے
کہ ہاتھوں میں بجز ساغر نہیں ہے

زمانہ عیش کا مت چھوڑ! مت چھوڑ!
کہ دایم در صدف گوہر نہیں ہے

غنیمت جان! مے پی گلستاں میں
کہ گل تا ہفتۂ دیگر نہیں ہے

جو آئے شیخ خم خانے ہمارے
پئے وہ مے کہ در کوثر نہیں ہے

کتابیں پھونک! ہو ہمدرس میرا
کہ علمِ عشق در دفتر نہیں ہے

مرے ہمراہ پی! مر اُس حسیں پہ
جسے کچھ حاجتِ زیور نہیں ہے

شراب پُر خمار ایک پاؤں یا رب
وہ جس میں کوئی دردِ سر نہیں ہے

عجب دستورِ ملکِ عشق دیکھا
وہ سر افسر ہے جس کے سر نہیں ہے

کلاہِ عالم آرائے شہی بھی — کچھ اس افسر سے زیبا تر نہیں ہے
وہ سیمیں تن مرا آرامِ خدا بخش — کہ در بُت خانۂ آذر نہیں ہے
دلِ مجنوں بہ نعتِ سلطان اویس او — اُسے یہ یاد بھی چاکر نہیں ہے
خطا و نظم ہم حافظ میں تماشے — لطافت جس میں ذرہ بھر نہیں ہے

خستگاں را چو طلب باشد و قوت نبود

آہ ناداروں کی چاہت تمہیں چاہت ہی نہیں — ان غریبوں پہ جفا شیوۂ مروت ہی نہیں
ہم نے جانا نہ کبھی تجھ کو ہوا جور پسند — جور تو مسلکِ اربابِ فتوت ہی نہیں
جادوئے چشم نہ چلتے رہیں جب تک پیہم — نور دے سکتی کوئی شمع مودت ہی نہیں
پھوٹے وہ آنکھ نہ جو عشق میں درد کے سیپارہ — پھٹ پڑے دل بھی وہ جس میں کہ محبت ہی نہیں
آئینۂ دل نہیں تا زنگ ہوس سے صیقل کر — آنکھ سے رونقِ رخسار کہ ظلمت ہی نہیں
گر نہیں غسل و وضو کعبۂ بت خانہ ہیں ایک — خیر کیا پائیگی جس گھر میں کہ عصمت ہی نہیں
المدد پیرِ مغاں! شیخ تعلیم الرحمہ — کہہ گئے خانقہ والوں میں تو ہمت ہی نہیں
سایۂ بالِ ہما سے طلبِ عیش بجا — شہپرِ زاغ و زغن میں یہ سعادت ہی نہیں
بے خبر ہونے کو ہوں اب تو خبر لے میری — تا کجا عذر، خبرگیری کی فرصت ہی نہیں
سیکھ حافظ ادب و علم بڑے لوگوں میں — مردِ بے علم و ادب قابلِ صحبت ہی نہیں

خوشا کسے کہ مدام از پئے نظر نرود

وہ خوش رہے کہ جدھر اُٹھ گئی نظر نہ گئے — کہیں گئے بھی تو بے علم و بے خبر نہ گئے

کنارا ہی لبِ شیریں سے یار و اولیٰ ہو
مگس کی طرح جہاں دیکھی شکر نہ گئے

سیاہی آنکھ کی دھو ڈال گریۂ شب رو
وہ نقشِ خیال کبھی چھوڑ کر نظر نہ گئے

پہ قہر کی نظر اک مجھ سے مست پر واعظ
وہ ایک بوند میں بھر ظرف کے گہر نہ گئے

نہیں ہو مجھ سا سیہ قلب، اس مثال میں سب
بسانِ شمع دھوئیں دل کے تا بسر نہ گئے

ہنوز دل ہے وہی ہرزہ گو و ہرجائی
یہ دن تو دیکھ لیا کر کے سب ہنر نہ گئے

گدا کو دیکھو! اور اس مغزِ ناز کو جس کی
کمر کو ہاتھ بجز ایک کمندِ زر نہ گئے

ہزار لطف و کرم کار ہا ہو کچھ عالم
وفائے عہد کے تجھ سے خیال پر نہ گئے

پلادے پہلے تو حافظ کو ہی اگر جانے
کھلی جو بزم میں پیکے ادھر ادھر نہ گئے

دلبر برفت و دلشدگاں را خبر نہ کرد

دل لے چلا تو دلشدگاں کو خبر نہ کی
یادِ حریفِ شہر و رفیقِ سفر نہ کی

طالع نے مجھ کو راہِ محبت بھلا دی، یا
اُس نے بتا ہی راہِ حقیقت گزر نہ کی

ایک شمعِ منتظر تھا میں جاں تجھ پہ وارنے
تو نے ہی یہاں خرامِ نسیمِ سحر نہ کی

نرم اور کیسے کیجیے؟ بارانِ گریہ نے
تاثیرِ سنگِ دل میں ترے بوند بھر نہ کی

جس نے وہ شکل دیکھی مری آنکھ چوم لی
میں نے جو انتخاب کی کچھ بے نظر نہ کی

کس نے رقیب کو ترا ہمدم بنا دیا
کوڑی کبھی کسی نے قرینِ گہر نہ کی

بکلکِ زباں بریدہ حافظ نے بزم میں
افشائے رازِ دوست تو تا قطعِ سر نہ کی!

دل از من برد و روی از من نہاں کرد

مرا دل لے گیا مجھ سے رُخ نہاں کر!
نہ لطف اب یہ ستم تو میری جاں کر!

ہوا دل خون برنگِ لالۂ نرگس
نہ آنکھیں پھیر کر یوں سرگراں کر

چلی جاں ہاں ہجر میں وقتِ مدد ہے
صبا کچھ چارہ رکھتی ہو تو ہاں کر

یہ دل بریاں ہے شمعِ بزمِ سوزاں
صراحی تو بھی رو۔ بربط فغاں کر

ہیں اس کے خیال کے بھی لطف بیحد
شبِ تنہائی کر تو قصدِ جاں۔ کر

بھلا کس منہ سے کہیے دوستوں سے
کہا کیا اور گیا کیا جانِ جاں کر

نہ کی ہوگی وہ حافظ سے عدو نے
گیا جو چال یار ابرو کماں کر!

دلا بسوز کہ سوزِ تو کارہا بکند

رہے جو سوز میں دل! سوزِ دل نہ کیا کر دے
دعائے صبح بھی ایک، دفعِ صد بلا کرے

نقابِ یار کھسوٹے جو والہانہ تو وہ
ہر ایک کرشمہ تلافیِ صد جفا کرے

فلک سے تا بہ مَلک بے حجاب سیر کرے
جو دل سے خدمتِ جامِ جہاں نما کرے

طبیب گرچہ ہو عیسیٰ نفس شفیق وسے
نہ دیکھے درد ہی تجھ میں تو کیا دوا کرے

خدا پہ چھوڑ کے کاموں کو شاد رہ بندے
نہ مہرباں ہو دشمن۔ کرم خدا کرے

علیل خفتہ نصیبی سے ہوں، کوئی بیدار
اُٹھا کے ہاتھ پہر پچھلے۔ کچھ دعا کرے

ہوا ہوں خستہ حافظ کہاں ہے نکہتِ یار
ذرا ادھر کو بھی رُخ اس کا اے صبا کر دے!

دست در حلقۂ آں زلفِ دوتا نتواں کرد

چھو سکے ہاتھ خمِ زلفِ دوتا کیونکر ہو؟ — تیری قسموں پہ یقیں بادِ صبا کیونکر ہو؟
حقِ کوشش تو بجا لائے طلب میں تیری — پہ مگر کہیے کہ تغییرِ قضا کیونکر ہو
دامنِ دوست لگا ہاتھ بصد خونِ جگر — غیر کی چرب زبانی سے رہا کیونکر ہو
ماہِ تاباں رخِ جاناں سا بنا ابھی نہیں — دوست کی شکل ہر ایک بے سر و پا کیونکر ہو
عقل و حکمت کے نہیں حوصلے کی مشکلِ عشق — تجھ سے حلِ نکتہ یہ اے فکرِ خطا کیونکر ہو
رخِ جاناں نظرِ پاک سے ہی دیکھ سکیں — سیرِ آئینہ نہ جب تک ہو صفا کیونکر ہو
سروِ بالائے بلند اپنا ہو جب گرمِ سماع — رہ سکے جامۂ تن جاں پہ قبا کیونکر ہو
تو ہو محبوبِ جہاں؟ گر لگے غیرت سے ہیں؛ — جھگڑا دن رات کا با خلقِ خدا کیونکر ہو
چپ ہوں مطلب سے، تری طبعِ لطیف و نازک — ہی جو اس درجہ تو چپ سے بھی ادا کیونکر ہو
بجز ابرو نہیں محرابِ نماز اے حافظ — طاعتِ غیر مرے دیں میں روا کیونکر ہو؟

دیدی اے دل کہ غمِ یار دگر بار چہ کرد

دیکھا اے دل کہ غمِ یار نے پھر وار کیا؛ — دل بری کر کے یہ کیا حالِ وفادار کیا؟
ہائے اس نرگسِ جادو نے بھی کیا چال چلی! — وائے کیا مست نے با مردمِ ہشیار کیا؟
شفقی رنگ ہیں آنسو تری بے مہری سے — طالعِ بے شفقت نے بھی عجب کار کیا
صبح ایک محملِ لیلیٰ اسے گری کوند کے برق — سوختہ خرمنِ مجنونِ دل افگار کیا
ساقیا ساغرِ مے دے نہیں معلوم رقم — قلمِ غیب نے کیا کیا پسِ دیوار کیا

جس کی تحریر ہے یہ دائرۂ مینائی — کیا طلسم اس نے دمِ گردشِ پرکار کیا!
برقِ غم آتشِ دل پھونک گئے حافظ کو — یارِ دیرینہ نے کیا یار سے اسے پار کیا!

دانی کہ عود و چنگ چہ تقریر می کنند

سمجھے بھی عود و چنگ جو تقریر کرتے ہیں — بادہ چھپا کے پیجئے تکفیر کرتے ہیں
بدنام عشق کرتے ہیں عشاق کو ذلیل — بدگوئی جواں ہتکِ پیر کرتے ہیں
جز قلبِ تیرہ کچھ نہیں حاصل مگر یہ زعم — تیار کوئی دم میں بس اکسیر کرتے ہیں
سمجھے نہ رمزِ عشق نہ منہ سے نکالیئے — آئے نہ جو سمجھ میں وہ تقریر کرتے ہیں
بڑھے ضعیف پیرِ مغاں کو ستاتے ہیں — مردِ خدا تو پیر کی توقیر کرتے ہیں
بیرونِ در تعلیاں کرتے ہیں سیکڑوں — کیا ہو گی وہ جو پردے میں تقریر کرتے ہیں
صد ملکِ دل کا مول ہو آدھی نگاہ ایک — معشوق اس میں آپ ہی تقصیر کرتے ہیں
کوشش پہ پھبتیاں کستے ہیں توفِ وصلِ دوست — کچھ ہیں کہ وہ حوالۂ تقدیر کرتے ہیں
فی الجملہ اعتبارِ ثباتِ جہاں نہیں — دن رات کارخانے میں تغیر کرتے ہیں
مے پی کہ شیخ و حافظ و مفتی و محتسب — سب غور کر کے دیکھئے تزویر کرتے ہیں

در نظر بازی ما دیدہ وراں حیرانند

دیدہ بازی پہ مری مورکھو کیا حیرانی؟ — میں ہوں۔ جو شکل مری، اور وہ جو تم نے جانی
عقل مند عقل سے ہوں نقطۂ پرکارِ وجود — عشق کی آنکھ سے تو ہے انہیں سرگردانی
حسنِ رخسارۂ خورشید کہے کیا خفاش — پائیں آئینہ میں جب اہلِ نظر حیرانی

جلوے کی تو نظر آنکھیں ہی نہیں ہیں تنہا — مہر و مہ بھی ہیں کئے آرسیاں رخشانی

چاہیے سیکھ لیں اُس چشم سیہ سے اُس کی — کس نے ہشیاری و مستی یہ بہم کر جانی

گوہر ہستی نے نزہت کہ ارشاد میں یار — عقل و جاں کی تری نکہت پہ نچھاور مانی!

دعوے عشق و گلہ یار کا یہ بھی کیا خوب! — عشق بازا ایسے خدا ہجر کے ہوں زندانی

مفلسی پہ مے و مطرب کی تمنا یہ بچھ، — دے کوئی خرقہ پشمیں کو نہ کوڑی کانی!

میرے اندیشوں سے واقف ہو نہیں سکتے اب — مغبچے خرقہ صوفی کو ہوا ہیں آسانی

رندی حافظ کی عجب کیا ہے نہ سمجھے زاہد — پاس شیطاں کو پھٹکنے نہ دے قرآن خوانی

دوش وقت سحر از غصہ نجاتم دادند

مل گئی غم سے سحر دل کو نجات آخر کار — ظلمت شب میں ملا آب حیات آخر کار

خوش ہوا ذات کے پرتو کی چمک پڑنے سے دل — بھر گئے جام تجلی سے صفات آخر کار

کیا مبارک تھی سحر! کیا ہی ہمایوں شب قدر! — دی گئی مجھ کو یہ جب تازہ برات آخر کار

کامیابی و خوشی پہ مری حیرت کیا ہے — مستحق تھا یہ ملی مجھ کو زکوٰۃ آخر کار

آج سے دل ہے یہ اور آئینہ حسن نگار — منکشف جب ہیں ہوا جلوہ ذات آخر کار

دل کو ہاتف نے اسی روز یہ دیدی تھی نوید — غم میں دکھلا دیا جب ہیں نے ثبات آخر کار

ریزش قند و شکر سب یہ سخن میں ہے صلہ — صبر کرنے کا مجھے شاخ نبات آخر کار

کیا ہی اکسیر ہوئی بندگی پیر مغاں — اس کے قدموں سے ملے یہ درجات آخر کار

میں نے جس روز یہ حاصل کی حیات ابدی — حسن فانی کے بھی کی غم نے وفات آخر کار

پھنس کے زلفوں میں یہی بتاتا کیا ہی یہ دل — پائی قید غم ہجراں سے نجات آخر کار

شکر شکر بہ شکرانہ لٹا اے حافظ
دل گیا وہ بتِ شیریں حرکات آخر کار

دوش دیدم کہ ملائک درِ میخانہ زدند

دستکیں شب کو ملک دیں درِ میخانہ ہو بند
سان لیں طینتِ آدم ڈھلیں پیمانہ چند

ساکنانِ حرم پردہ سرائے ملکوت
مجھ سے خاکی کا کریں ساغرِ رندانہ پسند

آسماں سے نہ چلا بارِ امانت تو پڑی
مجھی دیوانہ پہ آئی تری فرزانہ کمند

ہم بصد خرمنِ پندار نہ ہوں کیوں گمراہ
اس قدر حضرتِ آدم کو دے ایک دانہ گزند

کیوں نہ آپس میں لڑیں بن کے بہتّر فرقے
کیوں نہ دیکھیں جو حقیقت تو ہوں افسانہ پسند

شکرِ صد شکر مرے اس کے بہم صلح ہوئی
رقص حوروں نے کیے عیش میں مستانہ انند

نکتۂ عشق دل گوشہ نشیناں کے لیے
تل ہے بر آتشِ رخسارۂ جاناں سپند

شمع شعلوں میں ہنسے جب کے وہ کچھ آگ نہیں
آگ وہ ہے جو ہوا از خرمنِ پروانہ بلند

کس نے یوں کھولی تھی حافظ رخِ معنی کی نقاب
جب سے ہے زلفِ عروسانِ سخن شانہ پسند!

دوش آگہی ز یارِ سفر کردہ داد باد

دے کر چلی جو یارِ مسافر کی رات یاد
دل کو ہوا میں چھوڑ دیا ہر چہ بادا باد

ہاتھوں ہی سے چلا تھا وجودِ نحیف یہ
لے آئی بوئے وصل نسیمِ سحر کو داد!

جی باغ باغ ہوتا تھا یاد آ کے وہ دہن
گلشن میں کوئی غنچہ اگر کھولتی تھی باد

نرگس کے سر پہ تاج رکھا جاتا گر کہیں
آ جاتی تھی کسی کی کلاہِ شہانہ یاد

تاریخِ عیش دوست کے دیدار کی تھی شب
عہدِ شباب و صحبتِ احباب پر بھی صاد

بے دید دل وہ جب سے گیا چین لُٹ میں — بھولی وطن کی یاد ہی ایسی ملی مُراد؟
قدر آج میں نے جانی بزرگوں کی پند کی — یارب مدام روح مرے ناصحوں کی شاد!
اب مقتضائے وقت یہ ہی میرے ساتھ ہو — ہر شام برقِ لامع و ہر بامداد باد
حافظ نہادِ نیک نے تیرے بنائے کام — قربان اُس کے نیک یہاں جس کی ہو نہاد

در آں ہوا کہ جز برق اندر طلب نباشد

بجلی ہے جستجو میں کچھ اور جب نہیں ہے — جل جائے کوئی خرمن تو کچھ عجب نہیں ہے
جس بزم میں کہ خورشید ایک ذرّہ سے بھی کمتر — خود کو بڑا سمجھنا شرطِ ادب نہیں ہے
سویا کرے جو طائرِ گردن دیئے پروں میں — ٹہنی میں اُس کی جا و برگِ طرب نہیں ہے
یہاں کفر بھی ہے لازم دوزخ کسے جلائے — روز اُس کو گر میسّر ایک بولہب نہیں ہے؟
سیکھو جو جانفروشی علم و ہنر کو رکھو — پائی ہیچ ہو نسب بھی کچھ شے حسب نہیں ہے
پی مے۔ مے بہشتی عمرِ ابد دلائے — بے موت زندگی کا کچھ اور ڈھب نہیں ہے
حافظ وصالِ جاناں تجھ بیدرم کو ہوگا — اُس دن کہ جس کے آگے پھر کوئی شب نہیں ہے

دلم جز مہر مہرویاں طریقے بر نمی گیرد

جز عشقِ ماہرویاں دل کسی شے پر نہیں لگتا — نصیحت تیر کیا مارے یہ ہے پتھر نہیں لگتا
خدارا اے نصیحت گو بیانِ مطرب و مے ہو — کوئی مذکور اس مذکور سے بہتر نہیں لگتا
نصیحت چھوڑ، زیادِ دف و نے سُن مرے حق میں — کہ ہرگز نقش بر عکس اس جواہر پر نہیں لگتا
وہ چہرا وہ رُہ آنکھیں کیوں نہ دیکھوں تمہارے کہنے سے؟ — یہ دل کو دو خطابِ بے معنی نصیحت گر نہیں لگتا

ارے حکیمِ خدا سے جنگ تجھ کو ناصحِ ناداں؟ — بہت ہی تنگدل ہے! کس لیے مے پی نہیں لگتا؟
صراحی ہے بغل میں لوگ جانیں علم کا دفتر — گری بجلی تو یہ بجھتا ہوا دفتر نہیں لگتا
کرامت بات مردانہ کرے یوں پیرِ میخانہ — مگر دل بن رہا پر دے کوئی ساغر نہیں لگتا
ہنسی مجھ کو بھی آ جاتی ہے روتے روتے محفل میں — زباں بھی شعلہ ہے تاہم شرر اڑ کر نہیں لگتا
خدارا رحم کر منعم ترے در کا بھکاری ہے — کسی گھر سے نہیں واقف کسی کے سر نہیں لگتا
کیا کیا جلد صیدِ دل ارے شاباش مست آنکھو! — ہرن یہ کوششوں سے بھی تو ہاتھ اکثر نہیں لگتا
عجب ہے دے نہ فرمانِ تول دینے میں حافظ کو — تجھے شیریں شہا کیا اس کا شعر تر نہیں لگتا؟

دیدم بخواب خوش کہ بدستم پیالہ بود

اک خوابِ خوش میں ہاتھ میں دیکھا پیالہ ہے — تعبیر لی کہ ہونے کو دولت حوالہ ہے
چالیس سال رنج میں کھو کر کھلا یہ حال — حل اپنے مدعا کا شرابِ دو سالہ ہے
وہ مہرۂ مراد! مرے من کی آرزو — زلفوں میں مارے بٹ وہ ریہ حرف ڈالہ ہے
سے ہی اُڑا تھا مجھ کو جہاں سے خمارِ عشق — سیدھے مجھے بخت خالی نہ اوندھا پیالہ ہے
پی لیں لہو کے گھونٹ گلہ شکوہ کیا کریں — خوانِ کرم سے یہ ہی مقرر نوالہ ہے
گلشن میں بھی گزر جو کبھی صبحدم ہوا — دیکھا کہ شغلِ مرغِ چمن آہ و نالہ ہے
بویا نہ جس نے تخمِ محبت چنا نہ پھول — ایک راہ باد میں وہ نگہبانِ لالہ ہے
مرغِ چمن کے دل میں نسیم آگ پھونک دی — آتش ہے سر بسر کہ یہ داغِ لالہ ہے؟
وہ شاہِ تند حملہ کہ خورشید شیر گیر — ق — اس کے مقابلہ میں نہ بیش از غزالہ ہے
دیکھا کہ اس کی مدح میں حافظ کا ایک شعر — بلکہ ہر ایک مصرع بہ از صد رسالہ ہے!

دمے با غم بسر بردن جہاں یکسر نمی ارزد

اگر غم سے ہو جی بوجھل جہاں یکسر مصیبت ہے
ہو خرقہ نذرِ مے یکسر لباسِ ابتر مصیبت ہے

خریدیں مے فروش اس کو نہ چھوٹے جام کے بدلے
رہی سجادہ و تقویٰ کی اب یہ قدر مصیبت ہے

مٹائے نقشِ دل تنگی چل آ بازارِ یک رنگی
کہ ہر رنگِ جہاں جز بادۂ احمر مصیبت ہے

مرصع تاجِ سلطانی میں ہیں صد بیمِ جاں مضمر
کُلہ دلکش ہے لیکن بیمِ ترکِ سر مصیبت ہے

کسی گوشے میں چھپ کر بیٹھ مشتاقوں کے پردوں میں
جو با وصفِ جہاں داری غمِ لشکر مصیبت ہے

رقیبوں کی ہیں پیہم گھُرکیاں اُٹھ سر اُٹھا پائیں
نہیں سر لائقِ در بھی پڑیں پتھر مصیبت ہے

دیار و یار انساں کو مقید کر کے رکھتے ہیں
مگر ہے فارس مستغنیِ وطن ہو کر مصیبت ہے

اُمیدِ نفع پر آساں سفر دریا کا سمجھا تھا
نہ تُوں اب سمجھے جو ایک ایک موج صد گوہر مصیبت ہے

کہیں کُنجِ قناعت ڈھونڈ کر آرام سے بیٹھیں
کہ ایک دم تنگ دل رہنا بہ بحر و بر مصیبت ہے

قناعت چاہئیے حافظ سلام اس حرصِ دنیا کو
ہو جو بھر منتِ دوناں تو سو من زر مصیبت ہے

دست از طلب ندارم تا کام من بر آید

چھوڑوں نہ ہاتھ جب تک من کی نہ مَن سے نکلے
یا جان پائے جاناں یا جان تن سے نکلے

کھولیں لحد کو میری بعد از وفات دیکھیں
ایک آتشِ دروں کے بھبکے کفن سے نکلے

دکھلائے رخ کہ خلقت والہ ہو اور شیدا
ہل جائیں لب کہ فریاد ایک مرد و زن سے نکلے

ہونٹوں پہ جان، دل میں حسرت ترے لبوں کی
نکلے نہ کام کوئی اور جان تن سے نکلے

تنگی سے اُس دہن کی جاں سے بہ تنگ آیا
کیا کام تنگ دستاں ایسے دہن سے نکلے

دل کو جو کی نصیحت چھوڑ اُس صنم کو، بولا | یہ وہ کرے جو خود سے اور خویشتن سے نکلے
زلفوں کے ہر شکن میں سو سو نہاں ہیں پھندے | بچ کر دلِ شکستہ کس کس شکن سے نکلے
کیا بو الہوس کی مانند روز ایک یار چاہیں | ہم اور وہ آستانہ تا جان تن سے نکلے
اٹھ کر دکھا دے تو بھی مجھ کو میاں قامت | سرو اور نارون تو بن کر چمن سے نکلے
اس جستجو میں شاید ایک پھول تجھ سا پائے | جب جب نسیم آئے دھول ایک چمن سے نکلے
زمرے میں عاشقوں کے یا وش بخیر رکھیں | نکلے تو نام حافظ اس انجمن سے نکلے

دوستاں دختر رز توبہ ز مستوری کرد

بنتِ انگور نے پھر پردۂ رخ دور کیا | محتسب پاس گئی کام بدستور کیا
نکلی شرمائی ہوئی۔ پونچھیں عرق پاک کریں | کچھ نہ پوچھیں کہ بتا کس لے مجبور کیا
عقد کی ٹھیرے، بہت بیٹھ چکی پردے میں | تاکِ خم نے بھی ایک عمر تو مستور کیا
مطربِ عشق کو بھی چاہیئے ملنا انعام | راگِ مستانہ سے پھر چارۂ مخمور کیا
غنچۂ عیش کھلا اپنا تری نکہت سے | مرغِ گلشن کو گلِ سور نے مسرور کیا
سات پانی سے دھلے کیا کہ نہ سو آنچ سے جاے | خرقۂ زہد پہ کیا رنگِ مئے انگور کیا
تجھ سے اُفتادگی حافظ نہ چھٹے دشمن کو | اُس کے مال اور دل و دیں نے ہی مغرور کیا

درختِ دوستی بنشاں کہ کامِ دل ببار آرد

درختِ دوستی بونا کہ کامِ دل میں بار آئے | نہ بیج دشمنی رکھنا کہ آفت بے شمار آئے
ہے مہمانِ خراب آباد تو رندوں میں چل کر | وگرنہ سر ہی پھوڑے گا اگر ظالم خمار آئے

غنیمت ہو یہ شب یاراں نہ ہونگے ہم تو کل تک یاں
یہ گردوں ہو یونہی گرداں یہ ہی لیل و نہار آئے

بہارِ زندگی کیا چاہیں اس گلشن میں ہر موسم
کھلے گل سے اگر صد ہا تو بلبل سے ہزار آئے

غبار ہی دارِ لیلیٰ بحکمِ اِن مہر و مہ یارب!
کچھ ایسی گرد کہ مجنوں تک بھی وہ ناقہ سوار آئے

دلِ وحشی کی تو زلفوں سے ہے وابستگی پوری
ہلائے کاکلِ مشکیں کو کہ جاں کو بھی قرار آئے

پڑے کیوں سست دل یہ سینکڑوں من بارِ غم ہو گو
چلے اک جرعۂ مے پی کہ یہ کشتی سبک بار آئے

دعا حافظ کی پیری میں بھی ہی یارب کہ بیٹھا ہو
لب جو اک چمن میں سروِ سیمیں بر کنار آئے!

دوش از جنابِ آصف پیکِ بشارت آمد

دربار آصفی سے پیکِ بشارت آیا
عشرت کی بزم شہ سے لے کر اشارت آیا

خوباں تمام اپنی اپنی جگہ پہ ہوں گے
وہ ماہ مجلس آرا بہرِ صدارت آیا

خاکِ وجودِ یاراں گِل ہو گی آبِ مے سے
ویراں سرائے دل کا وقتِ عمارت آیا

کر عیب پوشی لِلّٰہ! اے خرقۂ مے آلود
اُس جیسا پاک دامن بہرِ زیارت آیا

اُس شوخ چشم سے دل ایمان کو بچانا
جادوگرِ کماں کش کرنے کو غارت آیا

یہ شرحِ بے نہایت جو حسنِ یار کی ہے
ایک حرف لاکھ میں سے ہی در عبارت آیا

تاجِ فلک ہے تختِ جمشید۔ دیکھو ہمت
چڑھ اُس پہ چیونٹا بھی باایں حقارت آیا

دربار بادشاہ کا اک بحرِ منفعت ہے
دوڑ اے زیاں رسیدہ وقتِ تجارت آیا

آلودہ ہے تو حافظ کر کسبِ فیض شہ سے
گنگا نہالے بحرِ ذخّارِ ہمت آیا

در نمازم خمِ ابروئے تو گر یاد آمد

خمِ ابروئے ترا مسجد میں اگر یاد آئے — ایسی رقت ہو کہ محراب سے فریاد آئے
ہم سے اب صبر و دل و ہوش کی امید نہ ہو — صبر جتنا تھا وہ سب لُٹ کے ہیں برباد آئے
نہ ستم توڑ زلیخا پہ بس اے یوسفِ مصر — کیوں ترا عشق ہو کیوں اس پہ یہ اُفتاد آئے
بار بردار شجر بارِ تعلق سے بنے — سرو اچھے رہے اِن جھگڑوں سے آزاد آئے
مے بھی سب چھن چکی، مرغانِ چمن مست ہوئے — فصلِ گل رکھنے کو پھر عشق کی بنیاد آئے
بوئے بہبود زمانے کی ہواؤں میں ہے بھری — پھول پھولے نہ سمائیں تو صبا شاد آئے
دل فریبانِ نباتات لدے زیور میں — دلبر اپنا بھی مع حسنِ خدا داد آئے
اے عروسِ ہنر اب شکوہ زمانہ کا نہ کر — حجلۂ حسن سجا جلد کہ داماد آئے
مطرب ایک زور غزل لطف سے گا حافظ کی — پھر وہی عہدِ طرب اپنا مجھے یاد آئے

دلے کہ غیب نمایست جام جم دارد

رکھے جو غیب نما دل وہ جام جم رکھے — گئے جو مہرِ سلیماں بھی کچھ نہ غم رکھے
نہ بخش دولتِ دل ہر فقیر صورت کو — دے ایسے شاہ نفس کو جو محترم رکھے
نہ لائے تاب جفائے خزاں ہر ایک شجر — ہرا ہیں سرو کو وہ ٹھونک کر قدم رکھے
نہیں کسی کو خبر سرِ غیب کی خاموش! — کہاں وہ محرمِ دل رہ جو در حرم رکھے
گئے وہ لاف تجرد کے، اب تو سینکڑوں شغل — شمیمِ زلف سے دل روز صبحدم رکھے
پھر آئی فصل وہ جس میں مثالِ نرگسِ مست — نثارِ جام کرے دو بھی جو درم رکھے

جگنوؤں کی طرح رکھے زر جو بیز ساغر سے | تو عقلِ کل بھی لبِ غیب متبسم رکھے
اُمید خرقۂ حافظ سے منقطع کیجے | صنم کو جیب میں ڈھونڈیں تو وہ ہم رکھے

در ازل ہر کہ بفیضِ دولت ارزانی بود

حسنِ طالع یہاں ازل میں جب کو ارزانی رہا | عیش و عشرت سے ابد تک ہمدمِ جانی رہا
قصدِ توبہ جب کیا تھا تب ہی گزرا تھا خیال | توبہ کا انجام دیکھو گے پشیمانی رہا
گو رہا سوسن صفت کاندھے پہ ڈالے جانماز | رنگِ مے سے خرقہ پہ ننگِ صد مسلمانی رہا
کنجِ خلوت بھی فروزاں رنگِ مے سے چاہیے | اندرونِ اہلِ دل جس طرح نورانی رہا
لطف کیا پائینگے صوفی اُن کی خلوت میں اگر | بادہ ریحانی نہ ساقی مست روحانی رہا
بے فروغِ جام کیا خلوت نشینوں کی بہار | وقتِ گل یاروں کا جبہ مجلِّ نادانی رہا
بزمِ عیش و نوبہار اور ردِ جام از دستِ یار | عمر بھر اے دوستو وجہِ گراں جانی رہا
طبع عالی ہو، نہ ہو جامِ مرصّع، رنگِ مے | چشمِ میکش میں بہ از یاقوتِ رمانی رہا
بے سر و ساماں اگرچہ کچھ نہ بچتا ہو مگر | ہر گدائے شہر یاں محمودِ سلطانی رہا
شہرت اچھی چاہئے تو صحبتِ بد چھوڑ دے | خود پسندی میں بھی ایک اظہارِ نادانی رہا
بولے ایک حسینا کہ حافظ پیتا ہی پنہاں شراب | ہے بہت بہتر گنہ صاحب جو پنہانی رہا!

دلم بے جمالت صفائے ندارد

وہ بے رُخ تو دل میں صفا ہی نہیں ہے | یہ بیگانہ دل آشنا ہی نہیں ہے
دلِ پاکِ عشاقِ مسکیں کی در کیا | حسینوں میں اس کی بہا ہی نہیں ہے

چلے جام ساقیِ گل رُو، جہاں کو
گلوں کی طرح سے ابقا ہی نہیں ہے

گیا دل تو اندیشہ کیا ہو کہ اُس کی
خمِ زلف ہے اور جا ہی نہیں ہے

ڈریں سینۂ تنگ سے تیر اُس کا
اگر جا لگے تو دوا ہی نہیں ہے

وآرام کے پاس ہے اور سب کچھ
نہیں ہے تو مجھ سے وفا ہی نہیں ہے

دلِ پاک حافظ میں کا البدر روشن
بلا مہرِ جاناں ضیا ہی نہیں ہے

دل شوقِ لبت مدام دارد

دلِ حسرتِ لب مدام رکھے
کیا جانے وہ لب سے کام رکھے

جاں شربتِ مہر و بادۂ عشق
سینے میں بھرے مدام رکھے

آشفتۂ زلفِ یار دایم
خطروں سے گھرا مقام رکھے

ہو یار کا ہم نشین کیسے
جو خطرۂ خاص و عام رکھے

کیا پوچھ یہ سکتے ہیں کہ دلبر
اپنا جو ہے کیا وہ نام رکھے ؟

خوش تو ہے وہی کہ یار کے ساتھ
صحبت جو علی الدوام رکھے

دل تیرا بھی پھانس لے بنفشہ
جو گل کو ہو زیرِ دام رکھے

ایک پل کا تو لطفِ بزم۔ حافظ
گل جشن کے اہتمام رکھے

دوش در حلقۂ ما قصۂ گیسوے تو بود

چھڑ گیا رات یہاں قصۂ گیسو تیرا
پہونچا تا آخرِ شب سلسلۂ مُو تیرا

دل ترے ناوکِ مژگاں سے نہایا خوں میں
نہ چھٹا پھر بھی کماں خانۂ ابرو تیرا

آفریں اُس کو صبا ہی کچھ اُڑا لاتی ہو — کون ہے ورنہ سُنا سائے سرِ کُو تیرا
شور و شرِ عشق سے کچھ دہر میں محشر تھے — فتنہ انگیز ہوا غمزۂ جادو تیرا
کھول دے بندِ قبا دل بھی ہوا کھائے ذرا! — دلکشا اپنا ہے ہر گوشۂ پہلو تیرا
شاملِ اہلِ سلامت یہ پریشان بھی تھا — راہزن جب وہ ہوا طرۂ ہندو تیرا
قبرِ حافظ پہ گذر، تجھ کو وفا کی ہی قسم! — مرتے مرتے تھا اسے شوقِ رخِ دلجو تیرا

دوش می آمد و رخسار برافروختہ بود

رات آیا جو وہ رخسار برافروختہ تھا — تا کُجا جل کے دلِ غمزدہ پھر سوختہ تھا
رہزنِ دین تھی وہ زلف اور وہ سنگین باطن — رہنما شعلِ رخسار برافروختہ تھا
رسمِ عاشق کشی اور شیوۂ شہر آشوبی — تھا وہ تن زیب کہ تن پر ہی ترے دوختہ تھا
ٹکڑے ہی کرنے کو کہتا تھا بظاہر لیکن — باطن ایک لطفِ نہاں بھی سوئے دلِ ریختہ تھا
یارو دنیا کو نہ دے کوئی - کہ کے روز چلا — وہ جو یوسف کے فروشندوں کا اندوختہ تھا
خونِ دل جمع کرے دیدہ بہائے ہیہات! — یوں لٹے آہ جو ایک عمر کا اندوختہ تھا!
دیکھتے ہی یہ کہا، خرقہ جلا، جا۔ حافظ! — ہائے یہ آنکھ پہ کھلا! کس کا وہ آموختہ تھا؟

دل من بدورِ رویت ز چمن فراغ دارد

تیرے رو برو چمن سے یونہی دل فراغ دیکھا — کہ مثالِ سرو پابند و جگر لالہ داغ دیکھا
نہ ہوں شاد کیوں بنفشہ پہ جو زلف سے ہو ہمسر — کسی گھانس پھونس کا بھی کہیں یہ دماغ دیکھا؟
نہ کیوں مرغِ صبح رو دیں کریں اپنا خونِ دیدہ — عجب آشیانِ بلبل میں بسا ہے زاغ دیکھا

نہ بسانِ ابرِ بہمن رہیں زار اس چمن میں — کہ اُسے تو مر گئے ہم پہ وہی فراغ دیکھا
تو خرام کر چمن میں، اُگا تختِ گل میں لالہ — بنا ایک مصاحبِ شہ رہے ایک ایاغ دیکھا
نہیں ہوگی زلف کی سر شب ار تو پیچ در پیچ — جو نہ شمعِ رُخ کا روشن سرِ رہ چراغ دیکھا
رہی روشنیِ رُخ میں بھی تو زلف رہزنِ دیں — یہی چور ایک نادر کہ لئے چراغ دیکھا
نہ جھکا سکیگی گردن یہ کوئی کمان ابرو — کہ جہان گوشہ گیری میں عجب فراغ دیکھا
ہے وردمند حافظ تو بے حرفِ درسِ اُلفت — کبھی مائلِ تماشا ہے نہ ذوقِ باغ دیکھا

دادگرا فلک ترا جرعہ کشِ پیالہ باد

دادگرا! فلک ترا جرعہ کشِ پیالہ ہو — دشمنِ دل سیہ رنگا خون میں برنگِ لالہ ہو
تیرے محل کا یہ کلس اس قدر اونچا ہو کہ بس — وہم کی بھی پہونچ کو ایک راہِ ہزار سالہ ہو
دودِ چراغِ دہر ہی زلفِ سیہ پری رُخ کی — جھومے نسیمِ بخت سے لہر میں جیسے کالا ہو
قمری و زہرہ تا نہیں لیں قدِ بلند پر ترے — نال پہ اُن کی مدعی ہمدمِ آہ و نالہ ہو
عدل کے آسماں کا چاند آدمیوں میں گُل ہے تو — بادۂ ناب سے سدا تیرا بھرا پیالہ ہو
نہ طبقِ فلک لئے پھرتے ہیں دو جو قرصِ نال — خوانِ نعیم شاہ سے بذل کو ایک نوالہ ہو
دخترِ فکرِ بکر یہ ہو چکی شہ سے ہم کنار — مہر بھی اس عروس کے باپ کے اب حوالہ ہو
حافظِ شہ نے لکھ غزل دی بہ ثبوتِ بندگی — مہر کرم کرے۔ گواہ لطفِ حضورِ والا ہو!

دیر لیست کہ دلدار پیامے نفرستاد

مُدت ہوئی خط بھی مرے نام نہ اک بھیجا — خط کا تو ہے کیا ذکر۔ سلام ایک نہ بھیجا

صد ہا ہی خط اے شاہسواراں تجھے لکھے — تُو نے تو زبانی بھی پیام ایک نہ بھیجا
معلوم تھا اُڑنے کو ہیں طوطے دل و جاں کے — صد دام خم طُرّہ سے دام ایک نہ بھیجا
مجھ وحشی کی جانب کہ ہوں ایک عقل رمیدہ — آہو صفت و کبک خرام ایک نہ بھیجا
افسوس کہ اے ساقیِ شکّر لب و سرمست — معلوم تھا مخمور ہوں جام ایک نہ بھیجا
دل بیچ ترے لافِ مقامات بخطا اُس نے — صد ہا ہی کئے کوچ و مقام ایک نہ بھیجا
حافظ نہ گزر حدِ ادب سے کہ گلہ کیا — آقا نے جو خط بندے کے نام ایک نہ بھیجا

دی پیر مے فروش کہ یادش بخیر باد

کل پیر مے فروش نے یادش بخیر باد — فرمایا پی شراب بھلا دل سے غم کی یاد
برباد دیدوں ہو میں نے کہا ننگ و نام کو — بولا کہ چل تو کہنے پہ تو ہر چہ باد باد
سود و زیاں رہیگا نہ سرمایہ آخرش — پس غم کئے سے فائدہ رکھ اپنے دل کو شاد
بے خار گل نہیں ہو نہ بے نیش نوش ہے — کیا کیجئے جہاں کی بنا ہی میں ہے فساد
بادہ سے بھر کے جام لبالب بگوش ہوش — سُن بیٹھ کر حکایتِ جمشید و کیقباد
جن مت محل امیدوں کے جائیگا ہاتھ جھاڑ — لیجائے یاں تو تخت سلیماں اُڑا کے باد
چاہے اگر کہ جان کو راحت نصیب ہو — رکھ وہی ہی دل کی تہ میں غمِ عشق کی نہاد
حافظ اگر ہو پندِ حکیمانہ سے ملول — چھوڑی یہ گفتگو ہی بس عمرت دراز باد

رو بر رہش نہادم و بر من گذر نکرد

سر رہ میں رکھ دیا تھا تو جا بیٹھے سپہر نہ کر — ہر آنکھ سو امید ہے وا ایک نظر نہ کر

مرنا مثالِ شمع ہے قدموں میں آ ر زرد
ہم تک گرہ رہی رشکِ نسیمِ سحر نہ کر

ماہی و مرغ میری فغاں سے نہ سو سکے
تو شوخ دیدہ تکیے سے اونچا بھی سر نہ کر

سیلِ سرشک کینہ نہ اس دل سے دھوئیو
خارا پہ صرف قطرۂ باراں اثر نہ کر

ہاں اور شوخ مرغِ دلِ بال و پر کباب
سودائے خامِ عاشقی سر سے بدر نہ کر

اللہ اس جوانِ دلاور کا ہو حفیظ
رخ تیر آرہ گوشہ نشیناں ادھر نہ کر

تو ہو جو کوئی سنگ دل بے ملاحظہ
جاں اس کے زخمِ تیغ کے آگے سپر نہ کر

دلکش ہے قصہ عشق کا حافظ کے کس قدر
وہ بھولتا نہیں تو اسے یاد کر نہ کر

راہے بزن کہ آہے بر سازِ آں توان کرد

وہ مے ہو جس کی دھن پر آہیں بھی ناتواں لیں
وہ شے ہو جس کو سن کر پی ساغرِ گراں لیں

گر آستانِ جاناں پہ سر جھکا سکیں ہم
گلبانگِ سربلندی اٹھ اٹھ کے آسماں لیں

کیا ذوقِ عشق و مستی حاصل ہو خانقہ میں
دیرِ مغاں میں ہوں تو پی بھی مئے مغاں لیں

ہاں رہزنِ سلامت زلفیں تو کیا غضب ہے
رستے میں لوٹ بردی ہنس کے کارواں لیں

قدِ خمیدہ اپنا بیکار ہی سہی پر
تیر آنکھ میں عدو کی ماریں تو یہ کماں لیں

نہرِ رواں ہیں آنکھیں نکلے جلوسِ جاناں
چھڑکاؤ کو دیں پانی میرے ہوئے رواں لیں

اہلِ نظر دو عالم دیں ہار ایک نظر پر
ہے عشق اس میں رکھو اول ہی نقدِ جاں لیں

ہم شرم سے کہیں کیا ساقی تو خود کرم کر
ہو جائے نیم اشارہ ایک بوسۂ دہاں لیں

لائق نہیں گدا کے قصر و سرائے سلطاں
ہم اور بہار چھپر دیں آگ یا دھواں لیں

عشق و شباب رندی سب جمع آرزو ہیں
لا ساقیا ہے مہلت ایک جامِ ارغواں لیں

دولتِ وصال کی گر ہوتی نصیب دیکھیں — مارے خوشی کے دھن کر سر پھوڑتے ہاں ہیں
ہیں عقل و فہم و دانش دادِ سخن کو لازم — یکجا ہوں یہ معانی تب داد خوش بیاں ہیں
حافظ قسم قرآں کی چھوڑے جو راہ دمن کو — کیا کیا نہ عیش تجھ کو گھیر آکے درمیاں ہیں

روزِ وصل دوستداراں یاد باد

عہد صحبت ہائے یاراں یاد رکھ — وہ شب و روزِ بہاراں یاد رکھ
اب کسی میں بھی وفاداری نہیں — وہ وفاداریِ یاراں یاد رکھ
تلخیِ غم سے ہو جب تا حلق زہر — بانگِ نوشِ بادہ خواراں یاد رکھ
کیا میں بیچارہ علاجِ غم کروں — تو ہی رنجِ غمگساراں یاد رکھ
ایک بھی تیری نہ ہو یاروں کو یاد — دل تو یاروں کی ہزاراں یاد رکھ
پھنس گئے دامِ بلا میں دیکھیے — حق سے حق گزاراں یاد رکھ
راز حافظ آج سے ناگفتہ بہ — وہ دعائے رازداراں یاد رکھ

رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند

سنا ہے مژدہ کہ ایامِ غم ہیں کم باقی — رہا وہ عیش نہ رہ جائیں گا یہ غم باقی
مرصع طاقِ فلک پر ہے آبِ زر سے رقم — یہاں رہے گی فقط شہرتِ کرم باقی
نگاہِ یار میں ہم گرچہ خاکسار ہوئے — نہیں رہے گا عدو کا بھی یہ بھرم باقی
کسی بھی حال میں ہو شکر کر، شکایت کیا — ہمیشہ کون رہا ہے بقیدِ غم باقی
سمجھ یہ شمع غنیمت وصالِ پروانہ — نہ ہو گی دیکھ یہ صحبت بھی صبحدم باقی

دیا ہے تجھ کو خدا نے کہ تو فقیر کو دے
نہیں رہیں گے یہ گنجِ زر و درم باقی

ترانہ نقشِ جمشید کا تھا سنتے ہیں
کہ جام پیجیے عمرِ جم ہے کم باقی

سنے تو ہاتفِ غیبی نے یہ بشارت دی
رہے گا کوئی نہ محروم از کرم باقی

وہ مہرباں ہے حافظ تو بدگماں نہ کر
اثر جفا کا رہے گا نہ نقشِ غم باقی

رسید مژدہ کہ آمد بہار و سبزہ دمید

بہار آئی ہے جنگل ہرے ہیں۔ پائی ہے نوید
وظیفہ ہو جو تجھے تو مصرف ہیں وہی گل و نبید

بطِ شراب کہاں ہے پکارے مرغِ چمن
نقابِ گل میں پڑے شورِ عندلیب سے چھید

مدارِ ساقیٔ گلفش سے آج چمن کے پھول
بنفشہ گردِ چمن کی کرے گی گل تجدید

بجز کرشمۂ ساقی نے دل کا کچھ بھی دیا
رہا نہ منہ جو کرے اب کسی سے گفت و شنید

جلاؤں پھونک دوں گر رنگ گیرا کپڑے
جو ایک گھونٹ کو بھی دے نہ مے فروش خرید!

بغیر رہنما رکھنا نہ دشتِ عشق میں پاؤں
گیا نہ لے کے جو رہبر ملی نہ اس کی رسید

وہ خاک سمجھے گا لذاتِ میوہ ہائے بہشت
نہ لطفِ سیبِ زنخداں یہاں ہوں جس نے چشید

نہ مشکلوں سے ہو دل تنگ و طریقِ ادب
کہ زحمتیں ہی اٹھا کر ہے راحتوں کی امید

عجائبِ رہِ عشق؟ اے رفیق سینکڑوں ہیں
یہاں کے ہرنوں سے پڑتے ہیں شیرِ چرخِ سپید!

اے خضرِ راہِ حرم! رہنما ہو بہرِ خدا
نہیں ہے حدِ بیابانِ عشق کوئی پدید

نہ پایا دل نے کوئی باغِ آرزو سے ثمر
نہ چلنے کی تھی نسیمِ کرم کو کیا تاکید؟

شراب نوش و عطا جامِ زر ہو حافظ کو
معاف شہ نے کیے صوفیوں کے جرمِ شدید

چلی بہار کرم گستر اخیر سے لیجے!
تمام فصل نہ حافظ نے دیکھی گل نہ نبید

روزِ ہجران و شبِ فرقتِ یار آخر شد

روزِ ہجران و شبِ فرقتِ یار آخر ہے / فال کھینچی ہے کہ ہر مشکلِ کار آخر ہے

وہ ہر ایک ناز و تبختر جو خزاں کرتی تھی / سب طفیلِ قدمِ بادِ بہار آخر ہے

ہو گئے دل کے ہمارے بھی منوّر آفاق / نور میں آئے نکل گرد و غبار آخر ہے

وہ پریشانیِ شبہائے دراز و غمِ ہجر / سب تہِ سایۂ گیسوئے نگار آخر ہے

ساقیا عمرِ دراز اور چھلکتا ہے جام / تیرے صدقے وہ سب اندوہِ خمار آخر ہے

شکر صد شکر! باقبالِ کلاہِ شہِ گل / نخوتِ بادِ خزاں شورشِ خار آخر ہے

شک ہی بدعہدیِ ایام سے اب تک دل کو / کیا وہ سب قصۂ غم حالتِ زار آخر ہے؟

صبحِ امید جو پنہاں تھی پسِ پردۂ غیب / کہہ دو آ جائے کہ طولِ شبِ تار آخر ہے

وہ جو زلفوں نے مرے کام سب الجھائے تھے / اُن کو سلجھا رہی ابروئے نگار آخر ہے

غیرِ حافظ کا نہیں تھا تو نہ ہو کوئی شمار / وہ تو سب کلفتِ بیحد و شمار آخر ہے

زاہدِ خلوت نشین دوش بمیخانہ شد

زاہدِ خلوت نشیں شب گیا میخانہ کو / جھٹ کیے پیمان سب چکھ گیا پیمانہ کو

شاہدِ عہدِ شباب پا گیا شاید بخواب / دیکھنا اس عمر میں کیا ہوا دیوانہ کو

مغبچہ جاتا تھا ایک راہزنِ عقل و دیں / چھوڑ کے سب آشنا کر لیا بیگانہ کو

صوفیِ مجلس جو تھا جام و قدح توڑتا / کر دیا عاقلِ کل ایک جرعہ میں دیوانہ کو

نرگسِ ساقی نے کیا پڑھ کے یہ دم کر دیا / وردِ مرا دیدیا گردشِ پیمانہ کو

آتشِ رخسارِ گل خرمنِ بلبل جلا — چہرۂ خنداں شمع آسا پروانہ کو
رونا سحر شام کا شکر سے حاصل نہ تھا — شکر نے پیدا کیا گوہرِ یکدانہ کو
منزلِ حافظ رہی بارگہِ کبریا — دل رہا دلدار پاس جاں گئی جانانہ کو

سالہا دل طلبِ جامِ جم از ما می کرد

جامِ جم کب سے طلب دل یہ کیا کرتا تھا — تھا بغل ہی میں جو تجھ مجھ سے تکا کرتا تھا
صدفِ کون و مکاں میں جو نہ تھا دُرِ طلب — ہر غریقِ لبِ دریا سے کیا کرتا تھا
مشکل اپنی بھی یہی لے پیرِ مغاں پاس گیا — ایک نگہ میں جو ہر ایک عقدہ کو وا کرتا تھا
بیدل ایک "در ہمہ احوال نگہبانِ خدا" — دیکھ کر دور سے "از بہرِ خدا" کرتا تھا
خوش و خنداں مجھے پایا وہ لئے ہاتھ میں جام — سیر اس آئینہ میں جانے کیا کرتا تھا
پوچھا استاد سے کب ہاتھ لگا تجھ کو یہ جام — بولا جب گنبدِ مینا کی بنا کرتا تھا
پوچھا وہ یار سرِ دار ہوا جس سے بلند؟ — راز کہتا تھا، کہا: "بس یہ خطا کرتا تھا"
پوچھا یہ عقل کے نیرنگ؟ کہا "سحر جو سب — سامری با یدِ بیضا و عصا کرتا تھا"
فیضِ روح القدس آمادۂ امداد ہو گر — ہم بھی دکھلا دیں مسیحا جو کیا کرتا تھا"
رازِ غنچے کی طرح دل میں نہاں رکھ کے نگار — شرح یک نکتہ میں سو صفحے رنگا کرتا تھا
پوچھا کیا شے ہے بھلا سلسلۂ زلفِ بتاں؟ — بولا حافظ شبِ یلدا کا گلہ کرتا تھا

سالہا دفترِ ما در گروِ صہبا بود

دفتر اپنا گروِ قیمتِ صہبا ہی رہا — رونقِ میکدہ یہ درس و مشغلہ ہی رہا

کاش سیکھے یہ کوئی پیرِ مغاں کے اخلاق
بد سے بدمست کا ہر فعل گوارا ہی رہا

پیرِ گلرنگ نے منھ کھول دیا یاروں کا
نیلے پوشوں کا ہر اک قصہ شگفتہ ہی رہا

جب تلک سایہ فگن سر پہ سہی بالا تھا
پھول سا میں لبِ جو شاد تھا پھولا ہی رہا

آبِ مے سے سندِ علم سراسر دھو ڈال
چرخ کو دیکھ لیا دشمنِ دانا ہی رہا

تیر مارا یہ غم آلودہ غزل میں مطرب
کہ جو دانا تھا یہاں خون سے روتا ہی رہا

پیرِ پرکار کی مانند پھرا دل بھٹکا
پائے پرکار بخطا نقطہ پہ برجا ہی رہا

قلبِ حافظ نہ قبول اُس نے کیا تاڑ گیا
کھوٹ تہ تک کا میں ہر چند چھپاتا ہی رہا

ساقی! حدیثِ سرو و گل و لالہ میرود

لب تک جو نامِ سرو و گل و لالہ جائے گا
ساقی نہ بے ثلاثہ غسالہ جائے گا

مے دے کہ ہے عروسِ چمن حدِّ حسن پر
اب کام بن بکوششِ دلالہ جائے گا

بادِ بہار آتی ہے گلشن سے شاہ کے
ژالے سے پھر یہ بحرِ قدحِ لالہ جائے گا

غرقِ عرق وہ آئے گا تو عارضِ چمن
غیرت سے ڈوب بعرقِ ژالہ جائے گا

اُس چشمِ جادوانہ عابد فریب کے
ایک کاروانِ سحر بدنبالہ جائے گا

زر کھو کے اپنا سامری احمق بنے گا کون
موسیٰ کو چھوڑ درپئے گوسالہ جائے گا؟

شکر شکن بنیں گے سبھی طوطیانِ ہند
یہ قندِ پارسی مرا بنگالہ جائے گا

طےِ مکاں تو دیکھیے کوئی درِ طریقِ شعر
یہ طفلِ یک شبہ رہِ یکسالہ جائے گا!

حافظ ہی شوقِ مجلسِ سلطان غیاثِ دیں
تو چپ نہ رہ کبھی تو پہنچ نالہ جائے گا

سروِ چمانِ من چرا میلِ چمن نمی‌کند

سروِ چماں ہمارا کیوں سیرِ چمن نہیں کرے؟
ہمدمِ گل نہیں ہو کیوں یادِ سمن نہیں کرے؟

تحفہ بھیجے ہے صبا دامنِ پاک تیرا کیوں
خاکِ بنفشہ زار کو رشکِ ختن نہیں کرے

کھینچے کمانِ ابرو کی گرچہ ہزار منتیں
گوشہ گزیدہ ہی رہے گوشِ سخن نہیں کرے

دستِ نسیم سے ہو جب زلفِ بنفشہ پر شکن
دل نہ کیوں یادِ وعدۂ عہد شکن نہیں کرے

گزرے وہ عطرِ پیرہن پھر بھی صبا سے ہو عجب
خاک کو اس گلی کی کیوں رشکِ ختن نہیں کرے

ساقیِ سیم ساق وہ زہر بھی دے تو کون ہے
جو کہ پیالہ کی طرح باز دہن نہیں کرے

طرّہ کا اپنے جب گلہ مجھ سے سنا تو کیا کہا
آہ یہ کج رو سیاہ! گوشِ سخن نہیں کرے

ہو کے اداس دل ہوا چین سے چینِ زلف میں
اب سفرِ دراز سے عزمِ وطن نہیں کرے

آبروئے مفت مت بہائیاں ان آنسوؤں بغیر
دُرجِ صدف میں پرورشِ دُرِّ عدن نہیں کرے

حافظ اگر تو ماتمِ تیغِ ادا نہ کھاتا یوں
تیغ بسر ہو وہ اثر جس میں سخن نہیں کرے

سمن بویان غبارِ دل چو بنشینند بنشانند

سمن بویاں غبارِ دل جو بیٹھیں گے بٹھا دیں گے
پری رویاں قرارِ دل جب اٹھیں گے اٹھا دیں گے

اگر فتراک باندھیں گے تو جانیں ساتھ کس لیں گے
نچوڑیں عنبریں زلفیں تو صدہا دل گرا دیں گے

بہیں گے لعلِ رمانی بھی آنکھوں سے تو ہنس دیں گے
نہفتہ راز پیشانی سے سب پڑھ کر بتا دیں گے

قریب ایکدم گر آ بیٹھیں گے فوراً اٹھ کھڑے ہونگے
اکھڑ کر تازہ نخلِ آرزو دل میں جما دیں گے

چڑھیں منصور وش بردار برخوردار بھی ہوں گے
دوائے درد گر چاہیں گے دردِ بے دوا دیں گے

اگر پوچھیں گے درویشوں کے آنسو دُر ہی پائیں گے — سحر خیزوں سے گردوں گر نہ پھیری دن پھرا دیں گے
جو با نیاز آئیں گے در پہ وہی در ناز آئیں گے — اگر اس در سے راندیں گے بھی حافظ کو تو راہ دیں گے

سحرم دولت بیدار بہ بالیں آمد

سحر ایک دولتِ بیدار نے میرے بالیں — وہی ندا آ کے کہ اُٹھ آتا ہے خسروِ شیریں
پی کے ایک جام مگن ہو کے تماشے کو نکل — دیکھ آنے کے تو معشوق کے اپنے آئیں
بانٹ انعام گرہ کھول دے نافے کی ذرا — خود ختن سے ترے پاس آنے کو ہیں آہوئے چیں
آبِ زاری سے رُخِ سوختہ جاناں پہ ہی پھر — نالہ ہے دادرسِ عاشقِ زار و مسکیں
مرغِ دل پھر رہے ہوا دار کماں ابرو کا — ہیں کمیں صید گہ جس کے تن و جان و دل و دیں
کب تلک گرہیں لگائے گا ہوا میں آخر — ہاں خبردار کبوتر کہ وہ آیا شاہیں
ساقیا دے بھی مے اور چھوڑ غمِ دشمن و دوست — آئے یہ عین خوشی ہو جائے وہ جم جم آئیں
آمدِ یار پری چہرہ کی شادی میں پلا — دل ہے غمگین و مئے لعل دوائے غمگیں
رسم ہے عہدی ایام پہ آج ابرِ بہار — رو دیا دیکھ کے رنگِ گل و حالِ نسریں
شعر حافظ کے جو بلبل سے سنے پکی نسیم — سیرِ گل کرنے کو پھرتی دمِ عنبر آگیں

ستارہ بدرخشید و ماہِ مجلس شد

بنا چمک کے ستارہ جو ماہِ مجلس تھا — دلِ رمیدہ کا اپنے انیس و مونس تھا
لکھا کبھی نہ پڑھا وہ نگار مکتب میں — مگر جو غمزہ تھا استادِ صد مدرس تھا
اسی کی بو پہ دلِ عاشقاں نثارِ صبا — فدائے عارضِ نسرین و چشمِ نرگس تھا

طرب سرائے محبت کی ہو گی اب تعمیر — کہ طاقِ ابروئے جاناں سا کب مہندس تھا
بلا کی مے وہی کرشموں نے تشنوں کو پلا — خبر نہ علم کو کچھ تھی نہ عقل کو حس تھا
بنائے یار ہیں میکدے میں صدر نشین — گدائے شہر جہاں دیکھا میرِ مجلس تھا
لبوں سے قطرۂ مے پوچھ! اُن کے دیکھے ہی — ہزار شکلِ گنہ سے یہ دل مونس تھا
بندھی تھی آبِ خضر اور جامِ جم کی ہوا — نہ آشنائے مے جبتک کہ بو الفوارس تھا
گئے جو میکدے کو دوستو! پلٹ آؤ — گیا تھا حافظ اسی راہ، آیا مفلس تھا

ساقی ار بادہ ازیں دست بجام اندازد

ساقی! اِن ہاتھوں سے پُر بادہ اگر جام ہوئے — بادہ کش دیکھنا سب صوفیِ عظام ہوئے
دامِ گیسو میں اگر دیکھ لیا دانۂ خال — دیکھنا مرغِ خرد جتنے ہیں سب رام ہوئے
زاہد اس چاند پہ ٹوپی سرِ خورشید کی ہو — وہ مہِ تام سے طالع ہیں اگر جام ہوئے
سر پڑا پائے نگاریں ہیں کہ اڑ کر دستار — اے خوشا! ایسے جو بدمست مے آشام ہوئے
زاہدِ خام طمع بر سرِ انکار رہے پھر — پختہ کیا ہو کہ نہ دیدار سے خام ہوئے
دن کو گر کسبِ ہنر بادہ کشی سے دن کی — دل کے آئینے بہت گھٹ کے سیہ فام ہوئے
گردِ آفاق کے شب چھوڑتی ہے پردۂ شام — پی مے صبح فروغ اس لئے تو شام ہوئے
پی نہ با محتسبِ شہر و گرنہ حافظ — بادہ سب صاف، تو سنگسار ترے جام ہوئے

سحر چوں خسروِ خاور علم بر کوہساران زد

اڑے جھنڈا شہِ مشرق کا جس دم کوہساروں پر — پھرے دستک زناں رحمت تری امیدواروں پر

ہوئی جب صبح پر روشن عقیقت مہرِ گردوں کی — نکل آئی لگایا قہقہہ ایک کامگاروں پر
جہاں لی اُس نے پھر کی رقص میں لفیں بھی گھل کھیلیں — پیاپے ضربِ دل مخمل میں برسی دل فگاروں پر
صلاح و تقویٰ سے ہم نے اُسی دن ہاتھ دھوئے تھے — کہ چشمِ بادہ پیما کی صلا تھی ہوشیاروں پر
کس آہن دل نے سکھلائے تجھے یہ آئینِ عیاری — کیا چھٹتے ہی پہلا وار تو شب زندہ داروں پر
اُمنڈ آیا خیالِ شہسواراں قلبِ مسکیں پر — خدا ناصر پڑا ہے قلب میں جا کر سواروں پر
میں باایں خرقۂ پشمیں پھنساؤں دام میں کیونکر — بزرہ موج جس کے مژگاں برق زن خنجر گزاروں پر
شہنشاہِ مظفر زیب پناہِ ملک و دیں منصور! — ہنسے جس کی سخاوت ابر جیسے قطرہ باروں پر
ہُوا ہے جب سے جامِ مئے مشرف اس کے ہاتھوں سے — زمانہ شاد و ساغر گیر گو رسے میگساروں پر
اُسی دن فتح روشن اُس کی تیغ زرفشاں سے تھی — گرا خورشید انجم سوز بن کر جیب ہزاروں پر
تعالیٰ اللہ اگر پائے ترا نیرنگِ ہستی جب — صفا سے اپنی چشمک زن ہو گل پر ہنرگاروں پر
دوامِ ملک و عمرِ شہ کا طالب حق سے ہو حافظ — ازل سے سکہ و دولت ہے موزوں شہسواروں پر

سحر بلبل حکایت با صبا کرد

صبا سے صبح بلبل نے بکا کی — کہ عشقِ گل نے حالت دیکھ کیا کی
قدم اُس نازنیں کے چوم تب لیجے — کہ نیکی جس نے بے رُو و ریا کی
نسیمِ صبحگاہی شاد رہیو! — کہ دردِ شب نشیناں کی دوا کی
نہیں بیگانوں کی ہرگز شکایت — عنایت سب یہ ہے ایک آشنا کی
نقابِ گل کھلی جب زلفِ سنبل — کھلی گرہِ قبائے غنچہ وا کی
چھپا وہ رنگِ رُخ دل میں ہمیشہ — بہاری صبح کانٹوں سے سجا کی

فغاں تھی بلبلِ بیدل کی ہر سو | اُدھر اٹکھیلیاں بادِ صبا کی
طمع سلطان سے کرنی خطا تھی | وفا دلبر سے گر چاہی جفا کی
کمالِ دین و دولت پا او فا نے | سرانِ شہر میں مجھ سے وفا کی
بشارت دے فروشوں کو ہو حافظ | قسم ہی کھا گیا نہ ہو ریا کی

سر سودائے تو اندر سرِ ما می گردد

سر مرا عشق کے سودا میں بھرا پھرتا ہے | تو نہ دیکھ اس سرِ شوریدہ میں کیا پھرتا ہے
جس کا دل عشق کی چوگان میں اٹکا جا کر | گیند کی طرح پڑا ہے سر و پا پھرتا ہے
ظلم و بیداد و جفا کیا نہیں ہوتا پھر بھی | دل ہمارا وہی در کوئے وفا پھرتا ہے
یہ نحیفی و نزاری و قدِ خم میرا | ماہِ نو کی طرح انگشت نما پھرتا ہے
ہجرِ گلزارِ رُخِ یار میں یہ بلبلِ طبع | مدتوں سے تو نہیں بے برگ و نوا پھرتا ہے
تیری یا دوری میں اے سرو قدِ لالہ عذار | مجھ سا آشفتہ و سرگشتہ صبا پھرتا ہے
جورِ افلاک سے اور غصۂ دوراں میں یہ دل | پیرہنِ صبر کا صد چاک پڑا پھرتا ہے
دلِ حافظ ہے ترے کوچہ میں دائم گرداں | چھانتا درد کی بیمار دوا پھرتا ہے

ساقی اندر قدحم بازمے گلگوں کرد

ساقی پیالے میں مرے پھر مئے گلگوں دیدی؟ | پھر مئے کہنہ و دیرینہ میں افیوں دیدی؟
غیر کو دی مئے کہنہ تو نہ بیش از معتاد | میری نوبت پہ دگن بلکہ کچھ افزوں دیدی
یہ قدح نے اڑا ایکبارگی سب ہوش و حواس | اس قدر دی کہ مرے ضبط سے بیروں دیدی

نہ سمجھنا کہ مرے کاسۂ ویرانے میں
یہ بلا آج ہی کرنے کو جگر خوں دیدی

جس کو دل کہتے ہو اور خونِ جگر روزِ ازل
شورِ عشق اُن میں ملا کر مجھے مجنوں دیدی

ابتدا ہی سے بٹھا کر کسی اُستاد کے پاس
غیر کو عقل مجھے وحشتِ مجنوں دیدی

دل حافظ کو بتوں نے تو اُدھر بہلایا
اور اُدھر تُو نے دیا چشم پُر افسوں دیدی!

سپیدہ دم کہ صبا بوئے بوستاں گیرد

نماز دم کہ جہاں رنگِ بوستاں لیلے
چمن میں لطف ہوا نکہتِ جناں لیلے

نوائے چنگ میں دلکش ہو وہ صلائے صبوح
کہ پیرِ خانقہ راہِ کوئے مغاں لیلے

شہِ سپہر یہ زرّیں سپر اُٹھائے ہوئے
بہ تیغِ صبح و عمودِ اُفق جہاں لیلے

برغمِ زاغِ سیاہ، شاہبازِ سدرہ نشیں
تہِ مقرنسِ زنگار آشیاں لیلے

عجیب جائے تماشا ہو بزم گاہِ چمن
کہ لالہ جام دے، نسرین ارغواں لیلے

غضب کی آتشِ گل صبحدم بھڑک اُٹھے
عجیب سوزِ دمِ مرغِ صبح خواں لیلے

عجیب پرتوہ نورِ چراغِ صبح دکھائے
عجیب شعلۂ دل شمعِ آسماں لیلے

خیالِ شاہی نہیں گر دماغِ حافظ میں
کیوں اُس کی تیغِ سخن عرصۂ جہاں لیلے؟

شاہداں گر دلبری زینساں کنند

دلبری اسے شاہد وہ اس شان میں
چھید زاہد کے پڑے ایمان میں

شاخِ نرگس وہ جہاں پھولے پھلیں
گلعذار آنکھوں کے نرگس دان میں

یار اپنا جبکہ ہو گرمِ سماع
عرش پر قدسی بھی ہوں وجدان میں

ہو طلوعِ مہرِ طلعت صبح وار — آئینۂ دل کا تو ہو رخشاں میں
مردمِ چشم اپنے غرقِ خوں ہوئے — ہائے انساں پہ یہ ظلم انسان میں
گردنِ عشاق اُن کے بس نہیں — جو کہے تو ہیں ترے فرمان میں
اپنی آنکھوں میں تو ایک قطرہ نہیں — کیا دھرا تھا نوح کے طوفان میں
ایک نگاہ ناز کر تیری نظر — موت کو آساں کرے ایک آن میں
عیدِ دیدار آپ کی ہو تو سہی — ہم تو دیدیں جان بھی قربان میں
کھیل لے چوگانِ جوانِ سرو قد — خم نہیں جب تک ترے چوگان میں
غم میں خوش دل رہ کے اہلِ دل تمام — شاد ہیں فرقت کے آتشدان میں
عشقِ آہِ نیم شب حافظ نہ چھوڑ — منجھ کے دل تا صبح ہو رخشان میں

شرابِ بیغش و ساقیِ خوش دو دام رہند

شراب و ساقیِ مہوش دو دام بے پشہ ہیں — کہ زیرکانِ جہاں اِن کی چاہ میں تبہ ہیں
ہوا کروں جو میں ہوں رند مست نامہ سیاہ — ہزار شکر کہ یارانِ شہر بے گنہ ہیں
نہ کر حقیر گدایانِ شہر کو یہ لوگ — شہانِ بے کمر و خسروانِ بے کلہ ہیں
نہیں ہے فقر میں ظلم و ستم روا ہرگز — پلا دو بادہ یہ سالک برعکس مردِ رہ ہیں
غضب ہے کو کہ دلبری نہ پائے گرہ بند — فرار چاکرو لرزاں غلام بارگہ ہیں
مرید کرتے ہیں دُردی کشانِ واحد رنگ — نہ وہ کہ گیروا اُن کی عبائیں دل سیہ ہیں
قدم نہ رکھیے خرابات میں مگر بہ ادب — یہاں جو رہتے ہیں سب محرمانِ بادشہ ہیں
نہ بھولیو! کہ ہو جب اوج موج پر رحمت — ہزار خرمنِ طاعت کو لیتے ایک جو ہیں

جنابِ عشق ہے حافظ بلند ہمت کر — وہ ٹھوکروں کو بھٹکنے کی دیتے کب جگہ ہیں

شاہد آں نیست کہ موئے و میانے دارد

وہ حسیں کیا جو فقط مو و میاں رکھتا ہے — دل اُسے دے جو کوئی حسن میں آں رکھتا ہے
صورتِ حور و پری گو ہے لطیف اُس سے بھی خوب — وہ لطافت کہ جو اک دوست فلاں رکھتا ہے
چشمہِ چشم کو بھی تو گلِ خنداں دیکھے — دیکھے کیا اُس کے لئے آبِ رواں رکھتا ہے
نغمہ زن بلبلِ سنجیدہ تو ہو گی نہ وہاں — جو چمن ساتھ لگا خوفِ خزاں رکھتا ہے
قدر اندازوں میں یا میری ہو کمانِ ابرو — دے اُسے نذر کماں بانِ کماں رکھتا ہے
تجھ سے کون آگے نکل سکتا ہے خود مہرِ فلک — پا بہ کاووں میں نہ ہاتھوں میں عناں رکھتا ہے
بالیقیں کوئی نہیں محرمِ رازِ رہِ عشق — حسبِ فہم اپنے ہر اک وہم و گماں رکھتا ہے
نہ خرابات نشینوں میں کرامات بگھار — ہر سخن موقعہ و ہر نکتہ مکاں رکھتا ہے
تجھ کو بھایا تو مرا شعر ہے دلدوز ضرور — تیرے حرفِ محبت بھی نشاں رکھتا ہے
نہ کہی جائے کہو۔ اُٹھے نہ حافظ سے کبھی — ورنہ اُس کا بھی قلم نوکِ زباں رکھتا ہے

شراب و عیش نہانیست کارِ بے بنیاد

شرابِ و عیشِ نہاں نیست لغو و بے بنیاد — پہ آ پڑے صفِ رنداں پہ اب تو بادا باد
شگفتہ باش و نہ کچھ گنبدِ سپہر کی پوچھ — کہ ہوش گم ہے یہاں ہر مہندس و استاد
نہ انقلابِ جہاں پر بھی کوئی حیرت ہو — پکھنڈ ایسے ہزاروں ہیں آسماں کو یاد
ذرا ادب سے قدح تھام اُس کی طینت میں — سرشتہ ہے سرِ جمشید و خاکِ کیقباد

بتائے کون جم و کے کہاں گئے نہ خبر
کسی کو اس کی کہ کیوں تختِ جم گیا برباد

بہ حسرتِ لبِ شیریں ہی جانے اس کو
ہنوز لالہ کھلاتی ہے تربتِ فرہاد

مگر ہے لالے کو کچھ علم بے وفائی دہر
کہ جام اٹھا کے رہا جیتے جی نہ رکھا یاد

رکھا نہ ہاتھ سے گر جام کیا تھا جب سے
خرابِ پاک تر اس سے نہیں ہے نکلا باد

دف اور چنگ کے نالے پہ گفتگو کی ہے
بندھا ہے سازِ طرب بھی نہ اس سے دلِ شاد

ادھر لیا تو کوئی دم خراب بھی رہ لیں
خرابی ہی تو لا دیتا ہے خراب آباد؟

جو گزری گزری ترے عشق میں وہ ماجرا پہ
الٰہی پائیں شکست عاشقانِ دشت مباد

صوفی نہاد دام و در حلقہ باز کرد

صوفی بچھا کے دام و در حلقہ باز کر
خود چرخ حیلہ ساز سے بیٹھا ہے ساز کر

نیچا ہی آسمان دکھائے گا ٹھہر جا
کچھ اور مکر و شعبدہ با اہلِ راز کر!

آ ساقیا کہ شاہدِ رعنائے صوفیاں
پھر جلوہ گر ہوا وہی انداز و ناز کر

مطرب یہ کیا کہ ٹھاٹھ بدل کر عراق کے؟
آہنگِ بازگشت میں ہے اب حجاز کر؟

ہم در امان و حفظِ خدا۔ تو جو کر سکے
اے آستینِ کوتہ و دستِ دراز کر

بن است ریا سے جس نے محبت میں فن کیے
عشق اُس سے چلدیا درِ لعنت فراز کر

اے کبکِ خوش خرام جو چلی ناز سے تو پھر
بلی کا اعتبار نہ تو بہ نماز کر

ہوتا ہے پیش گاہِ حقیقت میں کل جو پیش
شرمندہ واں نہ ہو تو نظر بر مجاز کر

حافظ نہ کر ملامتِ رنداں ازل کے دن
زہد ریا سے تجھ کو دیا بے نیاز کر!

صوفی از بادہ بہ اندازہ خورد نوشش باد

صوفی اندازے سے پی بادہ تجھے نوش رہے
بادہ نوشی ہی تجھے، ورنہ فراموش رہے

ایک چلو بھی جو یہاں ہاتھ سے دینا چاہئے
وانما شاہدِ مقصود در آغوش رہے

آنکہ گر آئینہ دارانِ خط و خال سے ہو
لب بھی از بوسہ ربایانِ لبِ نوش رہے

اِس لئے نہ کرے لب سے کو بات کوئی
جہاں فدائے شکرِ پستہ خاموش رہے

نرگسِ مست، نوازش بھری مردم صورت
خون عاشق سے بھرے جام پیے نوش رہے

کون یہ شاہسوار خوش و خرم ہے خدا
دو جہاں اس کا فدائے علم و دوش رہے!

شاہِ ترکانِ سخن مدعیاں سنتا ہے
حیف! یاد اس کو نہ گر خونِ سیاوش رہے

قلمِ صنع میں دیکھے نہ خطا اپنا پیر
روشن اس کی نظر چشم خطا پوش رہے

بندگی میں تری حافظ ہوا مشہور جہاں
حلقۂ زلف ترا اس کا درِ گوش رہے

صبا وقت سحر بوئے ز زلف یار می آورد

صبا وقتِ سحر خوشبوئے زلف یار لاتی تھی
دل بیکار کو پھر کے بنا باکار لاتی تھی

بر شکستہ تارِ زلفِ یار روئے صبح پر بارے
صبا جو چیدۂ مشکیں نافۂ تاتار لاتی تھی

ضیائے ماہ دیکھی اس کے بامِ قصر سے روشن
خجل خورشید کو کرتی پسِ دیوار لاتی تھی

سراسر بخشش جاناں تواضع لطف و احساں تھی
کہیں تسبیح دیتی تھی کہیں زنار لاتی تھی

تماشا ہوتا تھا زلفِ گرہ گیر اسکی جب اُس شب
اڑاتی دل کہ دشمن کی زباں اقرار لاتی تھی

بقولِ مطرب و ساقی گیا بیڑہ بھی کیا کیا
کہ قاصد کو وہ چکر میں رہِ دشوار لاتی تھی

اکھیڑ اجڑے ہچکیا سینے سے شاخ صنوبر کو — کلی جو غم کی کھلتی تھی مصیبت بار لاتی تھی
بھگایا خون گرفتہ دل کو جب کے خوف غارت سے — وہی آنکھ اس کا خون کرتی بحالِ زار لاتی تھی
عجب تھا دستِ حافظ دستِ بختِ زمین شب لیکن — نہ ٹوکا ہم نے محفل میں کہ صوفی جو ادا لاتی تھی

صبا بہ تہنیتِ پیرِ مے فروش آمد

صبا بہ تہنیتِ پیرِ مے فروش آئے — کہ موسمِ طرب ایّام ناؤ نوش آئے
ہوا مسیح نفس ہے نسیم نافہ کشا — درخت سبز ہیں بلبل بھی پُرخروش آئے
کنول ہیں لالے کے بادِ بہار کے دوش — پسینے غنچہ کو گرمی سے گل کو جوش آئے
بگوش دل سنو یا نو بہ مدام عیش کرو — یہ صبح اُٹھتے ہی آواز میرے گوش آئے
وہ ایسی مُرغِ سحر کیا پڑھا رہے سوسن کو — کہ بارہ ہاتھ کی ہے گر زباں خموش آئے؟
یہ مجلس اپنی ہے نامحرموں کا یہاں کیا کام — پیالہ ڈھانک لو یارو جو خرقہ پوش آئے
ترے بھلے کی ہے آتو بھی بادہ نوشی کر — یہاں تو دین گئے زاہد جو بادہ نوش آئے
چلا جو میکدے کو خانقہ سے جا حافظ — بھلے کو اب بھی جو زہد رہا ہے ہوش آئے

طایرِ دولت اگر باز گزارے بکند

طایرِ بخت جو منہ رُخ پہ ہمارے کرلے — یار پھر آئے اور اقرار بھی سارے کرلے
در د گوہر کا نہیں آنکھ میں اب نام تو کیا — خون کے جمع پچھاور کر شرارے کرلے
شہرِ عشاق سے خالی سہے مگر ممکن ہے — غیب سے آکے کوئی کام سنوارے کرلے
میرے حالات سکھے اور تو کس کی یہ مجال — گوش زد اُس کے صبا چاہے تو سارے کرلے

باز چھوڑا تو ہے مُہرِ خاب پہ لیکن اے بخت
پھر کے آ جائے وہ کچھ صبر بھی بارے کر لے

جو خجی کوئی کرے بزمِ طرب سے ایک گھونٹ؟
غمزدہ دشمنِ غمخوار اس کے سہارے کر لے؟

یا وفات اپنی، خبر وصل کی، یا مرگِ رقیب
چرخ ایک کام تو کہنے سے ہمارے کر لے

لب سے پوچھا ترے۔ امیدِ شفا کی کروں؟
ہاتفِ غیب یہ سنتے ہی پکارے "کر لے"

در سے حافظ، اٹھا اس کے تو آخر ناچار
لانگ کر جائے وہ یا خود کو کنارے کر لے

عکس رو تیو کہ در آئینہ جام افتاد

رخِ روشن سے جھمک آئینۂ جام پڑا
پرتوِ مے پہ ایک صوفی نا کام پڑا

وہ تری جلوہ گری روزِ ازل زیرِ نقاب
عکس چھن چھن کے گرا بر رخِ افہام پڑا

عکسِ مے اور نہ شیشے کی چکا چوند یہ سب
ایک فروغِ رخِ ساقی سے جھلکتا جام پڑا

غیرتِ عشق سے ہیں گنگ زباں جملہ خواص
راز پھر کیسے کھلا اور دہنِ عام پڑا؟

مجھ ہی دل سوختہ پر آپ نے کیا کیا ہے کرم
ایک گدا میں ہی نظر لائقِ انعام پڑا؟

پاک ہیں، پاک نظر، فائزِ مقصود ہوئے
وہ جو رنجی ہیں تمہارا بادہ ہوسِ خام پڑا

زیرِ شمشیرِ الم رقص کناں جاؤں گا
اس کے کشتوں کا نظر نیک ہی انجام پڑا

چھوٹ کر چاہِ زنخداں سے پھنسا زلف میں دل
چاہ سے آہ نہ نکلا تھا کہ گلے دام پڑا

اب کہاں خانقہ میں یار ہمیں پائیں گے
کام تم سے لبِ ساقی و مے و جام پڑا

کیا میں مسجد سے خرابات کو خود جا پہنچا؟
یہ تو قرعہ تھا ازل ہی میں مرے نام پڑا

کیا کرے پھرتا ہے پرکار سا آگے پیچھے
تیرے چکر میں جو اے گردشِ ایام پڑا

کون صوفی ہے جو میخوار و نظر باز نہیں
ایک بے چارے حافظ کا نکل نام پڑا

عشقت نہ سرسری است کہ از سر بدر شود

کیا عشق سرسری ہے کہ بے سر کئے جائے گا؟
شوق اُس عارضی کا گر دو کسی ور سے کے جائے گا؟

پھر اس کی راہ میں شتہ دل جان تن میں ہو
گھٹی میں تھا یہ گو رہیں اب سر کے جائے گا

وہ درد دردِ عشق ہے جس کے علاج ہیں
کوشاں جو ہیں بتر ہو بتر کر کے جائے گا

چہ زرد رو دل اک یہ جو جس کی اشک ریز
کشتِ فراق پانی سے سب بھر کے جائے گا

ہالہ بھی زلف رات کہ گرد رُخِ نگار
دیکھے گا مہ تو ابر میں چھپ کر کے جائے گا

پوچھا جو اس نے کر دل پہ ستم ہے؟ بولا ٹھیر
عقرب سے اب یہ ماہ بدر کر کے جائے گا

پی یادِ لعلِ لب میں ادھر او ادھر تو اس طرح
قُل اس کا گھر میں دشمن کا فر کے جائے گا

حافظ تو سر نکالے گا پاؤں سے کے سدرہ
تو بھی لحد پہ اس کی قدم دھر کے جائے گا

غلام نرگس مست تو تاجدارانند

غلام نرگسِ مست اس کے تاجداروں میں
خراب بادۂ لعل اس کے، ہوشیاروں میں

حیا ادھر تو اُدھر آب دیدہ ہے غماز
ہیں ورنہ عاشق و معشوق راز داروں میں

کبھی تو زلف کی ظلمت بجا کے چھپ لے است
کہ جیسے کیسے دو طرفہ ہیں بیقراروں میں

بنفشہ زار کی آ کر ہوا کو دیکھا جتا
کہ طولِ زلف کے کیا کیا ہیں گواروں میں

نہیں ہوں اس گلِ عارض پہ میں ہی نغمہ سرا
ہیں عندلیب ترے ہر طرف ہزاروں میں

بس اے رقیب زیادہ نہ خود ستائی کر
ہیں سالکانِ درِ دوست خاکساروں میں

بہشت حق ہی ہمارا تو بے گناہ ہے جا
کہ مستحقِ کرم ہیں گنہگاروں میں

تو دستگیر ہوا سے خضر بچے مجھ سے بہتر
پیادہ وہ نہ ہیں ... آگے سواروں میں

چل آکے میکدے میں چہرہ ارغوانی کر
نہ خانقاہ کے زہّاد تو سیہ کاروں میں

کمندِ زلف سے حافظ نہ ہو نجات تجھے
یقیں ہے تجھکو کہ ہیں بند اس کے گرفتاروں میں

قتل این خستہ بہ شمشیر تو تقدیر نبود

موت میری تری شمشیر سے تقدیر نہ تھی
دلِ بے رحم کی تیرے کوئی تقصیر نہ تھی

جوہر اس آئینۂ حسن کے کیا ہیں یارب
سینکڑوں آہوں کو آئینہ پہ کی تاثیر نہ تھی؟

پائے میخانوں میں حیراں ہو شناسا تیرے
خانقاہوں میں تو وہ صورتِ تصویر نہ تھی

دل سا دیوانہ ہوا اور چھوٹے وہ خانۂ زلف
زلف تھی اس کے لئے لوہے کی زنجیر نہ تھی

نازنیں تر چمنِ حسن میں اس قد سے نہ تھا
خوشتر اس شکل سے در عالمِ تصویر نہ تھی

ہو سکیں ہم بھی صبا زلف تلک اس کی رسا
پر بھی حاصل غرضِ نالۂ شبگیر نہ تھی

وہ جلا آتشِ ہجراں ترے ہاتھوں آخر
شمع ساں خودکشی کروں کوئی تدبیر نہ تھی

ہجر حافظ کو تھا ایک آیتِ تکلیفِ عذاب
اس قدر صاف کہ کچھ حاجتِ تفسیر نہ تھی

قطرۂ اشکے کہ میریزم ز چشمِ تر سفید

قطرہ آنسو کا ڈھلکتا ہے جو پلکوں پر سپید
ہجر کی شب میں وہی ہوتا ہے ایک اختر سپید

کب ہمائے وصل نے میری طرف کا رخ کیا
کر چکی گو ہڈیاں بھی فرقتِ دلبر سپید

تیر تیرا جب کوئی پہلو میں آکر چبھ گیا
لگ گیا بازو میں ایک شل کبوتر پر سپید

ساقیا منہ سے لگائے تو اگر جامِ شراب
سرخ ہو تیرے لبوں کے عکس سے ساغر سپید

ماہِ نو کب ہے کمر سے یہ تو ظالم چرخ نے — خونِ عاشق کے لیے باندھا ہے ایک خنجر سپید
اُن لب و دنداں کو حافظؔ گفتگو کے وقت دیکھ — لعل کی ڈبیا میں گویا بھر دیئے گوہر سپید

کلکِ مشکین تو روزے کہ ز ما یاد کند

گر مجھے وہ قلمِ مشک رقم یاد کرے — پائے ایک اجرِ دو صد بندہ کہ آزاد کرے
قاصدِ حضرتِ سلمیٰ کو زوال آئے نہ کچھ — یہاں بھی ایک لائے سلام اُن کے دل شاد کرے
ڈال دے خسرو شیریں کے خدایا دل میں — پئے سیر آکے کبھی تربتِ فرہاد کرے
مدحِ مداح کی محتاج نہیں آبِ گہر — وصفِ مشاطہ کا کیا حسنِ خداداد کرے
عشوۂ عشق سے فی الحال کھدی نیو تملک — آگے کیا فکرِ حکیمانہ وہ بنیاد کرے
آزما تو سہی ہاتھ آتے ہیں کیا گنجِ مراد — اس خرابی سے اگر پھر مجھے آباد کرے
شاہ کو طاعتِ صد سالۂ زاہد سے سوا — اجر اُس لمحے کا جس میں وہ کوئی داد کرے
راہِ مقصود نہ شیراز میں پائی حافظؔ — کون دن ہوگا کہ رحلت سوئے بغداد کرے

کسے کہ حسنِ رخِ دوست در نظر دارد

جمی جو حسنِ رخِ دوست پر نظر رکھے — وہی تو اہلِ نظر حاملِ بصر رکھے
اُسی کو ہوگا میسر وہ بوسہ دامن — پڑا ہی رہتا ہو جو آستاں پہ سر رکھے
یہاں تو وصل کا پائے وہ شمع پروانہ — برائے قطع جو تیار سر پہ پھر رکھے
قلم کی طرح ہو سجدے میں خطِ فرماں پر — اٹھائے تا نہ وہ خود سر کو تیغ پر رکھے
جو راہِ تقویٰ سے بھٹکا ہو یاں پھر نہ کبھی — بعزمِ میکدہ تو لے وہ آج پر رکھے

ہو زہد خشک سے بھی بدمزہ تو دیں شراب — کہ اُس کی بو بھی تو دل خوش دماغ تر رکھے

زیادہ گر نہیں، اس سے بھی کم نہ ہو کہ ذرا — تمھارا وسوسۂ عقل بے خبر رکھے

رقیب دیکھ کے ایک دن لگا ہی بیٹھا تیر — تمھارے واسطے تھا سینہ میں سپر رکھے

دل شکستۂ حافظ بھی ہوگا طعمۂ خاک — برنگِ لالہ یہ سب داغ بر جگر رکھے

کہ شعر تر انگیزد خاطر کہ حزیں باشد

کیا شعر تر آئے گا دل سے جو حزیں ہوگا — عاقل کو اشارہ یہ ناکافی نہیں ہوگا

گر نقش اماں پائے مُہرِ لبِ لعلیں سے — بندہ یہ سلیمانِ کُل روئے زمیں ہوگا

حاسد کی شماتت سے غمگیں نہ ہو گر سوچے — کچھ نفع ہی نقصاں میں پوشیدہ کہیں ہوگا

پہونچے نہ قلم کے جو خیالات و عجائب کو — رکھیں گے بتوں میں گو صورت گرِ چیں ہوگا

ایک ساغرِ مے پائے ایک خونِ جگر کھائے — اقلیمِ مقدر میں دستور یونہیں ہوگا

درحقِ گلاب و گُل تھا حکمِ ازل یونہی — ایک شاہدِ بازاری ایک پردہ نشیں ہوگا

رندی کبھی حافظ سے چھوٹے یہ نہیں ممکن — یہ قطعِ تعلق تو بس روزِ پسیں ہوگا

گُل بے رُخِ یار خوش نہ باشد

گُل بے رُخِ یار کیسے بھائے؟ — بے بادہ بہار کیسے بھائے؟

سیرِ چمن و ہوائے گلشن — بے لالہ عذار کیسے بھائے

لہرانا گلوں کا سرو کا رقص — بے صوتِ ہزار کیسے بھائے

باغ و گُل و مُل ہیں خوب لیکن — بے صورتِ یار کیسے بھائے!

شیریں لب یار گل بدن بھی — بے بوس و کنار کیسے بھائے
ہر نقش و نگار دستِ صنعت — بے دستِ نگار کیسے بھائے
یہ ڈیڑھ ٹکے کی جان حافظ — تو دے جو نثار کیسے بھائے؟

کنوں کہ در چمن آمد گل از عدم بوجود

چمن میں آگیا اب تو عدم سے گل بوجود — بنفشہ قدموں میں لیٹی پڑی ہے سر بسجود
چڑھائے جام صبوحی بہ غلغلِ دف و چنگ — اڑائے بوسہ ساقی بپا ہے رقص و سرود
چمن میں تازہ کراہیں دینِ زرتشتی — بہارِ لالہ نے ۔ دشمن کی آتشِ نمرود
پلائے ساقیِ سیمیں عذار عیسیٰ دم — شراب ہانک پرے رکھ یہ ذکرِ عاد و ثمود
گلوں کی کثرت و رونق سے آسماں کی زمیں — طفیلِ اخترِ میمون و طالعِ مسعود!
گلاب شاخِ ہوا دار ہیں سلیماں وار — طیورِ صبح سناتے ہیں نغمۂ داؤد
جہاں ہو خلد کی صورت ہو دورِ سوسن و گل — وے چہ سود؟ نہیں جب کسے دوامِ خلود
شرابِ مطرب و ساقی نہ پیچھے بچے باقی — کہ ایک ہفتے میں ہو جائیں گے یہ سب نابود
پلائیے جامِ لبالب بہ یادِ آصفِ عہد — وزیرِ ملکِ سلیماں عمادِ دیں محمود
بعید اُس کی نوازش سے کیا کہ حافظ کو — جو ٹھاٹھ چاہییں جلسے کو سب کریں موجود

کارم ز دورِ چرخ بہ ساماں نمی رسد

دورِ فلک سے عیش کے ساماں نہ پائے گا — دل خون ہو گا درد کا درماں نہ پائے گا
ہڈی سے گوشت کر نہ سکے گا کبھی جدا — جب تک بہت سے زخم بھی دنداں نہ پائے گا

حد ہو کہ ہو کے جان سے عاجز بھی اہلِ فضل
کرنے دراز دست سوئے جاناں پائے گا

سیر اپنی جان سے ہوں جو سچ پوچھیے تو ہے
کیا کر سکے گا بندہ جو فرماں نہ پائے گا

جاہل کی دھوم ہو گی پرے آسمان کے
عالم کا نالہ آں سوئے کیواں نہ پائے گا

جب تک زمیں سے خار نہ پیدا ہوں بیشما
گل جن سے بار گل یہ گلستاں نہ پائے گا

یعقوب کے ہوں دیدے سفید انتظار میں
جانے وہ شہرہ مصر کا کنعاں نہ پائے گا

ہو نفی چھٹے گا دل کا ترے زنگ بادہ سے
خرقے کی شست و شو سے تو غفراں پائے گا

حافظ یہ راہِ عشق ہے یہاں صبر چاہیے
جو اس میں جاں نہ دے گا وہ جاناں پائے گا

گر میفروش حاجت رنداں روا کند

گر میفروش حاجت رنداں روا کرے
مالک گناہ بخش دے دفعِ بلا کرے

جس کارخانہ میں نہیں کچھ دخل علم و عقل
وہم فضول برائے تضعیف اس میں کیا کرے

مطرب بھی الاپ کرنے لگے کون جانے
کچھ اور راگ گائے تو بیشک خطا کرے

رنج آئے پیش یا مجھے راحت حسن حکیم
غیر از خدا نہ جان، سمجھے خدا کرے

اس دردِ عشق اور بلائے خمار کی
یا وصلِ دوست یا مئے جمانی دوا کرے

واللہ پائے جیتے جی یہاں مژدہ اماں
سالک اگر بعہدِ امانت وفا کرے

ساقی پلائے عدل کے کانٹے میں تول کے
نیچے نقیر کیوں، کہ جہاں برملا کرے

جاں مے کے واسطے گئی حافظ ستم ہوا
عیسٰی بھی اب نہیں جو دوبارہ عطا کرے!

گرچہ بر واعظِ شہر ایں سخن آساں نشود

واعظِ شہر کہیں سن کے پریشان نہ ہو — تا کوئی رنگِ ریا میں ہو مسلمان نہ ہو
اسمِ اعظم بھی ہو مصروفِ عمل دل خوش رہ — مکر و تلبیس سے ابلیس سلیمان نہ ہو
گوہرِ پاک بلا شبہ کرے کسبِ فیوض — کنکری دُر نہ بنے ٹھیکری مرجان نہ ہو
بزدلی سے جو لرز جائے بتوں کے آگے — بھینٹ البتہ وہ شایستۂ قربان نہ ہو
حُسنِ اخلاق بھی اس حُسن کو دے بارِ خدا — بندہ اس وجہ سے آیندہ پریشان نہ ہو
سیکھ رندوں سے، کرم پیشہ ہو کچھ فخر نہ جان — مے نہ پینے سے کوئی جانور انسان نہ ہو
درد اپنا جو طبیبوں سے چھپائے رکھے — ایسا بیمار کبھی قابلِ درمان نہ ہو
عشق سیکھا ہے اس امید میں یہ فنِ شریف — اور پیشوں کی طرح موجبِ حرمان نہ ہو
کل کا وعدہ تھا کیا اس نے مکرّرات کے وقت — شب کی نیت سے الٰہی وہ پشیمان نہ ہو
ہو نہ ذرے میں اگر ہمتِ عالی حافظ — رد کشِ چشمۂ خورشیدِ درخشان نہ ہو

گر من از باغِ تو یک میوہ بہ چینم چہ شود

گر ترے باغ سے ایک میوہ اٹھاؤں کیا ہے؟ — روشنی میں تری کچھ دیکھ لوں بھالوں کیا ہے؟
چھانو میں بیٹھ کے اُس سروِ سہی کی یارب — میں بھی دل سوختۂ راحت کوئی پاؤں کیا ہے
گر ترا خاتمِ جمشیدِ سلیماں آثار — نقش ایک دل کے نگینے پہ اٹھاؤں کیا ہے
تجھ کو اخلاص فقہ و شحنہ سے اے زاہدِ شہر — میں بھی دل گر کسی مہوش سے لگاؤں کیا ہے
مے و معشوق میں ہی صرف ہوئی عمرِ عزیز — اب جو دیں اس سے بھی بہتر ہو یہ کیاؤں کیا ہے

یاں بھی ہے کوئے بتاں مسکن و ماویٰ میرا — واں بھی گر خلدِ بریں میں ہی نہیں جاؤں کیا ہے
گھر ہے بے گھر ہیں جہنم سے بھی باقی ہے تو حشر — خانۂ دین کا بھی قیاس لگاؤں کیا ہے
خواجہ تو جان کے عاشق نہ مجھے خاموش رہا — حافظ ایسا ہی جو ہیں آپ کو خیالوں کیا ہے

گداخت جاں کہ شود کارِ دل تمام نہ شد

پگھل کے رانگ ہوا دل کا کام، پر نہ ہوا — جلا بھی پختہ یہ سودائے خام، پر نہ ہوا
ہوا نہ آہ میسر وہ گوہرِ مقصود — پھرا خراب جہاں میں تمام، پر نہ ہوا
بنا گدا بھی حصولِ حضور کو میں دریغ — بہت سے پائے بزرگ و کرام، پر نہ ہوا
بریں امید کہ ہو صدرِ انجمن میرا — رہا میں بن کے ایک ادنیٰ غلام، پر نہ ہوا
اس آرزو میں کہ نشہ میں لعلِ لب نصیب — لنڈھائے دل نے بہشتوں کے جام، پر نہ ہوا
پھڑک کے، تول کے پر رہ گیا کبوترِ دل — رہا اور وہ کے خم و پیچ و دام، پر نہ ہوا
کریں نہ قصدِ طے کوئے عشق بے رہبر — کہیں گیا تھا بصد اہتمام، پر نہ ہوا
ہزار حیلے محبت میں کر چکا حافظ — کسی طرح سے وہ کافر ہو رام، پر نہ ہوا

گفتم کیم دہان و لبت کامراں کنند

کب دیکھیے یہ لب، یہ دہن کامراں کریں — بولا کہے جو آنکھوں سے لب اور دہاں کریں
لب تو طلب یہ کرتے ہیں کل مصر کا خراج؟ — بولا جو یہ معاملہ ہو کیوں زیاں کریں؟
اس نقطۂ دہاں کا کہیں کچھ سراغ ہے؟ — بولا کہ یہ سوال فقط نکتہ داں کریں
باز آ صنم پرستی سے ہو جا صمد پرست — بولا کیوں یہ فرقِ خدا و بتاں کریں.

ہے غمزدہ و غمزدہ سے زمانے کی ہوا — بولا وہ خوش نصیب جو واں شادیاں کریں
خرقہ بھی اور شراب بھی کس لیے یہیں ہیں رہا؟ — بولا روا یہ مذہبِ پیرِ مغاں کریں
کچھ نوشِ لعلِ لب سے کبھی بہرہ ور ہے تو؟ — بولا کہ دے کے ایک شکر لب جواں کریں
خواجہ ہمارا جاتا ہے کب خوابگاہ میں؟ — بولا کہ ماہ و مشتری جس دم قِراں کریں
حافظ دعائے دولتِ خواجہ میں ہو مدام — بولا یہ سب ملائکِ ہفت آسماں کریں

گفتم غمِ تو دارم گفتا غمت سر آید

کہیے کہ غم ہے تیرا، بولے کہ غم سر آئے — تو چاند بن ہمارا بولے اگر بر آئے
کہیے جو مہرورزوں سے سبق وفا کا — بولے کہ مہروشوں سے یہ کام کمتر آئے
کہیے ہے نکہتِ زلف گمرہ کنِ دو عالم — بولے کہ بندگی سے گمرہ بھی رہبر آئے
کہیے کہ بند کر دی آنکھوں سے خیال کی راہ — بولے یہ چور بادی از راہِ دیگر آئے
کہیے کہ روح پرور ہو گی ہوائے جنت — بولے ہوا تو اچھی از کوئے دلبر آئے
کہیے کہ لعلِ لب کی مارا ہے آرزو نے — بولے کہ بندگی کر تا بندہ پرور آئے
کہیے زمانِ عشرت کیا جلد ہائے گزرا — بولے خموش حافظ یہ رنج بھی سر آئے

گوہرِ مخزنِ اسرار ہمانست کہ بود

وہی اخفائے درِ گنج نہاں ہو کہ جو تھی — وہی زنجِ مہر اور وہی مہر نشاں ہے کہ جو تھی
شام سے صبح تلک دوست خدا شاہد ہے — بوئے کاکل ہی تری مونسِ جاں ہے کہ جو تھی
طالبِ لعل و گہر ہی نہیں ورنہ اب بھی — آفتاب اور وہی تابشِ کاں ہو کہ جو تھی

کیوں نہ ہوں ہوتے ہیں ارباب دیانت عاشق — لاجرم آنکھ وہی محوِ فغاں ہے کہ جو تھی
کشتۂ غمزہ کی ایک بار تو آ فاتحہ کو — وہی کھوئے ہوئے چشمِ نگراں ہے کہ جو تھی
اب کہیں اور نہ رہزن ہوں جو زلفوں کے کہا — قرن گزرے کہ وہی سیرتِ شاں ہے کہ جو تھی
رنگِ خوں میرا چھپایا تو بہت خط نے مگر — وہی سُرخی لبِ لعلیں سے عیاں ہے کہ جو تھی
حافظا اب گو دنیا چھوڑے خونابۂ چشم — یہ تو ندی وہی مدت سے رواں ہے کہ جو تھی

گفتم کہ خطا کردی و تدبیر نہ این بود

کہیے کہ خطا تھی تری۔ تدبیر نہیں تھی — کہتا ہے کہ کیا کیجئے تقدیر یہ نہیں تھی
کہیے کہ ترے وصل کی بر آئے تمنا — کہتا ہے تمنا مری بس وصل نہیں تھی
کہیے نہ قریب بد تجھے کہ ہر روز یہ دیکھا — کہتا ہے یہی قسمتِ بد میری قریب تھی
کہیے نہ کہ تھا ماہ تو بے مہر بنا کیوں — کہتا ہے میں بے مہر نہ تھا چرخ کو کیں تھی
کہیے نہ بہت جام و قدح تونے پئے تھے — کہتا ہے شفا در قدحِ بازپسیں تھی
کہیے نہ کہ اے عمر بہت تیز تو گزری — کہتا ہے کہ عمر اس سے زیادہ ہی نہیں تھی
کہیے نہ ظلم تجھ پہ چلے جور و جفا کے — کہتا ہے کہ پیش آئی جو لکھی بجبیں تھی
کہیے نہ کہ جانے کا ابھی وقت نہیں تھا — کہتا ہے مگر مصلحتِ وقت یہ نہیں تھی
کہیے نہ کہ حافظ کو گیا چھوڑ کے تو کیوں — کہتا ہے کہ کوشش مری کچھ درخورِ تن نہیں تھی

گر زلف پریشانت در دست صبا افتد

جب زلفِ پریشاں وہ ہاتھوں پہ صبا کے ہو — پہلو میں نہ دل پائے پھندوں میں ہوا کے ہو

طوفاں ہی میں دیں چھوڑ اب کشتی تحمل کو ‏ ‏ تختہ ہی کوئی ساحل شاید کہیں جا لگے ہو
اُس کا ہی سویرے سب منہ دیکھ کے اٹھتے ہیں ‏ ‏ کون ان میں اسے دولہا پہلو میں سُلا کے ہو
کیا خرچ ہوا ئے لوگو سلطانِ ممالک کا ‏ ‏ اک لمحہ جو صرف ایک ان پرسش میں گدا کے ہو
افسوس وہی صہبا دے غم سے جو آزادی ‏ ‏ پر خونِ جگر ساغر پاس اپنے وہ آ کے ہو
اُس زلف کو بھولے سے گر مشکِ خطا کہہ دوں ‏ ‏ پکڑے نہ زباں میری در پے نہ خطا کے ہو
حالِ دلِ حافظ کو جانے وہی سرگرداں ‏ ‏ حافظ سا ہی ہو شیدا خاک ہجر کی پھانکے ہو

مرا نشۂ مے دگر بارہ برد

کیا نشۂ مے نے پھر خورد و برد ‏ ‏ دوبارہ ہوئی مجھ پہ وہ دست برد
ہزار آفریں اس مے لعل کو ‏ ‏ جو دے رخ کی زردی کو سرخی سے برد
خوشا ہاتھ توڑیں جو انگور کو ‏ ‏ نہ ہے پا کچل کر جو کر دیں فشرد
ستمگر یہاں سے نہ زاہد نہ ہو خوردہ گیر ‏ ‏ کہ کارِ خدائی نہیں کارِ خورد
ازل ہی سے جب عشق ہی سرنوشت ‏ ‏ مٹے گا نہ لکھا نہ ہوگا سترد
نہ اترائے حکمت پہ کوئی حکیم ‏ ‏ ارسطو بھی دے جان و بیچارہ کرد
نہ کر رنجِ بیہودہ بشاش رہ ‏ ‏ قناعت سے اطلس ہی بن جائے برد
جئے گر جہاں میں تو اس طرح جی ‏ ‏ غرض یہ نہ صادق ہو تجھ پر کہ مُرد

وہ ہو مستِ وحدت بجامِ الست
جو حافظ سی پی جائے بے میل و دُرد

مرا مہر سیہ چشماں ز دل بیروں نخواہد شد

سیہ چشموں کی اُلفت دل سے اب بیروں نہیں ہوگی
قضائے آسماں یوں ہو کے دیگر گوں نہیں ہوگی

بجز رندی مجھے روزِ ازل خدمت نہ دی کوئی
جو اُس دن ہو چکی قسمت کم و افزوں نہیں ہوگی

جو دل ہی دل میں اُس کو چاہ لوں یہ بھی غنیمت ہے
کنار و بوس کی نوبت کہوں کیا کیوں نہیں ہوگی

شرابِ لعل دے جائے امن دیار مہرباں ساقی
تو بہتر اور کب ہوگی جو حالت یوں نہیں ہوگی

چلو گاتے بجاتے نے پیو رندوں میں مل کر مے
بجز ایں ساز و ساماں شرحِ بے قانوں نہیں ہوگی

کہا مجنوں نے لیلیٰ سے کہ اے لیلائے لاثانی
ترے بھی عاشقوں میں صورتِ مجنوں نہیں ہوگی

وہ ایذائیں عدو نے دیں نہ چھوڑا چارہ کچھ باقی
یہ آہِ صبح خیزاں عازمِ گردوں نہیں ہوگی

بے صافی میں رازِ دہر آئیں تجھ کو دکھلا دوں
یہ مشکل عشق کی ہے حل بغیر افسوں نہیں ہوگی

نہ لوحِ سینۂ حافظ سے دیدو نقشِ غم دھونا
کہ زخمِ تیغِ جاناں کی کم آب خوں نہیں ہوگی

مرا از وصل تو گر زانکہ دسترس باشد

کسی کے وصل پہ حاصل جو دسترس ہو جائے
اس اپنے دل کا ہر اک پُور اطلس ہو جائے

بس صرف ایک نفس ہو یہاں جو یار کے ساتھ
تو حاصلِ دو جہاں وہ ہی ایک نفس ہو جائے

عجیب کیا ہے ہجوم عاشقوں کا چوکھٹ پر
جہاں شکر ہو وہیں مجمعِ مگس ہو جائے

نہیں اُمیدِ نجات اُس غریق کی جس کو
بلائے عشق بھی ایک لطمہ پیش و پس ہو جائے

ہمارے قتل پہ ناحق اُٹھاتے ہو شمشیر
کہ نیم جاں ہیں ہمیں ایک کرشمہ بس ہو جائے

ہو دستِ بخت ہی کوتہ تو کیونکہ ہاتھ لگے
وہ قد ہے سرو بھلا کیسے دسترس ہو جائے

وہ لطفِ بادۂ رنگیں وہ صحبتِ جاناں! گلے کا ہار ہی حافظ نہ یہ ہوس ہو جائے!

میزنم ہر نفس از دستِ فراقت فریاد

ایک دم ہجر میں تھمتی نہیں دل کی فریاد
حیف گر تجھ کو یہ نالے نہیں پہونچاتی باد

کیا کریں کیا نہ کریں۔ نالہ و فریاد بھی اب
حالِ فرقت میں وہ پہونچا کہ ہو دشمن کا۔ مباد!

روز و شب غصہ و غم کھاتے ہیں کس طرح نہ کھائیں
دور رہ کر ترے دیدار سے رہ سکتے ہیں شاد؟

جب سے تو آنکھ سے مجھ سوختہ کی ہے اوجھل
دل نے کیا کیا نہ کئے چشمۂ خوں میں ایجاد

ہر پلک سے یہاں سو بلکہ سوا قطرے ہیں
خوں ہوا جاتا ہے دل ہجر کے ہاتھوں۔ فریاد

روز و شب حافظِ بے دل ہے تری یاد میں غرق
تو ہے اس بندۂ دل خستہ سے کلّا آزاد

مژدہ اے دل کہ دگر بادِ صبا باز آمد

مژدہ اے دل کہ چلی بادِ صبا پھر آئی
ہُدہُد خوش خبر از سمتِ صبا پھر آئی

لحنِ داؤد میں ہے مرغِ چمن نغمہ سرا
بو! سلیمانِ گل آیا ہے۔ ندا پھر آئی

لالے کی ناک میں بُوئے مئے نوشیں سے نسیم
اپنے سودائی کو بلوانے دوا پھر آئی

کون دانا ہے کہ سمجھے وہ زبانِ سوسن
کیا سمجھ کر تھی گئی سوچ کے کیا پھر آئی

واہ کیا بختِ خداداد کے ہیں مجھ پہ کرم
یاد بھولے سے اسے راہِ وفا پھر آئی!

کس قدر روئیں تھیں آنکھیں مری اس قافلہ کو
اے خوشا دل میں وہ آوازِ درا پھر آئی

ہم نے پیمان شکنی کی تھی۔ گنہ حافظ نے
صدقے رحمت کے۔ وہ سب بُھول بُھلا پھر آئی!

مژدہ اے دل کہ مسیحا نفسے می آید

مژدہ اے دل کہ مسیحا نفس اک آتا ہے
جس کے ہر دم میں دمِ عطر بس اک آتا ہے

درد و غم سے نہ کراہ نالہ و فریاد کہ شب
خواب دیکھا ہے کہ فریاد رس اک آتا ہے

میں ہی اس وادیِ ایمن میں نہیں، موسیٰ بھی
نور کرنے کو یہاں مقتبس اک آتا ہے

کون ہے جس کو ترے کوچے میں کچھ کام نہیں
ایک جاتا ہے لئے دل میں ہوس اک آتا ہے

ہے کہاں منزلِ مقصود، یہ معلوم نہیں
گرچہ نزدیک سے شورِ جرس اک آتا ہے

حال اس باغ کی بلبل کا نہ پوچھو ہر دم
نالہ توڑے ہوئے تارِ قفس اک آتا ہے

ہم بھی ہیں طالبِ یک جرعہ اے میخانۂ دل
جو ہے یہاں اپنا لئے ملتمس اک آتا ہے

دوست گر پرسشِ بیمار کو آنا چاہے
لے ہی آنا اسے اب تک نفس اک آتا ہے

دوست کو شوقِ شکارِ دلِ حافظ واللہ!
مارنے کے لئے شاہین مگس اک آتا ہے؟

مرا برندی و عشق آں فضول عیب کند

وہ عشق و رندی کے میرے فضول عیب کرے
جو اس جہان میں دعوائے علمِ غیب کرے

کسی کا صدق و محبت نظر میں رکھ نہ عیوب
تلاش اوروں کے خود بے ہنر ہی عیب کرے

ہوا وہ رہزنِ اسلام غمزۂ ساقی
کہ اجتناب تو صہبا سے اب صہیبؓ کرے

کلیدِ گنجِ سعادت ہے اہلِ دل کا قبول
خدا کرے نہ کوئی اس میں شک و ریب کرے

نہ سونگھنے کو بھی پائے گی حور گر نہ یہاں
ہمارے میکدے میں لالہ رنگ جیب کرے

گڈریا وادیِ ایمن کا کامیاب نہ ہو
کئی برس نہ اگر خدمتِ شعیبؑ کرے

سوز لاتی ہے حافظ کی آپ بیتی بس — شباب کا نہ بیاں اب بوقتِ شیب کرے!

مسلماناں مرا وقتے دلے بود

مسلماں کو کبھی اپنے بھی دل تھا — وہ جس سے مشورہ مشکل میں ملتا
بڑا ہمدرد و دانا مصلحت بیں — کہ پشتیبانِ جملہ اہلِ دل تھا
جو گھرتا میں کبھی غم کے بھنور میں — کنارا پھر بدولت اس کی ملتا
ہوا مجھ سے وہ گم اس کے مکاں میں — وہ منزل جس میں دامن دل کا کھلتا
پریشاں ہے جوابِ مجموعہ دل — کبھی اک کارواں اس سے خجل تھا
مجھے خود عشق نے تعلیم دی تھی — مرے فقروں پہ سرِ محفل کا ہلتا
ہنر بے عیبِ حرماں مان لیتے — گدا محروم تر گر مجھ سے ملتا
گہر بھی آنکھ سے برسائے لیکن — عوض حاصل کیے ہر گوہر بہ گِل تھا
نہ کہنا اب سے حافظ نکتہ داں ہے — جو کہتے سخت جاہل تب تو کھلتا!

مطربِ عشق عجب ساز و نوائے دارد

مطربِ عشق عجب ساز و نوا رکھتا ہے — جو سنو قول و غزل دل میں ہی جا رکھتا ہے
ہو نہ اِس نغمۂ عشاق سے دنیا خالی — کیا خوش آہنگ روان بخش صدا رکھتا ہے!
زور زر پیرِ بلانوش کے کچھ پاس نہیں — ایک عطا بخش خطا پوش خدا رکھتا ہے
عمل سے دور، نہ ہو پوچھے گر حال کبھی — شاہ ہمسایہ خود ایک گدا رکھتا ہے
دل کی خاطر ہے ضرور ہی یہ مگس قند پرست — سب ہوا خواہوں میں ایک فرِ ہما رکھتا ہے

اشک خوں میں جو طبیبوں کو دکھایا۔ بولے
مرض سخت ہے جانسوز دوا رکھتا ہے

چھوڑ دو مشقِ ستم غمزے سے ہر مذہب میں
ہر عمل اجر ہر اک فعل جزا رکھتا ہے

کہہ گیا واہ! بت ترسا بچہ بادہ فروش
شادی اُس چہرے پہ آئینِ صفا رکھتا ہے

فاتحہ حافظِ درگاہ نشیں نے پڑھ لی
اب ترے لب سے شہا چشم دعا رکھتا ہے

معاشراں گرہ از زلفِ یار باز کنید

جو عیش راں ہوں گرہ بند زلف باز کریں
شب وصال ہے کم اُس کو یوں دراز کریں

زہے یہ محفل اُنس اور مجمع احباب
وَانِ یکاد پڑھیں پڑھ کے در فراز کریں

رباب و چنگ بہ بانگ بلند کہتے ہیں
سنو بہ ہوش جو ارشاد اہلِ راز کریں

نہ ہو جو زندۂ عشق اِس جگہ۔ مرا فتویٰ
ادا جنازے کی اُس کے ابھی نماز کریں

بہت ہے فرق۔ کُجا عاشق اور کُجا معشوق
اگر وہ ناز کرے چاہیئے نیاز کریں

بجانِ دوست کہ غم پردہ در نہ ہو اُن کا
جو اعتماد برالطافِ کارساز کریں

سنو یہ پیرِ مغاں کی نصیحتِ اوّل
بلا ہے صحبتِ ناجنس۔ احتراز کریں

گر آئے آپ سے انعام مانگنے حافظ
حوالۂ لبِ جاناں دل نواز کریں:

من و انکار شراب۔ ایں چہ حکایت باشد

میں اور انکار مے! کیسی یہ حکایت ہوگی
اب بھی مجھ میں سمجھ اس کو تو کفایت ہوگی

میں بہ نقارہ رہا ہر زنِ تقوے راتوں
کیا سنو اب ہوئی۔ میری حکایت ہوگی

بندۂ پیرِ مغاں ہوں کہ بنایا عاقل
جو سلوک اب وہ کرے عین رعایت ہوگی

راہِ میخانہ نہ جانی کبھی تا نہایتِ کار
ورنہ کہتا جو مرے دیں کی نہایت ہوگی

راہِ رندی پہ جو زاہد نہیں معذوری ہے
خلق کیا ہوگا نہ گر نیک ہدایت ہوگی

زاہد اور عجب و نماز اپنی یہ مستی و نیاز
کس پہ اب دیکھئے وہ چشمِ عنایت ہوگی

آ گئی نیند مری سن کے حکیم اور یہ کہہ
حافظا تو نے اگر پی تو شکایت ہوگی

من و صلاح و سلامت کس این گمان نبرد

صلاح و تقوی کا مجھ پر کوئی گماں نہ کرے
خراب و رند سے یہ خوش گمانیاں نہ کرے

یہ کمبلی کس لئے شانوں پہ میں نے ڈالی ہے
بغل میں رہتی ہے بوتل کوئی گماں نہ کرے

یہ غرہ علم و عمل پر بس اے حکیمِ زماں
معاف حکمِ قضا تو کسی کی جاں نہ کرے

نہ ہو فریفتۂ رنگ و بو چڑھائے قدح
کہ دفعِ غم کوئی شے جز مئے مغاں نہ کرے

ہزار آنکھ سے رہ پاسبانِ زر اے گل
رکھ احتیاط کہیں سرقہ پاسباں نہ کرے

سخن سرائی سخنداں کے سامنے حافظ
دُر اور لعل کوئی نذرِ جوہرکاں نہ کرے

معاشران ز حریف شبانه یاد آرید

ہو عیش راز حریفِ شبانہ یاد رہیں
حقوقِ بندگیٔ مخلصانہ یاد رہیں

بگاہ سرخوشی یاد آئیں فاقہ کش بھی ضرور
بجیں جو بزم میں چنگ و چغانہ یاد رہیں

نہ بھولیں جبکہ مرادوں سے ہمکنار ہو تم
جو عہدِ دوستی ہیں درمیانہ یاد رہیں

عذارِ ساقی پہ جھلکے جو سرخیٔ بادہ
چلے جو رقص و سرود و ترانہ یاد رہیں

سمندِ دولت اگرچہ دکھائے منہ زوری
پیادہ پا بھی گہے تازیانہ یاد رہیں

نہ ایک دم کبھی کھایا غمِ وفاداراں — یہ بیوفائیاں دورِ زمانہ یاد رہیں
نگاہِ مرحمت اے ساکنانِ بزمِ حضور — یہ حافظ اور وہ دورِ گذشتہ یاد رہیں

مرا از دل بدر کرد کہ کرد یار کرد

گھر سے دُور دربدر کس نے کیا کہ یار نے — خستہ یہ حالِ دل مگر کس نے کیا کہ یار نے
ایک سے ایک خوبتر ہوتا تھا دن مرا بسر — رات سے دن سیاہ تر کس نے کیا کہ یار نے
غمزے کی دل پہ تھی نگاہ، جان بھی ساتھ لے اُڑا — آہ ضرر پہ یہ ضرر کس نے کیا کہ یار نے
سُن کے یہ مجھ سے لے قمر۔ بوسے ملے مجھے نہ زر — ہونٹ بنا کے لبِ شکر کس نے کیا کہ یار نے
میں تو تھا بھولا بے خبر۔ لے کے دل اور مال و زر — پھر بفریب قصدِ سر کس نے کیا کہ یار نے
شب کہ قریب تھی سحر نشہ میں چُور بے خبر — حدِ کلام سے گذر کس نے کیا کہ یار نے
ہجر میں خونِ دل، جگر، دیدہ بھی اشکِ خوں سے تر — ظلم یہ حافظ آپ پر کس نے کیا کہ یار نے

نقد ہا را بود آیا کہ عیارے گیرند

کس کے کھوٹا کھرا یاروں کا جو بارے دیکھیں — ہر طرف خانقہ والے پھریں مارے دیکھیں
مصلحت اب یہ نظر آتی ہے دل کو کہ عزیز — چھوڑ سب کچھ کسی طُرّے کے طرارے دیکھیں
زلفِ ساقی تو بھلی ہاتھ لگی یاروں کے — گر فلک سے نہ بدی دست ہمارے دیکھیں
ہائے یہ تُرک بچے خوں پہ ہیں کتنے بیباک — ہر پل ایک صید کریں تیر ہی مارے دیکھیں!
رقص بر شعرِ تر و نالۂ نے خوب، یہ واہ — ہاتھ میں ساعدِ سیمیں بھی تمہارے دیکھیں
نہ بہا تقویٰ ہی کہ گرہ جیت لیں خوباں تنہا — گھیر لیں مل کے اگر یکہ سوارے دیکھیں!

زاغِ بے شرم کا گُل رَوند کے چلنا دیکھا — دامنِ خار میں بُلبُل کے گزارے دیکھیں
خاکِ پا اپنے کو سُرمے کے لیے اہلِ نظر — مُدتوں راہ تری پاؤں پسارے دیکھیں
حافظ ابنائے زماں بچتے ہیں مسکینوں سے — ایک دن ان کو بھی ہم آپ کنارے دیکھیں

نقدِ صوفی نہ ہمہ صافی و بےغش باشد

جتنے صوفی ہیں نہ سب صافی و بےغش ہوں گے — کتنے جیتے ہیں کہ بس لائقِ آتش ہوں گے
کس لیے جائیں کسوٹی پہ بہت اچھا ہے — رُو سیہ نکلیں گے تپ کر جو نہ بےغش ہوں گے
مست ہیں صبح وظیفے میں ہمارے صوفی! — دن چھپے دیکھنا حضرت کو ہی سرخوش ہوں گے
ناز و نعمت کے پلے چل نہ سکیں گے دو قدم — گامزنِ عشق میں ہم رندِ بلاکش ہوں گے
نقش برآب دکھائے گا جو خطِ ساقی — سب یہ رُخسار بہ خونناب منقش ہوں گے
غمِ دنیائے دنی کب تلک آخر مے نوش؟ — حیف دانش پہ جو دانا بھی مشوش ہوں گے!
لے گیا دلق و مصلّے ابھی سب بادہ فروش — جام دینے پہ جو حافظ بیہوش ہوں گے

نہ ہر کہ چہرہ برافروخت دلبری داند

نہ بن سنور کے جو چاہے وہ دلبری جانے — نہ رکھ کے آئینہ ہر ایک سکندری جانے
کُلاہ کج جو رکھے، اتن کے شان سے بیٹھے — ضرور کیا کہ وہ آئینِ سروری جانے
ہزار بال سے باریک نکتے ہیں، سمجھے — منڈا کے سر نہ قلندر، قلندری جانے
بقد و چہرہ جو دُنیا میں شاہِ خوباں ہو — جہان جیت لے گر دادگستری جانے
وفا و مہر بھلی ہے، اگر کوئی سیکھے — ستم کا کیا ہے کہ ہر ایک ستمگری جانے

غلام ہو جیے اُس پختہ خام کے جو بہ بالں
لنگوٹ باندھ لے پر کیمیا گری جانے

نہ بندگی میں لگا کوئی شرطِ مزدوری
اُسی پہ چھوڑ دو وہ خود بندہ پروری جانے

بہائیں دیدۂ دریا میں اپنے خود ۔ لیا
جو اِس محیط میں پارو شناوری جانے!

اُڑا دیا دلِ دیوانہ خاک میں سمجھا:
کہ آدمی بچہ کیا شیوۂ پری جانے

کلونش نقطۂ بینش ہیں اُس کے خال کی ہو
یہ قدرِ جوہرِ یک دانہ جوہری جانے

ہو شعرِ دلکشِ حافظ سے خوب وہ آگاہ
لطیف طبع ہو، شاعر ہو اور دری جانے

نیست در شہر نگارے کہ دلِ ما ببرد

شہر میں ایک نہیں دل جو ہمارا لے جائے
بخت یاری کرے رخت اور کسی جا لے جائے

ہے کوئی مستِ مے ناز کہ جس کے آگے
عاشقِ سوختہ دل اپنی تمنا لے جائے؟

دل کو پریوں کا بنایا ہے اکھاڑا شاید
آن نکلے کوئی از بہرِ تماشا لے جائے

منزلِ عشق کمیں گہ ہے کمانداروں کی
جی سمجھ دار بھی خطروں سے بچاتا لے جائے

سحر فائق نہیں اعجاز پہ دُگدا کیا ہے
سامری گرد ہو، بازی یدِ بیضا لے جائے

بھائیں بھائیں سے نہ بچھڑے کی بچھڑنا یارو
نورِ خورشید کو کیا منہ ہے سہا کا لے جائے

باغباں دیکھتے ہیں تجھ کو خزاں سے غافل
آئے ایک روز وہ۔ تیرا گلِ رعنا لے جائے

رہزنِ دہر نہیں خواب میں ہشیار رہیں
اگر امروز نہ لے جائے تو فردا لے جائے

جامِ فیروزۂ مے سدِّ رہِ غم ہے، نہ پھینک،
تجھ کو غم کا نہ بہا کر کوئی ریلا لے جائے

علم و فضل آہ یہ چالیس برس کی پونجی
ڈر ہے یکمشت نہ سب نرگسِ شہلا لے جائے!

نرگسِ مست وہ گر جان کو آئے حافظ
خانۂ تن سے نکل کہہ دے کہ اچھا لے جائے

نفسِ بادِ صبا مشک فشاں خواہد شد

نفسِ بادِ صبا مشک فشاں ہوتا ہے
عالمِ پیر مبارک ہو جواں ہوتا ہے

ارغواں جامِ عقیقی ہے سمن کو دیتا
لالے پر دیدۂ نرگس نگراں ہوتا ہے

کھنچ لے اور بھی طولِ شبِ ہجرانِ بلبل
پردۂ گل میں تو اب نعرہ زناں ہوتا ہے

گل کی صحبت ہو تو بہار اس کو غنیمت جانو
دیر آتے نہیں ہوتی کہ رواں ہوتا ہے

مطربو! اُنس کی محفل ہو غزل ہو کہ سرود
وقت شایانِ تحسین اور چناں ہوتا ہے

عیشِ امروز کو فردا پہ تو چھوڑیں لیکن
ضامنِ نقدِ بقا کون یہاں ہوتا ہے؟

ماہِ شعباں نہ قدح ہاتھ سے رکھنا خورشید
شبِ عیدِ رمضاں تک کو نہاں ہوتا ہے

جائیں مسجد سے خرابات تو کچھ حرج نہیں
جلسۂ وعظ تو تا دیر یہاں ہوتا ہے

حافظؔ آیا تری خاطر سوئے اقلیمِ وجود
چل ملاقات کر اس سے کہ رواں ہوتا ہے

نفس بر آمد و کام از تو بر نمی آید

دم آیا لب پہ مگر کام بر نہیں آتا
یہ خوابِ طالعِ خفتہ بسر نہیں آتا

تمام ہونے کو ہے الجھنوں میں طولِ حیات
سلجھنے پر ہی یہ جنجال پر نہیں آتا

سواد دیکھ کے خوش، رہ پڑا تھا زلف میں دل
جو اس غریب کی اب تُسے خبر نہیں آتا

قدِ بلند نہ جب تک کنار میں آئے
نہالِ بخت میں برگ و ثمر نہیں آتا

کمانِ صدق سے چھوڑے ہزار تیرِ دعا
علاج کیا۔ کہ کوئی کارگر نہیں آتا

ہزار باتیں نسیمِ سحر سے کرنی ہیں
پہ بدنصیبی سے وقتِ سحر نہیں آتا

کٹانا سر کا اک ذرا سی شرط ہے حافظ
لے اپنی راہ جو اتنا بھی کر نہیں آتا

نسبت رویت اگر با ماہ و پرویں کردہ اند

لوگ اُس کو ہم شبیہِ ماہ و پرویں کرتے ہیں
شکل تو دیکھی نہیں نسبت یہ یونہیں کرتے ہیں؟

شمہ ہے ایک داستانِ عشقِ شور انگیز کا
جو بیانِ الفتِ فرہاد و شیریں کرتے ہیں

خاکِ کوئے گلرخاں میں ہے وہ بوئے جانفزا
جس سے اہلِ دل مشامِ عقل مشکیں کرتے ہیں

خاکساروں کو نہ دیں گے جرعۂ کاس الکرام؟
ظلم تو دیکھو جو بر عشاقِ مسکیں کرتے ہیں!

شہپرِ زاغ و زغن کو کیا کریں گے صید و قید
یہ تواضع در حقِ شہباز و شاہیں کرتے ہیں

ساقیا مے دے کہ کیا حکمِ ازل سے مٹ جائے
کون بدلے خود بدولت جس کو تعیین کرتے ہیں

کاسۂ رنداں کی مٹی کو حقارت سے نہ دیکھ
ہیں یہی جو خدمتِ جامِ جہاں بیں کرتے ہیں

عقل سے بیگانہ ہو کر کھینچ لے آغوش میں
عقل ہی کو عقدِ دخترِ رز کا بیں کرتے ہیں

تیرِ مژگان و ادا و غمزۂ جادو ہے کیا
جو ستم زلفِ سیاہ و خالِ مشکیں کرتے ہیں

ایک تبسم تھا مرا حق، ہونٹ تیرے کھا گئے
کیا یہی انصاف سب لب ہائے شیریں کرتے ہیں؟

شعلۂ رخسارِ رنگیں سے یہ شاہد دمبدم
چھید کر دل زاہدوں کے رخنہ در دیں کرتے ہیں

شعرِ حافظ ہیں جو یکسر مدحِ احساں آپ کی
لطف سے سنتے ہیں سب داد و تحسیں کرتے ہیں

واعظاں کیں جلوہ بر محراب و منبر می کنند

یہ جو واعظ جلوہ گر محراب و منبر کرتے ہیں
خلوتوں میں جا کے خود برعکس و دیگر کرتے ہیں

صدرِ بزمِ وعظ سے پوچھے یہ کوئی ماجرا
توبہ فرما کس لئے خود توبہ کمتر کرتے ہیں؟

کیا یقیں اِن کو نہیں پرسشِ کارِ روزِ حشر کی
اور مشغلۂ عشق سے بھی ظالم چلتر کرتے ہیں؟

بیعتِ پیرِ مغاں ہوں جب کے درویشِ غنی
ہو خرابہ بھی تو فوراً خاک بسر کرتے ہیں

کھانے ٹکڑے خانقہ کے چل ذرا پیرِ مغاں
دیکھ پانی ہی پا کر کیا تو نگر کرتے ہیں

ہیں سوار اپنی خریت پر وہ از دولت تمام
جو بندگانِ ترک و استر کرتے ہیں

ہائے اِس دنیا کے صرّافانِ گوہر ناشناس
مہرہ ہم گنگچی کو موتی کے برابر کرتے ہیں

خانۂ دل منزلِ جاناں ہے خالی کیجیے
آرزو ہائے دگر ہم تم کو باہر کرتے ہیں

ہے درِ میخانہ یہاں آ کر ملک پڑھتے درود
اِس مکاں میں طینتِ آدم مخمر کرتے ہیں

حسنِ بے پایاں جہاں تک قتلِ بے پایاں کرے
پھر قلم ہو کر نمو عشاق کے سر کرتے ہیں

عرش سے ایک شور سا سن کر سحر دل نے کہا
شعرِ حافظ کے فرشتے بھی تو ازبر کرتے ہیں!

ہر کہ شد محرمِ دل در حرمِ یار بماند

محرمِ دل جو بنا در حرمِ یار رہا
غیر محرم جو رہا بر سرِ انکار رہا

دل نے کی پردہ دری اپنی برا کچھ نہ کیا
بلکہ اچھا کہ نہ در پردۂ پندار رہا

صوفیوں نے تو ہر ایک چیز چھپالی اپنی
خرقہ میرا گرِ خانۂ خمّار رہا

خرقہ پوش اور بھی سب مست تھے گزرے گزر
چرچا میرا ہی ہر کوچہ و بازار رہا

وہ جو ایک لَت مرے عیب چھپا لیتا تھا
رہنِ مے کو جو چلا دوش پہ زنّار رہا

ہر مے لعل جو اس جام بلوریں سے رلی
جوئے حسرت بنی اور دیدہ گہربار رہا

نعرۂ عشق سے خوشتر نہیں آہنگ کوئی
گونجتا اس سے سدا گنبدِ دوّار رہا

از ازل تا بہ ابد کون کسے چاہتا ہے
داد دے دل کی کہ یہ تیرا خریدار رہا

صورت جیں جو بنی حسن پہ تیرے حیران — اُس کا قصہ بھی رقم بر در و دیوار رہا
تیری آنکھوں پہ پڑا دیدۂ نرگس بیمار — حلقہ کہ اُن کی تو پوچھا نہیں بیمار رہا
دل جو زلفوں کے تماشہ کو گیا تھا حافظ — پھر نہ آیا کبھی تا عمر گرفتار رہا!

ہر آنکو خاطر مجموع و یارِ نازنیں ارد

میسر جس کو اطمینان و یارِ نازنیں ہوگا — سعادت بر جبین و انجم خوش ہمقریں ہوگا
جنابِ عشق کی درگاہ ہے وہم و عقل سے بالا — کرے گا کم آستاں بوسی جو جاں در آستیں ہوگا
نہ کمتر جان اے منعم ضعیفوں اور فقیروں کو — صدارت پر جہاں ہوگا فقیرِ رہ نشیں ہوگا
جتا تا چل توانائی نہ بر روئے زمیں اتنی — توانا تجھ سا کیا کیا ناتواں زیرِ زمیں ہوگا
بلا گردانِ جان و دل دعائے مستمنداں ہو — نہ ہوگی خیر جس خرمن سے خارج خوشہ چیں ہوگا
ذرا میری بھی کہہ دینا صبا اُس شاہِ خوباں سے ق — جم و کے سا ہر ایک جس کا غلام کمتریں ہوگا
لبِ لعل و خطِ مشکیں۔ کہ وہ یہ بھی رکھے وہ بھی — جو یہ دونوں رکھے میرے سوا کس کا حسیں ہوگا
دہانِ تنگ و شیریں حلقۂ مہرِ سلیماں ہے — جہاں بھی لا محالہ اُس کے سب زیرِ نگیں ہوگا
جو فرمائے نہیں حافظ سا اچھا بندۂ مفلس — کہیں اُس سا نہ سلطانِ گدائے رہ نشیں ہوگا

ہر آنکہ جانب اہل وفا نگہ دارد

جو کوئی جانبِ اہل وفا نگہ رکھے — ہر ایک حال میں اُس پر خدا نگہ رکھے
نہ چاہتا ہو جو محبوب سے جدا ہونا — کہو علاقۂ دل کو سدا نگہ رکھے
کہے نہ دوست کی باتیں سوائے حضرتِ دوست — کہ رازِ یار کا یارِ آشنا نگہ رکھے

وہ بات کیجئے پیدا کہ پاؤں گر پھسلے
فرشتہ کہہ کے معاً بسملہ نگہ رکھے

نہیں وہ دل کا نگہباں نہیں گلہ اس کا
کہ دستِ بندہ ہے عاجز خدا نگہ رکھے

صبا جو زلف میں الجھا ہوا وہ دل پائے
تو ڈانٹ دینا کہ گرتا ہے جا نگہ رکھے

غبارِ رہ ترا پائے گر آنکھ حافظ کی
بچا کے چشمِ نسیم و صبا نگہ رکھے

ہر کرا با خطِ سبزت سرِ سودا باشد

سر میں اپنے جو خطِ سبز کا سودا رکھے
پاؤں اس دائرے سے بڑھ کے نہ حاشا رکھے

لالہ ساں حشر میں نکلے گی لحد سے یہ جبیں
داغِ سودا ترا ایک جائے سویدا رکھے

ظلِ ممدود تری زلف کا دائم قائم
کیا ہی اس چھاؤں میں تسکینِ دلِ شیدا رکھے!

گہ ہم آہنگِ دل آ پردے سے باہر چھپ جا
کہ نہ پھر وجہ ملاقات کی پیدا رکھے

کب تک اے دُرِ گراں مایہ روا ہو تجھ کو
کہ رواں دیدۂ مردم سے یہ دریا رکھے؟

دیکھے ہر بُنِ مژگاں سے رواں ہیں نہریں
تو جو کچھ میلِ لبِ جُو و تماشا رکھے

کیوں نہ حافظ کی طرف آنکھ اٹھے مشکل ہے
سرگرانی بھی تو کچھ نرگسِ شہلا رکھے

ہر کہ او یک سرِ مو پند مرا گوش کند

یک سرِ مُو جو مری مانے کوئی گوش کرے
حلقۂ زلف لے اور زیبِ بنا گوش کرے

مانے جو مقصدِ آہنگِ دل اپنا اس کو
پھانک لے خاکِ بیاباں کو شکر نوش کرے

ہو کبھی دوش بدوش اس کے تو دل کیا چاہیے
بارِ جاں اس پہ رکھے خود کو سبکدوش کرے

اس لئے پیچ و خم و تاب ہیں اس گیسو کو
کہ شکنجے میں دلِ عاشقِ مدہوش کرے

مسندیں لالہ و گُل کی ہیں بچھائی رُت نے — سمن ان پتوں پہ سنبل کو ہم آغوش کرے
نرگس و سوسن و گُل جوش پہ ہیں گلشن میں — تو انھیں آن کے ایک حسن سے خاموش کرے
دلِ حافظ میں ہیں گو سینکڑوں ذوق کے گلے — دیکھ کر تجھ کو مگر جملہ فراموش کرے

ہرگزم مہرِ تو از لوحِ دل و جاں نرود

چاہ تیری نہ کبھی میرے دل و جاں سے جائے — یاد اے سروِ خراماں نہ تری دھیان سے جائے
تیری اُلفت دل و جاں میں ہے وہ گھر کر بیٹھی — سر چلا جائے ہٹے دل سے نہ یہ جاناں سے جائے
دلِ سرگشتہ سے باہر یہ خیالِ رُخِ دوست — نہ جفائے فلک و گردشِ دوراں سے جائے
دلِ مسکیں پہ جو ہے غم کا یہ بھاری پتھر — ہو نہیں سکتا ہٹے یا کسی عنوان سے جائے
عہدِ پیوندِ ازل زلف سے ہے تا بہ ابد — منحرف ہو سکے نہ دل اس خطِ فرمان سے جائے
دل ہے در پے جو حسینوں کے تو معذوری ہے — درد مِٹ جائے کسی کا تو وہ درماں سے جائے
چاہتا ہو جو نہ حافظ کی سی سرگردانی — دل حسینوں کو نہ سونپے کبھی تا جان سے جائے

ہوسِ بادِ بہارم بہ سوئے صحرا برد

ہوسِ بادِ بہاری سوئے صحرا لے جائے — صبرِ خوشبو کا تری آن کے جھونکا لے جائے
لے اُڑے آنکھ تری دل کو ہر ایک پہلو سے — ایک میرا دلِ بیمار نہ تنہا لے جائے
رہزنی غمزہ کرے تُرکِ کمانِ ابرو کا — لوٹ کر ہندوئے سروِ سہی بالا لے جائے
خوش اِدھر دستِ طلب سلسلۂ شوق بٹے — دے اُدھر لشکرِ غم عقل کو دھکا لے جائے
دلِ سنگیں کو بھی گریہ نے مرے ٹھیل دیا — کٹ چٹانوں کو بہا پانی کا ریلا لے جائے!

ٹک سکے منہ جام کو ہو دے نہ جاں بخشی تری — آبروئے لب جاں بخش مسیحا لے جائے
بحث اچھا نقطۂ موہوم کو خوش تقسیم پہ جب — آ کے گر خط پہ کسی کے تو اپنا یہ عجوبہ لے جائے

شوخیِ دلا بہار کا کاغذ

لکھا ہم نے کو اٹھا دستِ یار کا کاغذ — بھیج ایک سوئے آں نگار کا کاغذ
اے شوخ کہہ جا کے صبا تو — لکھے جو یہ بے قرار کا کاغذ
گر یہ شوخی سے نگاہ دے جواب ایک — لکھے آہستہ گر ہزار کا کاغذ
نام اس کا لکھا تھا کہ نقش رہا — بر صفحۂ روزگار کا کاغذ
لکھا چاہا نقطۂ دہن کا تو حوصلہ — از راہِ کرم نگار کا کاغذ

یاد باد آنکہ نہایت نظرے با ما بود

یاد ہوگا کہ نظر مجھ پہ تری کیا کیا تھی — مہربانی تری، صورت سے مری پیدا تھی
یاد ہوگا نگہِ تیز تو تھی ہی قاتل — لب کی شیرینی بھی اعجاز میں ایک عیسیٰ تھی
یاد ہوگا کہ کلہ کج کی مرے چاند نے جب — ایک جہاں گردِ مہِ نو بھی رکابِ پا تھی
یاد ہوگا رخِ روشن تھے ترے شمعِ طرب — جانِ دل سوختہ پروانۂ بے پروا تھی
یاد ہوگا ادب و خلق کے ان جلسوں میں — عادیِ خندۂ مستانہ نہ فقط صہبا تھی
یاد ہوگا قدحِ لعل وہ جب ہنستا تھا — بحث تیرے لبِ لعلیں سے مجھے کیا کیا تھی
یاد ہوگا کہ صبوحی زدہ ہوتے تھے ہمیں — مجلسِ انس میں یا ذاتِ خدا بینا تھی
یاد ہوگا کہ میں ایک مست خرابا تھا — اب میسر نہیں جو شے مجھے تب پیدا تھی

یاد ہے گا تری اصلاح سے ہوتی تھی درست — نظم ہر گوہرِ ناسفتۂ حافظ، ساقی!

یاد باد آنکہ سرِ کوئے توام منزل بود

ہائے وہ دن کہ ترے کوچہ ہی میں منزل تھی — خاکِ پا ورسے تری آنکھوں کو ضیا حاصل تھی
سوسن و گل کی طرح پاک تھی باہم صحبت — لب پہ آ جاتی تھی میرے کہ جو تیرے دل تھی
مسالت کرتا تھا دل پیرِ خرد سے اکثر — عشق سے ہوتی تھی حل عقل کو جو مشکل تھی
آہ اس دام کہ وہ ہر کے یہ جور و ستم! — ہائے کس عیش و تنعم کی بھری محفل تھی!
دل یہ کہتا تھا کہ بے دوست جیوں گا نہ کبھی — دل کا کہنا بھی مری سعی بھی سب باطل تھی
یاد ہے احباب میں کل شب میں خرابات گیا — خُم بھرا خوں سے ملا مے بھی بہی در گل تھی
ڈھونڈا بہت کہ معلوم ہو کچھ وجہ فراق — عقل سے پوچھا تو اک مفتیِ لا یعقل تھی
سچ یہ ہے، دولتِ فیروزہ بو اسحاقی — تھی تو رخشندہ، مگر دولتِ مستعجل تھی
یاد ہے قہقہہ کبکِ خراماں حافظ؟ — کیا ہی، جھپٹا ہے جو شاہینِ قضا، غافل تھی

یاری اندر کس نمی بینیم یاراں را چہ شد

کیا ہوئی یاری تمہاری ہے تم کو یار و کیا ہوا! — دوستی کیوں ہٹ گئی ہے اے دوستدارو کیا ہوا
آبِ حیواں میں سیاہی کا جرا کیا ہے خضر — خون شاخِ گل سے ٹپکا نو بہارو کیا ہوا
گل ہزاروں کھل گئے بولی نہ ہر گز عندلیب — کیا ہوا اے عندلیبو! اے ہزارو کیا ہوا
لعل ایک کانِ مروت سے نہ نکلا ان نوں — بھر و مہ اے لعل کے مدت گزار و کیا ہوا
زہرہ کیوں بے ساز ہے کیا جل گیا اس کا ستارہ؟ — ذوقِ مستی کیوں فنا ہے مے گسارو کیا ہوا

کر نہیں سکتی زباں اُف ادا حقِ دوستی | حق شناسی پہ پڑی کیا حال یارو کیا ہوا
گوئے توفیق و کرامت ہے پڑی میدان میں | مردِ میدان ہو نہ کوئی شہسوار کیا ہوا
حافظ اسرارِ الٰہی سے کوئی واقف نہیں | حالِ عالم کچھ نہ پوچھو دم نہ مارو کیا ہوا!

یک دو جامم دی سحر گہ اتفاق افتادہ بود

صبح ایک دو جام پی کر اتفاق ایسا ہوا ق | پی لبِ ساقی سے بھی مے اور مذاق ایسا ہوا
شاہدِ عہدِ شباب آ ہی گیا مستی میں ہاتھ | چاہی رجعت میں نے، واں نکلی طلاق ایسا ہوا!
گوشہ گیری ساتھ چشمِ مست کے پائی محال | زورِ طاقت ہی خمِ ابرو سے طاق ایسا ہوا
دو کوئی تعبیرِ خواب، ایک صبح میں اور آفتاب | خوابِ شیریں میں تھے دونوں ہم وثاق ایسا ہوا
خوب کی سیرِ طریقت پہ نہ پائے ایک جا | عافیت کا دیدہ بازی سے فراق ایسا ہوا
کارِ سلکِ دیں نشہ تجھے نصیر الدین سے | بن گیا ہارا ہُوا نظم و نساق ایسا ہوا
شوق پر تو سے تھا یہ نظمِ پریشاں دام تھی | اس کے لکھتے لکھتے حافظ اشتیاق ایسا ہوا

یارم چو قدح بدست گیرد

گر یار قدح بدست لے لے | بازارِ بتاں شکست لے لے
دریا میں پڑا ہوں مثلِ ماہی | مجھ کو بھی لگا کے شست لے لے
قدموں میں گرا ہوں زار ہو کر | شاید کہ وہ سر بدست لے لے
دیکھ آنکھ پکارے محتسب کو | قبضے میں یہ اپنے مست لے لے
وہ شاد رہے جو مثلِ حافظ | ایک جامِ مئے الست لے لے

الا اے طوطیٔ گویائے اسرار

سُنا اے طوطیٔ گویائے اسرار — رہے میٹھی ہمیشہ تیری منقار
رہے سرسبز و خوش و خرم ہمیشہ — دکھایا تُو نے گلزارِ خطِ یار
سخن سربستہ کہنا دوستوں سے — خدا کے واسطے کہہ کھول کر یار!
چھڑک بھر کر مرے مُنہ پہ گلابی — کہ بختِ خواب آلودہ ہو بیدار
غضب کا راگ چھیڑا تُو نے مطرب — کہ ناچ اُٹھے ہیں دو نو مست و ہُشیار
ملا دی مے میں کیا افیون ساقی — کہ سر باقی ہے یاروں کا نہ دستار
خرد ہر چند نقدِ دو جہاں ہے — نہیں کچھ پیشِ عشقِ کیمیا کار
سکندر کو نہ دیں ایک بوند پانی — نہ زر کچھ کام دے اُس کا نہ تلوار
نہیں کچھ حرج دردِ دل کو سن لے — ہیں ایک دو حرف با معنیِ بسیار
نہ ہشیاروں پہ کھول اسرارِ مستی — نہ واقف روح سے ہو نقشِ دیوار
بُتِ چینی عدوئے دین و دل ہے — دل و دیں کا خُدا حافظ مددگار
کیا کارِ خدا بندوں کے حق میں — الٰہی دُور تجھ سے جملہ آزار
طفیلِ دولتِ سلطانِ منصور — ہوا حافظ علم در نظمِ اشعار

اے بادِ مشکبو بگذر سوئے آں نگار

چل بادِ مشکبو وہیں جس جا ہو وہ نگار — ایک موئے زلف کھول کے لا تازہ بوئے یار
اور اُس سے کہہ کہ - اے مہِ نا مہربانِ من — آ جا کہ موت سے بھی اشد تر ہے انتظار

دل دے کے جان سے ہیں خریدار عشق دل — ہونے نہ دے مجھے تو غم ہجر کا شکار

بھولے زمانہ۔ تو نے مگر کیوں بھلا دیا — ہے ہے نہ دل سے یارِ وفادار کو آزار

اے دل! نباہیے غم ہجراں تو صبر سے — اے دیدہ! رو نہ آہ یہ تو نہیں سے یوں نزار

دل کو خیال یار پہ تو اختیار ہے — مانا کہ یار پر نہیں کچھ دل کو اختیار

حافظ یہ تا کجا غم مالِ جہاں عزیز؟ — اے یار صبر سے ہے جہاں کو ہی کب قرار

اے بُردہ گوئے حسن ز خوبان روزگار

پس ماندہ تجھ سے حسن میں خوبانِ روزگار — قد راستی میں رشکِ سہی سرو جوئبار

الحق یہ نقش مہر نشانِ دہن ترا — موہوم نقطہ ہے کہ نہ پنہاں نہ آشکار

دل دے دیا ہے اس کے خط و خال زلف کو — کیا دیکھیں ان کے ہاتھوں سے دیکھے دل فگار

دشمن ہزار کیا ہیں جو چُھٹے پہ یار ہو — مرد آزمودہ کار ہوں کیا خوف کا زار

ڈالے پڑا ہے ڈیرے سرِ چشمِ دل کے عشق — بات کہتے ہیں ... روح پھڑکتی ہے بیقرار

سرکش ہو سرو سامنے تیرے تو رنج کیا — کم بُو کی عقل کا نہیں دنیا میں اعتبار

حافظ نے واہ وا لا انتہا ایک تیرے واسطے — دل اس کا شہد تشنہ ہر غم میں ہے مردہ وار

اے خرم از فروغ رخت لالہ زار عمر

شاداب تیرے حسن سے ہی لالہ زار عمر — آجا۔ بغیرِ گل گئی ورنہ بہارِ عمر

بارانِ اشک آنکھ سے برسے تو کیا عجب — برق دواں ہو غم میں ترے روزگارِ عمر

بے غم زندہ ہوں میں تعجب نہ جانئے — دن ہجر کے نہیں ہیں مگر در شمارِ عمر

اندیشہ کچھ محیطِ فنا سے مجھے نہیں — اُس نقطہ وہاں پہ ہے میرا مدارِ عمر
ہیں ہر طرف سے سیلِ حوادث کمین میں — سرپٹ عنانِ گستہ رواں ہو سوارِ عمر
کب تک مے صبوح و سکرِ خوابِ صبحدم — بیدار ہو کہ کچھ نہ رہا اعتبارِ عمر
کل راہ میں ملا تو ملائی نہ آنکھ بھی — بیچارہ دل نے دیکھا تو کیا درگزارِ عمر!
حافظ سخن سرا ہو کہ ہستی کے صفحہ پہ — رہ جائے کچھ قلم سے ترے یادگارِ عمر

اے صبا نکہتے از خاکِ درِ یار بیار

بوئے خوش بادِ صبا خاکِ درِ یار سے لا — دفعِ اندوہ کو مژدہ کوئے دلدار سے لا
نکتۂ روح فزا ہو دہنِ یار کا خاص — یعنی مژدہ کوئی خود عالمِ اسرار سے لا
خوشبوئے زلف سے کر آکے معطر یہ مشام — شمہ ایک نکہتِ انفاسِ خوش یار سے لا
جا قسم تجھ کو وفا کی ہی پیامِ لبِ یار — بے کدورت جو ہو سرگوشیِ اغیار سے لا
قرن گزرے رخِ مقصود کو دیکھے ساقی — پھر پئیں اُس قدحِ آئینہ کردار سے لا
خاک آنکھوں میں رقیبوں کی بھی کچھ جھونکی آ — چشمِ خوں گشتہ کو سرمہ قدمِ یار سے لا
بے خبر رہنا بھی جائز نہیں جانبازی میں — راہ کی بھی تو ذرا گردِ بتِ عیار سے لا
دلِ دیوانہ یہ زنجیر نہیں مانتا ہے — حلقہ ایک اس کے خمِ طرۂ طرار سے لا
عیشِ آزادی کا کر شکر ادا مرغِ چمن — تا اسیرانِ قفس کچھ گل و گلزار سے لا
کام تک تلخ کیا صبر گوارا کر کے — ایک جھڑکی لبِ شیرینِ شکر بار سے لا

دلقِ حافظ بھی کوئی چیز ہو رنگ دے مے سے
مست بہکاتا پھر کوچہ و بازار سے لا

دلا چندم بریزی خون ز دیدہ شرم دار آخر

کہاں تک روئے خوں آنکھوں سے؟ دل تو شرما آخر
کبھی تو خواب سے تم بھی ہو آنکھو ہمکنار آخر؟

گھڑی گر ملک سنجیدگی کی اے دل تو نے انگیزی
سُنے گا صبحدم بجتے ہوئے خوشیوں کے تار آخر

صبا کی طرح کشتِ دیگراں سے غنچہ چیں کب تک
کرے کیوں اپنی ہمت سے نہ انساں کوئی کار آخر

نگارستانِ چیں مانا، نہ بن جائے گا گھر تیرا
قلم اپنے سے گر کھینچے کچھ نقش و نگار آخر

وہی میں ہوں کہ مجھ سے عرضِ جاناں کے لیا ہو
دعا سے صبحدم دیکھا کہ کیا لائی بہار آخر؟

نعیمِ دنیا و عقبیٰ عطا کی تجھ کو رازق نے
سماعِ چنگ اوّل خواب در آغوشِ یار آخر

صنم رشکِ مہ پروین جھکا دیتے ہیں گردنیں
کہاں کی توبہ حافظ شرم ساقی کچھ تو یار آخر

دیگر زشاخِ سرو سہی بلبلِ صبور

سرو سہی کی شاخ سے پھر بلبلِ صبور
گلبانگ چشمِ بد پہ لگاتی ہے: گُل سے دور!

حسبِ مرادِ دل جو کھلا اس کے شکر میں
گُل چھوڑ دے یہ بلبلِ شیدا سے تو غرور

غیبت سے تیری کوئی شکایت نہیں مجھے
غیبت نہ ہو تو دے نہ مزا لذتِ حضور

عیش و طرب سے اور اگر شاد شاد ہیں
اپنا غمِ نگار ہی ہے عیش اور سرور

زاہد تو ہے امید میں حور و قصور کی
یاں کنجِ میکدہ ہے قصور اور یار حور

مے پی تو زور و شور سے اندیشہ کچھ نہ کر
بولے کوئی نہ پی، تو نہ سن، کہہ "ہو الغفور"

حافظ شکایتِ شبِ ہجراں ہے کس لئے
ہے ہجر میں وصال بھی ظلمت میں جیسے نور!

روئے بنما و مرا گو کہ دل از جاں برگیر

رُخ دکھا۔ پھر یہ تنا حیف اگر جا بر ہو!
شمع روشن ہو تو پروانہ بھی خاکستر ہو

تشنہ لب دیکھ یہ ترسانہ۔ مرے ڈھیر پہ آ
اپنے کشتے کو اُٹھا پاس کھڑا آ کر ہو

چنگ کافی ہے فقط، عُود نہیں، تو نہ سہی
آتشِ عشق ہو، دل عُود ہو، تن مجمر ہو

رقص کر راگ پہ اور برقع سراسر دے اُتار
ورنہ رہ گوشہ میں ایک کہنہ پردا سر پہ ہو

سیم و زر ڈب میں نہ درویش کی دیکھے تو نہ چھوڑ
سیم آنسو پہ رُخِ زرد تصور زر ہو

نام جانے کا نہ لے دوست، ذرا بیٹھ تو پاس!
بر لبِ جُو ہو طرب جو و بکف ساغر ہو

پھونک اِن گیروا کپڑوں کو مَے صافی پی
سیم و زر ہار کے ایک سیم بدن دلبر ہو

حافظ آراستہ کر بزم، دکھا واعظ کو
کہہ کہ اب بات ہے جب ترک سرِ منبر ہو!

ساقیا مایۂ شباب بیار

ساقیا! مایۂ شباب لیا
ایک دو ساغر شرابِ ناب لیا

دارُوے دردِ عشق یعنی مَے
جس سے زندہ ہوں شیخ و شاب لیا

بادہ گر آفتاب، ماہ ہے جام
ڈال کر مہ میں آفتاب لیا

غمِ دوراں نہ کھا۔ رہے نہ رہے
کچھ سُنا۔ چنگ یا رباب لیا

عقل نے سرکشی بہت سیکھی
مے سے گردن میں اُس کی داب لیا

ڈال دے آگ پر ذرا پانی
یعنی آتش مثالِ آب لیا

موسمِ گل گیا تو جانے دے
بادہ ناب اور گلاب لیا

چھپے قمریوں کے ہوں خاموش — قلقلِ شیشۂ شراب لیا

یا خطا یا صواب ہے پیشا — کیا عجب ہو اگر صواب لیا

وصل جز خواب دیکھنا معلوم — پس چو لے آے جلد خواب لیا

چھک چکا ہوں مگر دیے جا جام — کر دے بالکل ہی بس خراب لیا

ایک دو رطلِ گراں دے حافظ کو — دہ گنہ ہو کہ ہو ثواب لیا؛

صبا ز منزل جاناں گزر دریغ مدار

چل اے صبا سوئے جاناں گزر دریغ نہ رکھ — چلا یہ عاشقِ مسکیں خبر دریغ نہ رکھ

ادائے شکر میں گل بامراد کھلنے کے — مہک کہ شاد ہو مرغِ سحر دریغ نہ رکھ

ہی ایک نیم نگہ پر مرادِ دل موقوف — قدیم دوست سے حیف اس قدر دریغ نہ رکھ

جہاں، متاعِ جہاں، جملہ مختصر ٹھیرے — نیاز مند سے یہ مختصر دریغ نہ رکھ

حریفِ بزم تھے ہم تیرے جب تلک تو تھا — ہوا جو ماہِ تمام اب نظر دریغ نہ رکھ

بزرگیاں تری شاعر جہاں کو پہونچا ہیں — وظیفہ دے انھیں زادِ سفر دریغ نہ رکھ

جو نامِ نیک ہو مطلوب صرف اتنا کر — صلہ کمال کا دینے میں زر دریغ نہ رکھ

بہم ہیں نوش و شکر بار یہ لبِ شیریں — کر اپنے طوطی سے باتیں شکر دریغ نہ رکھ

غبارِ غم بھی یہ دب جائیگا مگر حافظ — تر آب دیدہ سے رکھ رہ گزر دریغ نہ رکھ

عید است و آخر گل و یاران در انتظار

چلتی بہار عید کا دکھلا نہ انتظار — ہے چاند روئے شاہ ہی ساقی پلادے یار

چاہا تھا اب کے منہ نہ لگاؤں بہار کو
لیکن قصورِ ہمتِ پاکانِ روزگار

وقتِ سحر ہو فوت تو ڈر کیا صبوح ہو
افطار روزے سے ہی کرتے ہیں بادہ خوار

کیا ذکر مے کا! یہاں تو بس ایک تقدّس ہی ہے
اور وہ بھی ایک کرشمۂ ساقی پہ ہے مدار

یہ عہدِ شادمان؟ یہ شادی کریم و شاد!
یارب کبھی ہو نظرِ بد سے یہ دوچار

جو بن دکھائیں مے مرے اشعار سے چھپے
جامِ مرصّع تیرا ہو ل میرے یہ شاہوار

دل شوق سے جہاں لگا ذوقِ مے سے پوچھ
انجامِ جام و قصۂ جمشید کامگار

تو پیرہ پوشِ گل ہے جو ایک لطفِ عام سے
میں بھی بغل میں رکھتا ہوں ایک قلبِ کم عیار

ڈر ہے کہ روزِ حشر عناں بر عناں ہوں
تسبیحِ شیخ و خرقۂ رندِ شراب خوار

روز سے گئے تجھے خیر پہ حافظ چلی بہار
ناچار بادہ پیجیے پھر کیا ہے چارہ کار!

عاشق یارم مرا با کفر و با ایماں چہ کار

عاشقِ جاناں، مجھے کیا کفر کیا ایماں سے کام
تشنۂ غم ہوں مجھے کیا وصل کیا ہجراں سے کام!

ہے لبِ جاناں سے غائب ہی نشانِ زندگی
بن چکا اے جانِ من ان جانِ بیجاں سے کام

تشنۂ الفت کو کیا ہو فتنۂ دوراں سے ڈر
مفلس و قلاش کو کیا حاسبِ دیواں سے کام

دو جہاں سے یار ہی گر مقصد و مطلوب ہے
دوزخ و جنت سے مطلب؟ حور اور غلماں سے کام

قبلۂ و بتخانہ دونوں ابروئے دلدار ہیں
اس دلِ شوریدہ کو یاں سے غرض نے واں سے کام

جس نے اپنے آپ کو بھی عشق میں دی ہی طلاق
درد سے کچھ واسطہ اُس کو نہ کچھ درماں سے کام

صورتِ مردانہ رکھ تو سیرتِ مردانہ سیکھ
عاشقا نکلا نہ تنہا صورتِ مرداں سے کام

جھوم کر مستانہ حافظ پھر اُسی دُھن میں سُنا
عاشقِ جاناں مجھے کیا کفر کیا ایماں سے کام

گر بود عمر بہ میخانہ رسم بارِ دگر

زندگی ہے تو چلوں میکدے پھر بارِ دگر
اور بجز خدمتِ زندان نہ کروں کارِ دگر

ہائے کب ہوگا کہ پھر میں خوش و خنداں جاؤں
میں ہوں اور وہ مرا خمخانہ ہو پھر بارِ دگر

تھے لطیف اُٹھ گئی اس قوم سے بھیج اے اللہ
گوہرِ فن کا مرے کوئی خریدارِ دگر

عافیت جو ہے یہ دل اب جو نہ بھائیں اس کو
غمزۂ شوخ وہ اور طرۂ طرارِ دگر

دے مدد تھوڑی سی گردائرۂ چرخِ کبود
لاؤں چکر میں اسے پھر کے بہ پرکارِ دگر

آہ غمزوں میں مرے رازِ نہاں یوں رُسوا
ہر گھڑی بادف و نے برسرِ بازارِ دگر

چھوڑ دے یار، بھلا دے حقِ خدمت سارے
مجھ پہ اللہ کی ہو! چاہوں میں گر یارِ دگر

نالہ ہر دم نہ ہو سر کیسے۔ فلک رہتا ہے
سرِ دلِ زار کے ہر لحظہ بہ آزارِ دگر

پھر گزارش ہے کہ حافظ ہی نہیں ہو تنہا
غرق اس دشت میں اکثر ہوئے بسیارِ دگر

نصیحتے کنمت بشنو و بہانہ مگیر

ترے بھلے کی میں کہتا ہوں سن بلا تزویر
کہے جو ناصحِ مشفق وہ مان بے تاخیر

جمالِ حسنِ جواناں پہ سینک آنکھوں کو
لگا ہے گھات میں اس زندگی کی عالمِ پیر

مئے دو سالہ ہو، محبوب چار دہ سالہ
بہت یہ کافی ہیں صحبت کو و صغیر و کبیر

نعیمِ دنیا و عقبیٰ کا عاشقوں سے بیاں؟
یہ خود متاعِ قلیل اور وہ ایک بہائے حقیر!

ازل میں ہم جو نہ موجود تھے گئے قسمت
جو کچھ خلافِ رضا پائے تو نہ کر تعزیر

لگے جو ہاتھ تو پھر ایک چنگ و رباب
گاؤں ورد اپنا غزل میں با بم و زیر

ارادہ تھا نہ یوں اب گنہ سے توبہ کروں / موافق آئی نہ تدبیر سے مگر تقدیر!
بعزمِ توبہ رکھا ہاتھ سے قدح سو بار / مگر کرشمۂ ساقی کہ کچھ نہ کی تقصیر
جو نام توبہ اب اس بزم میں لیا واعظ / کمانِ ابروئے ساقی اُڑا دے تھوتھوں تیر
کہاں نہیں تھا دل اس زلف سے حذر کرنا / ہوا کو باندھتے ہیں اُس کے حلقۂ زنجیر
دلِ رمیدہ ہمارا یہ گھیرتا ہے کون؟ / خبر ہو تجھ کو یہ مجنونِ بستۂ در زنجیر!
چڑھائے جام ایک عزمِ وصالِ جاناں گر / وہ بامِ عرش سے سُن آ رہی ہو تجھ کو صفیر
قدح میں ریزشِ مےٴ ناب لالہ ہو ساقی / نہ دل سے خالِ نگاریں کی محو ہو تصویر
عطا ہو ساغرِ یاقوت بھر کے دُرِّ خوشاب / حسود سوختہ ہوں دیکھ کر یہ لطفِ وزیر
کہاں کا گفتۂ خواجہ، کلامِ سلماں کیا / نہ پہونچا حافظِ شیراز کو تو شعرِ ظہیر

یوسفِ گم گشتہ باز آید بہ کنعاں غم مخور

یوسفِ گم گشتہ پھر آئے گا کنعاں غم نہ کر / غمکدہ تیرا بنے گا پھر گلستاں غم نہ کر
پھر دلِ غمدیدہ کی سنبھلے گی حالت دیکھیو / پھر سرِ شوریدہ ہوگا اور وہ ساماں غم نہ کر
کیا ہوا رفتارِ گردوں گر رہی چندے خلاف / کب رہا کس کا رہا دایم یہ دوراں غم نہ کر
جلوہ گر ہے گر بہارِ عمر بر تختِ چمن / پھر ہوں وہ پھولوں کی سیجیں قصر و ایواں غم نہ کر
ہاں نہ ہو نومید علمِ غیب گر تجھ کو نہیں / کیا خبر کیا کھیل ہوں پردے میں پنہاں غم نہ کر
خاک چھانے سے جہاں کی جو نہ تھے یارِ درد مند / گھر میں پائے درد کا موجود درماں غم نہ کر
شوقِ کعبہ تو بیاباں راہ میں پڑنے ضرور / آبلوں میں گر چبھیں خارِ مغیلاں غم نہ کر
حال اپنا، فرقتِ جاناں کا، ظلمِ غیر کا / جانتا ہے سب بدلنا جس کو آساں غم نہ کر

ہو جو ہو سیلِ فنا مصروفِ غرقابی یہاں | نوحِ کشتیباں تو پھر کیا خوفِ طوفاں غم نہ کر
راہ مشکل، منزلِ مقصود پنہاں آنکھ سے | رہ گذر کوئی نہیں بیحد و پایاں غم نہ کر
گوشۂ فقر اور تنہائی میں راتوں کی مدام | رکھے ہی حافظ نماز اور وردِ قرآں غم نہ کر

اے دل از شامِ فراق و روزِ ہجراں غم مخور

کیا ہیں دل شامِ فراق و روزِ ہجراں غم نہ کر | کونسی شام و سحر پہونچی نہ پایاں غم نہ کر
جمعِ خاطر دل کی زلفوں کی پریشانی میں ہے | زلفِ جاناں سے اگر کچھ ہو پریشاں غم نہ کر
مژدہ پیراہنِ یوسف ملے گا مصر سے | غم نہ کر اے مبتلائے قیدِ ہجراں غم نہ کر
ہو جو ہو دشوار منزل باندھ ہمت کی کمر | ہوتے ہیں دشواریاں ہمت سے آساں غم نہ کر
وصلِ صاحب دولتاں کا سا ہی لازم دل دکھا | زار ہو کر اس طرح سے ہو نہ نالاں غم نہ کر
ماہِ اقبال ایک دو دن ناقص ہوا تو کیا ہوا | بدر ہوتے ہیں ہلال از بعدِ نقصاں غم نہ کر
ملتفت شاہِ سمرقند تجھ پہ گر حافظ نہیں | شاد کردے گا تجھے شاہِ خراساں غم نہ کر

شب قدر است و طے شد نامہ ہجر

شب قدر آئی طے شد دفترِ ہجر | سلام ہی حتیٰ مطلعِ الفجر
ذرا رہ عشق میں ثابت قدم تو | نہیں رہتا ہے اس میں کوئی بے اجر
نہیں باز آؤں گا زندگی سے ہرگز | ولو آذیتنی بالحجرِ والہجر
گیا دل مفت دیکھا تک نہ اس کو | جو دیکھا تو یہ ظلم اور یہ زجر
نکل آ صبحِ روشن دل خدا را | بلا کی ہے یہ کالی بخت شبِ ہجر

وفا چاہے جفائیں کھینچ حافظ　　فَاِنَّ الرِّبحَ وَالخُسرانُ فِی التَّجَرِ!

اے سروِ ناز حسن کہ خوش میروی بہ ناز

اے سروِ نازِ حسن کہ جاتا ہے ناز سے　　تیرے فدائے ناز ہیں کس کس نیاز سے
ہو خوش نصیب ناز۔ ازل میں سلی تھی چُست　　اُس سروِ قد پہ قطع قبا ہو کے ناز سے
اُس زلفِ عنبریں کی ہو بو جس کو آرزو　　کہہ دو بسانِ عُود رکھے سوز ساز سے
بدگوئی رقیب سے ہونگے نہ کم عیار　　کُندن ہی کٹ کے نکلیں گے دندانِ گاز سے
پروانہ کب تھا سوز میں بے شمع۔ اور یہاں　　بے شمع رُو ہی واسطہ سوز و گداز سے
کیا نفع خون رونے کا۔ ہر دم وضو شکست!　　بے طاقِ ابرو منع اُدھر ہم نماز سے!
پا کر وقوفِ طوفِ حریمِ صنم سے دل　　اب پھر چلا ہے قصدِ حریمِ حجاز سے
صوفی ہمارا ناشتہ توبہ کا کر گیا　　کل صبح دیکھ کر درِ میخانہ باز سے
جوشان و مست پہونچا سرِ خم پہ راتوں رات　　حافظ سے کہدی کیا لبِ ساغر نے راز سے؟

براہِ میکدہ عشاق راست در تگ و تاز

یہ راہِ میکدہ میں عاشقوں کی ہے تگ و تاز　　کہ ذوق و شوق سے حاجی رواں ہیں سوئے حجاز؟
میں کیا بتاؤں کہ دیکھا درونِ دل کیا سوز　　ان آنسوؤں سے ہی لو پوچھ۔ میں نہیں غماز
غرض تھا تجربہ عشق ورنہ ایک سرِ مو　　جمالِ دولتِ محمود کو تھی زلفِ ایاز
کبھی وہ شام میسر نہیں ہے طالع سے　　کہ تجھ سے اپنی کہانی کا میں کروں آغاز
جگانے ایک ہوئے اُمیدِ روزِ وصل اے دل　　بجائی ہیں تری زنجیرِ درِ شبانِ دراز

چھپائے غنچہ رہے سر؟ کہاں گئی وہ نسیم
ہمارے دل کی وہ دمساز اور محرمِ راز؟

یہ موند موند دیے دیدۂ سحر نے لیکن
امیدِ وصل میں پھر دیکھئے تو باز کے باز

نہ جاؤں اب کسی عنوان چھوڑ کر درِ دوست
صنم پرستی سے کعبہ پہونچ کے آؤں باز

ہو عشق حافظ اگر ماہِ خیمہ آرا سا
بسانِ شمع جو جلنا تو رکھنا عود سے ساز

برنیاید از تمنائے لبت کامم ہنوز

وائے اُن ہونٹوں کی حسرت میں ہوں ناکامی ہنوز
جن پہ ہم کرتے رہے ہیں دُردِ آشامی ہنوز!

دین پہلے دِن ہی دیکھا زلف پر جاتا ہوا
وہ رہِ رسوں عشق کی ہے نیک انجامی ہنوز

کیا خطا کی! موئے سر کو کہہ دیا مشکِ ختن
تیر بن کر چبھ رہے ہیں موئے اندامی ہنوز

اُس نے سہواً لے دیا تھا تب سے میرے نام میں
لُٹے جاں پاتے ہیں اہلِ دل میں نامی ہنوز

میری خلوت سے جھلک پھر اُس کی لینے آفتاب
سایہ ساں کرتا ہے بام و در میں خوش گامی ہنوز

جرعہ ایک آبِ آتش گوں سے دے ساقی مجھے
پختہ کر دے عشق کی باقی جو ہو خامی ہنوز

دے کے جاں سوچا تھا ہو جائیگا دل آرام سے
جان دیدی ہے وہی لیکن بے آرامی ہنوز

شرحِ لعلِ لب رقم کی تب سے حافظ کا قلم
آبِ حیواں کی ہے ریزش میں خوشکامی ہنوز

بیا و کشتیِ ما در شطِ شراب انداز

اُٹھا کے ناؤ مری در شطِ شراب پڑے
مجھے وہ ڈھونڈا اُچھل جب سے شیخ و شباب پڑے

مجھے تو کشتیِ مے ہی میں ڈال دے ساقی
وہ نقل ہو کر جو نیکی کرے در آب پڑے

خراب و مست ہوں تاہم وہ ایک نگہ ڈالے
اُٹھے نظر بہ دلِ خستہ و خراب پڑے

اُٹھا تو لا مئے گلرنگ مشکبو کا قدح
کہ جس کی آتشِ غیرت سے جل گلاب پڑے

ہو آدھی رات کو درکار آفتاب تو لے
ذری سی دخترِ رز کی جھلک نقاب پڑے

نہ دفن کر دیں مجھے دیکھنا عزیز کہیں
نہ اُٹھ کے لاش مری درِ خُمِ شراب پڑے

کرے جو تجھ سے یہ حافظ ذرا بھی سرتابی
وہ رکھ کے زلف میں بٹ دے کہ پھر نہ تاب پڑے

خیز و در کاسۂ زر آبِ طربناک انداز

کاسۂ زر میں صنم آبِ طربناک پڑے
اس سے پہلے کہ یہ سر ٹھیکرہ ہو خاک پڑے

جا بسائیں گے کوئی شہرِ خموشاں کل، آج
دھوم سے گونج یہ نہ گنبدِ افلاک پڑے

سروِ سرسبز قسم تیرے ہی سر کی پسِ مرگ
تیرا سایہ بھی پڑے میری جہاں خاک پڑے

تیرے کانوں کے جو کاٹے ہیں حلق ہیں اُن کے
لبِ نوشیں کے شفا خانہ کا تریاک پڑے

اشک اشنان کیا آنکھوں نے۔ بس کر یہ شرط
پاک ہو پہلے نظر تب وہ نظر پاک پڑے

یارب ادراک ہے زاہد کو تو بس عیبوں کا
کور آہوں سے یہ آئینۂ ادراک پڑے

چشم آلودہ نظر کیا رُخِ جاناں دیکھے
اُس حسیں پر تو نظر آئینہ سی پاک پڑے

گُل ہو حافظ تو پہن نکہتِ جاناں کی قبا
یہ قبا در گرِ قامتِ چالاک پڑے

دلم ربودہ لولی وشیست شور انگیز

اُڑا کے لے گیا دل ایک شوخ شور انگیز
دروغ وعدہ و قتال وضع و رنگ آمیز

فدائے پیرہنِ پاکِ ماہ رویاں ہو
ہزار جامۂ تقوے و خرقۂ پرہیز

فرشتہ اور محبت ؟ یہ گفتگو کیا ہے!
اُلٹ دو جام وہاں جو جگہ ہوا دم خیز

ہم اُس سخن کے ہیں قائل جو بحث گر ہاوے
نہ وہ کلام جو ٹھنڈا ہی کر دے فقرۂ تیز

فقیر و خستہ ہوں در پہ کہ رحم فرمائیے
سلیے ہوں ہاتھ میں اُلفت کی کہنہ دستاویز

سُنا بھی رات جو ہاتف نے میکدے میں کہا؟
رضا سے راضی ہو دستِ قضا سے کر نہ گریز

پیالہ بھر کے کفن میں بھی میرے رکھ دینا
لحد میں دفع کروں گا میں ہولِ رستاخیز

میانِ عاشق و معشوق پردہ ہے نہ حجاب
ہے تو ہی بیچ میں حافظ حجاب اُٹھ برخیز

درآ کہ در دلِ خستہ تواں درآید باز

دلِ نحیف میں تاب و توان پھر آئے
پھر آ کہ اس تنِ مُردہ میں جان پھر آئے

وہ آنکھ ہجر نے موندی کہ بابِ وصل کھلے
تو شاید اس میں بھی کھلنے کی جان پھر آئے

رکھوں جو آئینہ دل کے آگے کچھ نہ دکھائے
اُلٹ پلٹ کے ترا ہی دھیان پھر آئے

ہے زلف یا یہ زنگ مصرِ دل پہ پڑی
کہ رومِ رُخ سے لپٹ ہار مان پھر آئے

نہ خوفِ دشت سے گھبرا کے کھول دے احرام
دریغ رہ سے دلاور جوان پھر آئے؟

چہکتی بلبلِ خوش رنگِ خاطرِ حافظ
اُڑاتی، آ، تری نکہت پہ تان پھر آئے

روزِ عیش و طرب عیدِ صیام ست امروز

روزِ عیش و طرب و عیدِ صیام آج کے دن
کامِ دل چاہیئے اور عیش سے کام آج کے دن

خانقاہ تھی کوئی زاہد کو جگہ اور نہ تھی
اُس کا بھی کنجِ خرابات مقام آج کے دن

بلبلِ مست ہے کیوں زار دمِ صبحِ بہار
کاروبار اُس کے ہیں سب رو بہ نظام آج کے دن

محتسب رندوں کو یہ تیری نصیحت بکواس
شاہد و مے سے بھلا کیوں نہ ہو کام آج کے دن

اے عروسِ فلکی نوفۂ مشرق سے نہ جھانک
دیکھنا ہے مجھے وہ ماہِ تمام آج کے دن
خلق رکھتی ہے سدا چشمِ نظر حافظ کے
ہے مگر روئے نگار و لبِ جام آج کے دن

زلفین سیہ خم بخم اندر زنُ باز

زلفیں وہ سیہ، ایک سے ایک لڑ گئی پھر آج
یعنی وہی مشکل میں کٹھن آ اڑ گئی پھر آج
دُور از نظرِ بد! رُخِ نیکو کی چمک۔ یا
چشمک سہ خورشید سے کچھ بڑھ گئی پھر آج؟
پھوڑا قدحِ عیش مرا سنگِ ستم سے
کیا کہیے اُسے مے بھی بہت چڑھ گئی پھر آج
بچ وہ دلِ سوختہ سے۔ چھوڑ شرارت
اس سوختہ اختر کی تپش بڑھ گئی پھر آج
خود سر زدہ سودائی کو پھر مار دیا قط
گدّی پہ کہ پیشانی تلک گڑ گئی پھر آج
خوشبوئیں ترے غالیہ میں ہیں کہ گل و قند؟
ہر گوشے میں گل اور شکر جھڑ گئی پھر آج
زر قلب کیا گر یہ میں، پر چہرہ کی تھی مُہر
نذر اُس نے نہ لی مُہر بزر پڑ گئی پھر آج
شہبازِ غمِ یار کو پدّی دلِ حافظ
کیا شے ہی مگر اُس کی نظر چڑھ گئی پھر آج

صبا بمقدمِ گل راح روح بخشد باز

صبا بمقدمِ گُل پُر سُرور و روح نواز
کہاں ہے بلبلِ خوش لہجہ آ سنا آواز
نہ ہجر سے ہو دل آزردہ دیکھے ہیں ہم
غم و نشاط، گل و خار اور نشیب و فراز
غموں نے قد تو کماں کر دیا مگر نہ چھُٹے
ہنوز مجھ سے کماں ابروانِ تیر انداز
سنا نہ نوحہ مصائب کا اپنے دشمن کو
بنا نہ سینۂ پُر کینہ کو خزینۂ راز
جلا دے پھونک دے دل تو بھی نالہ مت کرنا
اُسی کا دم بھرے جا نہ چھُوٹے سوز سے ساز

ہزار دیدے کھلے ہیں جمال پر تیرے — اُٹھائے تو ہی کسی پر نظر نہ از رہِ ناز
ہے فاش طُرّے کے ہاتھوں مری پریشانی — اچنبھ کیا کہ یہ ہمرنگِ مشک ہے غمّاز
غبارِ دل سے ہمارے ہو چشمِ دشمن کور — رکھیں جو خاک پہ حافظ یہ سر بُرے نیاز

مستم از بادۂ شبانہ ہنوز

ہے چڑھی بادۂ شبانہ ہنوز — ساقی رونق فزائے خانہ ہنوز
چشم مست اُس کمانِ ابرو سے — تیر تانے ہے بر نشانہ ہنوز
رنگِ مجلس اُسی قرار پہ ہے — لب پہ مطرب کے بھی ترانہ ہنوز
قتل کرکے بعشوہ پوچھا پھر — عشق سے باز آئے گا نہ ہنوز؟
نازنیں تیرے عشق سے باللہ — سب ہوئے تنگ میں ہوا نہ ہنوز
دُرِ دریائے عشق کی ہے طلب — جاں پہ کھیلے کہ اے میاں ہنوز
حافظِ خستہ غرقِ یار ولے — یار حافظ سے برکرانہ ہنوز

منم غریب دیار و توئی غریب نواز

میں ایک غریب دیار اور تو غریب نواز — غریب و زار کی لازم ہے عزّ و اور پرداز
تو جس کمند سے چاہے اسیر و قید کرے — مگر یہ شرط ہے کیجو نہ پھر نظر انداز
خیال ہی میں ترے دستِ دوست آتیں چومے — کہ آستاں کو تو پایا، نہیں یہ دستِ نیاز
کچھ آج ہی سے نہیں سر بر آستاں اس جا — ازل میں بھی نہ رہا تھا میں اس ادب سے باز
غم ایسی شام کا کیا صبح جس کے ساتھ لگی — کہ نیش و نوش ہم ہیں توام نشیب و فراز

جو خاک سے بھی زیادہ کرے ذلیل قبول
خرام ناز کرے آ خاک پر ہو پا انداز!

درونِ سینہ کبوتر سا لوٹتا ہے دل
یہ آگ کیا ہے کہ ہے روح کو بھی جس میں گداز

خیالِ قدِ بلند دیکھو اور دلِ مسکیں
یہ دستِ کوتاہ و فریاد اور وہ تیغِ دراز

فسانہ درد کا دشمن نیا نہیں سن لے
ازل ہی سے ہے یہ حافظ تو رندِ شاہد باز

ہزار شکر کہ دیدم بکامِ خویشت باز

ہزار شکر کہ ڈھب پر ہے پھر وہ دوست نواز
میں اس سے اور وہ اپنی مراد سے دمساز

مسافرانِ حقیقت غضب بلاکش ہیں
نشیب دیکھ کے جھجکیں نہ جھینپیں نشیب فراز

رقیب کی نہ نظر تاڑے حبیب کا غم
کرے نہ سینۂ پر کینہ کو کوئی ہمراز

یہ کیا اٹھایا اے مشاطۂ فضا فتنہ
سیاہ نرگسِ مست اور کی یہ سرمہ ناز؟

بایں سپاس کہ ہے شمعِ انجمن خود دوست
بسانِ شمع اگر سوز ہو تو چاہیے ساز

تھپیڑے کھائے ہیں غم کے جو عشق میں مت پوچھ
کریں گے اشک بیاں خود میں کیوں بنوں غماز

مراد تھی قدِ بالا کی تجھ سے بختِ بلند
نسیمِ زلف کی تجھ سے دعا تھی عمرِ دراز

ہے نیم بوسہ کو ارزاں دعائے اہلِ نظر
سہامِ مکرِ عدو تیرے جسم و جاں سے باز!

نہ گونجی عشق میں کس دیس کیا حجاز و عراق
نوائے بانگِ غزلہائے حافظِ شیراز!

منم کہ دیدہ بدیدارِ دوست کردم باز

کھلا وہ دوست پہ دیدہ ہا جو دیدے باز
ہزار شکر ترا کارساز بندہ نواز!

غبارِ چہرہ نہ دھوئیں نیاز مندِ بلا
مراد دل کو ہے اکسیر خاکِ کوئے نیاز

یہ ایک قطرہ کا ایثار صاحبِ نعمت! ‏ ‏ رکھے گا تجھ کو بہشت و زریب سی ناز
کرے نہ خونِ جگر سے وضو اگر عاشق ‏ ‏ نہیں درست بفتوائے عشق اس کی نماز
نہ مشکلاتِ طریقت سے پھیر منہ اے دل ‏ ‏ کہ مردِ راہ نہیں دیکھتے نشیب و فراز
ہے پیالے سے بس عالمِ مجاز میں میل ‏ ‏ بجز عشق کھیل نہ اس پھیر پہ کچھ محبت باز
نسیم پیٹ کی ہلکی سے کیا امید کہ جب ‏ ‏ نہیں ہے سرو چمن ساکھی است محرمِ راز
اگر وہ حسن ہے از عشقِ غیر مستغنی ‏ ‏ یہ عشق باز بھی اس حج سے نہ آئیگا باز
غزل سرائیِ ناہید ماند پڑ جائے ‏ ‏ غزل سرا ہو کہیں پر جو حافظ شیراز

حالِ خونیں دلاں کہ گوید باز

کون بولے جو خوں جہاں میں بہے ‏ ‏ خونِ جم کے عوض میں کون رہے
تھا فلاطوں تو خم نشینِ شراب ‏ ‏ رمزِ حکمت قلم سے کس کی بہے ؟
لالہ ساں جو لئے پھرے چنبل ‏ ‏ خوں سے منہ دھو کے سرخرو ہی رہے
چنگ کہتا ہے بات پردے کی ‏ ‏ ناک چوٹی کٹے کہ پھر نہ کہے
کہنا اس چشمِ مے پرست سے شرم! ‏ ‏ کہیں نرگس جو سر اٹھائے سہے
ابھی دل کی کلی یہ کھل جائے ‏ ‏ لالہ گوں مے کی بو نصیب، نہ ہے!
گردِ بیت الحرامِ خمِ حافظ ‏ ‏ نہیں چکرائے تم تو پھر کے رہے

اے صبا گر بگذری بر ساحلِ رود ارس

اے صبا پہونچے اگر تو ساحلِ رودِ ارس ‏ ‏ بوسہ دے اس سرزمیں کو اور مشکیں کر نفس

منزلِ سلمیٰ کہ ہر دم اُس پہ نازل صد سلام	ساربانوں کی صدائیں ہوں گی اور بانگِ جرس
محملِ جاناں کا پردہ چوم، کر جھکے جھکے عرض	جل بجھا میں ہجر میں اے مہرباں فریاد رس
کیوں ہوں راتیں وہاں بیہوشیوں میں رو زِ عید	آشنائے شب رواں یہاں شہر کا میرِ عسس!
شکرستاں میں اُڑائیں طوطیاں جب یہ مزے	کیوں نہ حیرانی سے پیٹے اپنا سر مسکیں مگس
دل تہِ دل سے سنبھالے جانِ چشمِ مست کو	گو کہ ہشیاروں کو بھی عاقل نہ دیگا اپنا بس
پند ناصح کو میں سمجھا مُفت کی جھن جھن ہمیش	حضرتِ ہجراں نے لیکن دو نصیحت دی کہ بس!
عشق بازی۔ بازیِ طفلاں نہیں ہے سر پہ کھیل	گوئے اُلفت سر نہیں ہو گی بچوگانِ ہوس!
نام حافظ کا ادا کر دے زبانِ کلکِ دوست	اور کچھ بس حضرتِ شہ میں نہیں ہے ملتمس

جاناں تُرا کہ گفت کہ احوالِ ما مپرس

جاناں! کہا یہ کس نے کہ ہم کو بھلا نہ پوچھ؟	بیگانہ بن کے دردِ دلِ آشنا نہ پوچھ؟
جملہ حقوقِ خدمت و اخلاص و بندگی	رد کر دے بلکہ نام بھی میرا بھلا نہ پوچھ
مخفی ہے اُس سے عالم درویشی مطلقاً	جو یہ کہے فقیر کو حاجت ہی کیا نہ پوچھ
ہے لطف بھی تو جز ترے خلقِ کریم کا	گزری جو گزری بخشدے اور ماجرا نہ پوچھ
کیا جانیں ہم سکندر و دارا کی داستاں	ہم سے بجز حکایتِ مہر و وفا نہ پوچھ
چاہے جو رازِ عشق سے روشن ضمیر ہو	سُن شمع سے۔ کہے گی نہ بادِ صبا نہ پوچھ
گدڑوں میں خانقہ کے نہیں دولتِ مُراد	اِن مفلسوں سے جانِ مری کیمیا نہ پوچھ
مخزن میں کب طبیبِ خرد کے تھا بابِ عشق	عادت بنالے درد کو اُس کی دوا نہ پوچھ
حافظ بہار آئی مصلے لپیٹ دے	کر لے جو عیش کر سکے چون و چرا نہ پوچھ!

دارم از زلف سیاہت گلہ چندانکہ مپرس

وہ گلے زلفِ سیہ سے ہیں مری جاں کہ نہ پوچھ
اُس کے ہاتھوں سے ہوں کیا بے سروساماں کہ نہ پوچھ

دل و دیں دے نہ بھروسے پہ وفا کے کوئی
ہیں وہ اس کردہ سے ہم اپنے پشیماں کہ نہ پوچھ

صِرف ایک گھونٹ کی خاطر کہ مضر بھی تو نہیں
کیا ستاتے ہیں مجھے مردمِ ناداں کہ نہ پوچھ

عافیت اور سلامت تھی تمنا میری
پر وہ ڈھاتی ہے ستم نرگسِ فتاں کہ نہ پوچھ

زاہدا خیر اسی میں ہے چلا جا ۔ مےِ لعل
چھین لیتی ہے دل و دین وہ آساں کہ نہ پوچھ

گیند گردوں ہی کی چاہا تھا کچھ احوال کہے
وہ گرہ رتی ہے کہا۔ در خمِ چوگاں کہ نہ پوچھ

کس پہ کھولی ہے رسن زلف کی؟ بولا حافظ
طول قصہ ہے بہت، واسطہ قرآں کہ نہ پوچھ

دردِ عشقے کشیدہ ام کہ مپرس

رنجِ اُلفت اُٹھائے ہیں کہ نہ پوچھ
زہر کیا کیا پچائے ہیں کہ نہ پوچھ

درِ جاناں کی خاک بننے کو
کتنے دریا بہائے ہیں کہ نہ پوچھ

تجھ بن اس کلبۂ گدائی میں
درد کیا کیا اُٹھائے ہیں کہ نہ پوچھ

رنج رچا کر کہا جو اُس نے خموش!
دل نے کیا لب چبائے ہیں کہ نہ پوچھ

اپنے کانوں دہن سے اُس کے رات
سُن کے وہ کچھ ہم آئے ہیں کہ نہ پوچھ

خاک دنیا کی چھان کر آخر
دل ایک ایسے پہ لائے ہیں کہ نہ پوچھ

گرچہ حافظ غریبِ اُلفت ہیں
پر کہاں ہم بھی آئے ہیں کہ نہ پوچھ!

در ضمیر ما نمی گنجد بغیر از دوست کس

دوست کی دل میں ہے گنجائش نہ جائے غیر کس
دونوں عالم سے کے دشمن مجھ کو دیدے دوست بس

شمع ساں جاتا تھا وہ مخلوق پیش و پس رواں
شمع ساں کہہ دیجئے لیکن شمع کے کیا پیش و پس

تیغ بھی ہو واں چھوڑ تو باز رہنا حیف ہے
قند کی لذت ہی کچھ تو نے نہ جانی اے مگس

تھی کبھی دل میں ہوس سیرِ تماشا کی مگر
تجھ کو دیکھے رہ گئی دیدار کی تیرے ہوس

لوگ تو سایہ سے ڈرتے ہیں عسس کے رات کو
مجھ کو جانے سایہ، ڈر جائے اگر دیکھے عسس

بھرکے چل چل اشک کے کوچہ تک اس کے پھر یہ رشک
یہ نہ جائیں واں رقیبانِ سبک سر مثلِ خس

تیرے پائے لنگ کے بس کی نہیں حافظ یہ راہ
باندھ کھونٹے سے نہ ناپے پھر کہیں لنگڑا فرس

دلا رفیقِ سفر بختِ نیک خواہت بس

رہے رفیقِ سفر بختِ نیک خواہ تو بس
نسیمِ جنتِ شیراز زادِ راہ تو بس

سفر نہ منزلِ جاناں سے کر کہیں درویش
ہو سیرِ معنوی اور کنجِ خانقاہ تو بس

مے پیرِ میکدہ کے ساتھ بیٹھ کر پی لی
جہاں میں اتنا ہی حاصل ہو عز و جاہ تو بس

پڑے نہ ہوکے میں انساں: زیادہ کیا درکار
بھری ہو شیشہ میں اور ایک پری ماہ رو تو بس

دیا ہی بے ہنروں کو جہاں نے کیا کچھ دیکھ
کیا جو کسبِ ہنر کا کبھی گناہ تو بس!

غنیمِ غم کی چڑھائی ہوا کرے دل پر
حریمِ پیرِ مغاں میں ملے پناہ تو بس

ہو لے حبِ وطن، پاسِ دوستانِ قدیم
یہ میرے ہمسفروں سے ہوں عذر خواہ تو بس

نہ دو جہاں میں کسی کے کرم کا خوگر ہو
کرم ہو اس کا اور انعام بادشاہ تو بس

وظیفہ اور تجھے چاہیے ہی کیا حافظ تہجد اور یہ تلاوت ہو صبحگاہ تو بس

گلعذارے ز گلستانِ جہاں مارا بس

گلعذار ایک وہ دے باغِ جہاں سارا بس سایۂ سروِ رواں پر ہی چمن وارا بس
دور رکھے مجھ سے خدا اہلِ ریا کی صورت ان گراں جانوں کا ہو رطلِ گراں چارا بس
سیرِ عمرِ گزراں دیکھے لبِ جو کوئی ہے اسی طرح رواں عمر کا بھی دھارا بس
نقدِ بازارِ جہاں یہ ہو؛ یہ آزارِ جہاں؟ آپ کو سود، زیاں بہرِ زیاں کارا بس
اور حسرت نہیں اس دل میں ہوس ہیری ہے دو جہاں سے ہو اگر نفع یہی سارا بس
یار ہاتھ آئے تو حاجت کہ زیادہ چاہیں؟ تو بغل میں ہو تو ایک گنجِ گہر مارا بس
در پہ رہنے دے مجھے بھیج خدارا نہ بہشت ہے مجھے کون و مکاں سب سے یہ در پیارا بس
حافظا انصاف نہیں مشربِ قسمت کا گلہ طبعِ آب اور یہ رواں نظم کا نظارا بس

اگر رفیق شفیقی درست پیماں باش

اگر رفیقِ شفیق اور درست پیماں ہو حریفِ حجرہ و حمام و باغ و بستاں ہو
جو آرزوئے ملاقاتِ خضر ہو جی میں تو چھپ کے چشمِ سکندر سے آبِ حیواں ہو
ہو شمعِ بزم تو ایک دل اور ایک زباں بھی ہو خیالِ سوزشِ پروانہ سے نہ خنداں ہو
شکنجِ زلفِ پریشاں سپردِ باد نہ کر نہ کہہ کہ ہو دلِ عشاق گر پریشاں ہو
طریقِ خدمت و دستورِ بندگی بخدا یہ ہے کہ چھوڑ کے سب کچھ بیادِ سلطاں ہو
رموزِ عشق نہ ہر مرغِ خوشنوا گائے گلاب اسی کا ہو جو بلبلِ غزل خواں ہو

کمالِ حسن - کہ بس دیکھنے کے لائق ہو | کمالِ عشق - کہ بس دور سے نگہباں ہو
خموش حافظ اور اتنا بھی آہ و نالہ کر | کہا تھا کس نے کہ دیکھ اُس کو اور حیراں ہو

اے ہمہ شکل تو مطبوع ہمہ جائے تو خوش

اے ہر ایک شکل سے مطبوع ہر ایک جائے خوش | دل ترے عشوۂ شیریں کی شکر کھائے سے خوش
مثلِ گُل برگِ ترا ایک جسمِ لطیف و نازک | کیا ہی اس سرو سراپا پہ نظر جائے سے خوش
ایک گلستانِ خیالات ہیں وہ نقش و نگار | ہے مشام اپنا تری زلفِ سمن سائے سے خوش
زیرِ چشم اُس کے جو زر بیٹھا کرے بیمار - بھلا | جب بُرا حال ہو چہرہ وہ نظر آئے سے خوش
وصل کی راہ میں صد سیلِ فنا ہوں حائل | دل ہے رہ سکتا فقط خیال میں آ جائے سے خوش
دشتِ اُلفت میں فنا کا ہے خطر ہر جانب | حافظ اس میں ہی پڑے پھرنے سے ٹکرائے سے خوش

بہ دورِ لالہ قدح گیر و بے ریا می باش

بہ رنگِ لالہ قدح گیر و بے ریا بن جا | مہک کے بوئے گُل و ہمدمِ صبا بن جا
کہا یہ کس نے کہ رہ مے پرست پورے سال | سہ ماہ بادہ و پی من بعد پارسا بن جا
عطا کرے جو کوئی جام پیرِ رہبرِ عشق | چڑھا کے منتظرِ رحمتِ خدا بن جا
ہوس ہو جم کی طرح سیرِ جام کی جی میں | تو یارِ ہمدمِ جامِ جہاں نما بن جا
پڑا ہی کرتی ہیں گتھیاں زمانے میں | تو مثلِ بادِ بہاری گرہ کشا بن جا
وفا نہ ڈھونڈھ کسی میں اگر نہیں مانے | تو خیر طالبِ سیمرغ و کیمیا بن جا
نہ رام ہو جیو حافظ عدو کے سجدوں پر | وے حریفِ مے آشام بے ریا بن جا

ببرد از من قرار و طاقت و ہوش

آڑا لے کر قرار و طاقت و ہوش
بُتِ سنگیں دل ایک سیمیں بنا گوش

صنم ایک شوخ و چالاک دو پرپیرو
جفا جو نا ہوش تُرک قبا پوش

پکایا آتشِ سودا نے سینہ
مثال دیگ ہے ایک جوش پر جوش

تن آسودہ ہو جیسے پیرہن میں
قبا مانند آ جا میری آغوش

لحد میں ہڈیاں گل جائیں لیکن
تری اُلفت نہیں ہو گی فراموش

دل و دیں لے گیا میرا دل و دیں
وہ چادر پوش، چادر پوش بردوش

دوا تیری؟ دوا تیری ہے حافظ
لبِ نوش و لبِ نوش و لبِ نوش

باغباں گر پنج روزے صحبت گُل بایدش

باغباں دو چار دن بس صحبتِ گُل چاہیئے
خارِ ہجراں پر تجھے بھی صبرِ بلبل چاہیئے

پھنس کے دامِ زلف میں دل ہو نہ کوئی مضطرب
مرغِ دانا پھنس اگر جائے تحمّل چاہیئے

زلف و رُخ ایسے میسر تو نظر بازی حرام
یاسمن ہی چاہیئے پھر اور نہ سنبل چاہیئے

نرگسِ مستانہ کی ہے ناز برداری ضرور
اے دلِ شوریدہ گرو زلفِ سنبل چاہیئے

رندِ عالم سوز کو کیا مصلحت بینی سے کام
کارِ مُلکی کو تو تدبیر و تأمّل چاہیئے

علم و تقویٰ پہ بھروسہ کُفر کیشِ عشق میں
ہو ہُنر مندِ جہاں تب بھی توکّل چاہیئے

ساقیا گردش میں ساغر کی تعلّل کب تلک
دورِ جب عشاق تک پہونچے تسلسل چاہیئے

کون حافظ؟ جو نہ ہو مَے نوش بے آوازِ چنگ
عاشقِ مسکیں کو کیا شان و تجمل چاہیئے

بجدّ و جہد چو کارے نمی رود از پیش

بجدّ و جہد نہ دیکھی جہاں میں جاتی پیش — اُسی پہ چھوڑ دے سب کام اپنے اے درویش
جھکائے سر نہ کبھی بہرِ تاج پوشی بھی — اگر ہو بہرِ قناعت سے کچھ جبرِ درویش
کرے نہ دل کو پریشاں نہ آپ کو تحلیل — رہے نہ تُو سکلِ ترازو ہمیشہ در کم و بیش
ریائے زُہد نے دل میں پھپھولے ڈال دیئے — قدح دے بھر کے کہ مرہم طلب ہے اب دلِ ریش
چڑھالے جام کہ قامِ آفرینش نے — اُنوشداروں ہی میں نکھار رکھے ہیں نیش
رہا حلال شماریں پہ جامِ بادہ حرام — عجیب دینِ طریقت! عجب شریعت و کیش!
ہے دلبروں میں سرآمد تو کیا تعجب ہے — اساسِ دہر سے تھا اُس کا زور قرنوں پیش
دہانِ تنگ وہ دلخواہ جانِ حافظ ہے — پڑے نہ جان کے پیچھے دلِ محال اندیش!

باز آئی و دلِ تنگ مرا مونسِ جاں باش

آ بیٹھ دلِ تنگ میں اور مونسِ جاں ہو — مجھ سوختہ کا محرمِ اسرارِ نہاں ہو
اُس مے کے جو ہو میکدۂ عشق کا تحفہ — دے ایک دو ساغر مجھے گرچہ رمضاں ہو
خرقہ کو جلا ڈالے تو لے عارفِ سالک — کر سعی کہ سرحلقۂ رندانِ جہاں ہو
کہتے مجھے تو! تیرے لئے دل نگراں ہے؟ — پہونچا ہی سمجھ مجھ کو بھی مت دل نگراں ہو
دل خون کیا لعلِ رواں بخش کی خاطر — اقرارِ محبت پہ اب ایک مُہرِ نشاں ہو
دل پہ کوئی واں بیٹھنے پائے نہ کدورت — اشکوں کا بھی ریلا عقبِ نامہ رواں ہو
حافظ ہوسِ جامِ جہاں بیں تری بجھ جائے — منظور ترا گر آصفِ جمشید مکاں ہو!

چو جامِ لعل تو نوشم کجا بماند ہوش

وہ جامِ لعل ہوں گر نوش تو کہاں پھر ہوش
وہ چشمِ مست بھی گر دیکھ لی تو ہوش نہ گوش!

یہ دل اسیر ترا اس سے تو مگر آزاد
فروخت کر دے جو مے میکدہ میں کوزہ دوش

نہ کہنا پھر بھی:- "خاموش! چپ ہو، نالہ نہ کر!"
چمن میں مرغِ چمن کس طرح رہے خاموش

تلاش میں تری جاتے اگر ہیں صبر و قرار
تو یاد میں تری آتے نہیں ہیں طاقت و ہوش

شرابِ پختہ نہ خامانِ دل سیاہ کو دیں
کہ بادہ آتشِ تیز اور یہ تشنگان درجوش

نہ ہوگی یہ تو نعیمِ جناں میں بھی نعمت
کہ یار نوش کرے بادہ، ہم کہیں:- "کر نوش"

اِس آرزو میں کہ ایک کوزہ میکدے سے ملے
سبو و خم بھی خراباتیوں کے ڈھوئے بدوش

مجھے جو خلعتِ سلطانِ عشق دیتے گئے
کہا پکار کے:- "حافظ خموش رہیو خموش"!

خوشا شیراز و وضعِ بے مثالش

وہ شیراز اور وہ جس میں ہر ایک نرالی
ٹلے اس سے ہر آفت آنے والی

وہ آبِ رکنا باد، اے نوش اللہ
پیا ایک گھونٹ عمرِ خضر پالی

وہ بادِ جعفر آباد و مصلےٰ!
معطر جس کا ہر جھونکا شمالی

کریں یہاں رہ کے کسبِ فیضِ قدسی
تمام اس جا ہے اب صفا کمالی

لیا یہاں کس نے نامِ قند و مصری
نہ شیرینوں سے "تا خجلت اٹھالی

صبا اس شوخِ شنگِ مست کی کچھ
خبر دے کس طرح ہے طبعِ عالی؛

مجھے کر دے حلال اے طفلِ شیریں
تجھے یہ شیرِ مادر خوں حلالی!

نہ ہوں اس خواب سے بیدار یارب — رہوں محو اس میں دُرِ عیشِ خیالی
اگر دھڑکا تھا حافظ ہجر کا تو — گھڑی کیوں وصل کی غفلت میں ٹالی؟

در عہدِ بادشاہ خطا بخش جرم پوش

خوش عہد بادشاہِ خطا بخش جرم پوش — مفتی قرابہ کش ہے تو قاضی پیالہ نوش!
صوفی نے چھوڑ صومعہ پکڑا ہے پائے خم — دیکھا جو محتسب کو روانہ سبو بدوش
احوال شیخ و زاہد و شرب الیہود کا — پوچھا جو اس سے کہتا ہے کیا۔ پیر میفروش
تو اپنا آدمی ہے نہیں کوئی تجھ سے راز — کہنے کی بات ہی نہیں مت پوچھ بادہ نوش
ساقی بہار جاتی ہے اب بے بہائے مے — کچھ فکر کر کہ خم کی طرح اٹھ رہے ہیں جوش
عشق اور مفلسی و جوانی و نوبہار — سرزد ہو کچھ تو عذر پذیرا ہو عیب پوش
اے بادشاہِ صورت و معنی کہ تیرا مثل — دیکھا سنا کسی نے نہ اب تک بچشم و گوش
زندہ رہے جہاں میں یہاں تک کہ خرقہ دے — بختِ جواں کو تیرے فلک پیرِ ژندہ پوش
کب تک زبان شمع کی مانند رہے گی تیز — پروانہ مراد سے جل کر ہو بس خموش
ایک غیب سے صدا یہ سنی گوشِ دل نے رات — حافظ تو بیٹھ صبر سے غم چھوڑ بادہ نوش

دلم رمیدہ شد و غافلم من درویش

رمیدہ دل ادھر اس سے میں بے خبر درویش — جو اس شکاریِ سرگشتہ کو ہو آیا پیش
بشکلِ بید میں لرزوں اس اپنے ایماں پر — ہے دل دبوچے کماں ابرو ایک کافر کیش
سراہیے مژۂ شوخ عافیت کش کو — کہ آب نوش میں ڈھلتی ہیں جسکی نوکِ نیش

رواں ہو خون بلبلوں کی آستینوں سے — ذرا جو مس بھی کریں نبضِ خستہ دل ریش
روانہ میکدے گریاں و سر فگندہ ہوں — حقیر دیکھ کے پوچھی کو اپنی بیش از بیش
دلیر ہجر پہ ہوتا ہے۔ حوصلہ دیکھو! — یہ سر پہ لائیگا کیا قطرۂ محال اندیش
نہ عمرِ خضر رہے گی۔ نہ ملکِ اسکندر — برائے جیفۂ دنیا یہ کشمکش درویش؟
جو بندہ ہی تو نہیں زیب بادشاہ کا گلہ — کہ شرطِ عشق نہیں ہے شکایتِ کم و بیش
نہ پاسکے گا مگر اس کی ہر گدا حافظ — خزانہ و دولت قارون سے بھی تو چاہیے بیش

دوش بامن گفت پنہاں رازدان تیز ہوش

شب کو بولا کان میں ایک رازدان تیز ہوش — "دوست تجھ سے کیا رکھوں پنہاں میں رازِ میفروش"
راہِ آسانی کو کاموں میں بنانا رہنما — سخت پیش آتی ہو دنیا ان سے جو ہیں سخت کوش"
"تا نہ ہو دل آشنا بو بھی نہ پائے راز کی — گوشِ نامحرم نہیں ہے جائے پیغامِ سروش"
منع ہے مطلق حریمِ عشق میں گفت و شنید — جملہ اعضا کو وہاں انسان بنالے چشم و گوش"
دل لبالب ہو لہو سے لب ہو خنداں مثلِ جام — نے ہو نا سوردں سے سینہ منع ہے تب بھی خروش"
باندھ لے یہ بھی گرہ میں کھا نہ کچھ دنیا کا غم" — ہے یہ موتی سی نصیحت ہاں بنالے دُرِ گوش"
کہہ کے یہ ایک جامِ روشن وہ دیا خود چرخ پر — رقص زہرہ نے کیا بربطِ زناں بولی کہ نوش!
ساقیا مے کہ رندی ہائے حافظ بخش دے — خسروِ صاحبقراں جرم بخش عیب پوش

سحر ز ہاتفِ غیبم رسید مژدہ بگوش

سنی یہ کان نے میرے سحر صدائے سروش — ہے دورِ شاہ شجاع بے دھڑک پیئں منوش

گیا زمانہ کہ کترا کے جائیں اہلِ نظر — ہزار طرح کے دل میں خیال لب۔ خاموش
نکالیں دل کے وہ ڈنکے کی چوٹ تاب ارماں — جو دیگِ سینہ میں پکتے تھے اٹھتے تھے جوش
شرابِ خانگی کیوں خوفِ محتسب سے نہیں — پڑے یار ہیں اور مچائے نوشا نوش
گھر اس کو کاندھے پہ لائے ہیں میکدے سے حریف — امامِ شہر جو رہتا تھا جانماز بہ دوش
جو مجھ سے چاہے دلائیں ہوں رہنمائے نجات — توقع پر نہ ہو نازاں کوئی نہ زہد فروش
محلِ نورِ تجلّی ہے رائے انورِ شاہ — جو قُرب چاہے تو دل، در صفائے نیت کوش
رموزِ مصلحتِ مُلک بادشاہ جانیں — گدائے گوشہ نشیں ہے تُو حافظا خاموش

شراب تلخ میخواہم کہ مرد افگن بود زورش

شراب تلخ دے ساقی کہ مرد افگن ہو زور اُس کا — کہ دم بھر چین لوں دُنیا سے کچھ ہلکا ہو شور اُس کا
منگائیں بادہ ہاں۔ غافل نہ بیٹھیں مکرِ دنیا سے — لُبھائے مطربہ اُس کی گھورے سخنور اُس کا
اُٹھالیں جامِ جم، پھینکیں کمندِ صیدِ بہرامی — کہ صحرا چھان مارا ہم نے بہرام اور نہ گور اُس کا
نہیں ہے شہدِ راحت خوانِ چرخِ سفلہ پرور میں — نہ کر لا تلخ میں منہ کڑوا نہ چکھ شیرینیِ شور اُس کا
مے روشن میں راز دہر آئیں تجھ کو دکھلا دوں — کرے ظاہر نہ کج بینوں پہ گر تُو قلبِ کور اُس کا
شرابِ لعل یوں پیتا ہوں میں جامِ زمرد میں — عدو افعی ہے اور کر دے زمرد دیدہ کور اُس کا
نظر درویش پر کس نے دھر کسرِ شاں سمجھی؟ — سلیماں جس کی وہ حشمت عزیزِ دل تھا مور اُس کا
کماں ابرو کھچی ہے تیر چھوڑے اور نہ منہ موڑے — ہنسی آتی ہے حافظ دیکھ کر بھنڈا یہ زور اُس کا

صوفی گلے بچنیں و مرقع بخار بخش

گلچینی کرے تسبیح مرقع دے خار کو — پُن کر دے زُہدِ خشک مے خوشگوار کو

پامالِ راگ و رنگ ہوں طاعات و زرق و زہد
تسبیح و طیلساں دے مے و میگسار کو

زہد گراں ہیں ساقی و شاہد نہ مفت بھی
دے ڈال اُسے چمن میں نسیمِ بہار کو

رہزنِ شرابِ لعل تھی اے میرِ تاشتاں
خوں میرا بخش چاہِ زنخدانِ یار کو !

یارب گناہ معاف ہوں فصلِ بہار میں
لاؤں شفیع سروِ لبِ جوئبار کو ؟

صدقہ نگاہِ بد سے حفاظت کا بخش دے
دکھلا دے عفو و رحمتِ پروردگار کو

اے وہ جو تا بمقصدِ دل کامراں ہوئے
ایک قطرہ اُس محیط سے اِس خاکسار کو

ساقی صبوح نوش کرے شاہ تو جامِ زر
کتنا عطا ہو حافظِ شب زندہ دار کو

فکرِ بلبل ہمہ آنست کہ گل شد یارش

بلبل اِس فکر میں بے چین کہ گل یار رہے
گل ہو جل بھُننے میں اور تیر کے خار رہے

دلربائی یہ نہیں قتل ہی عاشق کو کرے
اچھا آقا وہ جو نوکر کا بھی غمخوار رہے

ہیں عجب کیا جگرِ لعل میں خوں کی موجیں
اُس کی کچھ مانگ نہ ہو کوڑی ہی درکار رہے

کس سے بلبل نے سخن سیکھے کہ گل سے سیکھے
کیسے یہ شعر و غزل زیورِ منقار رہے

اے مسافر کہ جو صد قافلہ دل لے کے چلا
خوش رہے جاتے جہاں تیرا خدا یار رہے

اے مرے کوچۂ معشوق سے جانے والو
ہوش سے ! چھوڑ کے سر ورنہ وہ دیوار رہے

ٹیڑھی ٹوپی میں نظر آتا ہے سرخوش صوفی
اک دو جام اور کہ سر پائے نہ دستار رہے

عافیت جو ہو نہ دل گرچہ بھلی لگتی ہو
خاطرِ عشق ہے نازک، نہ کچھ انکار رہے

دل جدا ہو وسوسۂ نفس و ہوس سے خالی
کیوں نہ در عینِ حرم چشم بدیدار رہے

حافظ ایک عمر رہا خوگرِ دیدار تو اب
نازِ پروردۂ وصل آپ کا کیوں زار رہے ؟

کنار آب و پائے بید و طبع شعر و یارے خوش

لبِ دریا ہو، مجنوں چھائے، موزوں طبع یار ایک ہو
قریب ایک دلبرِ شیریں ہو، ساقی گلعذار ایک ہو

سن اے دولت نصیب اور قدر دانِ فرصتِ ہستی
بسر کر اور کیا چاہیے جو ایسا روزگار ایک ہو

شبِ صحبت غنیمت جان کر دے داد عشرت کی
بچھی ہو چادرِ مہتاب رنگیں لالہ زار ایک ہو

کسی دل کو اگر دلبر کی خاطر زیر باری ہو
تو دے شکرانہ کیا اس سے بھی بہتر کاروبار ایک ہو

یہ کیسی مے ہے یارب چشمِ ساقی کے پیالہ میں
جو کرتی چھیڑ خانی عقل سے لاتی خمار ایک ہو

عروسِ طبع کو زیور پہناؤں فکرِ تازہ کے
یہی شاید مقدر میں لکھا میرے نگار ایک ہو

یہ غفلت تا کجا حافظ؛ چلا آ اب بھی میخانے
وہ کر داں شوخ شنگوں میں جو لائق تیرے کار ایک ہو

ما آزمودہ ایم دریں شہر بخت خویش

اس شہر میں تو دیکھ چکے اپنے بخت کو
ڈالیں اب اور ہی کہیں لے جا کے رخت کو

کانٹوں پہ لوٹیں مثلِ گُل آہیں بھرا کریں
پھونکے خود اپنی آگ تنِ لخت لخت کو؟

کیا ہی بھلا لگا مجھے، بلبل تھی نغمہ زن
گُل کان کھولے سنتا تھا پکڑے درخت کو

نغمہ یہ تھا کہ صبر اے دل، یارِ تند خو
اتنا جو تند خو ہے، دعا دے وہ بخت کو

مارے فلک پہ موج گو سیلابِ حادثہ
صاحبِ دل اس میں بھیگنے تک دے نہ رخت کو

چاہے جو سخت و سست جہاں سے یہاں مفر
چھوڑے وہ عہدِ سست کو اور لفظِ سخت کو

حافظ دوامِ بخت جو دیتے کسی کا ساتھ
جمشید بیٹھا ہوتا دیئے تکیہ تخت کو

مجمع خوبی و لطف است عذار چو مہش

خوبیوں سے مہِ روشن تو عذار اُس کے رہے
اے خدا پھر وفا بھی نہ کیوں یار اُس کے رہے

طفل ہے شاہدِ دلبر مرا لائیں تو سہی
خون بھی کر دے تو کچھ ذمے نہ بار اُس کے رہے

چار دہ سالہ ہے ایک شوخ صنم یار مرا
بدر سو جان سے صدقے و نثار اُس کے رہے

خود خبردار رہیں دل سے۔ یہ بہتر۔ وہ تو
نیک و بد جانے نہ کچھ جی میں بچار اُس کے رہے

لبِ شیریں سے ہزار آتی رہی دودھ کی بُو
وہ تو دو چشمِ سیہ خوں پہ سوار اُس کے رہے

پا کے بُو اُس گلِ نو کی جو ہوا دل پرّاں
نہ پتے بھی تو، ہے جس دن سے قرار اُس کے رہے

یار دلدار یونہی قلبِ تسکن ہے تو سمجھ
جلد سرِ لشکرِ شہ بن کے بکار اُس کے رہے

صدقے قرباں ہو یہ جاں۔ گردہ گراں وانہ در
صدفِ دیدۂ حافظ میں کنار اُس کے رہے

مرا کاریست مشکل با دلِ خویش

ہوئی کیسی یہ مشکل دل کو در پیش
کہ کہنے پائے مشکل بھی نہ درویش؟

ہے یادِ یار د جانِ زار شاہد
کہ کیا رہتی ہی زگمت با دلِ خویش

رہے پس ماندگان کا پاس بھی یار
اُڑائے جا نہ محمل بے پس و پیش

پھرا مجنوں سا بھی در کوہ و صحرا
سُراغِ رہ نہ پایا از صفر پیش

لُٹا اوّل ہی منزل پر ہمیشہ
نہ ساحل ہوتی دیکھی کشتیِ خویش

گئے ہیں ہاتھ سے کیا کیا مواقع
نہ جاگا خواب سے یہ بختِ بدکیش

نہ ہو حافظ پہ جولانی جفا کی
ترا وہ خاکِ رہ ہے خیر اندیش

ہاتفے از گوشۂ میخانہ دوش

گوشۂ میخانہ سے کل شب سروش — بولا بخشیں گے گنہ سب بادہ نوش

مغفرت اس کی نہیں خالی ز شغل — مژدۂ رحمت سناتا ہے سروش

پھینک عقلِ خام کو میخانہ میں — بادۂ لعلیں سے لے آ خوں میں جوش

عفو اس کا بڑھ کے ہے یا جرمِ خلق؟ — راز ہی کہنے لگا اے دل خموش!

وصل کی ضامن نہیں گو کوششیں — جس قدر دل بن سکے ہو وصل کوش

کان ہو اور حلقۂ گیسوئے یار — ہو دہن اور خاکِ کوئے میفروش

داورِ دیں شاہ شجاع اس کے ہیں — روحِ قدس و عقلِ کل حلقہ بگوش

مالکُ العرش اس کی پوری کر مراد — چشمِ بد سے بھی بچا کر رکھ بہ ہوش

رندیِ حافظ نہیں کچھ جرم سخت — پیشِ عفوِ بادشاہِ عیب پوش

یا رب آں نو گلِ خنداں کہ سپردی بمنش

مجھ کو جو نو گلِ خنداں تھا دیا خالقِ من — تجھ کو سونپا کہ بری آنکھ نہ دیکھیں دشمن

دل بھی ہے ساتھ مرا جائے جہاں جاتا ہو — حفظِ اربابِ کرم میں رہے وہ جاں ہمہ تن

ہو گزر منزلِ سلمےٰ میں اگر بادِ صبا — کہہ سلام اس سے مرا میری پیامی تو بن

زلفِ مشکوں کی ہوا آہستہ صبا نافہ کشا — جائے دلہائے عزیزاں ہو نہ ہو برہم زن

دل کو کچھ حق وفا زلف و خط و خال پہ ہے — دے خمِ طرۂ مشکیں میں معنبر مسکن

دور جب بزم میں اس دور دہن پر ہو رواں — خست سفلہ ہے جسے یاد رہے کچھ تن و من

جا پڑا کوئے وفا سے گو وہ اب کوسوں دُور — دُور اس سے رہیں آفاتِ زمانِ و زمن
مال و جاں سب تو پڑھ فاتحہ پہنچا ئے ہیں — آب بر وہ ہی جیا اس پانی کو پی کر ہو مگن
جس کو سہا وے ملال اسکو نہیں عشق حلال — سر قدموں میں ہو یا ہو پیچھے یہ تب تا بدہن
شعر حافظ بھی بیت الغزلِ عرفان ہیں — واہ کیا نغمۂ دلکش ہیں بھرے لطفِ سخن

از رقیبِ دلم نہ یافت خلاص

دل نے پایا رقیب سے نہ خلاص — سچ ہے القاصّ لا یحبّ القاص
محتسب توڑے خم میں اُس کا سر — سِنّ بالسِنّ والجروحُ قصاص
میرے مطرب نے جب الاپا کچھ — زہرہ سان مشتری بھی تھی رقّاص
کیسے موتی نکالے دریا سے — جب تلک ترکِ سر نہ دے غوّاص
عقل پتھر ہے عشق پارس ہے — مَس سے کُندن بنانا اِس کا خواص
مصحفِ رخ میں پڑھلے تو حافظ — پہلے الحمد بعدہٗ اخلاص

نیست کس را از کمندِ سرِ زلفِ تو خلاص

کس کو پھنس کر ہوا زلفوں کی کمندوں سے خلاص — خوں کئے عاشقوں مسکینوں کے بے خوفِ قصاص
جو بیابانِ فنا میں نہ فنا ہو عاشق — حرم دل میں اُسے کون کرے خاص الخاص
پیش کی شمع صفت ہم نے اسے جان بشوق — تن بھی ایثار کیا اُس پہ بروئے اخلاص
تن اگر خاک ہوا عشق میں کہیے اکسیر — رانگ جب بن گئی سونا تو نہیں نام رصاص
نہ ہوا دار بنے شمع کا پروانہ کوئی — نہ جلے بھی تو نہیں عشق کے خطروں سے خلاص

ناوکِ غمزہ نے رستم کو دکھایا نیچا
راست ابروئے کماں نے کی کمانِ وقاص

عام کیا جانیں بہائے گہرِ بیش بہا
حافظا گوہرِ یک دانہ کے قابل ہیں خواص

بیا کہ می شنوم بوئے جاں ازاں عارض

بتا دیں سونگھ کے رکھتا ہو بوئے جاں عارض
ہمارے دل کا بتاتا ہے خود نشاں عارض

ہے قد کے آگے قدِ سروِ ناز پا در گل
خجل ہے دیکھ کے ایک ایک گلِ جناں عارض

جو حسن و لطف کا حوروں کے ہی بیاں وہ غلط
وہ حسن و لطف دکھاتا ہو بے بیاں عارض

یہ مشک نافہ چیں نے بھی پایا گیسو سے
گلاب کی بھی ہے خوشبو کا عطرداں عارض

وہ جسم دیکھ کے تن یاسمن کا شرمائے
کرائے لالہ کو توخوں میں ہی نشاں عارض

جو مہرِ رخ سے ہو خورشیدِ چرخ غرقِ عرق
تو زار دیکھ کے ہو ماہِ آسماں عارض

ہے نظمِ دلکشِ حافظ یوں غرقِ آبِ حیات
کہ جیسے تیرا پسینے میں جانِ جاں عارض

حسن و جمال تو جہان جملہ گرفت طول و عرض

حسن و جمال سے ترے پر ہے جہاں کا طول و عرض
شمسِ فلک ہے غرقِ شرم دیکھ کے تجھ کو ماہِ ارض

تیرے ہی رخ سے آفتاب چوتھے طبق میں پائے نور
مثلِ زمین ہفتمیں تیرا ہے زیر بارِ قرض

دیکھنا تیرے حسن کا خلق پہ واجب اور ہوا
سجدۂ در بھی تو ترا بہرِ شہانِ ارض فرض

روح فزا یہ لب ترے دیں گے نہ گلشکر مجھے
اس تنِ دردمند سے ہو نہ سکے گا دفعِ مرض

بوسۂ نقشِ پا تجھے آئے کہاں سے اس کا ہاتھ
قصۂ شوق حافظ کون ہے جو کریگا عرض؟

سواد دیدۂ من شد ز آب چشم بیاض

سیاہی آنکھ کی اشکوں سے ہو گئی ہے بیاض — کہاں تلک اب مری جاں اور کس لیے اعراض؟
عجب کاٹ ہے مژگاں کی اُن صفوں میں خدا — بریدہ جامۂ تقوے ہے اُن سے جوں مقراض
وہ دھوپ چھاؤں رُخ و زلف نے دکھائی ہے — اسی سے دیدۂ مردم میں ہے سواد و بیاض
خفا نہ ہو، ادھر آؤ گلے لگا لیں تمہیں — بھلا دو قصۂ ماضی مضٰے مضٰے ما ماض
غزل بہ قافیۂ ضاد غیر ممکن تھی — پہ مہرباں ہے حافظ پہ مبدءِ فیاض

گرد عذار یار من تا بنوشت حسن خط

گردِ عذارِ یار جب حسن نے لکھ دیا یہ خط — اس کو سمجھ کے آفتاب چاند نے راہ کی غلط
آبحیات سے عزیز ہونٹوں کی آرزو میں دل — آنکھ سے بہہ کے رواں آبجو ایک مثالِ شط
خالِ سیاہ کو دیکھ تو عارضِ سیم رنگ پر — مشکِ سیاہ سے ہے دیا عارض پہ ایک نقط
بال بکھیرے اور عرق پہونچا چمن میں بے خبر — گُل ہوا زرد زعفراں، مشک و گلاب سُن فقط
گاہ اُڑائے جان و دل اُسکی ہوا میں مثلِ گرد — آتشِ عشق آب میں گاہ رواں کی مثلِ بط
اپنی غلامی میں شہا مجھ کو اگر کرے قبول — لکھ دوں میں خطِ بندگی کر دوں میں مہر و دستخط
نظم سے تیری حافظا آبِ حیات منہ چھپائے — عشق میں اُس کے شعر کب کس نے کہے تھے اس نمط؟

ز چشم بد رخ خوب ترا خدا حافظ

ہو چشمِ بد سے رُخِ خوب کا خدا حافظ — کہ ہم سے اُس نے نکوئی ہی اور کیا حافظ

کیا ہو خون ترے دل کا لعل لب نے اگر
تو مانگ بوسہ جان بخش خوں بہا حافظ

نہ زلف و خالِ بتاں میں پھنسا ہو پھر دل
جو اب کے چھوٹے تو زندانیِ بلا حافظ

چل آ بصلح و صفا دوستی کا عہد کریں
لڑائی جھگڑا ہی تجھ سے ہی ہم کو کیا حافظ

کہاں تو اور کہاں دامنِ وصال اُس کا
نہ چھو سکے گا اُسے دستِ ہر گدا حافظ

عجیب پائی ہے لذت وصالِ جاناں میں
کہ جان آ گئی جی اُٹھا مر گیا حافظ

چل آ سنا غزل ایک خوب طرفہ و پُرسوز
ہے شعر تیرا فرح بخش و جانفزا حافظ

قسم بحشمت و جاہ و جلال شاہ شجاع

گواہ حشمت و جاہ و جلالِ شاہ شجاع
کہ جاہ و مال کی خاطر نہیں کسی سے نزاع

اگرچہ تشنہ ترے فیض جام کا ہوں ولے
نہ مانگنے میں دلیر اور نہ موجبِ اصداع

خدا کے واسطے خرقوں کو آب مے میں کھنگال
کہ بوئے خیر سے عاری ہوئے ہیں یہ اوضاع

تھرک رہا ہے وہ طبلے کی تھاپ پر دیکھو
وہی جو کل نہیں دیتا تھا ہم کو اذنِ سماع

نگاہِ مہر فقیروں پہ پائی یہ دولت!
ہیں ہم غلامِ مطیع اور تو خدیوِ مطاع

جو شیخ یہاں سے ادیب اپنا وعظ طاق پہ رکھ
پلید تجھ سے نہ آئندہ ہوں یہ کنج و بقاع

ستایا زہد نے حافظ کے یادہ گوئی سے
بلائیں راگ میں سُر چھیڑ دیں سرود و سماع!

قسم بہ دولت گیتی فروز شاہ شجاع

گواہ دولتِ گیتی فروزِ شاہ شجاع
نظر میں ہے مری مالِ جہاں حقیر متاع

صراحی اور حریفِ نگار کافی بس!
علاوہ اِس کے سب اسباب تفرقہ و صداع

چلا ہے سے کے خرابات خانقاہ سے عشق
نہ مر سے جائیں ہم اے جاں کریں جو تجھ سے نزاع

بڑھا دو دورِ دستِ بادۂ مغانہ چلے
حریفِ بادہ پلا اے رفیقِ توبہ وداع

اٹھا لا شیشہ کہ روشن ہو مشعلِ خورشید
فقیر کے بھی سیہ خانے میں ہو قبسِ شعاع

کبھی نہ چھوٹے الٰہی جبینِ حافظ سے
نشانِ خاکِ درِ کبریائے شاہ شجاع

بامداداں کہ ز خلوت گہِ کاخِ ابداع

صبح کھلتے ہی درِ خلوتِ کاخِ ابداع
شاہِ مشرق کی پڑے چار طرف اٹھ کے شعاع

آئینہ جیبِ افق سے ہو نکل کر رخشاں
رنگِ عالم نظر آئے بہزاراں انواع

خود طرب خانۂ جمشیدِ فلک میں زہرہ
ارغنوں ٹھیک کرے اپنا باہنگِ سماع

چنگ جھنکار کے پوچھے کہ :- کہاں ہے منکر
قہقہہ جام لگائے کہ کدھر ہے مناع

طرۂ دولتِ دنیا ہے پُر از مکر و فریب
ایسی چیزوں پہ نہیں کرتے سمجھدار نزاع

دیکھ لی وضعِ جہاں ؛ ساغرِ عشرت کو سنبھال
کہ بہر حال یہی ٹھہرے بہینِ اوضاع

مظہرِ لطفِ ازل ۔ روشنیِ چشمِ امل
جامعِ علم و عمل جانِ جہاں شاہِ شجاع

طالبِ زندگیِ شہ ہو اگر چاہتا ہے
نفعِ دنیا کہ خطا بخش ہے وہ اور نفاع

مے پیئے ساتھ مگر ایک صنمِ خنداں کے
اس سے بڑھ کر نہیں کچھ حافظا دنیا میں متاع

در وفائے عشق او مشہورِ خوبانم چو شمع

ہوں وفا میں اس کی ایک مشہورِ خوباں میں بھی شمع
شب نشینِ کوئے سربازانِ رنداں میں بھی شمع

اس کے غم نے موم کر ڈالا مرا کوہِ وقار
آب و آتش میں محبت کی ہوں سوزاں میں بھی شمع

روز میرا شب ہے بے حسنِ جمال آرا اگر / ہوں کمالِ عشق میں در عینِ نقصاں میں بھی شمع
بھیجے وہ ہجر میں پروانۂ وصل اب تو خیر / ورنہ کھینچوں گا زباں پر آہ سوزاں میں بھی شمع
کاٹ ڈالی غم کی قینچی نے تحمل کی رسن / پھر اسی حالت میں ہوں فرقت میں سوزاں میں بھی شمع
خواب اِن خود دست آنکھوں میں نہ دن ہو اور نہ رات / اس کی بیماری ہجراں میں ہوں گریاں میں بھی شمع
وصل سے اس ماہرو کے ہوں کسی شب سرفراز / اس کے جلوے سے منور پاؤں ایواں میں بھی شمع
صبح کی مانند نفس باقی رہا ہے مجھ میں ایک / شکل دکھلائے تو واروں دل پہ یہ جاں میں بھی شمع
یہ کمیتِ اشک میرا گر نہ ہوتا تیز رو / فاش یوں ہونے نہ دیتا رازِ پنہاں میں بھی شمع
آتشِ مہر اس کی حافظ سر سے ہوتی شعلہ زن / اشک سے بجھتی جو ہوتا جائے انساں میں بھی شمع

سحر چو بلبلِ بیدل دمے شدیم بباغ

گیا تھا بلبلِ بیدل کی طرح میں کل باغ / کیا جو اس نے وہی کرنے کو علاجِ دماغ
نظر پڑی گلِ سوری کی مجھ کو واں صورت / اندھیری رات میں روشن تھا گویا ایک چراغ
مگر تھا حسن و جوانی پہ کس قدر مغرور / ہزار گو نہ تھے بلبل کے غم سے اس کو فراغ
وہاں تھے نرگسِ رعنا کی آنکھ سے آنسو / پڑے تھے لالۂ حمرا کے دل پہ داغ پہ داغ
کشیدہ تیغ زباں سوسن اور دہن غنچے / دو چار جو دوں کی طرح تھے تصادقِ بباغ
غرض صراحی لیے مے پرست تھا کوئی / تو کوئی ساقیٔ مست ہاتھ میں اٹھائے ایاغ
نشاط و عیش و جوانی کو بس غنیمت جان / بتا دیا تجھے حافظ ادا کی شرطِ بلاغ

طالع اگر مدد کند دامنش آورم بکف

آئے وہ دن خدا کرے دامنِ یار ہو بکف / کھینچوں میں زہے نشاط، کھینچے وہ زہے شرف

ہر جگہ یاس ہی ہوئی حسرتِ دل اگرچہ کی
بادِ صبا نے سنتے پھر کے جہاں میں ہر طرف

پھر بتانِ سنگ دل ناز سے پاؤں کب تلک
بات نہ پوچھیں باپ کی ایسے کپوت ناخلف!

اس خمِ ابرو سے کبھی آہ کشادِ دل نہ ہو
ہائے غلط امید پر حسرتِ عزیز کی تلف!

میں بنماز و معتکف، اُس پہ یہ طرفہ ماجرا
مغبچے گھیرے چو طرف گائیں بجائیں چنگ دف!

ابروئے یار کو غرض ہے میری غرض کی یار ہو!
تیر کب اس کمان سے کس نے لگایا بر ہدف؟

زاہدوں کو خبر ہی کیا، چہرہ سے پڑھ لے لاتقنطُ
مستِ ریا ہے محتسب اپنی بھی لے یار لاتخف!

صوفیِ شہر لقمۂ شبہ مزے سے کھاتا ہے
خوب خُمِ دراز پہ چھیڑتا ہے سیہ کلف!

کون سے دل سے مے پیوں شاد ہوں اور طرب کروں
بیچ میں دل ہی چار سُو لشکرِ غم ہے صف بہ صف!

حافظ اگر ہو گامزن در رہِ خاندانِ عشق
تیری رفیقِ راہ ہو ہمتِ خود تہ نجف!

زبانِ خامہ ندارد سرِ بیانِ فراق

زبانِ خامہ نہیں مائلِ بیانِ فراق
وگرنہ لکھتا مفصل میں داستانِ فراق

خیالی گھوڑوں کے جھرمٹ میں ہمرکابِ شکیب
قرینِ محنت و اندوہ ہم عنانِ فراق

امیدِ وصل میں افسوس زندگی ہو اخیر
بسر ہو عمر، نہیں ہو بسر زمانِ فراق

قریب ہے کہ یہ اب ناؤ ڈوب ہی جائے
بھنور میں شوق کے اے بحرِ بیکرانِ فراق

سرِ فلک پہ بھی اُس سر کو دیجے فوقیت
جو بیکسی سے پڑا ہو بر آستانِ فراق

ہوائے وصل میں اب کن پروں سے اڑتے دل
کہاں وہ پر تو ہوئے نذرِ آشیانِ فراق

فلک نے دیکھ کے دل کو اسیرِ چنبرِ عشق
بٹی ہے صبر کی پھانسی کو ریسمانِ فراق

پناہ نہ پائی تو گردابِ غم میں لے پہونچا
بہا کے صبر کی کشتی کو بادبانِ فراق

نہ کر سکیں گے کوئی دعویٰ وصال کبھی ۔۔۔ یہ شانِ فضل قضا کا، یہ دل ضمانِ فراق
فراق و ہجر الٰہی ہیں کس کے لائے ہوئے؟ ۔۔۔ سیاہ ہو ہجر کا منہ! اُجڑے خانمانِ فراق!
جو پائے شوق سے جا قطع یہ راہِ عشق کی ۔۔۔ نہ دستِ ہجر میں دیتا کوئی عنانِ فراق

مباد کس چو من خستہ مبتلائے فراق

نہ مجھ غریب سا ہو کوئی مبتلائے فراق ۔۔۔ تمام عمر مرے ساتھ تھی بلائے فراق
غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگرداں ۔۔۔ اُٹھائے محنتِ ایام و رنجہائے فراق
فراق ہاتھ اگر آئے خون کر ڈالوں ۔۔۔ دلا دوں آنکھوں سے جو کچھ ہیں خونبہائے فراق
میں اس فراق کو ایسا فراق میں ڈالوں ۔۔۔ کہ روئیں خون کے آنسو ہی دیدہ ہائے فراق
فراق و ہجر کے غم سے مفر نہیں ایک دم ۔۔۔ عوض ہمارا لے یارب تو دے سزائے فراق
کدھر کو جائیے کیا کیجئے کس سے غم کہیئے ۔۔۔ کہاں سے داد ملے کون دے جزائے فراق؟
فراق دیکھو یہ غم دیکھو اور مجھے دیکھو ۔۔۔ جتا تھا مجھ کو مری ماں نے کیا برائے فراق
ہے عشق باغ تو حافظ ہے بلبلِ سحری ۔۔۔ دن اور رات ہو ایک غنچہ نفشاں نوائے فراق

مقام امن و مے بے غش و رفیق شفیق

مقامِ امن و مئے صاف اور ایک رفیقِ شفیق ۔۔۔ اگر مدام میسر رہیں زہے توفیق!
جہان و کارِ جہاں ہیچ در ہیچ ہی سب جان ۔۔۔ ہزار بار اسے کر چکا ہوں میں تحقیق
پناہ کی جگہ ایک ڈھونڈھ دم غنیمت ہے ۔۔۔ ہیں راہِ عمر میں پوشیدہ قاطعانِ طریق
ہے کوئی بندہ خدا کا جو ٹھیک راہ سمجھائے؟ ۔۔۔ نہ پہنچی دوست تک یہ کوئی راہِ طریق

فدائے غمزۂ ساقی ہزار دل جس دم — جھکورے بادۂ لعل اُس کے ہونٹ یعنی عقیق
عجب چاہِ زنخداں میں پائی شیرینی — پہونچ سکی نہ کوئی اُس کی تھاہ کو فکرِ عمیق
اگرچہ موئے میاں بھی ہے فہم سے بالا — پہ طفلِ دل کا کھلونا ہے یہ خیالِ دقیق
عقیق رنگ ہمیشہ ہے اشک بھی اپنا — نگینِ خاتمِ چشم اپنا کندہ ہے یہ عقیق
چلو بھی! توبہ زِ لعلِ نگار و خندۂ جام! — محال اِس کے تصور کی عقل سے تصدیق
ہنسی سے کہنا کہ قائل ہیں طبعِ حافظ کے! — ملاحظہ ہو کہ کس حد ہے یہ مری تحمیق!

اے دلِ ریش مرا با لبِ تو حقِ نمک

دلِ زخمی کے بیوں ہو نہیں ترے حقِ نمک — پاس حقِ نمک! اب جاتا ہوں اللہ معک!
تو ہی وہ گوہرِ یکتا ہے کہ قدوسیوں میں — تیرا ہی تذکرۂ خیر ہے تسبیحِ ملک
تجھ کو سچائی میں کچھ شک ہو تو کس سکتا ہے — میرا کھوٹا کھرا، میں سونا ہوں تو میری محک
مست مے ہو کے دو بوسوں کا تھا وعدہ لیکن — شرط پوری ہوئی ان ہونٹوں نے دو دیکھے نہ یک
کھولدے پستۂ خنداں کہ برس جائے شکر — کچھ دہن کے متعلق نہ رہے خلق کو شک
چرخ کا چرخا کردوں گر نہ چلے حسبِ مراد — میں نہیں وہ کہ گھسٹے پھرے یہ دورِ فلک
اپنے حافظ کے نہ کیوں پاس وہ اک دم ٹھیرے؟ — ہٹ رقیب ایک دو قدم ٹھیر پرے ہو سرک

اے پیکِ پے خجستہ چہ نامی فدیت لک

نام اے خجستہ پے ترا کیا ہے فدیت لک — دیکھا تھا سانولا نہ کوئی ایسا بانمک
زیبا ہے گُل حسین ترے در پہ پل کے آئیں — بوسہ دیں پشتِ پا کو تری جھک کے یک بیک

ظاہر دو چشم سے تری صورت پہ مردمی — روشن دو دل سے ترے دیدوں میں مردمک
آدم میں حسن کا ترے ہوتا جو شائبہ — رہ جاتے محو سجدہ نہ کر سکتے پھر ملک
صورت گرانِ چیں یہ اگر چہرہ دیکھ لیں — نقش نگار خانہ مٹا ڈالیں کر دیں حک
کوٹھے پہ تیرا چہرۂ مہوش تمام رات — روشن ہے آفتاب سا اوٹھا ہی یا فلک؟
حافظ کی دوستی پہ نہیں تجھ کو گر یقیں — کندن ہے اس کو کچھ نہیں اندیشۂ محک

اگر شراب خوری جرعۂ فشاں برخاک

پیے شراب تو کچھ پھینک بھی دے حصۂ خاک — جو نفع غیر کو پہونچے تو کیا گناہ ہیں باک؟
چل آج اوجِ فلک پر دے شامیانہ تان — اجل کرائے گی کل تجھ کو سیرِ تیرہ مغاک
نہ کھا دریغ پیے جا بہ شاہد و دف و چنگ — ہے بیدریغ ہی جاری جہاں میں تیغِ ہلاک
ہو دوزخی کہ بہشتی کہ آدمی کہ ملک — ہر ایک کے دین میں بس کفر ہی تو ہے امساک
فسونِ دخترِ رز طرفہ ہوش کھوتے ہیں — مبادا تا بہ قیامت خراب طارمِ تاک!
قسم ہے تیرے ہی قدموں کی ناز پرورِ من — چمٹ کے ان سے اُٹھے میری روزِ حشر بھی خاک
براہِ میکدہ حافظ جہاں سے گزرا خوب — دعائے اہلِ دل اسکی لحد میں مونسِ پاک!

دوشینہ من پنہاں شدم تا قصر جاناں سبک سبک

کل شب پہونچ ہی میں گیا تا قصرِ جاناں چپکے سے — ہلکے قدم رکھتا ہوا آیا در ایواں چپکے سے
دیکھا نگارِ یار کو ایک تختِ زریں پر محوِ خواب — دل تھا نہیبِ عشق سے لرزاں ترساں چپکے سے
دو انگلیاں کرکے دراز۔ آہستہ تر۔ آہستہ تر — آخر اٹھا ہی دی نقاب اُس روئے تاباں چپکے سے

ایک نیم نرگس کھول کر دی سحر کو جنبشِ خواب سے
اور راہِ رخ پر چھا گئی زلفِ پریشاں چپکے سے

جھلایا۔ کون او بے ادب؟ بولا میں یہ عاجز غریب
سن نہ کوئی بات کرے رخصت جہاں چپکے سے

ترساں تھے لب ہر چند با لعلِ لبِ دلکش بتِ
لے ہی اُڑے آخر شکر از شکرستاں چپکے سے

چاہی اجازت جانِ من کھینچوں لگا کر سینے سے؟
بولا کہ پہلے شمع کو لیجا کے رکھ دو واں چپکے سے

آخر لگایا سینے سے جی بھر کے ایک دم یار کو
بولی اٹھا ذرا ہی مگر مرغِ سحرخواں چپکے سے

بولا کہ حافظ اُٹھ کے جا در خدمتِ شاہِ جہاں
سب کر کیفیت بیاں اور کو نہاں چپکے سے

ہزار دشمن اگر می کنند قصد ہلاک!

کریں جو کرتے ہیں دشمن ہزار قصد ہلاک
جو تو ہو دوست نہیں لاکھ دشمنوں سے باک

یہاں تو زندہ رکھے ہے امیدِ وصل تری
نہیں تو ہجر سے کس دن نہیں ہی خوفِ ہلاک

جو دم بدم تری خوشبو مجھے سنگھائے صبا
تو لحظہ لحظہ کروں مثلِ گل گریباں چاک

ترے خیال میں آنکھوں کو خواب ہو نہ سحر
ترے فراق میں اس دل کو صبر ہو حاشاک

بضرابِ سیفکَ قتلی حیاتنا ابدًا
فانّ روحی وقلما حاتَ ان یکونَ فداک

جو تیرا زخم ہے کب ہے وہ اور کا مرہم
تو زہر دیوے یہ بہتر کہ دوسرا تریاک؟

تو چھپا ہے تجھے کون آنکھ دیکھ سکتی ہے
بقدرِ فہم ہی کر سکتا ہے ہر ایک ادراک

نہ ہچکچاؤں ذرا کھاؤں منہ پہ ہی تلوار
نہ کسماؤں کسے چاہے جس قدر فتراک

نگاہِ خلق میں حافظ عزیز ہو اُس وقت
رکھے جو عاجزی اُس در پہ سر پہ ڈالے خاک

اگر بگوئے تو باشد مرا مجال وصول

نہیں ہے کوچہ میں اُس کے اگر مجالِ وصول
تو کون دولتِ دیدار کی ہے شکلِ حصول؟

قرار لے گئیں میرا وہ سنبلِ تیکیں
خراب کر گئیں مجھ کو وہ نرگسِ کحول

عجیب آئے سے دل پہ پھیری صیقلِ عشق
ہوا ہے زنگِ خرد سے ہمیشہ کو مصقول

دلِ شکستہ حقیقت میں زندگی پائے
ہوا کہ تیغِ غمِ یار کا بنے مقتول

وہ مجھ سے کونسا اے جان و دل قصور ہوا
کہ طاعتیں بھی تو میری نہیں ہیں مقبول؟

ترے محل میں یہ درویش بے زر و بے پر
کسی جہت سے بھی رکھتا نہیں خروج و دخول

کدھر کو جائے؟ کرے کیا؟ یہ حال کس سے کہے؟
کہ کس قدر کا غمِ روزگار سے ہے ملول

خراب تر ترے غم نے نہ پائی اور جگہ
پسند میرے دلِ تنگ میں کی جائے نزول

خموش حافظ و دم سادھے دردِ عشق میں
رموزِ عشق نہ کر فاش پیشِ اہلِ عقول!

اے بردہ دلم را تو بدیں شکل و شمایل

دل لے ہی لیا تو نے دکھا شکل و شمایل
اب کیوں نہ کشیدہ ہو جاں تجھ پہ ہو مایل

آہیں بھی کھینچیں کبھی سینے سے ترا تیر
کیا تجھ سے کہوں کیا یہ دکھاتا ہے مرا دل

پوشیدہ رقیبوں سے رکھوں وصفِ لبِ لعل
اچھا نہیں یہ معنیِ نازک سنیں جاہل

ہر روز ترا حسن گئے دن سے فزوں تر
کیونکر ہو مہِ چاردہم تیرے مقابل

دل دے چکا۔ لے جاں بھی۔ نہ کر غم کو مسلط
ہو نقد اسامی تو نہ کھینچ اس پہ محصل

حافظ حرمِ عشق کے اندر ہے قدم اب
دامن سے لگا اس کے نہ اب اور دل میں گھل مل

اے رخت چوں خلد و لعلت سلسبیل

رخ ترے جنت ہیں لب ہیں سلسبیل
سلسبیل ایسی کہ جان و دل سبیل!

سبزپوشانِ خط اُس لب کے ہیں گرد ‏ ‏ ‏ ‏ ہا پڑا موروں کا گردِ سلسبیل

کونے کونے پر ہیں تیرے تیرِ چشم ‏ ‏ ‏ ‏ مجھ سے افتادہ ہزاروں ہی قتیل

آگ یارب یہ جو میرے دل میں ہے ‏ ‏ ‏ ‏ ہو کرم سے تیرے گلزارِ خلیل

دوستو! کس طرح ہو حدِ مجال؟ ‏ ‏ ‏ ‏ کیا جمال اُس کا نہیں بےحد جمیل؟

پائے لنگ اور عشق کی منزل کٹھن ‏ ‏ ‏ ‏ ہاتھ کوتاہ اور اونچا نارجیل

آفریں نقاش کے موئے قلم ‏ ‏ ‏ ‏ بکرِ معنی کی یہ صورت بے عدیل!

حُسن اِن اشعار کا کیا ہو بیاں ‏ ‏ ‏ ‏ شمس کی خود شمس ہے اور کیا دلیل

معجزہ ہیں شعر یا سحرِ مبیں ‏ ‏ ‏ ‏ لایا ہاروت اِن کو یا خود جبرئیل

کہہ سکا تھا کون اس خوبی کے شعر ‏ ‏ ‏ ‏ کب بندھا تھا کوئی گوہر اِس قبیل

تجھ پہ حافظ پنجۂ دستِ نگار ‏ ‏ ‏ ‏ چیونٹی جیسے ہو زیرِ پائے پیل

بعہدِ گُل شدم از توبہ شراب خجل

رکیا بہار میں ہی توبہ شراب خجل ‏ ‏ ‏ ‏ کرے کسی کو نہ یوں فعلِ ناصواب خجل

صلاح کیا ہو مری؟ جام مے! یہ بد قسمت ‏ ‏ ‏ ‏ نہیں ہو شاہدِ ساقی کے تو حجاب خجل

وہ خون شب کو بہا تجھ سے لے سرِ چشم ‏ ‏ ‏ ‏ کہ دیکھتے تھے کھڑے شبروانِ خواب خجل

ہو آفتاب سے بھی خوب تر تو شکرِ خدا ‏ ‏ ‏ ‏ یہ تیری وجہ نہیں پیشِ آفتاب خجل

بجا ہے نرگس تنا نہ سرنگوں ہے اگر ‏ ‏ ‏ ‏ نہ ہوتی بن کے بھلا چشم پُر عتاب خجل؟

نہ پوچھے کاش گنہ وہ مزید رحمت سے ‏ ‏ ‏ ‏ نہ ہوں سوال سے حیرت زدون جواب خجل

یہ جام زہر سا کیا زیرِ لب ہی خندہ زناں ‏ ‏ ‏ ‏ نہیں ترے لبِ لعلیں سے گر شراب خجل؟

نہ عمر بھر کبھی اس در سے میں نے رخ پھیرا — اس آستاں سے نہیں شکر اے حجاب خجل
ہے آبِ خضر جو ظلمت میں، اس لیے کہ اسے — کرے سخن کی نہ حافظ کے آب و تاب خجل

بکن تو جور کہ کردم بجان و دیدہ قبول

کیے جا جور، مجھے بھی ہے جان و دل سے قبول — بہ نسبت اس کے کہ ہر دم ہے تو مجھ سے ملول
نہ قبلہ جس نے کیا تیری ابروؤں کی طرف — نہیں ہو جانبِ کعبہ نماز اس کی قبول
کشیدہ خنجر کیں پھر رہے وہ دیدۂ قتال — خوشا شہید جو ہو اس کے ہاتھ سے مقتول
ہزار آیتِ رحمت عیاں ہیں چہرہ سے — ولے چہ سود کریں گر نہ بندہ پر ہی نزول
وہ جس نے دیکھ لی ایک بار صورتِ زیبا — خطا ہے ہو جو کسی اور خیال میں مشغول
طلب جو بوسہ کیا لعل لب سے: کیا کہیے! — جھڑک کے بولا کہ لمبا ہو یاں سے نامعقول!
ولایتِ دل حافظ پہ عشق قابض ہے — خراج ہے غمِ جاں اور درد دل محصول!

خوش خبر باش اے نسیم شمال

آکے مژدہ دے اے نسیم شمال — کہہ کہ نزدیک ہے زمانِ وصال
ما لسلمٰی و من بذی سلم — این جیراننا و کیف الحال
بزم کو دیکھیے تو خالی پڑی — خم و جام و سبو ہیں مالامال
عفت الدار بعد عافیۃ — فاسئلوا حالھا عن الاطلال
شب فرقت نے گھیر ڈال دیا — مار ڈالیں گے شب دراز خیال
قصۂ عشق لا انفصام لھا — و صمت ھھنا لسان المقال

کیوں ملائے نظر ہمارا اثر ک — اس کی عظمت تو دیکھو اور جلال!
فی جمالِ الکمال تلت منی — صرف اللہ ثناک عینِ کمال
یا بدیع! الجھے جمالک اللہ — ما جمالہ ما جبا تعال تعال
عشق میں حافظا یہ چپ کب تک — نالہ زیبا ہے عاشقوں کو کمال

دارائے جہاں نصرتِ بن خسرو کامل

دارائے جہاں نصرتِ بن خسرو کامل — یحیائے مظفر ملکِ عالم و عادل
اسلام کی دیوارِ پناہ ہیں کیا پیدا — خلقت کی حمیت نے تری روز نزول
ہی خالِ سیہ پر ترے خورشید کو حسرت — افسوس کہ میں کیوں نہیں وہ بندۂ مقبل
روزِ ازل ایک بوند سیاہی رخِ مہ پر — ٹپکی ترے خامہ سے پئے حلِ مسائل
مجلس سے تری چرخ بھی ہی رقصِ سماع میں — ٹوٹے نہ یہ دور اب کبھی دائم رہے خوش دل
مینوش و جہاں بخش بکمندِ تیری ہی ہو — بدخواہ کی گردن گھٹی در طوق و سلاسل
خود دورِ فلک عدل کے ہے خطِ صحیح پر — خوش باش کہ ظالم کوئی پہنچے گا نہ منزل
واجب ہوئی تعظیم تری جانِ خرد پر — سب کون و مکاں پر ترے الطاف ہیں شامل
حافظ قلم شاہ سے رزی کی ہی تقسیم — افکارِ معیشت کو سمجھ خطرہ باطل

رہرواں را عشق بس باشد دلیل

عشق کی کافی ہے قندیل و دلیل — اشک کی رہ میں ہو رہگیر و سبیل
خاک لائے آنکھ میں طوفانِ اشک — وہ جو کشتی راں ہو بہ خونِ قتیل

نیک نامی پہ نہیں کچھ اختیار — فانّنی فی العشق من قصدی السّبیل
بے مے و مطرب نہ جنّت میں بلا — ما احتی فی الرّاح لا فی السّلسبیل
گرمیِ حسنِ بتاں میں مست مجلس — جا کے جھونک جا آگ میں مثلِ خلیل
یا رسومِ پیل بانان سیکھ لے — یا نہ دے ہندوستاں بربادِ پیل؟
فرض کر لے راہِ مقصد گم ہوئی — پاؤں اس رہ میں نہ رکھو بے دلیل
دے نہ ان آنکھوں کو میلِ عاشقی — ورنہ ڈوبے خرقہ در دریائے نیل
عزّ و مالِ شاہِ عالم برقرار — پائے جو کچھ اور چاہے زیں قبیل
بات مطلب کی کوئی حافظ بتا — ورنہ بے حاصل ہی یہ سب قال و قیل

ساقی بیار بادہ کہ آمد زمانِ گُل

ساقی پلا دے بادہ کہ پھر ہے زمانِ گُل — ٹوٹے کہ ٹوٹتی ہی ہے توبہ میانِ گُل
کر چشمِ خار کور بہ یک بانگِ عندلیب — چل کر بسا چمن میں کوئی آشیانِ گُل
ہے صحنِ بوستاں ہی میں چل کر ہو بادہ نوش — آیاتِ خوش دلی ہیں کھلی بر زبانِ گُل
گُل آ چکا چمن میں خزاں کا ہی دار ہے — یار و مے و سرود ہو اور بوستانِ گُل
حافظ وصالِ گُل کے لئے بلبلوں سے سیکھ — ہونا نثارِ خاکِ رہِ باغبانِ گُل

مرا دلیست پریشاں بدستِ غم پامال

عجیب دل ہے پریشاں بدستِ غم پامال — پھر اس پہ طرّہ نہیں کوئی واقفِ احوال
شکستہ خاطر و دل تنگ مثلِ حلقۂ میم — جفا رسیدہ و قامت خمیدہ صورتِ دال

غموں نے ہٹ کے تنِ زار کو کیا تھی | ہے جس کے وزن سے گردوں میں نالۂ نال
کشیدہ مثلِ الف قد تھا میرا تا آخر | ہوا جواب غمِ ایام سے ہے جھک کر دال
جلا کے آبرو کی خاک آتشِ غم نے | بنایا خاک کہ ہو جاؤں راہ میں پامال
ہے سر اسیرِ کمند اور دست و پا دربند | شکنجے میں ہے کھنچا دہرِ پُر جفا کے غزال
نصیبِ غم، ستم و جورِ چرخ سے شب و روز | لعابِ فاقہ۔ کمینہ سپہر سے مہ و سال
وطن سے دور، غریبی میں اس قدر مفلس | کہ نام کو نہیں پاس ایک ذرہ مال و منال
غریب و مفلس ایک ایسے دیار میں کہ جہاں | کسی طرح نہیں خلقت سے مجھ کو وجہ سوال
وطن کو اپنے چلا جاؤں یہ بھی نا ممکن | اڑے تو کس طرح بیچارہ مرغِ بے پر و بال؟
ہوس کہ مفلسی سے نہیں ہوں طالبِ زر | مثالِ تشنہ ہے درکار جرعۂ آبِ زلال
سوائے جور و جفا اس جہاں سے کچھ امید | ہے ایک تصورِ باطل ہے ایک خیالِ محال
غرض کہ رات کو پوچھا یہ عقل سے میں نے | جہاں میں کون ہے اب جو کرے نہ ردِ سوال؟
عروسِ طبع معاً بولی تجسلۂ دل سے | کہ آج منبعِ احسان و جود و بحرِ نوال
جنابِ آصفِ دوراں جلالِ دنیا و دیں | جہاں میں تھی نہ ہے جس کی کوئی نظیر و مثال
قسم اسی کے چرن کی کہ غم کے ماروں کا | ندیم و مونسِ واحد وہی ہے در ہمہ حال
تسلیِ خستہ ہوا حافظِ غریب ترا | گزر کے قبر پہ اس کی یہ خون کرے حلال!

شممت روح ودادٍ وشمت برق وصال

شممت روح ودادٍ وشمت برق وصال | چلے تو جان دوں خوشبو پہ تیری باد شمال
احادیاً بجمال الحبیب قف وانزل | کہاں ہے صبرِ جمیل اب ہے اشتیاقِ جمال

شگفتا ہیں شبِ ہجراں کو ترک کرتے دل
ہزار شکر کہ جلوہ نما ہے روزِ وصال

ہو یار برسرِ صلح اور عفو بھی چاہے
تو بھول جائیے پہونچا رقیب سے جو ملال

چل آ کہ آنکھ کے پردوں میں تیری راحت کو
سجائے پھولوں کی سیجیں ہی کارگاہِ خیال

دہانِ تنگ کے دل میں مرے تصور ہیں
نہ ہوگا مجھ سا بھی یہاں۔ درپئے خیالِ محال

ملال مصلحتی تھا مرا ملال اُس سے
وگرنہ جان سے اپنی ہوا ہے کس کو ملال؛

ہر نکتہ کہ گفتم در وصف آں شمایل

کھولے جو نکتہ نکتہ میں نے ترے شمایل
جس نے سُنے پکارا لِلّٰہ درّ قایل!

دلبر ہو اپنا یار ایک، عاشق کُش ایک نگار ایک
مرضیۃ السجایا محمودۃ الخصایل

کہتا ہے رحم ہوگا اِس جانِ ناتواں پر
ہوگی نہ جان جس دن خود درمیانہ حایل

سولی پہ چڑھ کے منصور اچھا بیاں کریگا
ممبر پہ شافعیؒ کیا بولیں گے یہ مسایل

اے آہ! اپنے در پر دیگا نہ بار دلبر
گو ہر طرف سے پیدا اس کے کروں وسایل

آنکھوں نے گو اُٹھائے طوفانِ نوح اکثر
پر لوحِ دل سے نقشہ تیرا ہوا نہ زایل

مست انکھڑیوں سی اکثر ایک عین گوشہ گیری
مستانہ وار گاہے دل ابروؤں پہ مایل

تحصیلِ علم آساں جانی تھی اوّل اوّل
جی کو جلا کے آخر ہاتھ آئے یہ فضایل

یہ دستِ پاکِ حافظ تو نیدِ بدنظر ہے
ہونے دے اِس کو اپنی گردن میں تو حمایل

آنکہ پامال جفا کرد چو خاک راہم

ٹھوکروں میں تو بنا سرمہ و خاکِ راہ ہوں
پابوسی بھی کروں عفو و کرم بھی چاہوں؟

کر سکوں جو رہ پہ کچھ آہ یہ ممکن ہی نہیں
چاکرِ مستعد و بندۂ دولت خواہ ہوں

ذرۂ خاک سا خوش تیری گلی میں ہوں پڑا
کسی جھونکے میں ہوا کے نہ فنا ناگاہ ہوں

شمع قد پر تری لرزاں ہو دلِ شعلہ صفت
جنبشِ لب سے نہ بن پھونک کے گل واللہ ہوں

خمِ گیسو سے بندھا وابستۂ تمنائے دراز
مت جھجک دیکھ کہ از دستِ طلب کوتاہ ہوں

پیرِ مے دیتا ہے اک جامِ جہاں بیں ہر صبح
کہ ترے حسن سے اس آئینہ میں آگاہ ہوں

چل ذرا میکدے تک مجھ راہ نشیں کے ہمراہ
ٹھاٹھ تو بھی تو مرے دیکھ وہاں میں کیا ہوں

لطف کی بات کہی خسروِ خاور نے سحر
باہمہ بادشہی بندۂ توراں شاہ ہوں!

نشہ میں چور رہے ہمراہ سے حافظ کو مباد
دامنِ حسن پکڑلوں کہیں میں شعلہ ہوں!

اگر برخیزد از دستم کہ با دلدار بنشینم

جو ہاتھ آجائے اور کچھا کہیں با یارِ سیمیں ہوں
یمن سے اس کے میکش ہوں ارم میں اس کے گلچیں ہوں

شرابِ تلخ وہ صوفی فگن کیا مجھ کو ڈھائے گی
چکھائے لب سے لئے ساقی لبوں پر جانِ شیریں ہوں

شکر لب طوطیوں کو دیں اسے آنکھیں مئے پرستوں کو
رہوں ایک میں ہی بدقسمت نہ ان میں ہوں نہ ان میں ہوں

نہ دل کھو بیٹھوں سچ کرتا ہوں راتوں چاند سے باتیں
پریشاں کے ہی دن بھر دیکھتا خوش خوابِ رنگیں ہوں

کرے گر خاکروبی بادِ بخشش فیضِ باراں ہو
پہ بھولیں خدمتیں میری کہ خدمتگارِ دیریں ہوں

نہ کیوں ہر نظم ہر شاعر کی سب کے دل پسند آئے؟
تذروِ طرفہ پکڑوں میں ہی وہ چالاک شاہیں ہوں

وفاداری و حق گوئی نہیں ہر ایک کا شیوہ
غلامِ آصفِ دوراں جلال الحق والدیں ہوں!

آنکہ از فکرِ تو دلشاد نہ گردست منم

جس نے کچھ تجھ سے دلشاد کیا میں ہی تو ہوں
جس نے غمخانہ نہ آباد کیا میں ہی تو ہوں

جس نے جھیلے ستم و جورِ محبت نہ اعدا — نہ کبھی نالۂ و فریاد کیا میں ہی تو ہوں
سر نہ اٹھو ہی رہا یاد میں تیری جو مدام — بھول کر اور نہ کچھ یاد کیا میں ہی تو ہوں
تھا میں ایک ساختۂ پیرِ مغاں مرشدِ خلق — جس نے خود تو نہ کچھ ارشاد کیا میں ہی تو ہوں
طرح و بنیاد سے لوگوں نے کیا کیا نہ مکاں — جس نے کچھ طرح نہ بنیاد کیا میں ہی تو ہوں
وار دی جان تو شیریں وہ دل پر جس نے — خود کو مشہور نہ فرہاد کیا میں ہی تو ہوں
مثلِ حافظ جو رہا صیدِ بلا میں شب و روز — نہ کبھی غم سے دل آزاد کیا میں ہی تو ہوں

ایں چہ شوریست کہ در دورِ قمر می بینم

شور کیسا یہ بپا دورِ قمر دیکھتے ہیں — سارے آفاق میں ایک فتنہ و شر دیکھتے ہیں
آرزو دل کی تو یہ ہے آج سے کل ہو بہتر — کیا قیامت ہے کہ کل سے بھی بتر دیکھتے ہیں
احمقوں کے لئے ہیں قند و گلاب و شربت — پیتے دانا ہی کو لب خونِ جگر دیکھتے ہیں
زیرِ پالان ہیں لگی پیٹ میں گھوڑے عربی — گردنِ خر میں پڑی ہیکل زر دیکھتے ہیں
لڑکیاں ذو بدو ماؤں سے گھروں میں باہر — جو پسر ہے اسے بدخواہ پدر دیکھتے ہیں
رحم بھائی میں نہیں دیکھا بھائی ہرگز — کچھ پدر کو نہیں شفقت پہ پسر دیکھتے ہیں
جاؤ نیکی کرو حافظ کی نصیحت مانو! — اس نصیحت میں بھرے لعل و گہر دیکھتے ہیں

از غمِ خویش چناں شیفتہ کردی بازم

پھر نہ آیا مجھے آشفتۂ غم کرنے سے باز؟ — یاد باقی ہے تری ہوش تو سب ہیں پرواز
جو مرے نالۂ شبگیر سے واقف ہو جائے — روزِ روشن کی طرح جانے مرے سب راز

خط میں لکھا ہو کہ لکھ حال ہو گیا یہ حال ہے
شکل پہچانی پڑے تجھ کو نہ میری آواز

میں بھی اب بیٹھ کے بہلاؤں رخِ خوب سے دل
خلق تو جانے ہی بیٹھی ہو مجھے شاہد باز

نہ جلانے کی مرے کھائی ہو گر تو نے قسم
دور کر پاس قسم، ہے مجھے خود سوز سے ساز

کس قدر ناز ترا دل کو پسندیدہ ہے
خون بخشا تجھے اٹھ کر دے نہ مجھے قتل بناز

جسم سے ہو کے رہا بھی ترے کوچہ کی قسم
تیرے گھر پر ہی شب و روز کروں گا پرواز

جان پروانہ صفت گر نہ نثارے حافظ
رخ دکھا شمع صفت خوب ہی دے سوز و گداز

برخیز تا طریقِ تکلف رہا کنیم

کب تک یہ راہ و رسمِ تکلف ادا کریں
بیچیں ٹکے کو ٹھاٹھ فقیری کے کیا کریں

پہنے وہ زرنگار قبا سب سے ہو دوچار
ہم بیٹھے اپنے صبر کی چادر سیا کریں

آ جائے ہاتھ اپنے کسی شب جو وہ نگار
مشکل ہے پھر کہ چھوڑ دیں دامن رہا کریں

نادیدہ جس کے رہتے ہیں دن رات یہ کرم
ممکن ہے بخش بھی دے اگر کچھ خطا کریں

ستّر گنا خلق کی نظروں سے اوٹ میں
بہتر نماز سے جو دکھا کر ادا کریں

میں نے کہا کہ کام نہ کچھ آئے تیرے لب
بولا کہ صبر ہو تو ثمر بھی عطا کریں

ایامِ سست عہد تو حافظ ہیں بے وفا
اس پنج روزہ عمر میں ہم ہی وفا کریں

بعزمِ توبہ سحر گفتم استخارہ کنم

بعزمِ توبہ سحر کو جب استخارہ کروں
بہار توبہ شکن آئے۔ کیا میں چارہ کروں؟

اب آئے لب پہ کبھی نامِ توبہ گر مے سے
دہن کو پاک کروں کلیاں غرارہ کروں

دوا جنوں کی کرنا ہیں فصلِ لالہ میں گر — تمہاری بزم سے اہلِ طرب کنارا کروں
ہے صاف بات تو یہ کیونکہ دیکھ سکتا ہوں — کہ یار پیتے ہوں میں دور سے نظارہ کروں؟
بناؤں بادشاہ ایک بت کو تختِ گلشن پہ — مرصع پھولوں کے زیور سے اس کو سارا کروں
گلِ مراد شگفتہ ہو اس دہن سے اگر — رسید ایک سرِ دشمن کے سنگِ خارا کروں
گر ایک بوسہ لبِ لعلِ یار کا پاؤں — جواں ہوں از سرِ نو زندگی دوبارا کروں
گدائے میکدہ ہوں پر جو دیکھو مستی میں — فلک پہ ناز اشارے میں قطب تارا کروں
جو دسترس ہی نہیں اکلِ حلال پہ زاہد — تو کیا صلاح ہے؟ میخانے کا اجارا کروں؟
نہ محتسب نہیں قاضی نہ مولوی نہ فقیہ — مجھے کیا سود کہ میں ترکِ مے خدارا کروں؟
کلی کی طرح کھلوں یاد کر کے مجلسِ شاہ — پیالہ ہاتھ میں ہو جامہ پارا پارا کروں!
چھپا کے پینے کی ترکِ مے سے ملول ہے حافظ — بجا کے ڈھول حقیقت یہ آشکارا کروں؟

بگذار تا بہ شارعِ میخانہ بگذریم!

جانے دو تا بہ شارعِ میخانہ ہی ہمیں — محتاجِ جرعہ سب ہیں جہاں ایک لین میں
گزرے یہ ہائے عمرِ گراں مایہ بیش ازیں — رخصت ہو اس کے پیشِ نظر ایک گزر کریں
اڑ جائیں تخت و مسندِ جم جس مقام میں — غم کھائیں یہ تو خوب نہیں۔ آؤ مے پئیں!
ہوں گے کمر انارِ دستِ نگار کے — پرخونِ دل سے دو شتو دل سے گمیں رہیں
دم بھر کے عشق و رندی کے روزِ نخست اب — شایاں نہیں کہ اور کسی مت میں جا پڑیں
واعظ نہ کر نصیحتِ شوریدگانِ عشق — خلد اور کوئے دوست برابر نہیں ہمیں!
صوفی ہیں رقص و حال میں ہے محفلِ سماع — دکھلائیں ہم بھی ہاتھ کھڑے ہاتھ کیوں ملیں

مستی کو قدرِ لعل دی پھینک ایک جرعۂ جام
ایک ہم کہ قدرِ ذرہ برابر نہیں سمجھیں

جب تک رسائی کنگرہ کاخ تک نہیں
اس سنگِ آستاں ہی پہ حافظ پڑے رہیں

مژگان سیہ کردی ہزاراں رخنہ در دینم

ہزاروں رخنے مژگانِ سیہ نے کر دیئے دیں میں
ادھر لا درد ہیں کیا کیا طفیلِ سرمہ آگیں ہیں

ارے او ہمنشینِ دل کہ یاروں سے ہو یوں غافل
ہمیں فرصت اس گھڑی جب تک نہ پاؤ وہ رنگیں ہیں

دل و گل ہو گئے غرقِ عرق گل جس ہجراں میں
نسیمِ صبح جلدی آ نہا کر اس عرق چیں میں

شہا شب بسترِ رحلت سے پہنچوں قصرِ حور العین
جو وقتِ نزع جلوے شمع تو ہو میرے بالیں میں

لگی ضربت صباح الخیر بلبل اٹھ کے آ ساقی
کہ سر پھٹا گیا میرا خمارِ خمرِ دوشیں میں

بٹھاوے غیر کو میری جگہ یار اختیار اس کا
بے غیر اس کی جگہ دل میں یہ ناممکن مرے دیں میں

جہانِ پیر بے بنیاد! اے فرہاد کش فریاد!
تری نیرنگیوں سے تلخیاں ہیں جانِ شیریں میں

جہانِ فانی و باقی نثارِ غمزۂ ساقی
طفیلِ عشق سلطانِ جہاں ہوں عز و تمکیں میں

رموزِ عشق و سرمستی سنو مجھ سے نہ واعظ سے
ہیں با جام و قدح ہوں ماہ ہیں کہہ بزمِ پرویں میں

پیامِ شوق کے الفاظ جو اس خط میں لکھے ہیں
وہی ہیں بے تفاوت جو کہے حافظ نے تلقین میں

بیا تا گل برافشانیم و مے در ساغر اندازیم

چلو چل کر بکھیریں گل تو ساغر مل کے بھر ڈالیں
فلک کی چھت اڑا دیں اور ایک طرحِ دگر ڈالیں

نہ دھمکی غم کا لشکر دے کہ خونِ عاشقاں کر دے
جو ہم تم ایک ہوں ساقی تو غم کو نیست کر ڈالیں

جو مطرب خوش گلو ہو نے نکال ایک زیر دھن کی
گیتیں بھرتے رہت کرتے پھریں سجدوں میں سر ڈالیں

منور آ کے کر جانا! یہ مجلس روئے روشن سے — ترے رُخ پہ غزلخواں ہوں ترے قدموں پہ سر ڈالیں
گلاب اٹھیں شرابِ ارغوانی کے گلاسوں میں — نسیم عطر گرداں کے بھی مجمر میں شکر ڈالیں
صبا مِلتی ہماری اُس درِ عالی پہ پہونچانا — شہِ خوباں کبھی جھانکے تو ہم بھی اک نظر ڈالیں
کہیں ہیں علم کے غرّے کہیں عرفان کے جھگڑے — چلو رو داد لے کر سب پہ پیشِ داد گر ڈالیں
بہشتِ عدن اگر چاہے چلا آ ساتھ میخانے — کہ واں سے حوضِ کوثر ہی میں تجھ کو بے خبر ڈالیں
نہیں شیراز میں قدرِ سخندانی و خوش خوانی — چلو پردیس میں حافظ یہ ڈیرا لاد کر ڈالیں

بے تو اے سروِ رواں با گل و گلشن چہ کنم

تجھ بن اے دوست میں سیرِ گل و گلشن نہ کروں — زلفِ سنبل نہ چھوؤں رخ سوئے سوسن نہ کروں
خوف بد بیں تری صورت نہ بھلی دیکھنے دے — دل کو آئینہ کروں زنگ کُشِ آہن نہ کروں
تُو نے مارا مجھے یہ ناوکِ دلدوزِ فراق! — کیا کروں؟ کیا میں اب اپنے یدِ روشن نہ کروں؟
زاہدا جا بھی! نہ ہو درد کشوں پہ خنداں — کھیل قدرت کے ہیں سب میں تو کوئی فن نہ کروں
غیرتِ حق جو گرے غیب سے بن کر بجلی — کیونکہ ہیں سوختہ جاں آپ کو ایندھن نہ کروں؟
آتشِ طور مددگار نہیں ہے ورنہ — کیوں کوئی فکرِ شبِ وادیٔ ایمن نہ کروں
شاہِ ترکاں نے غضب ہو کے کنوئیں میں ڈالا — کیا کروں ہاتھ اگر سوئے تہمتن نہ کروں
حافظا خلدِ بریں گھر مرے اجداد کا ہے — جاؤں اس منزلِ ویراں میں نشیمن نہ کروں

بغیر از آنکہ نہ شد دین و دانش از دستم

جز اینکہ دانش و دیں تو نہیں دیئے از دست — وہ کون شے ہے رہا جس پہ اپنا بندوبست؟

ہزار غم میں غمِ عشق ہیں ہوا تاراج
قسم ہے عہدِ وفا کو پہونچنے دی نہ شکست

حقیر ذرّہ و نما ہیں ولے بدولتِ عشق
ہوا میں ہیں رُخِ تاباں کی مہر سے پیوست

پلائے یار جو پئیں بیٹھ کر الگ بادہ
نصیب ہی نہیں کب سے یہ بادۂ نشستا

ہے ہوشیاری کا دعویٰ تو اے نصیحت گو
نہ کر خراب نصیحت تو مجھ کو جان کے مست

میں سرفراز ہوں کیونکہ دوست کے در پہ
بن آیا کونسا قابل پسند کار از دست؟

شکستہ دل پھرا حافظ کبھی بھی اُس نے کہا
کہ لے یہ مرہمِ خاطر ہوئی جو مجھ سے شکست؟

بہ تیغم گر زند دستش نہ گیرم

نہ روکیں ہاتھ اگر تلوار مارے
کرے گر تیر سے سر تشت ہمارے

کماں ابرو ہمارے کیوں لیا تیر
کہ جائیں دست و بازو سے ہی ہارے

دکھا تو آفتاب اے صبحِ اُمید
دکھائے ہجر کی شب نے تو تارے

گلِ دنیا میں پاؤں ڈگمگائیں
تو تھامے ہاتھ ساغر ہی ہمارے

نہیں بچّہ کہ بہلاتا ہے واعظ
دکھا کر سیب اور دودھ کی دھارے!

دے ایک جرعہ جو سُن لے پیرِ خرابات
جواں ہو جاؤں پھر اُس کے سہارے

وہ عنقا ہوں کہ صبح و شام مجھ کو
کوئی سدرہ کی شاخوں سے پکارے

خدا اِس جامۂ تقویٰ سے حافظ
نہ جل اُٹھے جو ہو تو گرم بارے

بشرًا اذی السلامۃ حلت بذی سلم

بُشرًا اِذِ السلامۃُ حلّت بذی سلم
لِلّٰہِ حمدُ معترفٍ غایۃَ النِّعَم

لایا جو مژدۂ فتح کو آئے وہ خوش خبر
جاں لے کے سیم و زر کے نثار اُس کے ہر قدم

کیا ہائے گشتِ شہ پہ بپا ہے سرودِ جشن
آہنگِ خصم اُدھر بسرا پردۂ عدم

پیماں شکن کو دیکھی ہمیشہ شکست ہی
اِنّ العُہودَ عِندَ مُلوکِ النُّہیٰ ذِمَم

غرقابِ سیل ہو رہا تھا اور کہہ رہا تھا چرخ
الآنَ قد ندمتَ و ما ینفعُ النّدَم

تھا جستجو میں عفو کی ابرِ امید سے
ٹپکی نہ جز زدیدۂ حسرت کہیں سے نم

آ ساقیا ہے وقتِ بہار اور زمانِ عیش
بھر دے پیالہ طاق پہ رکھ فکرِ بیش و کم

دشمن کا خون مثلِ صراحی بہا کے اب
کر دوستوں میں بیٹھ کے طرب پی کے جامِ جم

اور پوچھ جام و بادہ سے یہ زالِ عود و بوس
کتنے جم و قباد سے چھٹ کر چکی خصم

دل مانگ جامِ جم ہی نہ کر ملکِ جم طلب
گاتی یہی تھی بلبلِ بستاں سرائے جم

حافظ کا کنجِ میکدہ ٹھیرے قرارگاہ
کالطّیرِ فی الحدیقۃِ واللّیثِ فی الاجم!

بارہا گفتہ ام و بار دگر می گویم

بارہا کہہ چکا پھر بارِ دگر کہتا ہوں
کہ کچھ اِن حالوں سے خود ہی میں نہیں رہتا ہوں

مثلِ طوطی پسِ آئینہ بٹھایا ہے مجھے
جو کچھ اُستادِ ازل بولے وہی کہتا ہوں

پھول ہوں، خار ہوں، کچھ ہوں چمن آرا ہے مرا
جس روش چاہے وہ اُگتا ہوں میں یا گھٹتا ہوں

دوستو! ہجو نہ مجھ بیدل و حیراں کی کرو
دُر لیے راہِ خریدار میں دکھ سہتا ہوں!

ہے غم و شادیِ عشاق کی حالت ہی عجیب
رات بھر گاتا ہوں اور صبح کو مر رہتا ہوں

گیروا رنگ پہ گلگونۂ مے جیت! یہ ہے
قاطعِ رنگِ ریا۔ بد میں نہیں کہتا ہوں

خوب حافظ کو کہا سونگھ نہ میخانے کی بو،
سونگھ کر میں تو اُسے مشکِ ختن کہتا ہوں!

برو اے طبیبم از سر کہ خبر ز سر ندارم

نہ ہو سر طبیب میرے، مجھے ہوش سر نہیں ہے
مجھے چھوڑ دے خدارا مجھے کچھ خبر نہیں ہے!

مری آ کے کر عیادت کہ ہو بیخودی سے فرصت
مے ناب نوش لب سی دوا کارگر نہیں ہے

جو تو کھائے کچھ مرا غم، میں غذا کروں ترا غم
مجھے ہے تو ایک ترا غم ہے غم دگر نہیں ہے

کوئی دے طلا و زیور، کوئی لائے جامہ زرپر
یہ ترا فقیر مضطر کرے کیا کہ زر نہیں ہے

مجھے دیکھ اب نہ کہنا کہ تو چھوڑ یہاں کا رہنا
کہ تجھے تو کد ہے لیکن مجھے اور گھر نہیں ہے

میں ہوں غم سے جینے والا مجھے پیالہ پر سے پیالہ
دے ہاتھ دل پہ ڈالا تو دل دگر نہیں ہے

غم دل گھٹک کے جانا غضب ہے تو بھڑک دے
کہ ضرورت اس کی پیدا کریں درد سر نہیں ہے

باز آئے ساقیا کہ ہوا خواہ دولتم

آ جلد ساقیا تری دولت زیادہ ہو
جی چاہتا ہے کچھ تری خدمت زیادہ ہو

حیرت کی ظلمتوں کو گھٹا کر دکھا دے راہ
فیض فروغ جام سعادت زیادہ ہو

ہر چند غرق بحر گنہ مستغش جہت ہوں
پر آشنائے عشق ہوں رحمت زیادہ ہو

بدنام رند ہوں تو نہ ہو طعنہ زن فقیہ
دین اس کی ہے عطیۂ فطرت زیادہ ہو!

مے پی کہ عاشقی نہیں موقوف کسب پر
جو ہو چکی وہ کم ہو نہ قسمت زیادہ ہو

دم مارے تو بھی طرۂ مشکین یار سے؟
ڈر مجھ کو اے صبا کہیں غیرت زیادہ ہو

کم عمر میں ہوئی تھی غربت نصیب اب
پیری تی و شوق دید میں رغبت زیادہ ہو

دریا، پہاڑ، گھاٹیاں دشوار میں ضعیف
اے خضر رہ مدد دے کہ ہمت زیادہ ہو

غالب نہ جانے کہ دل و جان سے تجھے — اُس آستاں پہ پہنچنے کی لو بہت زیادہ ہو
تا گوشِ ہوش تک نظر آتے ہوں بھوئیں — موقعہ کی تاک میں تو نہ فرصت زیادہ ہو
رخصت ہوں اُن سے چشمِ ہمہ تن آرزو دیے — حافظ اگر کچھ عمر میں مہلت زیادہ ہو

تا سایہ مبارکت افتاد بر سرم

وہ سایۂ سعید حبیبا اِس خاک پر پڑا — دولت قیصر و بخت بھی چاکر نظر پڑا
برسوں سے بخت نیک کا سایہ فرار تھا — دیکھا جو تو نے میری طرف پھر اِدھر پڑا
بیدار خواب میں بھی مجھے دیکھتی نہ خلق — لیکن خیال میں بھی نہ تو بھول کر پڑا
تجھ بن تمام عمر تو ہو کر رہے گی یہ — تجھ بن نہ جان چین مجھے لحظہ بھر پڑا
جس رات تو پھر آیا دل تنگ میں نظر — کیا کیا چمک فلک نہ ہمارا اختر پڑا
کیا کر سکیں دوا ترے بیمار کی طبیب — اُٹھا اِدھر تو جانے کو اور وہ اُدھر پڑا
تو نے بھی دی صلاح کہ تیرے ساتھ میں چلوں — میں خود بھی ہوں یہاں بخیالِ سفر پڑا
سب ایک نہ ایک شہ کے ہیں یاں کوڑیا غلام — حافظ کے شاہوار شہِ بحر و بر پڑا

ترا مے بینم و میلم زیادت می شود ہر دم

تجھے دیکھے تری چاہت زیادہ دل کو ہو ہر دم — جو تو دیکھے بڑھے کیوں درد دل فوراً نہ ہو گر کم؟
نہ کچھ ساماں کیا۔ غافل رہا تو مجھ سے کیا معنی؟ — نہ کچھ درماں کیا میرا نہیں تجھ کو ذرا بھر غم
یہ کیا ترکیب تھی رستے میں بسمل چھوڑ چل دینا — اُٹھا اب خستہ جاں کو لینے پوچھ احوال کر مرہم
نہ چھوڑیں گے ترا دامن اگرچہ خاک ہو جائیں — جو گزرا گور پر پا چھو لیں گے دامن خاک بنکر ہم

نہ آئے سانس گر مجھ میں تو دم پھونکا کرے پھر وں
ابھوں دم لا کے دم ظالم نہ دے رخصت کروں دم

اندھیری شب سے زلفوں کی رخِ روشن میں جا نکلے
سلرِ غم وا ہیں۔ اُس کے جامِ لعلِ لب پہ لب تر ہم

جونہی آغوش میں کھینچا بھرا بل مارِ گیسو نے
وہیں لب لب پہ لب رکھے دل و جاں تہ ہالے اندر ہم!

تو حافظ سے دکھا گرمی پڑا دشمن پڑے ٹھنڈا
تپاک ایک تجھ میں پائیں ہم عدو آکر ڈٹے، بجھے سرگرم

تو ہمچو صبحی و من شمعِ خلوتِ سحرم

جو تو سحر ہے تو میں شمعِ خلوتِ سحری
دکھا کے اپنی ہنسی دیکھ میری جاں سپری

ہے داغ یہ دلِ پُر داغ زلفِ پیچاں کا
بنفشہ ہی مری تربت کی خاک سے ہو ہری

ہزار مردمِ چشم اُس کے دل سیاہ سہی
ہزار موتی بھی گنوا دیں گا وہ غمِ شمری

ادائے شکر ترا کیونکہ ہو اے لشکرِ غم
ہر ذرہ بیکسی حاضر بوقتِ جاں سپری

کشادہ چشم پڑا ہوں بر آستانِ امید
نظر کرے وہی پھر جس نے کر دیا نظری

ہر ایک آنکھ میں جلوے ہیں اُس صنم کے مگر
کسی کی آنکھ نہیں دیکھتی یہ جلوہ گری

کفن کو پھاڑ لحد سے شگفتہ ہو حافظ
نسیم کی طرح گزرے تو قبر پر وہ پری؟

ترا گر ماہ و خور گفتیم گفتیم

مہ و مہر اُس کو گر کہہ دیں تو کہہ دیں
کہے شمس و قمر کہہ دیں تو کہہ دیں

وہ باچھیں کھل پڑیں جب دم ہنسی میں
انھیں درِ ج گہر کہہ دیں تو کہہ دیں

نہیں ہے اُس سا رعنا اور زیبا
پھر اِس میں کیا ہے ڈر کہہ دیں تو کہہ دیں

سخنہائے پریشاں زلف بن کر
لگیں کانوں سے اور کہہ دیں تو کہہ دیں

رہیں جو دشمن سیہ زلف ان کو اس کی
اگر شام و سحر کہہ دیں تو کہہ دیں

لب و دنداں گل و شکر نہیں کیا؟
لہذا گل سے شکر بہ دیں تو کہہ دیں

آنکھیں مست و نرگس شہلا سمجھ کر
جو کچھ زیر و زبر کہہ دیں تو کہہ دیں

چرا نہ در پئے عزمِ دیارِ خود باشم

نہ کیوں وطن میں اپنے سوار ہو جاؤں
نہ کیسے خاکِ کفِ پائے یار ہو جاؤں

نہیں غریبی و غربت کی دل کو تاب کیا
نہ اپنے شہر کو چل شہریار ہو جاؤں

جو محرمانِ سرا پردۂ وصال سے ہوں
غلام کیا کہ خداوندگار ہو جاؤں

نہیں ہے غم کا [illegible]
کہ زیر خاک تو چشم یار ہو جاؤں

ہمیشہ شغل رہا میرا زندگی دستی
پھر اس کی شوق میں مشغولِ کار ہو جاؤں

نصیب خفتہ گراں خواب سحر ہی کا گلہ
کروں تو اپنا ہی خود رازدار ہو جاؤں

مباد لطفِ ازل ہو نہ رہنمون حافظ
ابد تک کے لیے شرمسار ہو جاؤں

چہل سال بیش رفت کہ من لاف می زنم

گزرے اس ادا کو چہل سال بیش و کم
ایک کمترین چاکر پیر مغاں ہیں ہم

چھلکا کئے سدا ہے روشن ہے اپنے جام
پیر مغاں کے کیا ہوں بیاں لطف اور کرم

اب درد [illegible] تو کوئی سوز [illegible] نہ ہو
دامن ہے پاک خرقہ کی کھاتے نہیں قسم

شہباز دست شاہ و [illegible] وجہ کیا
اس درجہ میری شاخ نشیمن کو مجھ سے رم؟

[illegible] مجھ سا بلبل ادا ایسا ہے قفس
اس شکر میں سخن پہ کہ سوسن بھی کھائے سم؟

آب و ہوائے پارس میں یہ شعلہ پروری؟ — اے دل اکھڑ یہاں سے کہیں اور جا کے جم
صدقے میں عشق و ہمتِ مردانِ پاک کے — ہر جا ہی صدر میکدہ بن کر رہیں گے ہم
حافظ یہ زیرِ خرقہ قدح تا کجا نہاں؟ — کہہ چکے دوں میں بھانڈا اتار کو لدوں بھرم؟

حالیا مصلحت وقت در آں مے بینم

ہے یہی مصلحتِ وقت اب ایک نیر بھری — بستر اجائے یہ میخانہ میں دل خوش ہو ذری
جز صراحی و کتاب اور نہ ہو یار و ندیم — دوست کش دوستوں سے چھک گئی نیت ہی بھری
جامِ مے تھام کے دور اہلِ ریا سے بھاگوں — فارغ ان اہلِ جہاں سے رہوں فکروں سے بری
ڈھے گیا خرقۂ بکتا رہ کا زرِ تقوے — کیا چھپاتے ہیں رُخِ ساقی و شیشے کی پری
سینۂ تنگ یہ اور بارِ غم اس کا ہیہات! — کیا ہی ہلکی دلِ مسکیں پہ مرے سل ہے دھری
پس کے دل خاکِ قدم ہو یہ خدا یا یہ نہ ہو — کہ مرا آئینۂ رخ مکدر ہو ذری
دل و جاں پھونک دیئے زلف کے ارمانوں نے — دو گواہ چاہو تو ہر سانس یہ ہے مشک بھری
آصفِ عہد کا بندہ ہوں مرا دل نہ دکھا — چرخ سے بھی وہ عوض لے کہ کہہ داد گری
میں اگر رندِ خرابات ہوں گر حافظِ شہر — ہو جو ہوں سامنے سب تیرے حقیقت ہو دھری

حاشا کہ من بموسم گل ترک مے کنم

حاشا اگر بموسمِ گل ترک مے کروں — ہنستا ہوں میں تو عقل سے اب توبہ کے کروں
مے سے خمیر خاک تھا میرا ازل کے دن — اے دشمنانِ عقل میں کیوں ترکِ مے کروں؟
اکتا گیا ہوں مدرسے کی قیل و قال سے — کچھ روز اب تو خدمتِ معشوق و مے کروں

مطرب کہاں ہے نہ رد فضیلت کے کل نقد ... نچھاور اسے تصدق آواز نے کروں؟
ڈرتا نہیں ہوں ہو جو سیاہ نامۂ عمل ... دفتر ہزار ایسے خدا چاہے طے کروں!
پیکِ سحر کہاں ہے شبِ ہجر کے گلے ... تجھ سے اسے پیک طالعِ فرخندہ پے کروں
کیسی وفا رہی ہے جہاں میں۔ پلاؤ جام ... جم کہ بیان حکایتِ کاؤس و کے کروں
حافظ یہ جاں پرائی ہے۔ دیکھوں جب اسکو میں ... تب ہی سپرد جس کی امانت ہے جسکے کروں

حجابِ چہرۂ جاں می شود غبارِ تنم

حجابِ چہرۂ جاں ہے غبارِ تن میرا ... خوشا وہ روز کہ اترے یہ جب کفن میرا
طواف کیونکہ ہو گردِ فضائے عالمِ قدس ... ہے تختہ بند قفس چو طرف سے تن میرا
نہیں یہ زیب قفس مجھ سے خوش لحن کے لئے ... چلوں نہ روضۂ رضواں وہ ہے چمن میرا
قصور حور تھے واں میرا مسکن و ماوےٰ ... ہو حیف کوئے خرابات یہاں وطن میرا
کھلا نہ راز کہ کیوں اور کہاں سے آنا ہوا ... دریغ مجھ سے ہی پوشیدہ ہو سخن میرا
نہ شکلِ پیرہنِ زر یہ جا کہ شمع مثال ... ہے آگ سوزِ نہانی سے تن بدن میرا
عجب نہیں ہے بوئے مشک سانس میں میرے ... ہوا ہے دردِ دل نافۂ ختن میرا
جتادے ہستی حافظ اٹھادے رخ سے نقاب ... کہ تیرے آگے ہے سب ہیچ ما و من میرا

خرم آں روز کزیں منزلِ ویراں بروم

کب چھٹے دیکھیے یہ منزلِ ویراں میں چلوں ... راحتِ جاں کے لئے ہمرہ جاناں میں چلوں
نفسِ تار دتنِ زار ہے مانندِ ہوا ... پنکھا جھلتا تجھے لے سرو خراماں میں چلوں

جو گمراہ جائیں مسافر وہی بھٹکیں۔ میری
رہنما ہو گئی [illegible] پہ چلوں

سر قدم کر کے قلم کی طرح ہو جاؤں رواں
[illegible] کریاں پہ چلوں

کاٹے کھاتا ہے یہ زندانِ سکندر مجھے
پاؤں [illegible] بیاباں پہ چلوں

نازنینوں کو نہیں رسم گرفتارِ دل پہ
[illegible] ساں پہ چلوں

نذر مانی ہے کہ جس روز یہاں سے چھوٹوں
[illegible] رقصاں [illegible] میں چلوں

ہائے بیتاب ہو دل ذرہ صفت رقص کناں
تا لبِ چشمۂ خورشید درخشاں میں چلوں!

حافظا اس دشت میں ہے بس یہی ایک راہِ نجات
ہمرہِ کوکبۂ آصفِ دوراں میں چلوں!

خیالِ روئے تو گر بگزرد بہ گلشنِ چشم

خیالِ رُخ ترا گر رہے اگر بگلشنِ چشم
جھلک آئے دل پہ دیدار تا بہ روزنِ چشم

اب آ کہ لعل و گہر تجھ پہ وارنے کے لیے
گئے خزانۂ دل سے بہت بمخزنِ چشم

اٹھائی ہوتی قیامت ہی اشک نے تو سحر
جو خونِ دل نہ پکڑ لیتا بڑھ کے دامنِ چشم

نہیں ہے راہ ترے در خور یہاں کوئی منظر
کہ میں ہوں عالم اور ایک گوشۂ معیّنِ چشم

کہا تھا پہلے ہی دن دل نے دیکھ کر صورت
بری ہو کچھ تو مرا خون ہو بگردنِ چشم

ہوائے وصل میں تیری مدام تا بہ سحر
ہے راہِ یاد میں سوزاں چراغِ روشنِ چشم

یہ مردمی سہی ہے؟ دلِ دردمندِ حافظ کو
لگائے ناوکِ دلدوز مردمِ افگنِ چشم؟

(۱۱) خیز تا از درِ میخانہ کشادے طلبیم

چل درِ میکدہ پر دل کو کشادہ ایک مانگیں
بیٹھ کر دوست کے در پہ ہی مراد ایک مانگیں

توشۂ راہِ حرم دوست کا کچھ پاس نہیں
لے کے جھولی درِ میخانہ پہ زاد ایک مانگیں

اشک آلودہ ہے ہر چند روانی پہ تلا
اس کے قابل جو ہو وہ پاک نہاد ایک مانگیں

لذتِ داغِ غمِ آں پہ ہو حرامِ مطلق
اس کی بیداد سے گھبرا کے جو داد ایک مانگیں

نقطۂ خال بنا لوحِ بصر پہ نہ درست
تم سے اے مردمکِ دیدہ سواد ایک مانگیں

دل و جاں مانگتے تھے عشوۂ شیریں دو لب
لبِ شکر خندہ ہو بولے کہ مراد ایک مانگیں

ہے دلِ شاد میں آباد بلا غم تیرا
پس بہ امیدِ الم خاطرِ شاد ایک مانگیں

تا کجا تنگ رہیں مدرسہ میں اٹھ حافظ
چل درِ میکدہ پر دلِ شاد ایک مانگیں

خیز تا خرقۂ صوفی بخرابات بریم

خرقۂ صوفی کا چلو لے کے خرابات چلو
زرق و طامات بھی بازارِ خرافات چلیں

تحفہ بن کر پئے رندانِ قلندر ہمراہ
دلقِ پشمینہ و سجادۂ و طامات چلیں

خلوتی ساتھ ہوں سب جام و صراحی تھامے
جھانجھ بجتے ہوئے اور گاتے مناجات چلیں

رہزنی خارِ ملامت سے کرے گر زاہد
اس کو بھی خلد سے لے دارِ مکافات چلیں

حیف یہ خرقہ آلودہ ہنر سے عاری؟
اس حقیقت پہ جتاتے یہ کرامات چلیں؟

وقت کی قدر سمجھ کر جو نہ کچھ کام کریں
لے کے خجلت ہی بس ایک حاصلِ اوقات چلیں

کب تلک گم رہیں اس دشتِ فنا میں آخر
سر کریں پاؤں سے یہ راہِ مہمات چلیں

عہد جو وادیِ ایمن میں کیا تھا اس سے
ارنی بولتے اس عہد پہ میقات چلیں

اس کے کوچہ کی ہو گر خاک ملی چہرے پر
کیا ہی کرتے ہوئے محشر میں مباہات چلیں

سقفِ مینائی سے فتنوں کی ٹپا ٹپ نہ تھمی
اس میخانے میں لیں چھوڑ یہ آفات چلیں

چھپ کے پینا تو ملاماتِ بزرگی سے نہیں — ڈون کی ہم سے نہ اربابِ کرامات چلیں
آبرو کھوئیں نہ ہر سفلہ کے در پر حافظ — لے کے حاجت بدرِ قاضیِ حاجات چلیں

خیر مقدم مرحبا اے طایرِ فرخ پیام

خیر مقدم، مرحبا! اے قاصدِ فرخ پیام — کر دیا دل شاد۔ قرباں تجھ پہ دل سر تا قدم
صحبتِ عشاق ہے بدنام زاہد راہ لگ — جامِ مے ہوگا ترے ہاتھوں میں اور ہم متہم
لد گئے وہ دن ستا لیتے تھے جب مجھ کو رقیب — یار اب پایا، بحمد اللہ! عزیز و محترم
خواجہ تُوراں شاہِ عادل دل جلالِ ملک و دیں — بدرِ آفاقِ العلیٰ، عونِ الوریٰ، غوث الامم!
مت سمجھ جاتا ہے تو تنہا مقابل خصم کے — ساتھ ہیں اربابِ دل تیرے اور اصحابِ ہمم
ساقیا مے دے کہ عشق و رندی کے الزام پہ — پھیر دی حافظ کے پھر کے کلکِ خواجہ نے قلم

در خراباتِ مغاں گر گزر افتد بازم

پھر خراباتِ مغاں میں جو گزر ہو جائے — حاصلِ خرقہ و سجادہ صفر ہو جائے
دھڑ دھڑا دیں جو درِ توبہ سا ہم بھی زاہد — چُپ ہی کل پیرِ مغاں مُوند کے در ہو جائے
کیوں نہ پروانہ کی سی دل کو ہو فارغ بالی — دل بھی اس شمع پہ پروانہ اگر ہو جائے
ماجرائے دلِ سرگشتہ سنے، پوچھے، کون؟ — ہاں مگر تیغِ غمِ یار۔ کہ سر ہو جائے
رازِ الفت ترا سینہ ہی میں رہ جائے نہاں — چشم ترسے نہ اگر سب کو خبر ہو جائے
چنگ ہی مان کے پہلو میں لے دل شاد تو ہو — ایک نفَس نَے ہی ترے لب کی اگر ہو جائے
حسرتِ حور نہیں چاہیئے۔ ہو عینِ قصور — گر خیال اُس کا اِدھر سے کچھ اُدھر ہو جائے

اُڑکے دل اِس قفسِ خاک سے چڑیا بن جائے
کچھ بنے قبضۂ شہباز میں پر، ہو جائے

مُوئے تن سر نہیں اور زلف رسا کے حافظ
پائمالِ قدم ایک ایک وہ سر ہو جائے

در خراباتِ مغاں نورِ خدا مے بینم

ہے خراباتِ مغاں۔ نورِ خدا دیکھتے ہیں
نور کس کا ہے اجگہ کون ہی، کیا دیکھتے ہیں

کون ہے دردکش اس میکدے میں بارِ الٰہ
کہ یہ گھر قبلۂ حاجات و دُعا دیکھتے ہیں

دُون کی ہم سے نہ لے ملک الحاج کہ تو
دیکھتا گھر کو ہے ہم گھر میں خدا دیکھتے ہیں

ہر دم اُس حسن کے دل میں ہیں نرالے نقشے
ہم سے پوچھے کوئی اِن پردوں میں کیا دیکھتے ہیں

کیا دکھائیں گے وہ مشکِ ختن اور نافہ چیں
جو تری سمت سے جب آئے صبا دیکھتے ہیں

زلفِ جاناں سے بھلا نافہ کشائی کا خیال
دُور کی فکر ہے پر اس میں خطا دیکھتے ہیں

منحرف دایرہ ایک نقطہ نہ کم بیش ذرا
مسئلہ صاف یہ بے چون و چرا دیکھتے ہیں

سوزِ دل، اشکِ رواں، آہ سحر، نالۂ شب
آپ کے لطف و عنایت سے یہ کیا دیکھتے ہیں؟

دوستو ہجوِ نظر بازیِ حافظ نہ کرو
اُس کو منجملہ محبانِ خدا دیکھتے ہیں

دردا زیارست و درماں نیز ہم

دے وہی درد اور درماں بھی وہی
دل فدائے یار تو جاں بھی وہی

کہتے ہیں جس چیز کو بہتر ز حسن
ہے وہی اور بہتر ازآں بھی وہی

دو جہاں ہیں ایک فروغِ حسنِ دوست
آشکارا ہے جو پنہاں بھی وہی

اب جو پھر پیچھے پڑا ہے جان کے
کر چکا تھا عہد و پیماں بھی وہی

نرگسِ مست تماشا کی وہی ہے انداز
نکہتِ زلفِ پریشاں بھی وہی

عاشقوں کو کچھ نہیں فرصت کا ذرہ
اب تو ہے حکمِ سلطاں بھی وہی

جیسے یہ دنیا سے ہے دل ناپائیدار
جانتے گردشِ گردوں بھی وہی

داستاں پڑھ دیکھ لی
گاتے پھرتے ہیں غزل خواں بھی وہی

وصل کی گھڑیاں کہیں باقی رہیں نہ گیا
نوبتِ ایامِ ہجراں بھی وہی

محتسب حافظ کا ہے پرست
آصفِ ملکِ سلیماں بھی وہی

در نہاں خانۂ عشرت صنمے خوش دارم

دیکھ پردے میں ہیں میرے اک بتِ مہوش کے مزے
رخِ دلکش کے نہیں لعلِ دل آتش کے مزے

قدحِ چند ہوں کاشانۂ رنداں میں قبول
نقلِ شعرِ شکریں معنیِ بے غش کے مزے

ایک سرِ زلف ادھر، ایک ادھر شوخ کے ہاتھ
اک سحر تو یہ ادا، اس لطفِ دل آتش کے مزے؟

عاشق و رند ہوں، مے خوار ہوں، کھل کہتا ہوں
سب بدولت ہیں یہ ایک شوخ پریوش کے مزے

جب سے واں جلوہ نما ہے خطِ نگاری دوست
پوچھ مت اس دلِ مجروحِ بلاکش کے مزے

رکھ یونہیں بے سروساماں، نہ نکالوں تو سہی
ٹھنڈی آہوں سے سحر زلفِ مشوش کے مزے

حافظا سب غم و شادیِ جہاں فانی ہیں
یہی بہتر ہے کہ لے خاطرِ دل خوش کے مزے

دوستاں وقتِ گل آں بہ کہ بہ عشرت کوشیم

دوستو! موسمِ گل ہے کہ عشرت کوشی
مشورہ پیرِ مغاں کا ہے کرو مے نوشی

ہے فرح بخش ہوا، بھیج خدایا کوئی
نازنیں چاند کا ٹکڑا لپٹے ہم آغوشی

از جنوں سانحے یہ دشمن دانائے فلک — کیونکہ فرہاد و فغاں سے ہو نہاں خاموشی

فصلِ گل جوش پہ اور ہم پہ نہ ایک چھینٹ پڑے — لاجرم آتشِ حرماں میں ہے ایک سرجوشی

قدحِ لالہ سے پیتا ہوں شرابِ ہو ہو ہم — چشم بد دور ہو بے مطرب و بے مینوشی

آہ کہاں گئے اہلِ کرم جانے کو بیٹھی ہے بہار — اب نہیں رہن مصلّے میں کوئی ناموسی

طرفہ تر حال ہے حافظ کہیں کس سے بہار — ہم وہ بلبل ہیں کہ ہے عینِ گل اور خاموشی

دوش بیماری چشم تو ببرد از دستم

چشمِ بیمار سے شب جی ہی چلا تھا از دست — لطف لب نے ہی رکھی جان بصد بند و لبست

عشقِ بندہ خط تسکیں سے نہیں آج کی بات — نذریں گزریں کہ اس جام ہلالی سے ہوں مست

میں ہوں میخانہ نشیں ہر عمل خیر سے دور — اہل رندوں کی ہی کی جب سے ہوا ہے مستِ الست

عشق کی راہ میں آنسوئے فنا بھی ہیں خطر — مر کے بیکنٹھ ہوا، رہیو اس راگ میں مست

درجِ یاقوت پہ اس کے مجھے بوسہ ہے حلال — ان جفاؤں پہ وفاؤں کو نہ ہونے دی شکست

نقص ثابت قدمی پر ہے کہ اس کوچہ میں — میرے اس پائے طلب نے کبھی جانی نہ نشست

دل کو اب تیرِ کج انداز عدو کا کیا غم — کہ ہے محبوب کماں ابرو سے اپنے پیوست

صنم لشکری دل لے کے ہوا ہو جائے — آہ کچھ داد نہ دے شاہ پھروں باد بدست

مرتبہ دانشِ حافظ کا فلک پر ہے و لے — کس قدر اے خمِ بالائے بلند تجھ سے پست

دوش سودائے رخش گفتم ز سر بیروں کنم

سر سے سودائے رخ اس کا جب کہا باہر کروں — سن کے بولا۔ لاؤ تو زنجیر ایک مجنوں کروں

سرو قد کہتے ہی بس غصّے سے سر اکڑا لیا
راست سے بھی گر ہو ٹیڑھا چیں سا، کیوں کروں؟

بات ناسنجیدہ کہہ دی دلبرا کیجیو معاف
عشوۂ تازہ دکھا پھر طبع کو موزوں کروں

طبعِ نازک سے ڈروں کیوں بے خطا نیلا پڑوں
ساقیا ایک جام دے چہرے کو میں گلگوں کروں

پا گیا مجھ کو نشانِ گنج بے پایانِ دوست
آپ جیسے سو فقیروں کو میں قاروں کروں

اے نسیم حسرت سلمیٰ خدارا تا کجا
بستیاں ویراں کروں؟ ویرانوں کو جیحوں کروں؟

اے مہِ نامہرباں رکھ اپنے حافظ کی تو یاد
میں ترے حق میں دعائے حسنِ روزافزوں کروں

دیدہ دریا کنم و صبر بصحرا فگنم

دیدہ دریا کروں کانٹوں میں کلیجا پھینکوں
دل کو آنکھوں سے بہا کر کوئی دریا پھینکوں

اس دلِ تنگ گنہ گار سے وہ آہ کروں
کہ اٹھا کر گنہِ آدم و حوا پھینکوں

کھائے ہوں تیرِ فلک پی کے تہِ جام جو مست
توڑ کر بندِ کمر ترکشِ جوزا پھینکوں

جرعۂ جام ایک اس سقفِ رواں پہ چھڑکوں
غلغلِ چنگ سے ڈھا گنبدِ مینا پھینکوں

چشمۂ خوشدلی اس جا ہے کہ دلدارِ جہاں
جست جھنجھلا کے کروں خود کو اسی جا پھینکوں

برقعِ زلفوں سے ہٹا دے مہِ خورشید لقا
سرِ سودا زدہ کو دارِ سرا پا پھینکوں

حافظا تکیہ بر ایام ہے سہو اور خطا
کل کے وعدے پہ نہ جو آج ہو ملتا پھینکوں

دیشب بہ سیلِ اشک رہِ خواب میزدم

دریا سا ایک شب کو گہِ خواب تھا رواں
نقشِ نگار بر دستِ سرِ آب تھا رواں

شکلِ حسیں تھی سامنے آنکھوں کے جا رہی
دُور ہی سے بوسہ بر رخِ مہتاب تھا رواں

ابروئے یار دیکھتے ہی خرقہ پھینک کر
ساغر بعینِ گوشۂ محراب تھا رواں

آنکھیں کھلی تھیں حسن پہ نغموں پہ گوش وا
دل ان سُروں کے پیچھے کھلے پا تھا رواں

شاخِ طرب پہ جھومتا گر کوئی زاغِ فکر
بن کر ہُما بطرزِ مضراب تھا رواں

ساقی نے اس غزل پہ چلایا تھا دورِ جام
رقص و سرود و رنگِ شراب تھا رواں

نقشِ خیالِ یار سحر تک رہا برقرار
در کارگاہِ دیدۂ بے خواب تھا رواں

کیا خوش تھا حافظ اس گھڑی جو داد پھینکتا
لیتے ہی نامِ دوست پراجاب تھا رواں

دیدار شد میسر و بوس و کنار ہم

دیدارِ یار حاصل و بوس و کنار بھی
احسانِ بخت و منتِ لیل و نہار بھی

زاہد الجھ نہ بخت اگر بخت ہیں مرے
دیکھوں گا جام ہاتھ میں دستِ نگار بھی

دل ایک خبر سنائیں؟ ہوا دفعِ محتسب!
کثرت سے مے ہے اور بتِ میگسار بھی

رہتا نہیں ہے دیدہ بہ بیں بھی تاک میں
دشمن فرار - بند ہیں آنسو کے تار بھی

کیوں رند مست کہہ کے کسی کو ہوں طعنہ زن
لعلِ بتاں بہت ہے مئے خوشگوار بھی

رکھنا دل انتشار میں کچھ زیرکی نہیں
مجموعۂ غزل ہو صراحی و یار بھی

اک جرعہ لب کا خاک نشینانِ عشق پر!
ہو جائے خاک لعل گوں اور مشکبار بھی

ہے آبروئے لالہ و گل تیرا فیضِ حسن
ابرِ کرم کا تشنہ ہے یہ خاکسار بھی

کُل کائنات زندہ یہ تیری ہی بو پہ ہے
چمکا دے آفتابِ دلِ ذرہ وار بھی

اہلِ نظر کو بھاتا ہے کہ خدا کا خوف
اور خوف عدلِ آصفِ جم اقتدار بھی!

انور ہے رائے اس کی کہ ہر صبح آفتاب
کرتا ہے جاں فدا و کواکب نثار بھی

عرصۂ زمیں تو کیا ہے کہ چوگانِ نعل سے ‏ کر لے وہ فتح گنبدِ نیلی حصار بھی
جب تک کہ دورِ طورِ فلک کے سبب ہیں ‏ ق یہ روز و سال و ماہ و خزان و بہار بھی
قصرِ جمال میں یہ امیروں کے جگمگے ‏ پیسا قیان سرو قد و گلعذار بھی!
عزمِ سبک عناں سے ترے زلزلے میں ہیں ‏ دایم یہ ارض و مرکزِ عالی مدار بھی
حافظ نے مدح میں کئے گوہر تو یہ نثار ‏ دستِ کرم سے آگئے، ہاتھ سرسار بھی

روزِ عید است و من امروز در آں تدبیرم

عید آئی ہے تو کیا فکر یہ تدبیر کریں ‏ دے کے اجرِ رمضاں دست قدح گیر کریں
تیس دن ہوتے ہیں ساقی وے شاہد کو ‏ کب تلک اور مدارات میں تقصیر کریں؟
اب نہ جھانکوں گا نہ جھانکوں گا کسی خلوت میں ‏ لاکھ زاہد کہیں دھمکائیں کہ زنجیر کریں
واعظِ شہر کی ہو پند بزرگانہ وہ لے ‏ ہم کہاں ان میں قبول اس کی جو تاثیر کریں؟
پھسکڑا مارے جو بیٹھا ہے درِ میکدہ پر ‏ وہ اگر آئے تو لیں اٹھ کے قدم پیر کریں
میکشی ایسی کچھ اور اس پہ مٹے بردوش ‏ کیا کہے خلق اگر فاش یہ تزویر کریں
کہنہ پیروں کی نصیحت پہ عمل کیا حافظ ‏ ریس پیریِ مئے کہنہ کی نہ صد پیر کریں

روزگارے شد کہ در میخانہ خدمت میکنم

عمر گزری کب سے میخانہ میں خدمت کرتے ہیں ‏ اس فقیری میں بھی کارِ اہلِ دولت کرتے ہیں
کوئی کبکِ خوش خرام آہی پھنسے گی لئے دام ‏ گھات میں ہیں انتظارِ وقتِ فرصت کرتے ہیں
بوئے حق بھی ناک میں پہونچی نہ زاہد کے کبھی ‏ اس کے منہ پر کہہ دیں ہم کیا کوئی غیبت کرتے ہیں؟

جوں صبا افتاں و خیزاں جاتے ہیں کوئے دوست تک
اے رفیقانِ سفر درخواست ہمت کرتے ہیں

تابِ زحمت اب نہیں تیری گلی کی خاک کو
بڑھ گئے بارِ کرم تخفیفِ زحمت کرتے ہیں

زلفِ دلبر دامِ سنگیں، غمزہ اک تیرِ بلا!
یاد ہے دل کب سے ہم تجھ کو نصیحت کرتے ہیں؟

دیدۂ بدبیں نہ دیکھے اے کریمِ عیب پوش
جرأتیں یہ سب جو ہم در کُنجِ خلوت کرتے ہیں

عاشقاں بلند! گر حسابِ حشر سے ہو کچھ ہراس
ہے تحمّل کل کیلئے، جو آج عشرت کرتے ہیں

عرش کے پایہ سے آمیں کہتے ہیں روح الامیں
جب دعائے بادشاہ و ملک و ملت کرتے ہیں

خسروا! امیدِ اوج و جاہ ہے جس کے لئے
التماس آستاں بوسیٔ حضرت کرتے ہیں

حافظا سچ بھی ہم دُردی کشِ مجلس بھی ہم
شوخ ہیں دنیا سے و گار ننگ صحبت کرتے ہیں

ز دستِ کوتہ خود زیرِ بارم

ہے دستِ کوتہ سے سب زیرباری
سہی بالاؤں سے یہ شرمساری

مری آنکھوں سے پوچھ احوالِ طالع
کہ شب تا روز ہے اختر شماری

پلادی کیا یہ اے پیمانۂ عشق
کہ بے ہوشی نہ باقی ہوشیاری

لبِ ساغر کے بوسے لے رہا ہوں
بتادی شیخ دوراں اس نے ساری

ہیں اس بانو پہ مجھ کو ناز کیا کیا
نہیں ہے گو کسی بھی دل پہ بھاری

سخن ان مہ فروشوں کے بھی حق میں
نہیں کوئی بجز منت گزاری

لہو کے گھونٹ اس جنگل میں پینے
سکھائے تو نے آہوئے تتاری

اُٹھائے خاک سے ہرگز نہ جھک کر
بجائے اشک ہو گر لعل باری

میں حافظ سا ہی ہوں سرمست لیکن
بھری اس سر میں ہے امیدواری

زلف بر باد مدہ تا نہ دہی بر بادم

زلف لہرا دی ہوا میں کہ یہ کی بربادی؟ — ناز بنیاد کئے وہ کہ بنا ہی ڈھا دی
بل دیئے زلف میں یا ڈال دیا پیچوں میں — تاب طرے کو نہ دی بلکہ مجھے ایذا دی
رخ فروزاں ہو کہ حاجت بہ گل و برگ نہ ہو — قد نما ہو کہ ملے سرو سے بھی آزادی
شہرۂ شہر نہ ہو کوہ میں ٹکراؤں گا — شور شیریں سے ترے سیکھے نہ یوں فرہادی
ساتھ غیروں کے نہ پی خون جگر ہوتا ہے — رام ہو جا کہ نصیبوں میں ہو کچھ تو شادی
جی پہ بن جائے پہ کچھ وصل کی صورت نہ دکھائے — دستگیری نہ کرے دیکھے کھڑا افتادی
یار بیگانہ بنے دوست سے کر کے الفت — کھائے تو غیر کا غم ہائے مری ناشادی
رحم کر اس دل مسکین پہ کہ سن لے نالے — در آصف پہ یہ دل جا کے نہ ہو فریادی
جور سے تیرے نہ حافظ نے کبھی نالہ کیا — قید جس دن سے ہوا مل گئی ایک آزادی

سالہا پیروی مذہب رنداں کردم

سالہا پیروی مذہب رنداں کر کے — ہو گئے عقل سے اب حرص کو زنداں کر کے
خود بخود منزل عنقا کی نہیں پائی راہ — آئے ہیں پیروی مرغ سلیماں کر کے
دیکھ تو چل کے خلاف آمد و عادت تو بھی — سکھ کو پہونچا ہیں نشاں زلف پریشاں کر کے
بیٹھ اب اس دل ویراں میں مرے گنج مراد — کی جگہ تیرے لئے خانماں ویراں کر کے
توبہ توبہ لب ساقی سے نہ میں نوش کروں؟ — لب چبانے پڑے کیا گوش بہ ناداں کہہ کے!
رندی و عاقلی کچھ بس کی نہیں یاروں کے — حکم استاد ازل پر رہیں "جی ہاں" کر کے

باغِ فردوس کی کل لطف ازل سے ہو امید — آج دربانیٔ میخانہ رنداں کر کے
یہ جو پیری میں میسر ہے جمالِ یوسف — پھل ملا صبر دو دو کلبۂ احزاں کر کے
زیرِ محرابِ فلک عیش یہ سب نے کیے؟ — جھک گیا جن کو میں اب بخششِ سلطاں کر کے
کیوں نہ دیوانِ غزل میں ہوں میاں صدر نشیں — سالہا بندگیِ صاحبِ دیواں کر کے
تو بھی حافظ سا سحر خیز و سلامت جو ہو — جو کیا اس نے کیا حفظ بھی قرآں کر کے

سحرم خوش ست وبآنگ بلند میگویم

سرو رہیں ہے یہ ہانکے پکارے خوش گوئی — کہ روحِ زندگی ڈھونڈے پیالے میں کوئی
عبوسِ زہد خمارِ طلب میں تند ملا — دل آیا دیکھ کے دردی کشوں کی خوش خوئی
اگر نہ پیرِ مغاں کھول دیتا دونوں کواڑ — تو کھٹ کھٹانے کو دروازہ ہی نہ تھا کوئی
نہ خود روی پہ چمن میں خسوں کو نام رکھیں — کہ پرورش ہے کسی کی نہیں یہ خود روئی
خدا گواہ وہی ہر جگہ رہا ہمراہ — میانِ مسجد و بت خانہ کچھ نہ تھی دوئی
بشوقِ نرگسِ مستِ بلند بالا مست — تو لالہ با قدح افتادہ ہوں بہ لب جوئی
کشیدہ ایک خمِ چوگاں ہو ابروئے جاناں — میں گویا گیند ہوں گردانِ گیند کی ڈوئی
عبیرِ راہِ طلب کیمیائے دولت ہو — ہے صیدِ دل کے لئے تیر اس کی خوشبوئی
سنوں گا میں نہ نصیحت تو ناصحا سن لے — خراب ہوتی ہے انساں کو عافیت جوئی
منگا کے بادہ بفتوائے حافظ از دلِ پاک — دیئے تر پڑے ہے جو گردِ ریا تھی سب دھو لی

صوفی بیا کہ خرقۂ سالوس برکشیم

صوفی بس اب یہ مکر کا چولا اتار دیں — اس دلقِ پُر فریب کے کر تار تار دیں

نذر و فتوح خانقہ دے کر شراب لیں | رنگِ ریا سے خرقہ کو اس میں نتھار دیں
اسرارِ غیب پردے میں جو منہ چھپائے ہیں | رخ سے اٹھا نقاب وہ مستانہ وار دیں
ہو کر کے کود ہی پڑیں خلوت میں شیخ کی | شاہد کو لیں وہ ہاتھ تو سے شب گزار دیں
ہم کو نہ دیں وہ روضۂ رضواں۔ تو فرط سے | غلمان و حور ہی کو نہ ہم گر نثار دیں
دیکھیں جو اس کا وسمۂ ابرو ہلال وار | چوگان زر سے گوئے فلک ہی کو مار دیں!
لوگوں کے کام آئیں کہ بخشے خدا گناہ | جس روز الوداع جہاں کو پکار دیں
زیبا نہیں تعلیاں حافظ سے خیال | چادر سے اپنی پاؤں نہ باہر پسار دیں

صلاح از ما چہ میجوئی کہ مستانرا صلا گفتیم

صلاح اب ہم سے مت چاہو کہ مستوں کو صلا کہدی | سلامت مست نرگس، سب کو رخصت کی دعا کہدی
میں چشمِ مست ساقی سے خراب افتادہ ہوں پھر بھی | ہر ایک تیر نظرہ پہ اٹھ کے سو سو مرحبا کہدی!
کہا شمشاد و قد اس کو خجل ہوں۔ یہ ثمر پایا | یہ تہمت حیف کیوں رکھدی۔ یہ پھبتی بارے کیا کہدی
جگر ایک نافۂ خوں ہو گیا ہے، اور کیا ہوتا؟ | ہنر اس کی کہ چینِ زلف از راہِ خطا کہدی
نہ ہو تو مہرباں ہم پر۔ پشیمانی اٹھائے گا | رہے دن یاد، پھر کہنا یہ کب ہم نے کیا کہدی
درِ میخانہ ہی کھٹکا۔ کھلے گا خانقہ سے کیا | کرے باور و گر نہ بات جو تھی برملا کہدی
پھٹکا تک عشق میں حافظ دل اس کا پر نہ گر پایا | بد عہدی گل کی ہم نے صاف بروئے صبا کہدی

صنما با غم عشق تو چہ تدبیر کنم

غمِ الفت کی صنم کیا ترے تدبیر کریں | کب تلک غم یہ سہیں نالۂ شبگیر کریں

دل دیوانہ ہے اب قابلِ درماں نہ رہا — پھر اسی زلف میں باندھیں اسے زنجیر کریں
مدتِ ہجر میں جو کچھ کہ دل و جاں پہ بنی — سیکڑوں اوراق چاہئیں یہ مشکل ہے کہ تحریر کریں
زلف سے جملہ پریشانیاں دل کی کہیے — تو حکایت لب کہ سراسر انھیں تقریر کریں
رند یک رنگ ہمیں شاہد و مے سے صحبت — غیر ممکن ہے کہ ہم حیلۂ تزویر کریں
جان کس شکل کی ہے دیکھنا منظور ہو گر — ذہن میں نقش رخِ خوب کی تصویر کریں
ہو اسی طرح اگر وصل کی امید تو ہم — دل و دیں ہار دیں کچھ اور بھی توقیر کریں
دور ہو سامنے سے واعظا! آئندہ کبھی — کان گندے نہ ترے وعظ و تقریر کریں
نہیں امکانِ خلاص اب کوئی غم سے حافظ — کیا جو تقدیر میں یونہی ہو تو تدبیر کریں

عاشقِ حسن جوان خوش نوخاستہ ام

عاشقِ حسنِ جوانِ گلِ نوخاستہ ہیں — خارِ غم راحتِ جاں کو بدنما خواستہ ہیں
رند و عاشق ہیں، نظر باز ہیں، کھل کہتے ہیں — اب تو سمجھے ہمیں کن فعلوں سے آراستہ ہیں؟
حیف اس خرقۂ آلودہ سے آئے نہ حیا! — جس کے ہر بخیے میں سو کر بھی پیراستہ ہیں
جل چلی ہے تو جل اے شمع کہ ہم بھی امشب — اسی خدمت پہ کمر بستہ و برخاستہ ہیں
تا سحر وہ افقِ دل کے نگہبان رہیں — تیری رؤیت کے جو طالب مہِ ناکاستہ ہیں
جائیں حافظ کی طرح ڈانٹ سکے زرکار قبا — جو حریصِ کششِ دلبرِ نوخاستہ ہیں

عشق بازی و جوانی و شرابِ لعل فام

عشق بازی و جوانی و شرابِ لعل فام — جلسۂ احباب و یاراں ہم نشیں شرب مدام

ساقیِ تنگ دہان و مطربِ شیریں سخن
ہم سفر ہیں منتخب ہمدم خوش چلن اور نیک نام

مے لطیف و پاک گویا شکلِ آبِ زندگی
دلبر اپنا حسن و لطافت میں بہ از ماہِ تمام

بادہ گلرنگ تیز و تلخ و ہلکا خوشگوار
نوش ہو لعلِ نگار اور نقل ہو یاقوتِ جام

بزم گہ ایک دلنشیں تمثیلِ فردوسِ بریں
درمیانِ خلد نقلِ روضۂ دار السلام

صف نشیں سب نیک خواہ ہوں پیش خدمت باادب
دوست مخلص رازدار و ہمقریں گل دست کام

تیغ کھینچے غمزۂ ساقی ہو سرِ عقل پر
زلفِ دلبر ہو بچھائے صیدِ دل کو پیچ دام

جو ہو اس صحبت کا طالب زندگی اس پر حلال
جو نہ اس عشرت کا خواہاں زندگی اس پر حرام

نکتہ دانِ بذلہ گو ہے حافظِ شیریں سخن
بخشش آموزِ جہاں افروز ہے حاجی قوام

عمریست تا بہ راہِ غمت رُو نہادہ ایم

کب سے ہیں تیری راہ میں ہم رو رکھے ہوئے
رُو دُوریاں سے آپ کو یکسو رکھے ہوئے

ایک ماہِ عیدِ وصل کے ہیں ہم نظارگی
چشمِ نظر میں وہ خمِ ابرو رکھے ہوئے

جاں نذرِ آں دو نرگسِ جادو کو دے چکے
دل بھی ہیں رہنِ سنبلِ ہندو رکھے ہوئے

خوشبوئے زلف کے سرِ سودا خمار میں
شکلِ بنفشہ سر سرِ زانو رکھے ہوئے

پشتینی نیک نامیِ اجداد نیک نام
ہیں ٹھوکروں میں ساقیِ مہرو رکھے ہوئے

محراب و طاق مدرسہ و قیل و قالِ فضل
سب کھو کے تیری راہ میں ہیں رو رکھے ہوئے

کیا سحر ڈھائے آنکھ وہ بنیادِ کار ہم
بیٹھے ہیں بر کرشمۂ جادو رکھے ہوئے

دل ہوشیار رہ تو ہی اپنا تو نقدِ ہوش
ہر دم فرار ہے خمِ گیسو رکھے ہوئے

شکر ہے کب یہ ہم نے لیا ملکِ عافیت
کس تخت کو ہے قوتِ بازو رکھے ہوئے؟

ہو جائے ایک اشارۂ چشمِ امید ہم — کب سے ہیں تجھ پہ گوشۂ ابرو رکھے ہوئے
ہشیار تو غافلی ہے کہ خود دست و پا ہیں — زنجیر و بند از خمِ گیسو رکھے ہوئے
گزری ہے عمر امید میں ایک نیم اشارہ کی — تجھ پر نگاہِ نرگسِ جادو رکھے ہوئے
بارِ جہاں رکھا نہ دلِ ناتواں پہ — ہیں ان غموں کو طاق پہ یکسو رکھے ہوئے
حافظ سے پوچھنا دلِ سرگشتہ کیا ہوا — کیا ہیں وہ تیرے حلقۂ گیسو رکھے ہوئے

عمریست تا من در طلب ہر روز گامے می زنم

ایک عمر سے ہوں در طلب بڑھ کر ہی گام ایک رکھتا ہوں — بہرِ شفاعت جستجوئے نیک نام ایک رکھتا ہوں
بے مہرِ دل افروزِ خود، کرنے بسر تدبیرِ روزِ خود — دام ایک نیا اور لال تو بھی زیبِ دام ایک رکھتا ہوں
شاید ملے کچھ آگہی راہ میں ہی ہو سروِ سہی — پوچھوں چمک کر خوش قد و پا سے آؤ کام ایک رکھتا ہوں
ہر چند وہ آرام دل بننے نہ دے گا کامِ دل — فالیں ہی دن بھر دیکھ کر امیدِ خام ایک رکھتا ہوں
اور رنگ کیا کچھ نکھر گیا، ذکرِ وفا و مہر کیا — میرا ہے کہ ملکِ عاشقی اب میں ہی نام ایک رکھتا ہوں
آخر ہوا آخر قصہ یہ، وصل جائے سب غم و غصہ یہ — اس رہ خوں افشاں سے میں جو صبح و شام ایک رکھتا ہوں
اپنے سے خود نا بیٹھوں میں چلا فقط ساقی بیٹھ میں — رو حانیوں کی بزم میں گہہ شوقِ جام ایک رکھتا ہوں

غمِ زمانہ کہ ہیچش کراں نمی بینم

غمِ زمانہ کی حد و کراں نہیں کوئی — دوا سوائے مے ارغواں نہیں کوئی
نشانِ مردِ خدا عشق ہے رکھ اپنے تک — شیوخِ شہر میں ایسا نشاں نہیں کوئی
خمارِ خستہ کو دیں ایک گھونٹ کیا مقدور — یہ اہلِ دل سے ہو خالی جہاں نہیں کوئی

فروغِ جام میں عکس ہے مہرِ انورِ عیش — ستارہ اوج پہ اب فی زماں نہیں کوئی
فغانِ موت یہاں جب سے دل ہوا ابتر — نہ ہم سے پوچھئے ہم خود یہاں نہیں کوئی
جا سے دیدۂ حیراں پہ بھی ہزار افسوس — کہ ڈھونڈا آئینے صورت عیاں نہیں کوئی
نہاں ہو جب سے وہ قد جو یار سے بہرہ — سوائے سرو جز آبِ رواں نہیں کوئی
بڑھا سفینے کو حافظ یہ بحرِ عماں ہے — متاع یہاں سخنِ دُرفشاں نہیں کوئی

فاش می گویم و از گفتۂ خود دلشادم

صاف کہتا ہوں یہ اور کہہ کے بہت شاد بھی ہوں — بندۂ عشق و دو عالم سے میں آزاد بھی ہوں
طایرِ قدس ہوں کیا تم سے کہوں شرحِ فراق — بندِ دنیا میں اسیرِ غم و برباد بھی ہوں
میں ملک تھا مرا فردوسِ بریں میں تھا مقام — دستِ آدم سے اجڑ کر یہاں آباد بھی ہوں
سایۂ طوبےٰ و دلداریِ حور و کوثر — تیرے کوچے کی قسم اب جو مجھے یاد بھی ہوں
لوحِ سینہ پہ ہے نقش ایک الفِ قامتِ یار — کیا پڑھوں اور پڑھاتے مجھے استاد بھی ہوں
پڑھ سکا کوئی منجم نہ مرے طالع کو — کچھ عجب وقت کا مولود میں ناشاد بھی ہوں
جب سے ہوں حلقہ بگوشِ درِ میخانۂ عشق — مژدۂ ہر غمِ تازہ سے بفریاد بھی ہوں
خونِ دل میرا روا مردمِ دیدہ کو کہ دوں — دل جگر گوشۂ آدم کو نہ برباد بھی ہوں
پونچھ حافظ کے تو زلفوں سے یہ سیلِ اشک — یوں دمادم جو کریں یادِ دمِ بنیاد بھی ہوں

کو فرصتے کہ خدمتِ پیرِ مغاں کنم

فرصت کہاں کہ خدمتِ پیرِ مغاں کریں — یا پندِ پیر مان کے طالع جواں کریں

نہ ہوں رہے تجاوزِ میخانہ دوستو — تھوڑی سی کے واسطے نہ وہ کچھ آستاں کریں
بوتل سہارنگ دیکھ نہ چھوڑے گا محتسب — جلدی سے زیرِ دلق طمع نہاں کریں
زر و جو سے حرام ہے، فرمایا شیخ نے — فرمائے جو وہ چاہتے باچشم وجاں کریں
حافظ رقیب بھونکیں تو مت سہم مجھ کو دو — چل اُن کے پاس داخل وہ لا الاماں کریں

فتوٰئے پیرِ مغاں دارم و عہدیست قدیم

مُہر ہے پیرِ مغاں کی بھی یہ فتوے ہے قدیم — مے حرام اس کو جو دنیا میں ہو بے یار و ندیم
پھاڑ کر پھینکئے یہ دلق ریا اور تو کیا — روح کو صحبتِ ناجنس ہے بس بارِ عظیم
اُڑ کے ایک چھینٹ ہی شاید لبِ جاناں کی پڑے — اس طمع پر ہی ہوں میخانے میں مدت سے مقیم
حیف کیا صحبتِ دیرینہ فراموش ہوئی؟ — جا نسیمِ سحری، جا کے جتا عہدِ قدیم
چاہیئے اور کوئی چارہ صحت اے دل — مرضِ عشق میں ناچار دوا اور حکیم
جمع کر گنجِ معارف کہ ترے ساتھ چلیں — ورنہ آدم کے تو بس کا نہیں شیطانِ رجیم
کہہ دیں غنچے سے کہ دل تنگ نہ ہو عسرت سے — ہاں مدد دیں گے دمِ صبح و انفاسِ نسیم
دل لیا سینکڑوں امید دلا کر خود ہی — ٹھہرا عہد فراموش نہیں خلقِ کریم
ایک صدی بعد بھی گزرے وہ تو قصاں اُٹھیں — گل کے مٹی بھی ہوئی ہوں جو مری عظمِ رمیم
سیم و زر گر نہیں حافظ نہ سہی شکر بجا — تھوڑی ہی دولت نہیں یہ لطفِ سخن، طبعِ سلیم

گرازیں منزلِ غربت بسوئے خانہ روم

جب دن اس منزلِ غربت سے سوئے خانہ چلوں — ٹھان رکھی ہے کہ رستے ہی سے میخانہ چلوں

اس سفر سے جو پھروں زندہ وطن کو واپس — شک نہیں ہو کے بہت عاقل و فرزانہ چلوں
کیا پتہ راز کشف و مقامات ہے یہ سیرِ سلوک! — کیوں نہ گن اس کے میں گاتا ہوا مستانہ چلوں
آشنایانِ طریقت اب تو کریں قتل بھی گر — ہوں نہ مومن جو قدم پھر سوئے بیگانہ چلوں
پھر کے دیکھوں وہ اگر ابروئے محراب نما — سجدۂ شکر کروں با مستانۂ شکرانہ چلوں
آج سے پاؤں مرا اور وہ زنجیرۂ زلف — تیرے کہنے پہ کہاں تک دلِ دیوانہ چلوں؟
حافظا کون گھڑی ہوگی جو میخانے سے پھر — مے پئے، ہاتھ لئے یار کا، کاشانہ چلوں؟

گرچہ از آتشِ دل چوں خمِ مے در جوشم

اُٹھتے ہیں دل میں خمِ مے کی طرح جوش پہ جوش — خون کے گھونٹ پئے پھر بھی لب ہوں خاموش
خودکشی ہے لبِ جاناں کی تمنا کرنا — خودکشی میں یہ عجب دیکھئے میں ہوں خودکوش
چھُٹ چکا وہ غمِ جاناں سے کہ ہر دم جس کو — ہندوئے زلف بتاتے ہی ہیں حلقہ بگوش
بخدا میں نہیں مغرور ہوں اس طاعت پہ — گاہے ماہے قدح ایک دو جو بھی کروں نوش
ہے توقع کہ علی الرغمِ عدو روزِ جزا — عفو اس کا نہ رکھے بارِ گنہ ہی بردوش
باوا آدم نے دو گیہوں پہ لئے تھے کوٹے — ناخلف ہوں جو میں ایک جَو کو نہ ہوں خلد فروش
خرقہ پوشی یہ نہیں نہایتِ دینداری سے — سینکڑوں عیب نہفتہ کا ہے خرقہ سرپوش
مے پیوں غیر مرزوق یہ نہیں ہو سکتا — ڈانٹ کر پیرِ مغاں کہہ چکا ایک بار نہ نوش!
رہزنِ عشق ہے مطرب گر انہی ہاتھوں سے — شعر حافظ کے کیا چاہیں ہی پھر تو مدہوش

گرچہ افتاد ز زلفش گرہے در کارم

گرہِ زلف ہے گو پیچ میں دشوار لگی — چشمِ امید ہے تجھ پر کرمِ یار لگی

خونِ دل ہے جو بہا آنکھوں سے رخساروں پہ
سُرخیِ اشک تمھیں سُرخیِ رخسار لگی؟

فاش ہے پردہ نہ رہنے پہ جو چھیڑا مطرب
قید پڑنے کی وہاں پہلے ہی ایک ہانک لگی

دلِ حسرت کو چلا چھوڑ کے وہ پیچ میں
پھر ہری اس دلِ گم گشتہ کی تلوار لگی

میں ہوں شاعرِ ساحر کہ بافسونِ سخن
شہد و شکر کی قلم سے مرے انبار لگی

آنکھ طالع کی مرے نام کو سن لگ ہی گئی
تجھ سے اب لطفِ کرم ہوگی یہ بیدار لگی

جز صبا کون لیے جا سکے؟ ادھر یہ مشکل
اُس کو ایک جھونکا ہوا کا بھی تلوار لگی

بے نیازی کِل ریا؟ دیکھ تو حافظ کی جبیں
خاک کس در کی ہے جز حضرتِ دیوار لگی؟

گرچہ ما بندگانِ بادشہیم!

یوں تو ہم بندگانِ بادشہ ہیں
ورنہ شاہانِ ملکِ صبح گہ ہیں

گنج در آستین و جیب تہی
جامِ گیتی نما و خاکِ رہ ہیں

ہوشیارِ حضور و مستِ غرور
بحرِ توحید و غرقِ گنہ ہیں

شاہِ بخت جب کرشمہ پہ آئے
اُس کا آئینہ ہم مثالِ مہ ہیں

بس غنیمت سمجھ ہمیں بھی ہم
خواب میں بھی تجھے رکھے نگہ ہیں

شاہ منصور جانتا ہے ہمیں
ڈٹ کے بٹ جائیں پھر جو ہم وہ نہیں

دشمنوں کو پہنائیں لال کفن
دوستوں کو دیں فتح کی کلہیں

رنگِ تزویر ہم سے دور کہ ہم
شیرِ سُرخ اور افعیِ سیہ ہیں

قرضِ حافظ گر ادے اُس سے ادا
لب نے جامی بھری تھی ہم گواہ ہیں

گردست دہد خاکِ کفِ پائے نگارم

ہاتھ آئے اگر خاکِ کفِ پائے نگاری — پیشانی پہ جھٹ کھینچ لوں ایک خطِ غباری
پہونچے ترا پروانہ اگر جاں کی طلب میں — کر دوں میں مثالِ شمع صفت جان سپاری
ہم خاک شدوں کو نہ جھڑک اور جھٹک یوں — اس در سے نہ مر کر بھی اُٹھے خاک ہماری
نکہت پہ اُس آغوش کی ہوں غرقۂ اُمید — اللہ رے! اشکوں سے ہو یہ ناؤ کناری!
دلداریِ عشاق کا اقرار تھا زلفو — تم رے کے ہوئیں جملہ قرار اُن کا فراری؟
یہ قلبِ سیہ پرکھے اگر یار محک پر — ایک نقدِ رواں آنکھوں سے فوراً ہی ہو جاری
سرتاب وفا سے نہ کسی دن ہو، خدر کر — اُس شب سے یہ جب ہاتھ دعا میں ہوں بزاری
ساقی مجھے اُس جام سے ایک گھونٹ عطا ہو — بو جس کی شفا۔ دفع کرے رنجِ خماری
ہے جانِ عزیز اپنی لبِ لعل وہ حافظ — مدت سے لبوں پر وہ نہیں جان پیاری

گردست دہد در خمِ زلفین تو بازم

ان ہاتھوں اگر پھر گرہِ زلف ہو باز ایک — سر چڑھ کے زمانے کے میں کرتا پھروں ناز ایک
وہ زلف مری عمرِ عزیز اور یہ دیکھو — ہاتھ آئے سرِ مو نہ از آں زلفِ دراز ایک
پروانگی تجھ تک جو ہو اے شمع تو امشب — دوں شمع صفت دل کو ترے آگے گداز ایک
میں رند بھلا میری نمازوں میں کہاں نیاز! — میخانے میں بے شک ہو مجھے سوز و گداز ایک
مسجد ہو کہ میخانہ، ترے خیال میں دل کو — محراب کماں ابرو سے دایم رہے ساز ایک
جس شب مری خلوت میں تری جلوہ فروزی — اُس صبح جہاں میں مرے سر کو بھی فراز ایک

محمود ہو وہ عاقبتِ کار۔ جو رکھ دے
سر اپنا رہِ عشق میں رکھتا ہوا ایاز ایک

ہنستا ہُوا دمِ دیدوں صراحی کی طرح میں
وہ مستِ دو ابرو مری پڑھوا دیں نماز ایک

حافظ غمِ دل کس سے کہوں، وقت یہ وہ ہے
جُز جام نہیں چاہیئے اب محرمِ راز ایک

گر من از سرزنشِ مدعیان اندیشم

لاکھ مانع ہو مجھے سرزنشِ بد اندیش
عادتِ مستی و رندی سے تو کچھ چارہ نہ پیش

زُہدِ رندانِ نو آموز ہے ایک راہِ غلط!
ہو یہ بدنامِ جہاں اور تو کیا خیر اندیش!

شاہِ شوریدہ سراں دیں کہ لقب بے ساماں
ایک عالم سے ہوں اس کم خردی میں بھی تو بیش

خونِ دل سے مرے ایک ٹپکا لگا ماتھے پر
لوگ جانیں تو تری چھینٹ ہوں اے کافر کیش

شعرِ خونبار مرا یار کو اے دوست سُنا
جس کے مژگانِ سیہ بہرِ رگِ جان ہیں نیش

چھینٹ اُڑ کر نہ پڑے اُس کے لہو کی تجھ پر
اپنے دامن کو بچا جب یہ کھجائے دلِ ریش

حُسنِ ظن اپنا دکھا جلد گزر بہرِ خدا
تا نہ دیکھے کہ ہُوں اِس خرقہ میں کیا نا درویش!

رند ہوں، شیخ ہوں، کیا کام کسی کو کچھ ہوں
عارفِ وقت ہوں، اور حافظِ رازِ دلِ خویش!

ما بر آریم شبے دست و دعائے بکنیم

ہاتھ اُٹھا کر کسی شب یا تو دُعا ایسی کریں
یا کوئی سعی جو دے اُس سے بلا ایسی کریں

دلِ بیمار چلا۔ تھامنا یار و حبیب تک
چارہ گر آئیں۔ یہ جی جائے دوا ایسی کریں

خشک ہے نخلِ طرب۔ مے کے خرابات چلیں
پھر پنپ جائے وہاں نشو و نما ایسی کریں

بے خطا ہو کے خفا۔ تیر لگا چل جو دیا
آئے پھر ہو نہ خفا صلح و صفا ایسی کریں

سینہ بُت خانہ بنا۔ آہ کے ہی بے کر تیر | نفس اور اُس کے یہ بُت ڈھائیں غزا ایسی کریں
دل مدد خاطرِ زنداں سے طلب کر کہ مباد | کام نازک ہے بگڑ جائے خطا ایسی کریں
دم چلا حافظ خوش لہجہ سُنا اپنی غزل | دل ٹھہر جائے مگر گوشِ صدا ایسی کریں!

ما بدرگاہ جلالت بہ پناہ آمدہ ایم

اپنے درگاہ جلالت میں پناہ آئے ہیں ہم | شرم سے آب پئے عذرِ گناہ آئے ہیں ہم
نکلتے ہوئے طے کر کے بہت دشت و مغاک | نکلی پڑتی ہے زباں بر سرِ چاہ آئے ہیں ہم
نہیں اُمید پہونچنے کی سلامت بہ کنار | ایسے گرداب میں غرق و تباہ آئے ہیں ہم
نحیرِ تقصیر کوئی عذر نہیں لائے ہیں | عفو کر لب پہ لیے نالۂ و آہ آئے ہیں ہم
شوقِ دیدار میں طے کر کے رہِ دور و دراز | سر پہ ساماں ہے گم گشتہ کراہ آئے ہیں ہم
حافظا خیر گنہ ہم سے بھلا کیا ممکن؟ | روزِ اوّل ہی سے خود نامہ سیاہ آئے ہیں ہم!

من نہ آں رندم کہ ترکِ شاہد و ساغر کنم

ہم نہیں اُن میں جو ترکِ شاہد و ساغر کریں | محتسب واقف ہے ایسے فعل ہم کمتر کریں
لالہ ساغر گیر، نرگس مست، ہم بدنام مفت | داد گر چاہیں الٰہی تو کسے داور کریں
عشق گوہر دانہ، ہم غوّاص، دریا میکدہ | غوطہ زن ہو کر یہاں اُونچا کہاں پھر سر کریں
گرد آلود فقیری ہیں مگر آتی ہے شرم | بر کنارِ چشمۂ خورشید دامن تر کریں
با وجودِ بینوائی ہوں سیہ رُو مثلِ ماہ | گر قبولِ فیض خورشیدِ بلند اختر کریں
لطف جانا چاہیے دوزخ میں تو پھر حیف گر | تنگ چشمی سے نظر بر چشمہ کوثر کریں

ہے گدائی میں بھی حاصل لطفِ سلطانی ہمیں
کیا خوشامد تیری اے گردونِ دوں پرور کریں

عہد و پیمانِ فلک کا کچھ نہیں ہے اعتبار
عہد پیمانے سے اور پیمان باساغر کریں

آج ملتی ہو بہشتِ نقد تو احمق نہیں
زاہدا گر وعدۂ فردا ترا باور کریں

شیوۂ رندی نہ تھا لائق ہمارے گو مگر
پڑگئے اس میں ہی اب کیا پیشۂ دیگر کریں

گوشۂ محراب ابرو میں جگہ ہو گر نصیب
ہم بھی مجنوں وار بیٹھے درسِ عشق از بر کریں

ہو عناں گیر ایک دم اے ترکِ شہر آشوب تا
راہ کو سجدے منقش اشک پر گوہر کریں

کیسی کیسی لعلِ لب نے رات کی عشوہ گری
ہم نہ تھے اُن میں جو ایسے چٹکلے باور کریں

فصلِ گل میں توبہ کی تاکید آنکھوں پہ شیخ
اتنی مہلت ہو صلاحِ شاہد و ساغر کریں

شبنمِ شفاف سے دھلتے ہوں جب اوراقِ گل
اُن دنوں بونگے ہی کا ہر درس یا دفتر کریں

توبہ فصلِ گل میں حافظ یہ بھی ایک دوا سمجھ
چاہیے پڑھ کر "اعوذ" اندیشۂ دیگر کریں

ما سرِ خوشانِ مستِ دل از دست دادہ ایم

خوش ہیں، مگن ہیں، مستِ دل از دست دادہ ہیں
ہم آشنائے عشق ہیں ہمرنگ بادہ ہیں

ہم پر بہت گمان و ملامت ہوا کئے
تب جا کے اب یہ ابروئے جاناں کشادہ ہیں

گل تجھ کو صبح جامِ صبوحی ہوا نصیب
ہم ہیں شقایقوں میں کہ با داغ زادہ ہیں

خالی ہے مثلِ لالہ قدح دیکھ تو لیجے
ایک داغ ہم بھی بر دلِ خونیں نہادہ ہیں

توبہ سے گر ہماری ہو پیرِ مغاں ملول
چھانے وہ بادہ عذر کو ہم ایستادہ ہیں

تیرے بغیر رہ نہیں پائیں گے رہنما
فریاد لے کے راہ سے دور اوفتادہ ہیں

کیا رنگ کیا خیال ہیں حافظ نہ پوچھیے
پڑھیے نہ گر غلط تو وہی لوحِ سادہ ہیں

ما ورد سحر بر در میخانہ نہادیم

راتوں کے وظیفے صفِ میخانہ پہ چھوڑے
اوقاتِ دُعا سب درِ جانانہ پہ چھوڑے

خرقوں میں رہ سکتے تھے بیش اس سے منافق
بنیاد رکھی شیوۂ رندانہ پہ چھوڑے

مجھ سے ہی ہیں سب بیدل و دیں شکرِ خدا کا
جو جو تھے گماں عاقل و فرزانہ پہ چھوڑے

ہر زاہد و عابد کا جلا ڈالیں گے خرقہ
یہ داغ جو روشن دلِ دیوانہ پہ چھوڑے

سلطانِ ازل نے مجھے دی عشق کی دولت
صد گنجِ زر ایک منزلِ ویرانہ پہ چھوڑے

اُمید نہیں کشتیٔ سرگشتہ کو گرداب
ثابت طلبِ گوہرِ یکدانہ پہ چھوڑے

دل دخل نہ دے مُہرِ بتاں کو لبِ شیریں
ایک مُہر لگی دل کے درِ خانہ پہ چھوڑے

جو بوسہ لب ہاتھ لگے یار کے رگن کر
واپس بہ دیانت لبِ جانانہ پہ چھوڑے

قانع ہوں فقط خیال پہ آئینِ گدائی
حافظ نہ کوئی ہمّتِ شاہانہ پہ چھوڑے

ما بریں در نہ پئے حشمت و جاہ آمدیم

مانگنے ہم نہیں کچھ حشمت و جاہ آئے ہیں
ڈھونڈھتے دستِ حوادث سے پناہ آئے ہیں

رہروِ منزلِ اُلفت ہیں عدم سے بوجود
جھیل کر فاصلے اور سختیٔ راہ آئے ہیں

باغِ فردوس میں دیکھا تھا ترا سبزۂ خط
تجھ سے لینے وہی ہم مہرِ گیاہ آئے ہیں

گنجِ روح الامیں رکھتے ہیں پھٹے گدڑوں میں
جھولی ڈالے ترے دروازہ پہ شاہ آئے ہیں

لنگرِ حلم بڑھا کشتیٔ توفیق ادھر
تجھ میں اے بحرِ کرم غرقِ گناہ آئے ہیں

آبرو جاتی ہے اے ابرِ خطا پوش برس!
پیشِ دیوانِ عمل نامہ سیاہ آئے ہیں

دور رکھ خرقۂ پشمینہ کو ہم سے حافظ ہم لئے قافلے میں آتشِ آہ آئے ہیں

ما ز یاران چشمِ یاری داشتیم

ہم تو یاروں سے تھے یاری جانتے کیا غلط یہ بھی ہمارے دھیان تھے!
کب پھلے کیا جانیں نخلِ دوستی بو دیا ایک بیج یہ ہیں جانتے
گفتگو آئینِ درویشی نہیں ورنہ دل میں موجزن طوفان تھے
تیری آنکھوں پر پرستی جنگ تھی صلح سمجھے ہم بھی کیا نادان تھے
بحث تو اتنی بڑھے رنجش نہ ہو؟ پاسِ خاطر دونوں تھے پہچانتے
گلبنِ حسن آپ کب دلکش بنا ان دعاؤں کے کرم احسان تھے
دیکھ کر مائل تجھے اغیار پر بجھ گئے جو حوصلے ارمان تھے
دل دیا حافظ نے خود۔ اپنا قصور وہ مُحصّل نہ کھینچتے تو مانتے

ما نگوئیم بد و میل بناحق نکنیم

عیب و بد گوئی طرفداریِ ناحق نہ کریں رو سیہ کرکے کوئی چہرے کی رونق نہ کریں
بیدھڑک دفترِ دانش کی نہ کردیں تغلیط سحر و اعجاز جدا جیسے ہیں ملحق نہ کریں
نہ کریں غیبتِ درویش و غنی تھوڑی بھی ہر بری بات مناسب ہے کہ مطلق نہ کریں
خوش گزر آئیں نظر دیکھنے والوں کو مگر رشکِ اسپ سیہ زینِ مغرق نہ کریں
پاش کرتا ہے فلک کشتیِ اربابِ ہنر قابلِ تکیہ نہیں بحرِ معلق۔ نہ کریں
آب زندان پئے شہ جو بہ آداب تمام تو بھی اس کی وہ مے صاف مروّق کریں

کیوں بدی ہے کسی حاسد کی پڑے رنج میں دوست — ہوشمندانِ جہاں گوش با حمق نہ کریں
بر سرِ حق نہیں دشمن تو لڑیں کیوں حافظ — حق بجانب ہو اگر، سرزنشِ حق نہ کریں

مرا عہدیست با جاناں کہ تا جاں در بدن دارم

دیا ہے عہد جاناں کو کہ جبتک جان تن میں ہو — ہوا داری ترے کوچہ کی دم کے ساتھ من میں ہے
کرے شمعِ چگل سے دل فروزاں خلوتِ باطن — فروغِ دیدۂ ظاہر تو اُس ماہِ ختن میں ہے
بقدرِ آرزوئے دل ہمیں خلوت ہی خود حاصل — ہمیں کیا خوف بدگویوں سے اُس کی انجمن میں ہے
اگر صد لشکرِ خوباں چڑھ آئیں دل پہ کیا طاقت — وہ طاقت حسنِ نظر! میرے بُتِ لشکر شکن میں ہے
خدارا اے رقیب آنکھ اپنی جھپکالے ذرا امشب — لبِ خاموش سے دل اُس کے پنہاں کچھ سخن میں ہے
خراماں گلشنِ اقبال میں ہوں جس کے حُسن اُس کا — نہ لالے میں، نہ نسریں میں نہ گُل نے یاسمن میں ہے
بجا اس نقشِ لعلِ لب پہ دعوائے سلیمانی — پناہِ اسمِ اعظم میں ہوں ڈر کیا اہرمن میں ہے
وہ جامِ خوشگوار اپنا وہ ساقی کون؟ یار اپنا — بتاؤ کس کا یار ایسا زمیں پر یا زمن میں ہے؟
مرے گھر میں ہی خود وہ سروِ جس کی چھاؤں کی ٹھنڈک — نہ سرو بوستاں میں ہے نہ شمشادِ چمن میں ہے
نہ روک اے پیرِ فرزانہ مجھے جانے دے میخانہ — کہ قصدِ ترکِ پیمانہ دلِ پیماں شکن میں ہے
ہوا زندی میں حافظ شہرۂ تقووں پہ کیا ڈر ہو — مرا بھی ہاتھ دامانِ امین الدین حسن میں ہے!

مرحبا طایرِ فرخ رُخ فرخندہ پیام

خیر مقدم ترا اے نیک قدم نیک پیام! — جم جم آ۔ مژدہ سُنا۔ یار کا گہہ کوچ و مقام؟
یارب اُس قافلے کا لطفِ ازل راہنما — جس نے دشمن کو تہِ دام کیا دست کو رام

میرے اور اُس کے علاقے کا نہ پوچھو پایاں
جس کا آغاز نہیں اُس کا بھلا کیا انجام

کیا مِرے دیدۂ خونبار کے آرام کی شکل
مَن لَّہُ الْقتلُ دواءٌ عجباً کیفَ ینام

مہرباں مجھ پہ نہ ہوگا نہیں ہوگا ہرگز
ذاکَ دعوای وہا انتَ وتلکَ الایّام

گُل کا اِترانا بڑھا حد سے دکھا رخ بخدا!
سرو کا اینٹھنا اچھا نہیں۔ لِللہ خرام!

شاخِ سدرہ پہ جو تھا نغمہ نوا طائرِ روح
دانۂ خال پہ تیرے ہی پھنسا آن کے دام

زلفِ دلدار تو زنار پنہاتی ہی ہمیں
رکھ پَرے شیخ! ترا خرقہ ہوا تن پہ حرام

مَیل حافظ کو ہے گر جانبِ ابرو کیا ہے
طاق و محراب میں رہتا ہی ہو اللہ کا کلام

مردکہ درغم ہجر تو از جہاں بروم

ٹھہر کہ جاتے ہی تیرے ہم اپنی جاں سے چلے
یہ دیکھ اُٹھتے ہی اُٹھتے تِرے جہاں سے چلے!

ہِلا دے ہونٹ کہ قربان اُن پہ ہو جائیں
وگرنہ ہم یونہیں بیکار اس جہاں سے چلے

روا نہیں کہ لبوں پہ ہو جان مر نہ سکیں
ذرا سا کام ہے یہ بھی نہ اُس دہاں سے چلے

الٰہی پھر بھی ہو ایک بار وہ دَہن پہ دَہن
یہ ہوش جائیں، وہ تھامے۔ کہے۔ کہاں سے چلے"

گدائے کوچہ ہے تیرا تجھی سے مانگتا ہے
ہزار حیف کہ محروم آستاں سے چلے

پتہ دے وصل کا جس راہ سے وہ ممکن ہو
پہونچ ہی جائیں گے ایک دن جو اُس نشاں سے چلے

یہی نہ کہنا کہ حافظ یہاں سے جا" لِلّٰہ
جو اور حکم تجھے اُن پر تو چشم و جاں سے چلے!

مزن بر دل ز نوکِ غمزہ تیرم

نہ مارے نوکِ غمزہ سے جو تیر ایک
دکھائے چشمِ بیمار اور تیر ایک

نصابِ حسن کامل ہو چکا ہے — زکوٰۃ اب پائے مسکین و فقیر ایک
قدح بھر دے طفیلِ دولتِ عشق — جوانِ بختِ جہاں ہو جائے پیر ایک
فضائے سینہ ہو اور دوست ہی دوست — نہیں رکھتا پئے فکر اپنا ضمیر ایک
بجز جام و مطرب ہی ہو وہ بھی — جو نقشی قلم کھینچے لکیر ایک
نہیں کچھ پوچھ جس غوغا میں یہ دل — ترا پیرِ مغاں منت پذیر ایک!
وہ طایر ہوں جو ہر شام و سحر گاہ — سُنے عرشِ معلّےٰ سے صفیر ایک
اجارہ میفروشو! شرط یہ ہے: — یہ ہاتھ اور یہ جام تا وقتِ اخیر ایک
خوشا وہ دم! جب استغنا کا عالم — غرض رکھے نہ از شاہ و وزیر ایک!
بہت سے گنج سینے میں بھرے ہیں — نظر آتا ہوں دشمن کو فقیر ایک
اٹھایا ہاتھ حافظ سے جو دیکھا — ہے ساقی اس کا یارِ ناگزیر ایک

مژدۂ وصلِ تو کو کز سرِ جاں برخیزم

مژدۂ وصل سنا دے غمِ جاں سے چھوٹوں — طایرِ قدس ہوں میں دامِ جہاں سے چھوٹوں
ابرِ بارانِ ہدایت کو خدا برسا دے — خاک اڑ کر نہ میں گردابِ زماں سے چھوٹوں
قسم الفت کی پکارے جو تو بندہ کہہ کر — ہوسِ سلطنتِ کون و مکاں سے چھوٹوں
بے مے و نغمہ ہی آ گور پہ خوشبو سے تری — جی اٹھوں رقص کناں خوابِ گراں سے چھوٹوں
پیر ہوں بھینچ کے پہلو میں سلا لے شب بھر — ایک جواں صبح کو آغوشِ جواں سے چھوٹوں
سنگِ درِ جاں، یقیں مان تری چوکھٹ سے — زلزلوں سے نہ میں آفاتِ زماں سے چھوٹوں
سرو بالا جو دکھائے بتِ شیریں حرکات — حافظ آزاد ہوں غمہائے جہاں سے چھوٹوں

من ترکِ عشقبازی و ساغر نمی کنم

اب ترکِ عشقبازی و ساغر نہیں کروں
سو بار توبہ کرلی مگر اب نہیں کروں

باغِ بہشت و سایۂ طوبیٰ و قصر و حور
اس در کی خاک کے بھی برابر نہیں کروں

کافی جہاں میں اہلِ نظر کو اشارہ ایک
ایک کردیا اشارہ دیگر نہیں کروں

سر کے بھی صبح ہوش نہیں آتے جب تلک
میخانہ میں بلند کہیں سر نہیں کروں

زاہد کہے یہ طعنہ زنی ترکِ عشق کر
"شایانِ ننگ نیست برادر" نہیں کروں

معقول بحث پیرِ مغاں کی نہ کیوں سنوں
زاہد ترے محال کو باور نہیں کروں

پی جاؤں تو سمجھتا ہے واعظ کرے مخمور"
کچھ التفات بولے اگر خر نہیں کروں

تقویٰ یہ بس کہ واعظ کی حرص سے کبھی
ناز و کرشمہ بر سرِ منبر نہیں کروں

حافظ جنابِ پیرِ مغاں ہو وفا کا گھر
ہرگز جدا جبیں سے یہ در نہیں کروں

من کہ باشم کہ بر آں خاطرِ عاطر گزرم

مجھ گدا کا ہو تری خاطرِ عاطر پہ گزر؟
یہ عنایت! ترے قدموں ہی میں رکھ دیجیے سر!

دلبرا! بندہ نوازی یہ کہاں سیکھی تھی؟
پاس والوں نے سکھائی، یہ نہیں ہے باور

ایک دعا ہمرہِ قدم راہ کرلے طایرِ قدس
راہ مقصد ہے دراز اور میں ناکردہ سفر

اے نسیمِ سحری کہیو با آداب تمام
کہ فراموش دعا میں نہ رہوں وقتِ سحر

شاد وہ دن کہ روانہ ہوں میں اس منزل سے
اور ترے کوچے میں پائیں رُفقا میری خبر

خلوتِ خاص تلک راہ نمائی ہو مری
مے پیوں ساتھ ترے سارے غموں سے چھٹ کر

پئے نظم بلند اور جہانگیری ہے | نثار بحرین دہن میں مرے بھرے گوہر
گوہر وصل کی خاطر ہے یہ شایاں حافظ | ویسے بحرین میں غوطے لگیں آٹھ پہر

من و دست ابروئے خوش و موئے دلکشم

بھاتی ہے ہنس مکھی مجھے یار کی دلکشی | مدہوشی چشم مست کی گالوں کی بخششی
عاشق کو ناگزیر ہے ایک سوز مثل شمع | جلتے کو کیا جلائے گا اے سوزِ آتشی
تیر از معدنِ لبِ لعل اور کانِ حسن | ہیں جوہری نقش و لاحق مشوشی
میں آدم بہشتی تھا یہاں آکے طرہ شد | ہے اب گلے کا ہار حسینوں کی مہوشی
وہ چشم مست دیکھی ہے اس شہر میں کہ بس | بے میکشی ہی رہتی ہے اللہ سرخوشی
ایک شہر پر عجائب و نقش جہت حسیں | پیسے کے نام پاس نہیں گولی تحششی
رازِ ازل کی پوچھنی چاہو گر ایک رمق | کرلوں میں پہلے ایک دو پیمانہ میکشی
حافظ عروس طبع کو ہے جلوہ آرزو | یہاں آرہی ہے آہ کی تا آسماں مشی

نماز شام غریباں چو گریہ آغازم

شروع شام سے غربت میں گریہ کا آغاز | بغیر پر ہی ہے دل کو ارادہ پرواز
بیادِ یار و دیار اس قدر ہوں زار و نزار | کہ راہ و رسم سفر کا الٰہی ڈوبے جہاز
کہاں دیارِ حبیب اور کہاں بلاد رقیب! | دیار دیار کو پہونچوں میں آیا صاحب باز
خضر خدا کے لئے کچھ مری مدد کر دے! | کہ قصرِ میکدہ ہی سے ہوں پھر علم افراز!
خرد ضعیفی سے میری مواخذہ مت کر | ہے ایک طفل صنم پر یہ دل محبت باز

سوا نسیم و صبا کس سے جان یا پہچان — بجز ہوا بھی ہے کوئی عزیز اور ہمراز
ہوائے منزلِ یار آبِ زندگانی ہے — صبا خدا کے لیے لیکے آ بوئے شیراز
بہا ایک آنسو کیا راز فاش ہوا رُوپوش — گلہ کیا غیر کا حافظ جب اپنا خود غماز

ہر چند پیر خستہ شدم ناتواں شدم

ہر چند پیر خستہ ہوا ناتواں ہوا — آیا اِدھر وہ یاد اُدھر میں جواں ہوا
سادہ تھا کل ورق مرے حرفِ وجود سے — مکتب میں آج عشق کے میں نکتہ داں ہوا
تب سے ہی مجھ پہ سب درِ معنی کشادہ ہیں — جب سے میں ساکنِ درِ پیرِ مغاں ہوا
جب سے یہ تیری آنکھ کے فتنے بپا ہوئے — کم مجھ کو خوفِ فتنۂ آخر زماں ہوا
شکر خدا ملا جو خدا سے طلب کیا — تا انتہائے مقصدِ دل کامراں ہوا
در شاہراہِ دولتِ سرمد بتختِ بخت — ساغر بکف مرادِ دل دوستاں ہوا
قسمت اشارہ سوئے خرابات ہی کرے — ہر چند میں کہوں کہ چنیں اور چناں ہوا
پھولے پھلے سدا وہ مرا گلبنِ جواں — میں جس کے سائے بلبلِ باغِ جناں ہوا
میں سال و ماہ سے نہیں بوڑھا وہ بیوفا — گورا جو تیر بن کے میں جھک کر کماں ہوا
شب مجھ کو دے گئی یہ بشارت بھی حافظا — باز آئیں مغفرت کا بھی ضامن وہاں ہوا

اے نورِ چشم من سخنے ہست گوش کن

اے نورِ چشم کہنا ہے کچھ تجھ سے گوش میں — لبریز جام ہو تو بہے ناؤ نوش میں
کہہ دی یہ آزمائی بزرگانِ پیر کی — بوڑھا ہوا لے جوان جو رکھے اسکو گوش میں

دیکھی نہ ہوشمند پہ پڑتی کمندِ عشق ہاتھ آئی زلفِ یار مگر ترکِ ہوش میں
تسبیح و خرقہ دیں گے نہ کچھ لذت و سرور یہ لطف پائیں گے عملِ مے فروش میں
حاضر ہو دوستوں کے لیے جان و مال سے سر رکھ دے پائے یار، نصیحت نیوش ہیں
سو اہرمن کے وسوسے ہیں راہِ عشق میں ہشیار! گوشِ دل پہ پیامِ سروش ہیں
برگِ نوا تباہ ہوا سازِ طرب چلا اے چنگ نالہ کش ہو کہ وقتِ خروش ہے
ساقی بھرا پڑا ہے صفائی سے تیرا جام ایک لطف کی نگہ سے قدح دُرد نوش میں
سرمست جب قبائے زرافشاں پہن کے آئے دے بوسہ نذرِ حافظِ پشمینہ پوش میں

افسرِ سلطانِ گُل پیدا شد از طرفِ چمن

شاہِ گُل کے تاج کی چمکی گلستاں میں کرن گُل کا آنا ہو مبارک تم کو اے سرو و سمن
کیا ہی زیبا ہے نشستِ خسروی اپنی جگہ لوگ بھی بیٹھیں قرینے سے بجائے خویشتن
تا ابد آباد ٹھہرے جس کے در سے دمبدم بوئے رحمت سے ہم آغوش آتی ہے بادِ یمن
خاتمِ جم کو مبارک فالِ حُسنِ خاتمہ اسمِ اعظم نے کیا اُس پر سے دفعِ اہرمن
خنگِ چوگانِ فلک کو رام کرکے زیرِ راں شہسوار اسکر ہُوا میدان میں چوگان زن
کشت زارِ ملک کو رکھ تازہ آبِ تیغ سے تو نہالِ عدل و داد اور ہو عدو کا بیخ کن
شوکتِ پورِ پشنگ اور اُس کی عالمگیر تیغ شاہناموں میں ہے اب تک داستانِ انجمن
کیا عجب گر ہو شگفتہ تیری بُوئے خلق سے دشت سے ایران میں کے نافۂ مشکِ ختن
منتظرِ خلوت نشین ایک جلوہ خوش کے ہیں آ رُخ سے برقع برطرف، طرفِ کُلہ میں تو شکن!
ساقیِ بزم آ تا کہ سے صبا جا عرض کر جام بخشے ہم کو جامِ زر سے خود ہو کر مگن

عقل سے کی مشورت بولی کہ حافظ پی شراب
ہاں پلا دے ساقیا المستشار مؤتمن !

اے خسروِ خوباں نظرے سوئے گدا کن

اے خسرو خوباں نظر اک سوئے گدا ہو
رحم اس سر و پا سوختہ پر بھی تو شہا ہو

حسرت دل درویش کو ہے ایک نظر کی
اس چشم سیہ مست سے گر دیکھے کیا ہو

ہے چاند کو دعویٰ کہ وہ ہم شکل ہے تیرا
منہ اپنا دکھا دے کہ وہ انگشت نما ہو

اے سروِ رواں بزم میں آ جائے جو اک دم
ہر جامہ صد چاک نیا بن کے قبا ہو

شمع و گل و پروانہ و بلبل ہیں سبھی جمع
تنہائی پہ اب تو مری دل نرم ذرا ہو!

دل ہاتھوں پہ جور و جفا تا بکے آخر
آہنگِ وفا، ترکِ جفا، بہرِ خدا ہو!

مت سن تو کسی دشمن بدگو کی خدارا
کر حافظ مسکیں سے اپنے جو وفا ہو

اے رُوئے ماہ منظر تو نو بہارِ حُسن

صورت یہ چاند سی تری لائے بہارِ حسن
یہ خط و خال مرکزِ لطف و مدارِ حسن

ہے چشم پُر خمار کہ جادو بھرے ہوئے
ہے زلف در فرار کہ ثابت قرارِ حسن

خوبی کے آسمان پہ چمکا تھا کب یہ چاند
اس قد سا کب تھا سروِ لب جویبارِ حسن

شیریں تری ملاحتوں سے عہدِ دلبری
فرخندہ ان لطافتوں سے روزگارِ حسن

اس دامِ زلف و دانۂ مشکیں سے دہر میں
ایک مرغِ دل نہیں نہ ہوا جو شکارِ حسن

ہونٹوں پہ تیرے کیوں نہ بنفشہ ہو تازہ تر
آبِ حیات پیتی ہے بر جویبارِ حسن

حافظ بھی ڈھونڈھ ہارا نہ پائی نظیرِ دوست
دیّار اور کون ہے تجھ میں دیارِ حسن؟

اے لبت آبحیات وائے قدت سروِ چمن

لب ترے آبحیات اور قد ترا سروِ چمن
رخ ترا خورشیدِ خاور خط ترا مشکِ ختن

مثلِ ابرو دیکھا کن آنکھوں نے کس ماہ کو
لعلِ لب سا بھی عقیق اب تک پایا در یمن

رشتۂ جاں ہی کسی کا یا سرِ مو ہے ترا
درج گوہر ہی دہن دنداں ہیں یا دُرِ عدن

ایک بوسہ پہ بگڑ کر ہونٹ دونوں مت چبا
زخم پر چرکا نہ دے جانِ حزیں کو جانِ من

گل نے گلشن میں تھا دیکھا رخ ترا اے سرو قد
چاک کرنے میں ہی اب تک شرم سے گل پیرہن

تیری ہی صورت کا دیوانہ ہوئے اے پری وش
جانتے ہیں آشکارا اس کو یہاں سب مرد و زن

تیری الفت میں موا حافظ تو خوں تجھ پر ہوا
لے نہ تجھ سے اس کا بدلہ روزِ محشر ذو المنن!

بالا بلند عشوہ گر سروِ ناز من

کیا کہیے اس شریر قدِ سروِ ناز کو
کوتہ ہی کر گیا مرے زہد دراز کو

کیا کی فضیحت آہ یہ پیری و علم و زہد!
دیکھا بھی میرے دیدۂ معشوق باز کو؟

اس آبِ دیدہ نے بھی لگائی ہی ایک آگ
آفاق بھر میں فاش کیا میرے راز کو

ایمان کی بھی خیر نہیں آتی اب نظر
محراب ابروے وہ زلل ہیں نماز کو

وہ مست ہی کہ یاد بھی احباب کی نہیں
یا دش بخیر! ساقی مسکیں نواز کو

یارب وہ کب چلیگی ہوا جسکی بوئے خوش
جنبش میں لائے اس کرمِ کارساز کو؟

خنداں ہوں عینِ گریہ میں خود میں ہی مثلِ شمع
اس سنگدل میں کیا ہو اثر سوز و ساز کو

ثابت نشانِ گریہ ہیں اب تک تو نقش آب
کب دیکھیں دیں لباسِ حقیقت مجاز کو

گھٹنے پورا ہونے لگا جب ایاغِ عمر — میرا ایاز ہو کہتا سدھارا ایاز کو
زاہد تری نمازوں سے نکلا نہ کوئی کام — لا کام میری مستی و سوز و نیاز کو
حافظ کو غم نے کھا لیا دے کوئی اطلاع — اُس شاہِ دوست پرور و دشمن گداز کو!

بہارِ گُل طرب انگیز گشت و توبہ شکن

بہار ہے طرب انگیز اور توبہ شکن — مٹائیں سیر سے گلشن کی خارِ غم کی چبھن
دمِ نسیم سے کیا کھل کھلاتی ہیں کلیاں — ہوئی ہیں جامہ سے باہر ہی پھاڑ پیراہن
صبا کی شوخی نے گوندھے ہیں گرہِ گُل پھندنے — شکنج گیسوئے سُنبل ہیں زیبِ روئے سمن
عروسِ غنچہ لدی زیوروں میں اترائے — تو ہوشِ عقل ہیں پرّاں بوجہ احسن
پکارِ بلبلِ شوریدہ کی نفیر ہزار — یہ وصلِ گُل کے لیے زورِ شورِ قلبِ حزن!
طریقِ صدق کا لے آبِ آبجو سے سبق — سکھائے راستی آزادگیِ سروِ چمن
غمِ زمانہ دے۔ لے جام ہاتھ میں حافظ — بقولِ مُطرب و فتویٰ پیرِ صاحبِ فن!

بفگن بہ صفِ زنداں نظرے بہتر ازیں

ڈال پھر کے سوئے رنداں نظر ایک بہتر ازیں — جانبِ میکدہ فرما گزر ایک بہتر ازیں
لطف سب خوب ہیں حق میں مرے اِن ہونٹوں کے — مدعا اور ہے دل کا مگر ایک بہتر ازیں
غور سے جس کے گرہِ کارِ جہاں کی کھل جائے — پھر وہ فرمائے دوبارا نظر ایک بہتر ازیں
دل نہ کیوں روئے ولا راہ ہو غش کب دیکھا — پہلوئے دہر سے پیدا پسر ایک بہتر ازیں
ناصح کہتا ہے کہ جز غم ہے صنعتِ عشق میں کیا؟ — تو ہی بتلائے نہ اچھا ہُنر ایک بہتر ازیں

مان اے دل۔ جو کہوں تھام قدحِ جم جام، | دے سکے اور صلاح کیا تیرا ایک بہتر ازیں
کلکِ حافظ ہے عجب شاخِ نبات و شکر | ہے کسی باغ میں میٹھا ثمر ایک بہتر ازیں؟

چو گل ہر دم بہ بویت جامہ بر تن

ہوں گل ہو وہ نکہت جامہ، تن | کروں ٹکڑے گریباں تا بہ دامن
ترا تن دیکھ کے کپڑے کیے چاک | نہیں گل مست ہے گویا بہ گلشن
وہ تن در جامہ گویا بادہ در جام | وہ دل سینے میں یا چاندی میں آہن
مجھے مشکل بچانا دل کا تجھ سے | تجھے کیا چیز لینا دل کا پُرفن
بقولِ دشمناں برگشتہ ہم سے؟ | ارے دیکھا کہیں بھی دوست دشمن؟
چمک بھی اشکباری میں دکھا چشم | یہ سوزِ دل ہو لوگوں پہ بھی روشن
نہ جا سینے سے یہاں آہِ جگر سوز | نکل جائے نہ چھت میں کرکے روزن
نہ یوں سیپارہ دل کر دو ظالم | ہے ان کا سب سے اونچا سر پہ مسکن
دلِ حافظ ہے اٹکا اس کے اندر | نہ سر سے پاؤں تک ہو زلف افگن

چندانکہ گفتم غم با طبیباں

احوال سن سن تسکیں طبیباں | دیکھے نہ کوئی نبضِ غریباں
کہہ ڈالا اس سے حالِ نہاں بھی | کہہ ڈالیں جیسے پیش طبیباں
ہاتھوں میں ہر دم کانٹا لیے ہے | صد شرم اے گل از عندلیباں
درجِ محبت کی مہر گم ہے | ہے ہے نہ ہو یہ کام رقیباں!

اے منعم آخر بہ خوانِ نعمت — محروم کب تک ہم بے نصیباں؟
حافظ نہ ہوتا رسوائے عالم — سنتا اگر تو پندِ ادیباں

چوں شوم خاکِ رہش دامن بیفشاند زمن

بن جاؤں گر خاکِ گزر، دامن جھٹک کر ہو رواں — چاہوں اگر دیکھے اِدھر اکدم چمک کر ہو رواں
منہ گر بسوروں شمع ساں ہنس دے مجھ پر مثلِ صبح — رنجیدہ خاطر ہوں اگر بن کے رُنگ کر ہو رواں
رخسارِ رنگیں تر زگل، ہر ایک کو دکھلاتا پھرے — کہدوں جو لازم ہے حیا منہ مجھ سے ڈھک کر ہو رواں
پیاسا وہ میرے خون کا میں تشنہ لب، دیکھیے — چھینوں میں بوسہ یا چھنے مجھ سے کھٹک کر ہو رواں
آنکھوں کو دی دل نے صلاح جی بھر کے اکدم دیکھ لو — بولیں ابھی ایک جوئے خوں ٹپ ٹپ ٹپک کر ہو رواں
فرہاد ہوں افسوس کیا تلخی سے گر میں جان دوں — شیریں قصص رہ جائیں یہاں شیریں شکر ہو رواں
حافظ سبق یہ عشق کے تجھ سے رہیں گے یادگار — گایا کریں گی بلبلیں اب تو چہک کر ہو رواں

خوشتر از فکرِ مے و جام چہ خواہد بودن

خوشتر اس فکرِ مے و جام سے کچھ اور بھی ہے؟ — بے خبر کر دے جو انجام سے کچھ اور بھی ہے؟
مے پئیں، کھائیں نہ غم، پندِ مقلد نہ سنیں — پوچ تر اس سخنِ عام سے کچھ اور بھی ہے؟
غمِ دل کھانے ہی میں ختم یہ ہو چکے ایام — ہو کے فارغ غم و ایام سے کچھ اور بھی ہے؟
مرغِ کم حوصلہ جا۔ دام کجا۔ جسم کجا! — تو نے جانا کہ غرض دام سے کچھ اور بھی ہے؟
پیرِ میخانہ نے کل خوب نشے میں کہا — پڑھ کے فرجامِ خطِ جام سے کچھ اور بھی ہے"
ہو پسینے کی کمائی تو کسی کام پہ صرف — ہے یہی جبکہ نہ ہو کام سے کچھ اور بھی ہے؟

دلِ حافظ بدف و چنگ و غزل بہلایا — جز سزا کیا مرے انعام سے کچھ اور بھی ہے؟

خدارا کم نشیں با خرقہ پوشاں !

چھٹیں للہ! یہ تجھ سے خرقہ پوشاں — رہیں رندانِ بے ساماں۔ ہو کوشاں
بسی اِن خرقوں میں بد بُو ہے، ان سے — بسا خوشتر قبائے میفروشاں
تو نازک طبع۔ تاب اس کی کہاں ہو — کہ جھیلے زورِ مُشتِ دلق پوشاں
کہاں کا دردِ اِن صوفی وشوں میں — صفا تر ان سے دُردِ بادہ نوشاں
فریبوں سے ہیں اِن سالوسیوں کے — صراحی خوں بلب۔ بربط خروشاں
بنا کر مست پھر مستور کیوں ہے؟ — نہ دے کر نوش ہو پھر زہر نوشاں
لبِ میگوں و چشمِ مست دِکھلا — تمنّا میں مے بعلیں ہے جوشاں

حذر حافظ کی طبع گرم سے کر
ہے سینہ اُس کا مثلِ دیگ جوشاں

دو یارِ ہمدم و از بادۂ کہن دومن

دو یارِ ہم نشیں، اور بادۂ کہن، دو مَن — فراغت اور کتاب اور کوئی کُنجِ چمن
یہ ہاتھ آئیں تو دُنیا و عاقبت کو نہ دوں — زمانہ بھر مرے سر پر کیا کرے جھن جھن
بکے جو گنجِ قناعت یہ گنجِ دُنیا کو — فروختِ یوسفِ مصری ہو بے بہا ثمن
خموش گوشے میں بیٹھا ہوا تماشہ کر — حوادثاتِ زماں بانباتِ قند دہن
بیانِ واقعۂ شرحِ غم شراب سے ہو — نہ ہو بھروسہ کسی پر دریں زمان و زمن

ان آندھیوں میں حوادث کی کیا نظر آئے
گلاب و گل کہ سمن کیا کھلا تا ہے گلشن

پہ سطحِ آئینہ پر طرفہ نقشِ ہندیِ غیب
کبھی زمانہ میں دیکھے نہ تھے یہ شور و فتن

چلے وہ صحنِ چمن میں سموم کے جھکڑ
نہ رنگِ گل رہا باقی یہاں نہ بوئے سمن

نگار اپنا کمینوں کے ہاتھ میں ہیہات!
یہی حقوق کا میرے صلہ تھا چرخ کہن؟

نہ بیقرار ہوا ہے دل خدانخواستہ کیوں
ہوا ہرمن کی انگوٹھی میں وہ نگینِ یمن

نہ فرق لائیں گے رفتارِ کارخانہ میں
تمہارا تقویٰ نہ میرے گناہ مشفق من

مزاجِ دہر ہے ناسازِ اس وبا میں بلائیں
حکیم دانا کوئی، بیدوائے صاحب فن

پڑیں قلاوے وہاں گردنِ سگاں میں عجب!
گلے میں ڈالے نہ حافظ کے کوئی بٹ کے رسن؟

دانی کہ چیست دولت دیدار یار دیدن

دولت ہے کیا۔ وہ ہم کو دیدارِ یار دیدیں
ہم لیں گدائی تاجِ شاہی اتار دیدیں

دل تنگ کیوں ہوں گلشن میں ہنس کے مثلِ غنچہ
پیراہن آبرو کو کر تار تار دیدیں

بادِ صبا سے جھک کر کچھ گوشِ گل میں کہہ دیں
بلبل سے رازِ الفت سن اشتہار دیدیں

آخر ملول ہوں وہ دانتوں سے ہاتھ کاٹیں
لب تک جو ہونٹ لا کر بوسہ نہ یار دیدیں

ملنا یہ صد غنیمت! پھر یہ دوراہہ منزل
ہرگز نہیں ملائے گو جانِ زار دیدیں

جاں سے تو ہاتھ دھونا آساں ہی یار دلیکن
استغنا دوستوں کو کس طرح یار دیدیں

شاید بھلا ہی بیٹھا حافظ کو شاہِ منصور
یاد گدا پھر اس کو پروردگار دیدیں!

دلم را در سرِ زلفِ تو مسکن!

مرے دل کا ہے تیری زلف مسکن
نہ موڑ اُس کو نہ بچی چھوڑ پُر فن

جو دل پچلے زمیں پر ہمرہِ زلف
سنبھالے پاؤں کی کرشے نہ روندن

اندھیرے میں جو تُو اے شمع آجائے
معاً ہو جائیں دونوں دیدے رَوشن

ارم درکار کیا ہے تیرے ہوتے
جدھر دیکھو اُدھر گلشن ہی گلشن

نہ وصفِ سروِ قد سے بیٹھوں خاموش
ہمہ تن گر زباں مَیں بھی ہوں سوسن

نہ جھٹکے موئے چنچل کی جھٹکیوں سے
مگس بیٹھے پہ اُڑ کر جائے فوراً

نہ موڑے پھر سے مُنہ ذرّہ ہرگز
ذرا جھانکے تو پھر از راہِ روزن

بجز حافظؔ کے لطفِ عشق بازی
کہے گا کون یوں بر وجہِ احسن!

دلبرِ جاناں منِ برد دلِ جانِ من

دلبر جاناں مرے لیجا دل و جاں مرے
لیجا دل و جاں مرے دلبر جاناں مرے

اے لب جاناں مرے جانِ تن و قوتِ دل
جانِ تن و قوتِ دل اے لب جاناں مرے

روضۂ رضواں مرے ہیں درو دیوار دوست
ہیں درو دیوار دوست روضۂ رضواں مرے

دیدۂ حیراں مرے والۂ و شیدا ترے
والۂ و شیدا ترے دیدۂ حیراں مرے

یوسفِ کنعاں مرے مصرِ ملاحت ہے تو
مصرِ ملاحت ہے تو یوسفِ کنعاں مرے

سروِ گلستاں مرے قد و رخِ دلستاں
قد و رخِ دلستاں سروِ گلستاں مرے

حافظِ خوشخواں مرے جانِ کمالِ غیاث　　　جانِ کمالِ غیاث حافظِ خوشخواں مرے

زدرِ درآ و شبستانِ ما منور کن!

اُٹھا دے برقعِ شبستانِ دل منور ہو　　　دماغِ مجلسِ روحانیاں معطر ہو
ہمہ کے دل و جاں تکو چشم و ابروئے یار　　　اب ان میں رہ کے تماشائے باغ و منظر ہو
یہ حسن و لطف و شمائل عطا جو تجھ کو ہوئے　　　ہماری بزم میں لا شمع پر بھی افسر ہو
نسیمِ خلد ہماری ہی خاکِ مجلس کا　　　ہے ایک شمہ کہ اُس کا وہ عودِ مجمر ہو
طمع نہیں ہمیں نقدِ وصال کی تیرے　　　عطا ہمیں تو ذرا سی وہ لالِ شکر ہو
ہیں شاہدانِ چمن جملہ زیر دست نہ کیوں　　　سمن کے دھرے اُڑیں نازِ برِ صنوبر ہو
گھٹا دمِ انجمِ ہجراں کی ٹمٹماہٹ سے　　　وہ شمع دیکھیے کب بام سے اُجاگر ہو
دکھا کرشمہ کہ دلق ریائے دل ہماری　　　چھلانگ مار کے صوفی منش قلندر ہو!
فضول طول حکایت کو دیتے ہیں ساقی　　　تو اپنے کام سے کہ کام مے ہو ساغر ہو
گر پیالے چھلکا کے مے پرستوں کو　　　کہ اِس عمل سے مشامِ عقل کا معطر ہو
جمال ہو نہ ہجومِ شعاع میں ادراک　　　گر یہ خیمۂ خورشید تو منور ہو
پس از ملازمتِ عیش و عشقِ مہر دیاں　　　رہے یہ شغل کہ دیوانِ حافظ ازبر ہو

شاہِ شمشاد قداں خسرو شیریں دہناں

شاہِ شمشاد قداں خسروِ شیریں دہناں　　　نوکِ مژگاں سے اُلٹ دے جو دلِ صف شکناں
دامنِ دوست پکڑ۔ چھوڑ دے دنبالۂ غیر　　　مردِ یزداں ہو کہ بھٹکیں نہ قریب اہرمناں

مت درویش کے نزدیک سے کہتا گزرا   دیکھ اے چشم و چراغ ہمہ شیریں سخناں
سیم و زر سے تہی کیسہ ترا آخر کب تک   مان جا۔ لوٹ بہار دہنِ سیم تناں
دل دکھا۔ مہر کا طالب ہے تو کم از ذرہ نہیں   اٹھ کے تا خلوتِ خورشید ہو تو چرخ زناں
رکھ پُر از بادہ قدح کم ہو ایام نہ کر   رات دن زہرہ جبیناں ہوں تو نازک زناں
پیر پیمانہ کش اپنا کہ سُرگ باش رہے!   کر گیا منع نہ رکھ صحبتِ پیماں شکناں
چمنِ لالہ میں کل بادِ سحر سے پوچھا   کہہ تو کس کے ہیں شہید آ دیہ خونیں کفناں؟
بولی حافظ نہیں اس بھرے سرد کار ہمیں ر   کچھ مے لعل ہو اور قصہ سیمیں ذقناں

شراب لعل کش و روئے مہ جبیناں بیں

شراب لعل پی اور روئے مہ جبیناں دیکھ   بکا کرے کوئی، تو جانبِ حسیناں دیکھ!
چھپی ہیں زیرِ مرقع کمند ہائے دراز   بڑھائیں ہاتھ یہ جب کو تہ آستیناں دیکھ
نہ دولتِ دو جہاں کے لیے جھکیں ہرگز   غرور و کبرِ گدایانِ خوشہ چیناں دیکھ
کسی سے نام نہ عہدِ وفا کا آہ سنا   وفائے صحبتِ یارانِ ہمنشیناں دیکھ
اسیرِ عشق ہو تدبیرِ مخلصی یہ ہے   مآلِ عاقبت اندیش پیش بیناں دیکھ
غبارِ خاطرِ حافظ مٹا دے صیقلِ عشق   صفائے نیت پاکانِ پاک بیناں دیکھ!

صحبت ساقیا قدحے پُر شراب کن

ساقی سحر ہے اٹھ کے قدح پُر شراب ہو   دورِ فلک کو تاب نہیں ہے شتاب ہو
ہو جاؤں پہلے بادۂ گلگوں سے میں خراب   پھر چاہے جب یہ عالمِ فانی خراب ہو

خورشیدِ مے کا مشرقِ ساغر سے ہو طلوع
ہو عیش کا خیال تو بس ترکِ خواب ہو

کوزے ہماری خاک کے ڈھالینگے دورِ چرخ
پھر ایک دن یہ کاسۂ سر پُر شراب ہو

کیا جانیں زہد و توبہ و طامات ہم غریب
ہم سے تو جام و بادہ سے صاحب خطاب ہو

دیدے کھُلے نہیں ہیں قدح میں حباب ہیں
بُنیاد کارخانہ بھی شاید بر آب ہو

ایام گل ہیں عمر کی مانند تیز رو
ساقی کا دور بادۂ گلگوں شتاب ہو

حافظ نہ ملنے بادہ پرستی کو گر صواب
تو اُٹھ کے جلد عازمِ کارِ ثواب ہو

فاتحہ چو آمدی بر سرِ خستہ بخواں

ڈھیر پہ کُشتے کے ہے تُو فاتحہ پڑھ لے یار یہاں
ہونٹ ہلا یہ لعل لب مُردے میں ڈالدیں گے جاں

بہرِ عیادت آیا تھا جاتا ہے پڑھ کے فاتحہ
دم ہی نہیں کہ روح بھی ساتھ کو ساتھ ہو رواں

دیکھ طبیبِ خستگاں میرے زبانُ چہرہ کو
سانس یہ اور مُنہ کی بھاپ آتش دل کا ہے دھواں

آبِ دو دیدہ سے دے ایک چھینٹا مِرے بخار کو
دیکھ تو نبض میں کہیں زندگی کا بھی ہے نشاں ؟

گرمیِ ہر استخواں سوختہ کر گئی مِرے
سردیِ مہر سے بھی تو سرد پڑی ہیں ہڈیاں

حال مِرا کہ خال ہے۔ آتشِ رخ پہ در سکوں
جسم علیلِ چشم یار، زار و نزار و ناتواں

دے جو مدام شیشہ وہ بادۂ لعل سے بھرا
بیشِ طبیب بار بار جائیں کیوں میری شیشیاں

شربت و آب زندگی شعر ہیں تیرے حافظا
طاق پہ رکھ طبیب کو اپنا علاج کر میاں !

کرشمہ کُن و بازارِ ساحری بشکن

دکھا کرشمہ کہ بازارِ ساحری ٹوٹے
ادائے رونقِ بازارِ سامری ٹوٹے

رہے خبر سر و دستار کی نہ عالم کو — کلاہ گوشہ جو بہ طرزِ دلبری ٹوٹے
سنوار زلف کو آئینِ سرکشی چھوٹیں — لگا وہ طرہ کہ قلبِ ستمگری ٹوٹے
وہ کر خرام کہ سب مات ہوکے رہ جائیں — غرورِ حور و پرِ نخوتِ پری ٹوٹے
ہوا میں آئے جو خوشبوئے کاکلِ سنبل — در اُس کی کھول دے ایک لفِ عنبری ٹوٹے
یہ مرگ نین کریں شیرِ آفتاب کو صید — خمیدہ ابروؤں سے قوسِ مشتری ٹوٹے
ہے عندلیبِ فصاحت بنا ہوا حافظ — ذری تو بول دے زعمِ سخنوری ٹوٹے

گلبرگ را ز سنبل مشکیں نقاب کن

گلبرگِ تر پہ سنبلِ مشکیں نقاب ہو — تو منہ چھپا۔ بلا سے جو دنیا خراب ہو
عشوہ دکھا دے نرگسِ مستِ خراب کا — جل کر حسد سے نرگسِ رعنا کباب ہو
بوئے بنفشہ سونگھ کے زلفوں کو چھیڑ لے — لالہ کا رنگ دیکھ کے دورِ شراب ہو
رخسار پر عرق ہو تو صحنِ چمن تمام — ایک ڈبڈبایا شیشۂ رنگ و گلاب ہو
عادت ہو اور رسم ہو عاشق کُشی تری — ق — پھر کیوں نہ دشنہ دل کے لہو سے خضاب ہو
بخت اپنے اور جو تری خوب آزمائے ہیں — اوروں کے ساتھ میکشی ہم پر عتاب ہو
حافظ وصال مانگ اٹھا کر دعا کے ہاتھ — یارب دعائے خستہ دلاں مستجاب ہو

ما سرخوشیم بادہ ما در پیالہ کن

سرخوش ہیں ہم ہمیں تو عطا ایک پیالہ ہو — بدمست ہوں تو غمزۂ ساقی حوالہ ہو
جب آفتاب بادہ ڈھلے ماہِ جام میں — دن پر نقاب سنبلِ تیگوں نے ڈالا ہو

اے پیرِ خانقاہ کبھی میکدے میں بھی — ایک شب پیے کہ توبہ ہفتاد سالہ ہو
لے تسبیح دیکھ شمع ہے مجلس میں زار زار — بسمل ہیں ہم ترا ابھی رواں آہ و نالہ ہو
حافظ جو دخترِ رز ہو یہ راضی نکاح پر — دونوں جہان مہر میں درجِ قبالہ ہو!

مرغِ دلم طایریست قدسی عرش آشیاں

دل ہے ہمارا طایرِ قدسی عرش آشیاں — تن کے قفس سے دل ملول سیر طبیعت از جہاں
چھوڑ کے خاکدان یہ طایرِ قدس جب اُڑے — پھر وہی ہو نشیمن اور پھر وہی شاخِ آشیاں
سایہ فگن ہما ہو پھر عالمِ بد نصیب پر — گرو وہ بلند آشیاں جھاڑ دے بال و پر یہاں
دل کے پر اُڑے تو ہو شاخ پہ سدرہ کی مقیم — اُڑ وہ ہے اُس عقاب کا نشیمن عرش آسماں
جائے نہ معدن اور نہ کان گھر ہی کوئی نہ کچھ مکاں — جائے ورائے دو جہاں، کان و مکان و لامکاں
عالمِ علوی جلوہ گہہ مرغِ ہمائے دل کی ہے — دانہ و آب دیتے ہیں خلد و ارم کے باغباں
وحدت اگر بسائے تو تفرقہ چھوڑ حافظا — ایک ہوں سب نگاہ میں وحش و طیور انس و جاں

منم کہ شہرہ شہرم بعشق ورزیدن

میں ہی ہوں شہرۂ آفاق عشق ورزی میں — میں ہی ہوں بد سے نظر پاک جس کی تجلی میں
وفا دکھائیں، ملامت اُٹھائیں شاد رہیں — ہے کفر دین میں اپنے کہ میل ہو جی میں
ڈبونا چاہتا ہوں نقشِ خود پرستی کو — بہا کے نفس کو بے طرح مے کی ندی میں
کہا جو پیرِ مغاں سے کدھر ہے راہِ نجات؟ — اُٹھا کے جام دکھایا کہ مے پرستی میں
چلو بھی میکدے۔ واجب بھی تو نہیں سُننا — نہ وعظِ بے عملاں کچھ جگہ کرے جی میں

بدستِ مردمِ چشم اس کے رخ سے گل چینی
ہے اور کام ہی کیا سیرِ باغِ ہستی میں

ہو دل ہی بستۂ الطاف زلف - ادھر سے کشش
نہیں تو فائدہ کیا ہے فضول کوشی میں

سبق لے بہرِ خط خوب روئے جاناں سے
ہے گردِ عارضِ محبوب عیش گردی میں

نہ چوم جز لبِ معشوق و جام مے حافظ
خطا ہے زہد فروشوں کی دست بوسی میں

میسوزم از فراقت رو از جفا بگرداں

جاتی ہے جی میں جاں للہ جفا کو چھوڑے
ہجراں بلا ہے میری ہے ہے بلا کو چھوڑے

مہ سبزۂ فلک پر نکلا تو رخش پر آ
ایک ایڑ دے کہ غش ہو مہ اس ادا کو چھوڑے

یغمائے عقل و دیں کو مستِ خرام آجا
کج گوشہ رسکہ ہو نیچا قبا کو چھوڑے

سنبل کی ضد پہ گھنگرو کاکل میں ہوں تو خوشبو
گردِ چمن پھرا کر گھر ہ صبا کو چھوڑے

دیدہ فروزِ مستاں ہے عین انتظاری
نے لے کے دورِ ساغر مے رقص پا کو چھوڑے

خط عارضِ بتاں پر لکھ دے زمانہ یارب
بندہ پہ مشقِ تحریر بد نما کو چھوڑے

لکھی جو خوبرویوں سے تھی وہ بائی حافظ
حکم قضا کو بدلے تب تو رضا کو چھوڑے

نکتۂ دلکش بگویم خال آں مہ ببیں

نکتۂ دلکش تو سن! خالِ رخِ مہرو تو دیکھ!
عقل و دیں دونوں بندھے ہیں حلقۂ گیسو تو دیکھ

دل کو سمجھایا کہ کیا وحشت ہے ہرجائی نہ بن
بولا آنکھیں نیم مست اور ان میں وہ آہو تو دیکھ

دیکھ کر پوجیں اسی کو بندگانِ آفتاب
اے نصیحت گر خدارا رُو تو دیکھ ابرو تو دیکھ

سہم مژگاں سے ہیں لرزاں جملہ دست و پائے مہر
خوں جگر نافوں کے ہیں۔ وہ زلفِ عنبر بو تو دیکھ

حلقۂ زلفت ایک تماشا گہِ ہوا نے کر دیے — تیرے کیسے من چلے بستہ ہیں در ہم تو دیکھ!
پھانستی گردنِ صبا کی بھی ہے زلفِ دل پسند — یہ ہوا داروں پہ ظلم کا نسبِ ہندو تو دیکھ
جستجو میں جس کی ہیں خود عقل سے بیگانہ ہوں — اس کا ثانی بھی نہ پائے پھر کے تو ہر سو تو دیکھ
منہ نہ پھیرا اے آسماں عزمِ شہِ منصور سے — برقِ شمشیر اس کی کھا کر قوتِ بازو تو دیکھ
ہیں روا حافظ کو سجدے اس خمِ محراب پہ — اے نصیحت گر خدارا دیکھ وہ ابرو تو دیکھ

یارب آں آہوئے مشکیں بختن باز رساں

ہائے وہ آہوئے مشکینِ ختن پھر آ گئے! — وہ ہی سرو پئے سیرِ چمن پھر آئے!
بہرِ تسکینِ دلِ غمزدہ ایک بھیجے نسیم — تاکہ وہ جاں جو گئی چھوڑ کے تن پھر آئے
ماہ و خورشید کو لے آتا ہے واپس تو ہی — یار مہرو بھی مرا خالقِ من پھر آئے
زندہ رہنا نہیں بس بات یہ ہو اس کے بغیر — نامہ بر پہلے یہ پہنچائے سخن پھر آئے
پہلے مذکور مرا پیکِ ہمایوں دولت — پیشِ عنقا سخنِ زاغ و زغن پھر آئے
اشکِ گریہ سے ہوں لعل تو کنکا تجھ پہ — گھر نہ ایک گوہرِ رخشانِ یمن پھر آئے
بس وہاں جس کا دل و دیدہ حافظ یارب — بامراد اپنے سفر سے وہ وطن پھر آئے

اے آفتاب آئینہ دارِ جمالِ تو

خورشید تیرا آئینہ دارِ جمال ہو — مشکِ سیاہ سوختہ اسپندِ خال ہو
تجھ سی نہ شکل بن سکے آمادہ گر چہ حور — طغرا نویس ابروئے مشکیں مثال ہو
حلقہ بگوش تا بفلک ہو۔ اگر ادھر — جھکتی سی کچھ وہ ابرشِ رنگِ ہلال ہو

ناز و نعم کے اوج پہ ہے بادشاہِ حسن
اِس آفتاب کو نہ الٰہی زوال ہو

استادہ پیشِ تخت ہوں میں تہنیت کناں
جلدی کوئی تعینِ جشنِ وصال ہو

آئی لپٹ گلوں کی لپٹ جا گلے سے آ
اپنی بہار وہ لبِ فرخندہ فال ہو

مسکینِ دل کی خیر ہو! اُس چینِ زلف سے
آئے صبا پلٹ کے تو آشفتہ حال ہو

کتنا ہی صحنِ دیدہ کو دھویا کرے کوئی
گھر بھی تو اُس کے درخورِ خیلِ خیال ہو

کہہ خدمتِ وزیر میں کیا پہلے عرض ہو؟
اس دل کا شوق یا تری د وجہ ملال ہو؟

حافظ کمندِ زلف میں سر سرکشوں کے ہیں
سودائے کج بچانے کی کس کو مجال ہو!

اے پیکِ راستاں خبرِ سروِ ما بگو

اُس سرو کی سناؤ اے پیکانِ راستگو
مژدہ دو گل کا بلبلِ بستاں سرائے کو؟

جو محرمانِ خلوتِ خاص اُن سے پردہ کیا
ہم آشناؤں سے خبرِ آشنا کہو

اُس محتشم کے خط کو سُنے یہ فقیر بھی
دو کچھ گدا کو بھی خبرِ شاہ دوستو

جب زلف مشکبار وہ ہوتی تھی پُرشکن
کتنا خیال اُس کے جو ہم سے تھے موبمو؟

جب اُس نے گرد جھاڑی تھی دامانِ طرّہ سے
گزری جو دلِ غریب پہ آخر سُنیں تو وہ؟

جاؤ جو پھر کے تم درِ دولت سرائے پر
بعد ازادائے خدمتِ آداب عرض ہو

در راہِ عشق فرقِ غنی و فقیر کیا
کر بادشاہِ حسن گدا سے بھی گفتگو

کہتے تو ہو کہ "خاکِ درِ دوست توتیا"
دیکھو ملا کے آنکھ ہماری طرف بھی تو

شاہانہ بخش دیجو خطائیں فقیر کی
بد ہیں مگر بدوں میں نہ ہم کو گھسیٹیو!

مرغِ چمن تھا گریہ پہ کل میری زار زار
کیا وجہ تھی صبا ہمیں معلوم کچھ تو ہو؟

کب تک سبو میں ہوں نئی کے دل سے کھلاڑیاں
چھلکے گی کب قدح میں بتاؤ تو ساقیو؟

اے وہ جو ہم کو منع خرابات سے کریں
جا کر ہمارے شیخ سے یہ گفتگو کرو

بس جانفزا ہے قصۂ اربابِ معرفت
اک شمہ بھی کہوں تو بڑی داستان ہو

حافظ اگر اس کی بزم میں تجھ کو بھی بار ہو
مے پیجو از برائے خدا زرق چھوڑ دیو

اے خونبہائے نافۂ چیں گردِ راہ تو

قدموں کی تیرے نافۂ چیں خاکِ راہ ہو
خورشید سایہ پرورِ طرفِ کلاہ ہو

حد سے بڑھی ہیں شوخیاں نرگس کی دیکھ لے
تجھ پر یہ جاں نثار اے چشمِ سیاہ ہو

کر دے مجھے حلال، نمک دکھیں یہ جمال
کب اُن سے پھر رقم کوئی تیرا گناہ ہو

آرام و خوابِ خلقِ جہاں کا سبب ہو تُو
کیوں چشم و دل مرا نہ تری تکیہ گاہ ہو

کیوں دن میں تارے گننے کی نوبت نہ ہو مجھے
اوجھل نظر سے گر وہ رخِ رشکِ ماہ ہو

یارانِ ہم نشین ہوئے ایک ایک جدا تمام
اب میں ہوں اور وہ درِ دولت پناہ ہو

کل روزِ حشر پیش ہوں سب کے حساب جب
میری طرف بھی تھوڑی سی تیری نگاہ ہو

مایوس ہو کرم سے نہ حافظ کہ آخرش
سوزندہ سازِ غم کا یہی دودِ آہ ہو

اے قبائے بادشاہی راست بر بالائے تو

زیب دہ پوشاکِ شاہی کو قدِ بالا ترا
زینتِ تاجِ نگیں ہے گوہرِ والا ترا

آفتابِ صبح ہر دم جس سے ہوتے ہیں طلوع
ہے تری طرفِ کُلہ رخسارِ مہ سیما ترا

جلوہ گاہِ طائرِ اقبال بن جائے جہاں
ڈال دے سایہ ہمائے چترِ گردوں سا ترا

ہوں سہم شرع و حکمت میں ہزاروں اختلاف ۔۔۔ چوک جائے نکتہ کیا ممکن دلِ دانا ترا
سیکھے منقارِ بلاغت سے نہ کیوں آبِ حیواۃ ۔۔۔ طوطیِ شیریں سخن ہے کلکِ شکّر خا ترا
ہو یہ خورشیدِ فلک چشم و چراغِ کُل دے ۔۔۔ اُس کی آنکھوں کا بھی سُرمہ ہے غبارِ پا ترا
وہ جسے مانگے سکندر اور نہیں دے روزگار ۔۔۔ تھا وہ ایک چُلّوئے زلالِ جامِ روح افزا ترا
عرضِ حاجت کی درِ حضرت پہ کیا حاجت مجھے ۔۔۔ علمِ جزو کُل سے روشن قلب ہے شاہا ترا
خسروا حافظ کے پیری میں جوانی کے مزے ۔۔۔ اُن کا باعث ہے فقط عفوِ گنہ فرسا ترا

اے درچمنِ خوبی رویت چو گلِ خود رو!

اے درچمنِ خوبی ہم رنگِ گلِ خود رو ۔۔۔ ہے زینتِ گلشن کا گل یا نافۂ چین خوشبو
رخ مہ ہے کہ دن نکلا، ہے مشک کہ مو یا شب؟ ۔۔۔ ہے سیم کہ وہ تن یا عاج، ہو سنگ کہ دل یا رو؟
لعلوں میں دُرِ دنداں ہے خستہ لبِ پستہ ۔۔۔ زلفوں نے خمِ چوگاں میں گھیر لیا دل کو
خوشبو ہے یہ زلفوں کی یا لخلخۂ عنبر ۔۔۔ یا غالیہ سا گلشن میں خود گلِ خود رو
کہتے ہیں کہ راز اپنا مت یار سے تو کہنا ۔۔۔ اے کاش اسی عنواں ہو روئے سخن مجھ کو
بدگو ہے محبت سے جو منع کرے تجھ کو ۔۔۔ ہو یار اگر پیر یا سن مت سخنِ بدگو
دل ہم سے بطن بہتر تا راز نہ کھل جائے ۔۔۔ کچھ چوری نہیں اس میں۔ ہو دل شدگاں دلجو
استادِ غزل سعدی تسلیم ہر اک کو ہیں ۔۔۔ لیکن سخنِ حافظ ہے بر روشِ خواجو

بجانِ پیرِ خرابات و حقِ صحبتِ او

قسم ہے پیرِ مغاں کے حقوقِ صحبت کی ۔۔۔ مدام دل سے لگی تو ہے اس کی خدمت کی

دوام شعلۂ برقِ شرابِ تاباں باد ‎ ‎ اسی سے دل میں لگی آگ یہ محبت کی!
نہ دیکھ چشمِ حقارت سے رند کو زاہد ‎ ‎ کہ نیکی اور بدی تابع ہے ایک نیت کی
سر آستانۂ میخانہ پہ دھرے ہے کوئی ‎ ‎ پڑے نہ پاؤں خبر کیا کسی کی نیت کی
گناہگاروں کا مانا نہیں مقام بہشت ‎ ‎ نگاہ و بادہ کہ امید ہے شفاعت کی
نگاہ و بادہ سنا تھا شب کو ہاتفِ غیب ‎ ‎ امید سب کو کسی کے عمومِ رحمت کی
صلاح و تقویٰ پہ ہرگز یہ دل نہیں مایل ‎ ‎ دکھائی بادشہی کے وزیرِ دولت کی
گروہی خرقہ رہا حافظ رہا۔ ازل میں گر ‎ ‎ تھی خاکِ میکدہ ہی سے کسی نے طینت کی

تاب بنفشہ میدہد طرۂ مشکسائے تو

دیکھ بنفشہ جل بھرے۔ طرۂ مشک سائے دوست ‎ ‎ پردۂ غنچہ کھول دے خندۂ دلکشائے دوست
پھونک نہ کہہ کے گل بلبلِ زار کا نہ دل ‎ ‎ بھرتی ہو دل سے رات بھر بیٹھی دُم دعائے دوست
دشمن دوست کیا بتا جس سے ہو تیری کچھ غرض ‎ ‎ جورِ جہاں اٹھاؤں گا تا کہ ہو مدعائے دوست
خرقۂ زہد و جام مے، مجھ سے نہیں مناسبت ‎ ‎ سانگ بھرے ہیں رام ہو تا دل ہو فدائے دوست
سانس ملائکہ کا پھانس جس کی تھا طبعِ ناز کو ‎ ‎ قال و مقالِ دو جہاں سنتا ہو اب برائے دوست
پھر مری سرشت اور دوست کا در مری بہشت ‎ ‎ عشق ہو میری سرنوشت شاد ہوں در رضائے دوست
گدڑی میں مستِ عشق کی لعل چھپے ہیں دیکھنا ‎ ‎ ہے وہ فقیر بادشاہ ہے جو یہاں گدائے دوست
دردِ فراق و سوزِ عشق بھاگتے ہی دکھائی دیں ‎ ‎ ہاتھ لگے جو پھر بہ سنگِ در سرائے دوست
شاہ نشینِ چشم ہے تکیہ گہِ خیالِ یار ‎ ‎ سر بسجود ہی دعا و دست ہو اور یہ جائے دوست!
گل چمنِ عذار ہے رخ نہیں تو بہار ہے ‎ ‎ حافظِ خوش کلام ہے بلبلِ خوشنوائے دوست

خطِ عذارِ یار کہ بگرفت ماہ ازو

خطِ عذارِ یار سے گہنا یا ماہ بھی! — کیونکر نہ دُر رہو اس سے کوئی اِس کی راہ بھی؟
طاقِ مُرادماں سے ابروئے یار کو — ماتھا رگڑا یہاں پہ، ہو کچھ عرض خواہ بھی
اے دُردِ نوشِ مجلسِ جم سینہ صاف رکھ — دُھندلا کرے گی جامِ جہاں بیں کو آہ بھی
سلطانِ غم کرے جو ستم کر سکے ہمیں — خمخانے میں ہے بادہ بھی غم سے پناہ بھی
پیروں کے ہتھکنڈوں کے ہیں مظلوم مے پرست — گمراہ ہے اِس دھوئیں میں یہ نامہ سیاہ بھی
ساقی! چراغِ مے سے تبارِ راہِ آفتاب — چُندھیا رہا ہے مشعلِ صبحگاہ بھی
چھینٹا دے ایک نامۂ اعمال پر مرے — دُھل جائے جس سے نقطۂ حرفِ گناہ بھی
آخر اسی عمل سے تجھے اے گدائے شہر — آ جائے وہ دن کہ یاد کرے بادشاہ بھی
حافظ سے ٹھاٹھ مجلسِ عشاق کے ہیں ٹھیک — خالی رہے نہ اُس سے تری بزمگاہ بھی

گفتا بروں شدی بہ تماشائے ماہِ نو

کہتا ہے۔ جائے دیکھنے باہر تُو ماہِ نَو؟ — شرمِ اِن ہلال ابروؤں سے آئے نہ چل، برو
آیا گیا نہ ہو دلِ یاراں کہاں تلک — کن مدتوں سے ہے وہ پڑا زلف میں گرو
ہندوئے زلف سے نہ کر عطاریاں تُو عقل — وہ ایک ہزار نافوں کی قیمت دے نیم جو
اِس کشت زارِ عشق میں تخمِ وفا وبھر — پھُولے پھلے گا آئے گا ایک موسمِ دِرَو
ساقی پلا دے بادہ کہ سب راز کھول دوں — کیا ہیں یہ اخترانِ کہن سال و ماہِ نو
شکلِ ہلال یاد دلاتی ہے ماہوار — تاجِ سیامک اور کبھی طرفِ کلاہِ زو

حافظا ہے کوئے پیرِ مغاں مکتبِ وفا / سیکھے یہاں سے درسِ وفا تازہ نو بہ نو

گلشنِ عیش می دمد ساقیِ گل عذار کو

گلشنِ عیش پھولا ہے ساقیِ گلعذار ہو / بادِ بہار بھی چلی بادۂ خوشگوار ہو
ہر گل نو سے گلرخ ایک یاد چمن میں آئے یک / گوش سخن شنو ہو یا دیدۂ اعتبار ہو
جلسۂ عیش میں مہک پائیں گلِ مراد کی / عطرِ دمِ نسیمِ صبح نافۂ زلفِ یار ہو
حسن فروش ہو وہ گل صبر کروں میں اے صبا / بہرِ خدا تجھے بھی چل لے کے جہاں نگار ہو
شمع جو بزم میں سحر رخ کی کرے برابری / تیز زباں دراز پر خنجرِ آبدار ہو
بوسۂ لب کی بدگماں کہتا ہو چھوڑی آرزو؟ / جان اسی ہوس میں ہے کاش یہ اختیار ہو
حافظا اور اس طرح ہے صرف خزینہ دار نقد؟ / چھوڑ رہے غم زمانہ بھی وہ تو سخن گزار ہو؟

مزرعِ سبز فلک دیدم و داس مہ نو

مزرعِ سبز فلک کی ہے درانتی مہِ نو / یاد دلاتی ہے کشتِ عمل و وقتِ درو
لاکھ سوتا رہا ہر چند نکل آیا دن / جی مگر ہار نہ لے دوست رکھ امیدیں ہو
تکیہ بر اخترِ شب گرد نہ کر یہ عیار / تاجِ کاؤس اڑا دے کمرِ کیخسرو
تو بھی اٹھ پاک و مجرد دنبالِ عیسے / سینکڑوں نور ترا مہر پہ ڈالے پرتو
دون کی لے نہ لے گردوں دیکھے ہیں بہ / کاسۂ ماہ میں ایک خوشۂ پرویں میں دو جو؟
دورِ خوبی گوراں ہے یہ مرقع بالا / سن نصیحت تجھے کرتا ہے پکڑ کان کی لو
جس نے سینے میں نہ کی تخمِ وفا کی کھیتی / زرد روئی کے سوا کچھ نہ ملا وقتِ درو

چشمِ بد دور بڑھا پیادہ بہ درِ عرصۂ تن — دے گئی مات مہ و خور کو ترے خال کی ضو
رہ بجا دائرے میں نون کی طرح حلقہ بگوش — سہ جفا اور کفا جتنی پڑے تو بر تو
حافظا ازرق دریا خرمن پہ پھونکیں گے — پھینک کر خرقۂ پشمینہ رواں ہو رہرو

مرا چشمیست خوں افشاں ز چشم آں کماں ابرو

بنائی چشم چشمہ خوں فشاں چشم کماں ابرو — ایک آشوبِ زمانہ چشم ایک آشوبِ زماں ابرو
کیا مجھ کو اسیر اس ترک کے خوش خواب مستی نے — نگاریں گلشنِ رخ پر تھے مشکیں سائباں ابرو
نہ ہوں کا ہیدہ قتل نہ غم طغرائے مشکیں میں ؟ — دکھائے اس کے ہونٹے یوں ہلالِ آسماں ابرو
کمانِ حسن چشمِ مست کی پیوستہ زہ پر ہو! — اسی کی شہ پہ مہ پر تیر کھینچے ہے کماں ابرو
جبیں جانِ حزیں کے واسطے ایک طرفہ گلشن ہے — سمن زاروں میں ہے جس کے خرامانِ چماں ابرو
رقیبوں کو خبر کیا ہر دم اس چشم سیہ سے ہیں — پیام ایک ایک سے دلچسپ تر اور درمیاں ابرو
ترے نقشے کے آگے کیا پری اور حور کا چرچا — کب اس کی ایسی آنکھیں اس کی ویسی ہی کماں ابرو
نقاب ایک چہرہ پر ڈالے رہے کا فکر کرتا ہوں — مرا قبلہ بدلے پھیر کر وہ دلستاں ابرو
جو تھا مرغانِ دانا سے بھی زیرک عشق میں حافظ — سہام غمزہ نے کر ہی لیا صیدِ کماں ابرو

مطرب خوش نوا بگو تازہ بتازہ نو بہ نو

گائیں بجائیں خوش گلو تازہ بتازہ نو بہ نو — بادہ ہو گلگشت و آب جو تازہ بتازہ نو بہ نو
ایک صنم حسین ہو پردے میں ہم نشین ہو — بوسہ ہو جائے گفتگو تازہ بتازہ نو بہ نو
ساقیِ سیم ساق دے رنگ برنگ کے بھرے — ساغر و جام مشکبو تازہ بتازہ نو بہ نو

فائدہ کیا اگر جیے ، جو نہ مدام یوں پیے
ہاتھ میں جام دل میں تو تازہ بتازہ و نو بنو

شاہدِ دلربا مرے ، ہیں مرے واسطے ترے
نقش و نگار و رنگ و بو تازہ بتازہ نو بنو

بام پہ ہوگا وہ پری باد صبا سنا ذری
قصۂ حافظ اس سے جو تازہ بتازہ نو بنو

ساقیا سایۂ ابر است و بہار و لب جو

ساقیا دیکھ یہ ابر او بہارِ لب جو
میں کہوں ؟ اس کی ضرورت کیا سمجھ آپ ہی تو

کان دھریں کہ سُناتی ہے فغانِ بلبل
سونگھ لے آہ مہکتی گلِ توفیق کی بو!

شکر کر اس کا کہ پھر تجھ کو دکھائی یہ بہار
یہ ثمر پایا تو ایک تخم سعادت بھی تو بو

اُس کے دیدار کا طالب ہے تو مانجھ آئینے کو
سطح رو میں سے اُگیں گے گُل و نسرین نہ بو

خاک میخانہ ہو بننا تو تجھے لازم ہے
سر کے بل راہ میں میخانے کی چندے تگ و پو

ایک نصیحت ہے یہ صد گنج گہر سے بھاری
عیب جو گر نہ ہو لوگوں کا رہے عیش میں تو

بوئے یکرنگی نہ اس قوم میں پائی واللہ
دلقِ آلودۂ صوفی کو مئے ناب سے دھو

وے جہاں دیدہ ثباتِ قدم اس منزل میں؟
مال سفلہ ہے جہاں اس کا نہ احسان لے تو

اپنے حافظ سے کہا بوئے ریا آتی ہے؟
خوب تھنوں نے ترے سونگھنی جانی خوشبو!

از خونِ دل نوشتم نزدیک یار نامہ

دل کے لہو سے لکھتا ہوں نزدِ یار نامہ
اِنّی رأیتُ دهراً فی الہجر کالقیامہ

محتاجِ شرح حالِ زخم دروں نہیں ہے
اُس کو کرے گا ظاہر خود آب چشم خامہ

ہیں ہجر کی ایک آیت دیدے بصد علامت
لیس الدموع عینی هذا لنا علامہ

ہر چند آزمایا پر نامفید پایا — من جرّب المجرّب حلّت به الندامه

جو گر طلوا نت جاناں کرنے میں ہو ملامت — واللہ ما رأینا حبّا بلا ملامه

باد صبا نے ناگریوں وہ نقاب لٹا — کالشمس فی الضحیٰ ہا تطلع من غمامه

حافظ ندیدہ آیا اک جام دے کے اس کو — حتی یذوق منه کأسا من الکرامه

اے از فروغ رویت روشن چراغ دیدہ

روشن ہے نور رخ سے کیا کیا چراغ دیدہ — ان مست انکھڑیوں کا ہے ایک جہاں ندیدہ

یہ تجھ سا نازنیں ایک سر تا بہ پا لطافت — دیکھا کہاں ہے کس نے ہے کون آفریدہ؟

دیکھے گر اس کے یاقوت میں فردش زاہد — سجادہ چھوڑ دوڑے پیمانے پر ہی سیدھا

ابرو میں قصد خوں میں آنکھوں بھری شرارت — بیٹھی ہو یہ کمیں میں اور وہ کماں کشیدہ

کب تک کبوتر دل تڑپے گا نیم بسمل — اتنا تو تیر ہجراں سے رہ چکا طپیدہ

سوزش سے دل کی شعلے سرزد دماغ سے ہیں — خود داگر رسا کب تک آتش میں آرمیدہ؟

کر جلد راضی نامہ نالش نہ کردے حافظ — کتنا تجانے گیا دل دے کر فریب دیدہ

از من جدا مشو کہ توام نور دیدۂ

مجھ سے نہ ہو جدا کہ مرا نور دیدہ ہے — آرام جان و مونس قلب رمیدہ ہے

دامن پکڑ کے اب نہیں چھوڑیں گے اہل دل — دامان صبر تیرے ہی ہاتھوں دریدہ ہے

اس شکل دلبری کو الٰہی نہ ہو نظر — اک حسن تا نہایت خوبی رسیدہ ہے

کر منع اس کے عشق سے اے مفتیِ زماں — دیکھا نہیں ہے اس کو یونہی بد عقیدہ ہے

حافظ بجا ہوا اس کی شکایت بھی دیکھئے
چادر سے پاؤں کس قدر آگے کشیدہ ہے ؟

اے کہ با سلسلۂ زلف دراز آمدۂ

لے کے ایک سلسلۂ زلفِ دراز آ ہی گیا
دل کا اللہ رکھے دیوانہ نواز آ ہی گیا

آبِ آتش کا دکھاتے ہیں تماشہ لبِ لعل
چشم بد دور بن ایک شعبدہ باز آ ہی گیا

مرحبا اہلِ دلی پر تری چھوڑا نہ ثواب
اپنے کشتے کی تو پڑھنے کو نماز آ ہی گیا

صبر اب کیوں کرے شیخ زہد کی ہستی کیا ہو
مست طناز بخلوت گہِ راز آ ہی گیا

ناز بھی چھوڑ دے اپنے یہ خلافِ عادت
گر پئے پرسشِ اربابِ نیاز آ ہی گیا

صلح کے واسطے بیٹھا کہ اٹھا لڑنے کو
ڈھل کے سانچے میں ہر انداز سے ناز آ ہی گیا

خرقہ حافظ ترا پھر دیکھا شراب آلودہ
کیا کہیں یاروں کے مشرب سے تو باز آ ہی گیا

چراغ روئے تو گشت است شمع پروانہ

چراغِ رخ پہ رہی اس کے شمع پروانہ
کبھی نہ عشق میں یوں ہم نے خود کو گردانا

کرے جو قیدِ مجانین عشق پیرِ خرد
ہوا ہے حلقۂ زلفِ پری کا دیوانہ

صبا سے سن کے ہوئی دم میں شمع شادی مرگ
کہ شمع رخ سے تری پایا ایک پروانہ

نثارِ زلف یہ اک جاں ہوئی بلا سے ہوئی
ہزار جانیں ہیں پیاری فدائے جانانہ

سپندِ آتشِ رخ کا نہ بن سکا کوئی
سوائے خالِ سیہ بس وہی تھا ایک دانا

دکھا کے اپنے کمالات اس کو کیا پایا
مرے فسوں ہوئے سب اس کے آگے افسانہ

کسی کا ذکرِ دہن دے رہا ہے یہ پیماں
زباں پہ آئے نہ کچھ جز حدیثِ پیمانہ

غریب دل تو غضب دیکھ کر یہ ڈھے ہی گیا — دھرے ہے یار کے کاندھے پہ ہاتھ بیگانہ
ہے نام خانقہ و مدرسہ زباں پہ حرام — لگی ہے تجھ کو وہ حافظ ہوائے میخانہ

خنک نسیم معنبر شمامۂ دلخواہ

وہ ٹھنڈی ٹھنڈی نسیم عنبری کہ واہ وا واہ — چلی جو جھوم کے پہونچی یہاں قریب پگاہ
تو خضرِ راہ ہوا ہے طایرِ خجستہ خصال — ہوا ہے آپ یہ دیدۂ بحسرتِ درگاہ
غریقِ خونِ دل اِس جسمِ زار کو دیکھے — پڑی ہلال کے پیچھے ہو کیا شفق میں نگاہ
قسم ہے عشقِ رُخِ یار کی کہ بعد وصال — کھلے گلاب مری قبر پر اُگے نہ گیاہ
میں ہی ہوں ہجر کی اس زندگی سے شرمندہ — تو ہی معاف کرے ورنہ کیا ہے عذرِ گناہ
ملال خاطرِ نازک میں تیری راہ نہ پائے — چلا یہ حافظ اِسی لحظہ بول بسم اللہ

زریں قبا ہمہ شد شرب زرکشیدہ

زریں قبا چلا وہ دامن بچائے سیدھا — حسرت سے ماہر سب جیب کتاں دریدہ
آثارِ گرمیٔ مے رخسار سے نمایاں — یا برگِ گل پہ شبنم روشن کیے تھی دیدہ
یاقوت جاں فزا وہ۔ زائیدۂ لطافت — شمشادِ خوش خرامی ایک ناز آفریدہ
رُوئے لطیف و دلکش، قدِّ بلند و بالا — آواز نرم و شیریں آنکھیں بڑی کشیدہ
دلچسپ ہونٹ دیکھو، ہنسنا ذرا سنو تو! — دو دو قدم وہ چلنا۔ ہو جانا آرمیدہ
بچ کر گیا ہے مجھ سے یہ آہوئے سیہ چشم — یارب رہے گا کیونکر اب یہ دل رمیدہ
کیا کیا نہ مانوں احساں اے میرے خواجہ تیرے — آئے جو ہاتھ میرے وہ میوۂ رسیدہ

کب تک عتاب ہوں گے۔ یہ نیم خواب ہوں گے ۔۔۔ اے چشم بس کرم کر۔ اے نورِ ہر دو دیدہ
ہرگز نہ تنگ کیجو اہلِ نظر کو حسن سے ۔۔۔ دُنیا تو بے وفا ہے یہ دوست برگزیدہ
خوش ہو کہ توبہ کرلی اس نے کہے سُنے سے ۔۔۔ حافظ سے گر طبیعت تیری ہو کچھ کبیدہ

دوش رفتم بدرِ میکدہ خواب آلودہ

شب میں پہنچا درِ میخانہ پہ خواب آلودہ ۔۔۔ خرقہ تر دامن و سجادہ شراب آلودہ
نکلا غصہ میں بھرا مغبچۂ بادہ فروش ۔۔۔ بولا ہشیار ہو اے رہروِ خواب آلودہ"
جا بدل کپڑے نہا دھو کے خرابات میں آ ۔۔۔ "تجھ سے ہو جائے نہ یہ دیرِ خراب آلودہ"
دُھن میں شیریں دہنوں کی یہ کریگا کبتک ۔۔۔ "جوہرِ رُوح کو یاقوت مذاب آلودہ"
باطہارت گذر اس منزلِ پیری سے کر ۔۔۔ "جامہ پیری کا بہ اوضاعِ شباب آلودہ"
اس سمندر میں رہِ عشق کے دانا اُترے ۔۔۔ "غوطہ زن پار ہوئے پر نہ با آب آلودہ"
پاک کرتا ہے جو ایک آبرو اُن کا پانی ۔۔۔ "صاف کرتا نہیں وہ آبِ تُراب آلودہ"
پوچھا اے جانِ جہاں دفترِ گُل ہے ہی کیا ۔۔۔ "موسمِ گُل میں کرے گر مے ناب آلودہ"
بولا یاروں سے تو یہ نقرہ نے چل جا حافظ ۔۔۔ "ہائے یہ لطف اور اس درجہ عتاب آلودہ"

سحرگاہاں کہ مخمورِ شبانہ

اُٹھا میں صبح مخمورِ شبانہ ۔۔۔ پیا ساغر سنانے سے ترانہ
یہ ہر دو زادِ رہِ دانش کو دے کر ۔۔۔ کیا ہستی کے کوچے سے روانہ
جگا دی مغبچوں ایک پڑھ کے افسوں ۔۔۔ بھلا دیتی ہے سب فکرِ زمانہ

کماں ابروئے ساقی کھنچ رہی ہے | ملامت کا مجھے کر کے نشانہ
کمر کی طرح گم ہو تیری ہستی | اگر ہستی کو اپنی تو نے مانا
پھنسا اس دام میں بیدی کوئی جا | کہ عنقا کا ہے اونچا آشیانہ
وہی مطرب ہی ساقی وہی گل | یہ شکلیں ظاہری ہیں سب بہانہ
امید فائدہ اس حسن سے کیا | رہے جو تم تو اپنا جاودانہ
نہ جز ایک کشتی مے پار ہوگا | یہ دریا جس کا غائب ہے کرانہ
مکاں خالی ہو بیگانوں سے ہوش | ہے تو ہی تو نوائے مردِ یگانہ
وجود اپنا ہے حافظ وہ پہیلی | کسی نے بوجھ ہی جس کو نہ جانا

عید است و موسم گل ساقی بیار بادہ

عید اور موسم گل۔ دے بھر کے یار بادہ | دیکھا نہ آج کے دن خالی قدح نہادہ
اس زہد و اتقا سے افسردہ ہو رہا ہوں | ساقی قدح دے بھر کر ہو جائے دل کشادہ
واعظ جو کل تلک تھا ناصح ہم عاشقوں کا | آج اس مست کو دیکھا چھلکیے ہوئے لبادہ
ایام گل جو باقی ہیں اس طرح سے گزریں | عاشق ہوں اور مزے ہوں اور ساقیان سادہ
پینے میں صبح کی ہو یہ شغل خوبصورت | ساقی کا رخ بھی جھلکے چھلکے جو جام بادہ
جلدی بہار یارو غافل نہ اب تو بیٹھو | بے ساز و راگ و رنگ و بے یار و جام بادہ

مطرب بھی سر ملائے اچھا ہو کچھ جو گائے
منجملہ شعر حافظ در بزم شاہزادہ

عیشم مدامست از لعلِ دلخواہ

اُس لب سے دایم ہے عیشِ دلخواہ — صحبت ہے قایم الحمد للہ!
طالع پہ ہو بن پہنچیں اُس کو اور کس — چکھیو وہ نورس پی جام دلخواہ
رندی میں مجھ کو کرتے ہیں شہرہ — پیرانِ جاہل شیخانِ گمراہ
از قولِ زاہد۔ اللہ توبہ — وز فعلِ صوفی۔ استغفراللہ
کیونکر بیاں ہو۔ حالِ شبِ ہجر — آنکھوں سے آنسو ہیں دل سے ایک آہ
کافر دیکھے وہ غم جو دیکھا — اے سروقامت اے عارضِ ماہ!
زنار رہ ہے مکارہ گدڑی — کیا جانے صوفی یہ رسم یہ راہ
شب اُس کے رخ سے کیا خوش گزرتی — ہاں وصلِ جاناں! صد لوحش اللہ
تیری خوشی میں بھولا ہے حافظ — وردِ شبانہ درسِ سحرگاہ.

گر تیغ بارد در کوئے آں ماہ

برسے تو برقِ شمشیر اے ماہ — گردن جھکا دیں الامر للہ
ہم رند و عاشق لیں نام توبہ — استغفراللہ! استغفراللہ
آئینِ تقوے سب جانتے ہیں — لیکن کریں کیا ہے بخت گمراہ
کیا شے ہے شیخ اور کیا چیز زاہد — دے یار بادہ کر قصہ کوتاہ
اے دل نہ کر غم گر وصل چاہے — پی گھونٹ خوں کے ہر گاہ و بیگاہ
الصبر مُرٌّ والعمر فانی — یا لیت شعری حتّی متی القاہ
پگھلا نہ ہم پر گھبرا کر — آئینہ رو کا آہن دل اے آہ

حافظ نہ ہوتا اتنا بھی بیدل ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ سنتا اگر تو پند بہی خواہ

ماہِ من پردہ بر انداختہ یعنی چہ؟

اے قمر پردہ بر انداختہ کیوں کیا معنی ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ مست بے پردہ بروں تاختہ کیوں کیا معنی
شاہ خوباں ہے فقیروں کا ہے منظور نظر ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ جان کر مرتبہ نشناختہ کیوں کیا معنی
زلف کھاتی ہے ہوا گوش بہ پیغامِ رقیب ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ساز غیروں سے یہ بے ساختہ کیوں کیا معنی
سلسلہ زلف کا تو نے ہی سنبھالا تھا جنہیں ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ اب وہی نظروں سے انداختہ کیوں کیا معنی
مہرۂ مہر لیئے تیرا ہر ایک کھیلتا ہے ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ آہ ہر ایک پہ دل باختہ کیوں کیا معنی
رمزِ لب فاش کریں، کھولے یہاں رازِ کمر ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ تیغ ہو سر پہ مرے آختہ کیوں کیا معنی
اِس دلِ تنگ میں حافظ ترے کیا یار سمائے ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ خانہ از غیر نہ پرداختہ کیوں کیا معنی؟

گفتم اے دوست شدم عاشقِ آں زلفِ سیاہ

بے طرح ہو گئی دل کو مرے زلفِ سیاہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ بولا۔ لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ
چاہیئے از سرِ نو تجھ سے نیا عشق کروں ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ اس محبّت کی تو اب اُڑ گئی سب بیں افواہ
آفتابِ رُخِ زیبا کی نہ یہ ہوٹ چلے ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ سو کھ کر اس میں ہیں جاؤں بلا سے پرِ کاہ
مار کر حافظِ مسکیں کو نہ یوں رسوا کر ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ حیف دھکے کسی مسکین کو دلوائے نہ شاہ

نصیب من چو خرابات کردہ است الٰہ

نصیب جب کہ خرابات خود کرے اللہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ تو بول زاہدا تو ہی کہ میرا کون گناہ؟

ازل میں دیدیں جسے جامِ مے اسی سے پھر / بروزِ حشر ہو پرسش گناہ کی، اے واہ!
عجب ہیں زاہدِ سالوس خرقہ پوش دو رو / دراز دستیاں یہ کچھ اور ہم آستیں کوتاہ
ہوس کے پیچھے ہوا ہے تو خرقہ پوش مگر / کہ بندگانِ خدا کھائیں دھوکے، ہوں گمراہ
غلامِ ہمتِ رندانِ بے سر و پا ہوں / جہاں نگہ میں ہے جن کی حقیر ایک پرِ کاہ
مراد چونکہ خرابات سے ہوئی حاصل / لہٰذا مدرسہ و خانقہ کی چھوڑ دی چاہ
چلے گدائے درِ ہر گدا بنے حافظ / یقیں ہے پائے جو یوں مانگتا پھرے بقدر!

وصال او زعمرِ جاوداں بہ

وصال اس کا کہ عمرِ جاوداں خوب / خداوندا وہ دے سب جو یہاں خوب!
نہ کھا کر زخم دل کہنا کسی سے / ہے، رازِ دوست دشمن سے نہاں خوب
دکھا کر پوچھتا تھا کس نے دیکھے / دُرِ ان دو گوشواروں سے یہاں خوب؟
نہ زاہد خلد کی دعوت دے ہم کو / ہر ایک سیب زنخ از بوستاں خوب
غلامی کا نشاں ہو اور وہ در ہو / قسم اس کی یہ از ملکِ جہاں خوب
جو گل اس سرو کے قدموں سے پامال / نہیں کھلے سے اس کے ارغواں خوب
خدارا اے طبیبو کچھ تو بولو / کہ ہوں گا کب میں زار و ناتواں خوب؟
جوانو! پندِ پیراں سے نہ بھاگو / کہ رائے پیر از بختِ جواں خوب

گہر اس منہ کی باتیں شعرِ حافظ
گہر سے بھی پئے دُرجِ دہاں خوب

اکنوں کہ زگل باز چمن شد چو بہشتی

پھر ہے گل و لالہ سے چمن تازہ بہشت ایک
ساقی ہو مے لعل و زمرد بھری کشت ایک

زنگِ الم دل مے گلرنگ سے دھل جائے
سن تو بھی مجھے کہتا تھا یہ پاک سرشت ایک

کاسے پہ ترے محتسب اٹھا ہے لئے سنگ
سر توڑنے کو اس کے اٹھا تو بھی تو خشت ایک

یکساں ہے فلک کو ترا علم اور مرا جہل
آنکھیں ہی نہ ہوں جس کے اسے خوب و زشت ایک

بخشش نقد آج ہی زاہد ہے میسر
ایک حور کا ٹکڑا ہے مکاں مثلِ بہشت ایک

ترسا بچے بھی کہتے ہیں افسوس ہے حافظ!
ہر روز تجھے سوجھتی ہے تازہ کنشت ایک

اے بادِ نسیم یار داری

مس کر کے نسیم یار تجھ کو
کر دیتا ہے مشکبار تجھ کو

طرّے سے نہ کر دراز دستی
چھوڑ اس سے ہو کون کار تجھ کو

مشکِ تر رخ کے رشک سے گل
حاصل ہے جگر میں خار تجھ کو

ریحاں خطِ سبز کے مقابل
آئینے سے ہے غبار تجھ کو

نرگس تو ان آنکھوں سی کہاں ہے
وہ مست ہیں اور خمار تجھ کو

اس قامتِ خوش کے سامنے سرو
کیا باغ میں اعتبار تجھ کو

عشق اس کا اگر بجا ہو تو عقل
کس چیز پر اختیار تجھ کو؟

وصل ایک نہ ایک دن ہو حافظ
ہو طاقتِ انتظار تجھ کو!

اے بادشہ خوباں داد از غم تنہائی

دے بادشہ خوباں۔ دادِ غم تنہائی!
آ۔ وقت ہے۔ دم نکلا، مر جائیں گے بن آئی

ہے درد ترا درماں ہوں نزع میں جب ارماں
اور یاد تری مونس در عالم تنہائی!

یہ شوق یہ مجبوری! بس حد سے بڑھی دوری
چھٹتا ہے کوئی دم میں دامانِ شکیبائی

ساقی! چمنِ گل ایک کھل جائے ترے رخ سے
شمشاد خراماں ہو۔ سمجھیں کہ بہار آئی

اس شیشۂ میناے مے خونِ جگر سی دے
حل ہو گی نہ یہ مشکل بے ساغرِ مینائی

اس باغ میں گل دائم شاداب نہیں رہتے
کام آئے ضعیفوں کے طاقت ہے اگر پائی

صد بادِ صبا جیسے چکر میں ہیں خود کیسے
ہمرہ ہیں یہ سب تیرے کر بادیہ پیمائی

پرکار کا نقطہ ہیں گھیرے میں ہیں کیا بولیں
جو بات کہی تو نے بس خوب ہی فرمائی!

فکر اپنی، سمجھ اپنی، رندی میں نہیں چلتی
ہیں سخت گنہ اس میں خود بینی و خود رائی

یہ نکتہ الٰہی ہم حل کس سے کریں جا کر
دکھلائی نہیں دیتا۔ پھرتا تو ہے ہرجائی؟

زلفوں کا تری شکوہ کرتا تھا صبا سے شب
بولی کہ غلط ہے سب، بن تو بھی نہ سودائی!

حافظ شبِ فرقت میں خوشبوئے سحر سونگھی
شادی یہ مبارک ہو اے عاشقِ شیدائی!

اے بیخبر بکوش کہ صاحب خبر شوی

اے بیخبر یہ چاہ کہ صاحب خبر ہو تو
بن دیکھے راہ کے نہ کہیں راہبر ہو تو

مکتب میں معرفت کے پڑھ استادِ عشق سے
اب وقت ہے کہ پھر تو پسر سے پدر ہو تو

مردانہ وار چھوڑ خیالِ مسِ وجود
اور کیمیائے عشق سے مس ہو کے زر ہو تو

پھینکا ہی خوابِ خور نے تجھے دورِ عشق سے — چاہے جو قربِ دوست تو بیخواب و خور ہو تو
گر نورِ عشقِ حق ہو دل و جان میں ترے — واللہ آفتاب سے بھی خوب تر ہو تو
نورِ خدا ہے بخدا سر سے پاؤں تک — رستے میں ذوالجلال کے بے پا و سر ہو تو
بنیادِ ہستی ہوتی ہے زیر و زبر ضرور — جن مست محل ہوا ہیں کہ زیر و زبر ہو تو
حافظ وصال کی ہو اگر جی میں کچھ ہوس — لازم کہ خاکِ درگہِ اہلِ بصر ہو تو!

اے از رخِ تو پیدا انوارِ پادشاہی

رُخ سے ہیں تیرے پیدا انوارِ بادشاہی — ہر فکر میں ہیں پنہاں صد حکمتِ الٰہی
نوکِ قلم سے ماشاءاللہ! ملک و دیں میں — صد چشمہ آبِ حیواں جاری ہو روشنائی
انوارِ اسمِ اعظم کیا چمکیں اہرمن پر — تاج و نگیں ہیں تیرے تو تیری بات چاہی
شکِ شوکتِ سلیماں میں لائیگا جو انساں — عقل اور سمجھ پہ اسکی ہنس دینگے مرغ و ماہی
کانِ یمن پہ بھی گر برسے یہ تیغ تیری — رنگِ عقیق کو بھی کر ڈالے سبز کاہی
زاری پہ شب نشینوں کی دل ترا بھر آئے — پوچھے تو حال کہہ دے سب بادِ صبحگاہی
لینے دے ہم کو ساقی آب از چہ خرابات — خرقوں سے ہم کو دھونا ہی عُجبِ خانقاہی
یوں باز کے بھی سر پر دیکھی کلاہ لیکن — مرغانِ قاف ہی پر سجتا ہے تاجِ شاہی
آدم کے گھر میں جب سے یہ راج پاٹ آیا — ہے علمِ سلطنت کا تجھ کو ہی بس کماہی
یا ملجاءَ البرایا، یا واہبَ العطایا — عطفاً علیٰ مقلٍ حلت بہ الدواہی
خوشخط قلم وہ تیرا در حقِ دوست دشمن — تعویذ جانفزا ہے، افسونِ عمر کاہی
آدم صفی پہ ٹوٹی بجلی گناہ کی جب — پھبتا نہیں کسی پر دعوائے بیگناہی!

خلقت ہوئی ہے تیری اکسیر آبرو سے
دولت کو تیری کیا ہو اندیشۂ تباہی

اندھیر ہوں فلک کے تو وہ ملک صفت ہے
چھوڑے نہ نام ظلمت تیری جہاں پناہی

کرتا ہے تجھ کو حافظ گہہ گہہ وہ یاد پھر کیوں
بدبخت کی شکایت؛ واجب ہے عذر خواہی

اے دل آں بہ کہ خراب مے گلگوں باشی

اے دل اب رہیے خراب مے گلگوں ہو کر
عیش ہی عیش ہے پھر مفت میں قاروں ہو کر

صدر کرتے ہیں فقیروں کو جہاں ہمت سے
ہم بھی واں سب پہ رہیں فائق و افزوں ہو کر

تاج شاہی کی ہوس ہے تو دکھا جوہر ذات
بار پائے گا نہ یہاں ابن فریدوں ہو کر

منزل الفت لیلےٰ میں بہت خطرے ہیں
اولیں شرط یہ ہے آیئے مجنوں ہو کر

کارواں چل دیا سوتے میں دلا کیسی کروں!
کس سے پوچھوں کدھر اس دشت میں جاؤں ہو کر

چٹکلا ہے یہ فقیروں کا اگر یاد رہے
در بھی دیکھے گا مگر در سے بیروں ہو کر

ساغر ایک آپ بھی پی دور فلک پر بھی چھڑک
ورنہ بہتا ہے کوئی دم میں جگر خوں ہو کر

حافظا فقر سے نالاں نہ ہو یہ شعر ترے
کسی خوش دل کو نہ خوش آئیں گے محزوں ہو کر

اے دل بکوئے عشق گذارے نمی کنی

پھرا گلی میں دوست کی یار ایک نہیں کیا؟
سامان سارے جمع تھے کار ایک نہیں کیا؟

ٹھوکی نہ گیند ہاتھ میں بلا لئے رہا؟
شہباز ہاتھ پر تھا نہ شکار ایک نہیں کیا؟

یہ موج خوں رہی ترے سینے میں موجزن
رنگ اس سے لے کے نقش نگار ایک نہیں کیا؟

شمل صبا تجھے دم تسکیں نہ کیوں ملا؟
اس کے گزر میں تو نے گزار ایک نہیں کیا؟

اوروں نے دے کے جان غمِ جاناں خریدا ہو — اس فائدہ کا تو نے تو کار ایک نہیں کیا؟
صد ساغرِ لطیف لنڈھا دئے خاک میں — اندیشۂ بلائے خمار ایک نہیں کیا؟
ڈر ہے کہ گل سے جھاڑ کے داماں نہ جائیو — برداشت اس چمن میں جو خار ایک نہیں کیا؟
حافظ روا نہیں ہو کہ طاعت میں دوست کی — سب ہیں یہ تو نے سجدہ بھی یار ایک نہیں کیا؟

اے دل اگر از چاہِ زنخداں بدر آئی

دل چھوڑ کے گر چاہِ زنخداں نکل آئے — ہر بزم سے ہو زود پشیماں نکل آئے
ہشیار! نہ پڑ وسوسۂ عقل میں، مت بھول — آدم سے چھٹا روضۂ رضواں نکل آئے
کب تک میں صبا کی طرح پڑھ پڑھ کے کروں دم — غنچے سے وہ گلِ خرم و خنداں نکل آئے
فرقت کی شبِ تار میں دم گھٹنے لگا ہے — اب کب تلک اللہ مہِ تاباں نکل آئے!
دم جانے کو ہے لعل رواں بخش کے پیچھے — ظلمات سے خورشیدِ درخشاں نکل آئے
شاید تجھے گرداب سے گردوں یہ بچالے — گر تشنہ لب از چشمۂ حیواں نکل آئے
جل تھل کئے ہم نے ترے دروازے کے آگے — شاید کبھی تو سروِ خراماں نکل آئے
دن بھرتا ہے خانۂ محنت میں کہاں تک — اس قید سے اب حکم دے سلطاں نکل آئے
حافظ نہ کر اندیشہ، چھٹے یوسفِ مصری — تجھ سے بھی چھٹے کلبۂ احزاں نکل آئے

اے قصۂ بہشت ز کویت حکایتے

جنت کا ذکر، تیری گلی کی حکایت ایک — آبِ حیات تیرے ہی لب سے کنایت ایک
اعجازِ عیسوی، ترے ہونٹوں کی ایک ادا — حوروں کا حسن، تیرے ہی رخ کی روایت ایک

پاتا نہ بار مجلسِ روحانیاں میں عطر! — خوشبو نے تیری گل سے یہ کی ہو رعایت ایک
اے خاکِ آستاں کی تمنا۔ جلا دیا! — تو نے بھی کی صبا نہ ہماری حمایت ایک؟
ہوں اُس کی یاد دوزخ میں جلائے ہزار بار — دوزخ سے مجھ کو ہوگی نہ ہرگز شکایت ایک
بوئے کبابِ دل نے بسایا جہان کو — اس آتشِ دروں میں بھی دیکھی سرایت ایک
اے دل گنوائے دانش و دیں مفت کھوئیے — سرمایے کیسے کیسے کہ ہوتا کفایت ایک
سیپارہ دل۔ ہر ایک پارہ از شرحِ غم ولے — ہر سطر تیری یاد میں رحمت کی آیت ایک
تجھے بھی آہ و نالہ سے حافظ کا مدعا؟ — لطف ایک کرے وزیرِ شہنشاہ عنایت ایک

اے زشرمِ عارضت گل کردہ خوئے

شرمِ عارض سے پسینا گل کو ہے — پانی پانی لعلِ لب سے جامِ مے
اوس ہے لالہ میں یا گل میں گلاب — آب و آتش یا پسینہ رخ پہ ہے
وہ کمانِ ابرو تھی اور جھل ہو رہی — دل بھی تیرے پیچھے گم تھا پے بہ پے
میں نہ اٹھوں گا پڑی جب تک بنی لف — کہہ مؤذن جس قدر کہنا ہو "حے"
ہاتھ میں لے چنگ کو مطرب ذرا — نَے دبا ایسی کہ کھنچے پے بہ پے
نَے دمے لب بر لبِ مطرب اُدھر — ناخنوں سے چنگ میں جاری ہو لَے
ایک چلو پر میں دیتا جان ہوں — جان لے کر مجھ سے دیدے جامِ مے!
ہوں بنی عامر میں مجنوں سینکڑوں — حے میں مبتلا و کوئی لیلے بھی ہے؟
شعبدے اب چرخ دکھلاتا رہے — ہے پناہِ حضرتِ دارائے رَے
خسروِ آفاق بخشش کی عطا — کر چکی ہے شہرتِ حاتم کو طے

غم نہ کھائے پی کے حافظ تجھ کو کیا   کون تھے؟ کب تھے؟ جم و کاؤس و کے؟

اے کہ بر مہ از خطِ مشکیں نقاب انداختی

خطِ مشکیں ڈال دی رخ پر نقاب اچھا کیا   لے لیا سائے میں اپنے آفتاب اچھا کیا
ہٹ گئی تو ہٹ گئی چہرے سے تھوڑی سی نقاب   چھپ گئے حور و پری در پسِ حجاب اچھا کیا
گنجِ عشق اپنا چھپایا اس دلِ ویران میں   کر دیا معمور یہ کنجِ خراب اچھا کیا
پیچ کیا لاتے ہیں اب وہ سنبلِ پیچاں کے بل   رنگِ نرگس نے تو نیرنگِ شباب اچھا کیا
صیدِ دل کے واسطے ڈالی گلے زنجیرِ زلف   سب سے یہ احسان لے مالکِ رقاب اچھا کیا
شورِ دزد و پاسباں پر رکھا خوب اہتمام   کر کے بے خواب ہم کو تو نے لاجواب اچھا کیا
نصرت الدین شاہ یحییٰ اس کے پائے بوس کو   جھک گیا تا خاک تاجِ آفتاب اچھا کیا
آذریں تو بڑھ گیا سب سے جہانِ حسن میں!   جامِ خسرو لے کے جیت افراسیاب اچھا کیا
سیرِ آبِ تیغ سے شیرانِ تشنہ لب کیے   خوں نہنگوں کو پلایا جائے آب! اچھا کیا
تختِ جم پر جامِ عالم بیں رہا اب بادہ نوش   شاہدِ مقصود کی کھولی نقاب اچھا کیا
شمعِ رخ سے اس کے یوں تو عام ہی ہر دل کو لاگ   پر نے پروانے کے خاص ایک اضطراب اچھا کیا
رندیاں مجھ مست کی طاعت سمجھ کر ہوں قبول   تیرا چاہا تھا بامیدِ ثواب اچھا کیا
نرگسِ مخمور چشم بادہ کش نے دے فریب   حافظِ گوشہ نشیں کو بھی خراب اچھا کیا

اے کہ دایم بخویش مغروری

خود بخود یہ مدام مغروری   عشق تجھ کو نہیں، ہے معذوری

پیچھے مجنوں عشق کے مت پڑ
عقل پائی خدا سے گر پوری

مستی عشق ترے سر میں نہیں
مست ہے پی کے آبِ انگوری

روئے زرد اور نالۂ پُر درد
عشق کے ہیں گواہ رنجوری

چھوڑ اس ننگ و نام کو حافظ
مانگ ساغر مٹا یہ مخموری

اے کہ در کشتنِ ما ہیچ مدارا نہ کنی

قتل میں کوئی مروت جو گوارا نہ کرے
گھر بھی تاراج کرے پھونک دے پروا نہ کرے

غم کے مارے ہیں ترے زہر ہلاہل پیتے
خون اس فرقہ کا مہلک ہے خدارا نہ کرے

رنج اپنا اگر ایک نیم نگہ سے جائے
شرط انصاف نہیں چشم ادھر وا نہ کرے

دیدے بہہ بہہ کے مرے راہ میں دریا ہو جائیں
تو کبھی سیر کو قصدِ لبِ دریا نہ کرے

تیرے اخلاق و کرم کی یہ حکایاتِ ستم
بکتے ہیں اہلِ غرض۔ تو کبھی ایسا نہ کرے

میرے شاہد کی اگر دیکھے صورت زاہد
اور کچھ جز مے و معشوق تمنا نہ کرے

سجدہ حافظ اسی محرابِ دو ابرو میں درست
ہو مسلماں نہ اگر سجدہ اسی جا نہ کرے

اے کہ در کوئے خرابات مقامے

ساکنِ کوئے خرابات۔ مقام اچھا ہے
ہے جم وقت ہی گر ہاتھ میں جام اچھا ہے

رخ و گیسو ہی میں دل شام و سحر ہے تیری
ہو اسی طرح اگر صبح سے شام اچھا ہے

تشنہ لب جو تری رہ میں سسکتا ہے صبا
لا دے ایک یار مسافر کا پیام اچھا ہے

لبِ خندانِ قدح سے بوئے جاں آتی ہے
دیکھ تو سونگھ کے تیرا بھی مشام اچھا ہے

مہرباں ہو گیا کی ترک فلک نے تو جفا — اب تو اس طرز میں تیرا ہی خرام اچھا ہے
کیا عجب تجھ سے جو بن آئے کوئی کار عجیب — کون ہے شہر میں ایک تیرا ہی نام اچھا ہے
گر وفا کو نہیں کچھ تیری قرار اور ثبات — ہو اگر جور و جفا ہی کو دوام اچھا ہے
خالِ سرسبز سے کیا اور تو امیدِ قبول — ہو کنارِ چمن ایک دانہ بدام اچھا ہے
سینکڑوں وردِ سحر حافظِ جاں ہیں تیرے — یہ ترا حافظ شب خیز غلام اچھا ہے

اے کہ مہجوری عشاق روا میداری

تو ہی مہجوریِ عشاق روا رکھتا ہے — کوئی آقا بھی غلاموں کو جدا رکھتا ہے؟
تشنۂ بادیہ کو بھی تو مجبور نہیں ایک گھونٹ — اے کہ امید ملاقات نہ دا رکھتا ہے!
دل لیا تو نے دیا میں نے بگلے مشفق — نہ سنوں یہ کہ تو مجھ سے بھی تکرار رکھتا ہے
تیرے ساغر سے پئیں غیر یہ ہو مجھ کو ملال — ہم کو برداشت نہیں تو ہی روا رکھتا ہے
کہہ دو سیمرغ کے میداں میں مت لائے مگس — گر عزیز اپنا وجودِ سر و پا رکھتا ہے
اپنی کوتاہی سے جاتا ہے تو محروم یہاں — کس کی فریاد ہے اور کس کا گلا رکھتا ہے؟
اے دلِ خام طمع شرم کر اس خو سے نے — کیا کیے کام جو امیدِ عطا رکھتا ہے
ہے مگر جور و جفا عادتِ خوباں حافظ — تو ہی اس فرقے سے امید وفا رکھتا ہے

این خرقہ کہ من دارم در رہن شراب اولی

یہ جبہ یہ عمامہ ہو رہنِ شراب اچھا — مہمل یہ سند نامہ غرقِ مے ناب اچھا
ہے بے سر و پا جب تک یہ وضعِ فلک باقی — سر میں یہ ہوس ساقی شوقِ مے ناب اچھا

زیبا نہیں درویش پہ عاقبت اندیشی   دیدہ بھی پُر آب اچھا سینہ بھی کباب اچھا
سب عمر تبہ کر کے دیکھا تو نگہ کر کے   اک رندِ خراباتی افتادہ خراب اچھا
رازِ دل زاہد یوں سن لینے میں کیا لذت   کھلتا ہو تو یہ افسانہ پی کے مئے ناب اچھا
دل تجھ سے دل آرا ترے پھرنا نہیں گو ہے   کچھ بے رخی گر پائے رخصت لے تو حجاب اچھا
بوڑھے ہوئے اب جاؤ واعظ تم سے نہ رکتے ہو   پینا یہ مزے کا تھا عہدِ شباب اچھا

با ہمدمی گو پیدا اسرارِ عشق و مستی

کہنا نہ دشمنوں سے اسرارِ عشق و مستی   مرنے دو ان کو غافل در رنجِ خود پرستی
با وصفِ ناتوانی مثلِ نسیم خوش رہ   بیمارِ دوست رہنا بہتر کہ تندرستی؟
کچھ علم پر نظر ہے تو بے خبر گزر ہے   اک نکتہ ہے یہ تجھ سے مان اپنی کچھ نہ ہستی
عاشق ہو ورنہ اک دن بے بوجھے نقشِ مقصد   چھوٹیں گے سب یہ ساماں اور کارگاہِ ہستی
سستی ہے کارِ دیں میں اک کفر کی علامت   رندو تمہیں ہے زیبا چالاکی اور چستی
یہ آسماں نہیں ہو ہے آستانِ جاناں   اس کی بلندیوں سے ہرگز نہ ہوگی پستی
کانٹا ہو کر کھٹکتا گل معذرت ہے کرتا   تلخی مے گوارا کرتا ہے ذوقِ مستی
گوشے میں عافیت کے کب تک پڑے سڑیں گے   نرگس سے چل کے لیجے درسِ رموزِ مستی
حلقے میں پیرِ مے کے شب مغبچہ بھی چِرغا   رطلے نہ کافروں سے یا کیجیے بت پرستی"
اے مسلموں کے والی! زلفوں نے دھوم ڈالی!   کب تک کریں گے ہندو ہم پہ یہ چیرہ دستی؟
دیکھے تھے تب ہی برپا فتنے یہ سب کہ ہم سے   رم کرنے کو تھی ہر دم گردن تری اکستی
آتا جو دیکھے خرقہ مشغولِ کارِ خود رہ   جو قبلہ ہیں یہاں وہ مشغولِ خود پرستی

صوفی پیالہ کش ہے تو انہی کے لئے قرابا ۔۔۔ اے کوتہ آستینو! ہیں یہ دراز دستی؟
کیا دیکھئے دکھائے طوفانِ عشق لے جا ۔۔۔ بجلی کی کشمکش سے چھوٹیگی تو نہ سستی!
حافظ نے دیکھ ہی لی ایڑی تلک کہ چوٹی ۔۔۔ کن سربلندیوں سے آخر کو پائی پستی!

بجانِ او کہ گرم دسترس بجاں بودے

قسم تمہاری روا گر ہلاکِ جاں ہوتا ۔۔۔ کمینہ پیش کش و نذرِ بندگاں ہوتا
پھنسا نہ ہوتا جو بے طرح زلفِ یار میں دل ۔۔۔ مقام اس کا نہ یہ تیرہ خاکداں ہوتا
بہائے خاکِ کفِ پائے یار کہہ دیتا ۔۔۔ جو زندگی کا یہ سرمایہ جاوداں ہوتا
وصال کیا کہ وہ خواب میں نہیں آتا ۔۔۔ نہ آتا کاش مجھے خواب ہی یہاں ہوتا
نہالِ قد کا ترے سرو معترف ہوتا ۔۔۔ جو مثلِ سوسنِ آزاد دہ زباں ہوتا
سرود و ساز میں سنتے نہ نالۂ حافظ ۔۔۔ اگر نہ ہمدمِ مرغانِ صبح خواں ہوتا

بچشم کردہ ام ابروئے ماہ سیمائے

بھویں لبی ہوئی آنکھوں میں ماہ سیما کی ۔۔۔ کھچی خیال میں تصویر ایک سراپا کی
دماغ خیرہ ہوا چشمِ انتظار فنا ۔۔۔ ایک آرزو میں کسی ماہِ مجلس آرا کی
خیالِ رخ میں یہاں چاند پورا غائب ہو ۔۔۔ کسی تارے نے جھلمل سی کی بھی تو کیا کی
زمام دی دلِ مسکیں نے اپنے ہاتھ میں اب ۔۔۔ نہ تخت و تاج کی جس نے کسی کے پروا کی
دو دستی غمزۂ خوباں کی جب چلے تلوار ۔۔۔ نہ پوچھ قدر سرِ اوفتادہ در پا کی
دکھاتا آگ ہوں خرقہ کو، ہو گیا بیزار ۔۔۔ تماشا دیکھ لے لت ہو جسے تماشا کی

بجائے تختۂ تابوت چوب سرو ہے | جلا ہوں آرزو میں ایک بلند بالا کی
زہے ستم! مرے وارثِ جرم الفت پر | ترے کمانچۂ ابرو کی نقل طغرا کی
فراق و وصل ہیں کیا، کر رضائے دوست طلب | کہ حیف اُسی سے اگر غیر کی تمنا کی
نکالیں سیپیاں سرِ سطحِ آب سے اوپر | کرے جو کشتی ہیں حافظ تو سیر دریا کی

بلبل ز شاخ سرو بہ گلبانگ پہلوی

بلبل کی شاخ سرو سے گلبانگ پہلوی | کھوئے ہوئے ہے درس مقامات مثنوی
چمکی برنگِ آتش موسیٰ بہارِ گل | روشن ہوئے شگوفوں سے اسرار معنوی
مرغانِ باغ قافیہ گو اور بذلہ سنج | مے نوش ہو چلے بہ غزلہائے پہلوی
جمشید کا نشاں ہے فقط قصہ جام کا | دھوکا نہ دیں تجھے بھی یہ اسباب دنیوی
لذت فقیری بوریے سکھ نیند چین کی | یہ عیش تھے نہ درخورِ اورنگ خسروی
درویش ہوں، گدا ہوں، برابر مگر نہیں | کمبلی مری کلاہ کے سو تاج خسروی
مے پی لے میرے شعر وں سے دل تنگ تو نہ ہو | خوش دل نہیں تو خاک ہیں سب عیش دنیوی
وہ چشم مست کر چکی برباد خانماں | کر بیٹھے اب نہ مست کی مخمور پیروی
ان بخت واژگوں کی حکایت عجیب ہے | اٹھا حلال کر گئے انفاسِ عیسوی!
ساقی دیا وظیفۂ حافظ میں بادہ کیا؟ | پھولا ہوا ہے طرۂ دستارِ مولوی!

تنہا با ما گزارایں کینہ داری

صنم ہم سے نہ تو یہ کینہ رکھے | جو پاسِ صحبتِ دیرینہ رکھے

نصیحت سن بزرگوں کی ہے جوش آب — حفاظت سے جو در گنجینہ رکھئے
خمارِ مفلساں کی ہے دوا کر — خدارا گر سبو و شیشہ رکھئے
وہ ہم صحبت سے کیونکر زود شاہد — جو زر داب ما آئینہ رکھئے
ملامت تیغ کر دیں کو بیباک — اگر حسن خود ابسے کینہ رکھئے
نہ تو فہمیدہ کی آرو آتشیں سے — ہزار ایک عز و لب پشیدہ رکھئے
ترے اشعار شعر سب سے حافظ — گواہ قرآں ترا خود سینہ رکھئے

بیار بادہ و بازم رہاں ز رنجوری

پلا دے بادہ کہ ہو دفع دل سے رنجوری — سوائے بادہ نہیں کچھ علاج مخموری
نہیں ہے اور کوئی سازِ رونقِ مجلس — سوائے روئے نگار اور شرابِ انگوری
صلاح و تقویٰ گیا سب فریب اول میں — دریغ ہو گئی کل مالِ دین کی چوری
ادیب عشق سے کب تک کرے گا منع مجھے؟ — خلاف ادب کے ولے عرض ہے مجبوری
ہیں عشق ہی سے تو زندہ جہاں میں صاحب دل — جو عشق ہی نہیں تجھ کو تو خیر معذوری
ملی یہ راحتِ وصل اور نہ چھٹی وہ محنتِ ہجر — ہماری کشورِ دل پھر ہے رو بہ معموری
نہ سحرِ غمزۂ قتال پہ ہو جیسے مغرور — میں آزما چکا بے فائدہ ہے مغروری
ہر ایک سے کہنے کے لائق نہیں ہو حافظ راز — سنا اسی کو جو کھینچے ہو محنتِ دوری

بہ صوتِ بلبل و قمری اگر نہ نوشی مے

نہ پی جو بلبل و قمری کے کوکتے ہی مے — علاج کچھ نہیں جز "آخر الدواء الکی"

نقابِ گل کے اُٹھی ساتھ بادِ بوئے چمن ‏ ‏ پیالہ تو بھی اُٹھا لے نہ کر بہت ہے ہے
ذخیرہ کر لے غنیمت ہیں رنگ و بوئے بہار ‏ ‏ لگے ہیں رہزنی کرنے کو ساتھ بہمن و دَے
پیالہ دے کے جو - وہ کیا دیا زمانے نے؟ ‏ ‏ نہ جانے سفلۂ دناکس تواضع ہے کیا شے
میسّر آبِ حیات اور تشنہ مر جائے؟ ‏ ‏ فَلَا تَمُت کہ مِنَ الماءِ کُلّ شَیءٍ حَیّ
حرام رکھنا حفاظت سے مالِ متروکہ! ‏ ‏ بقولِ مطرب و ساقی بفتوئے دف و نے
رقم ہے بر سرِ محرابِ جنّتُ الماویٰ ‏ ‏ مرے جو عشوۂ دنیا پہ ہائے ہائے سے وئے
شکوہِ سلطنت و حکم کے گھڑی کے ہیں ‏ ‏ ہے ذکرِ تختِ جم اور قدر ہے یادِ افسرِ کَے
ہے امر طے شدہ ساقی نجا نہیں باقی، ‏ ‏ پلا وہ جام پھڑک اُٹھے روحِ حاتمِ طے
بخیل بو بھی نہ بخشش کی پائے، آ حافظ ‏ ‏ پیالہ تھام، کہا مان۔ الضّمان علےٰ"

بچشمِ مہر اگر با منِ مہم را ایک نظر بودے

اگر اُس ماہ کو ایک مہر کی ہم پر نظر ہوتی ‏ ‏ تو اُس سیمیں بدن سے مل کے یہ تقدیر زر ہوتی
سرِ پُر شوق رکھتے اُس کے قدموں میں پڑے رہتے ‏ ‏ ہماری مقدرت یا رب نہ اتنی مختصر ہوتی
نقاب اُٹھ کر اگر وہ چاند سا چہرہ نکل آتا ‏ ‏ تو کیسی مست نرگس سے زمیں پُر شور و شر ہوتی
کبھی تو ماہِ خوباں مجھ پہ شاید مہرباں پاتا ‏ ‏ مرے اِس درد کی اک دن اُسے کی تو خبر ہوتی؟
جو نوبت وصل کی ہوتی کسی دن روزِ ہجراں سے ‏ ‏ مبارک ہوتی ساعت! کیا ہی اچھا تھا اگر ہوتی!

نہ کہتا کوئی شیریں تر سخن حافظ سے دُنیا میں
گر اس طوطی کو بھی حاصل اُن ہونٹوں کی شکر ہوتی

بروز اہد بامیدے کہ داری!

بڑھا زاہد امیدوں کی سواری | وہی ہم ہیں وہی اُمیدواری
پیالہ رہ گیا در دستِ لالہ | لے آ ساقی جو باقی ہو وہ ساری
جگر میرے بھی دیوانوں کی رستی | ہے بیہوشی سے بدتر ہوشیاری
کرو پرہیز گار و مجھ سے پرہیز | کئے ہوں توبہ پرہیزگاری
دل آئے اور خمِ گیسو میں پھنس جائے | اگر چاہے خلاص و رستگاری
بہار آئے تو تو یہ توڑ دے تجھے | نہیں اس فصل میں کچھ پایداری
عزیزو! نو بہارِ عمر گزری | کہ جیسے گئی بادِ بہاری!
سن اب حافظ یہ کڑوی کڑوی باتیں | بہ غفلت عمر کیوں ناداں گزاری!

بگرفت کار حسنت چوں عشق من کمالے

تو حُسن میں ہو کامل یہاں عشق میں کمال ایک | ہونے نہ دیں گے مل کر ہم ایک کو زوال ایک
ہو جائے رحم اب تو مہرِ رُخ حسیں سے | یہ جسم گھلتے گھلتے اب رہ گیا ہلال ایک
ہو حظِ عمر حاصل گر عمر بھر میں ایک دن | اور ایک دن میں بھی ہو گر لمحۂ وصال ایک
میں تیرے پاس ہوں تو اک سال ایک دن ہے | اور پاس تو نہیں تو ایک روز بھی ہو سال ایک
تیرا خیال چھوٹا دل سے نہ خواب میں بھی | آنکھوں کو ہو گیا ہو گو خواب بھی خیال ایک
جو وہم میں نہ آئے کیا عقل میں سمائے | کیا اور اس سے بہتر ہو سکتی ہو مثال ایک
مایوس ہو نہ حافظ گر وصلِ یار چاہے | اس سے بُرا نہیں ہو الفت میں احتمال ایک

بفراغِ دل زمانے نظرے بماہ روئے

بفراغِ دل بس ایک دم نظر ایک ماہ رو میں
نہ کہ ساری عمر تختِ شہی چتر و ہائے و ہو میں

بخدا خود اپنی آنکھوں سے ہو کیوں نہ رشک مجھ کو
کہ نگہ نہیں گنہ ہے نظر اس لطیف رو میں

گیا دل تو پھر بتا کیا مرے لال تجھ پہ گزری؟
ہوئی عمر پھر نہ آیا تجھے ڈھونڈھا چار سو میں

دمِ آخر اور لبوں پر۔ تجھے آنکھ بھر نہ دیکھا
تجھے دیکھتا ہوں اور کیا مری باقی آرزو میں

نہ کرا اے صبا مشوّش مرے گیسوئے پریرو
ہے ہزار جانِ حافظ بندھی ایک تارِ مو میں

پدید آمد رسومِ بے وفائی !

جدھر دیکھو ظہورِ بے وفائی
نہیں باقی نشانِ آشنائی

ہنر ور ہر خسِ دنیا کے آگے
ہیں پھیلائے ہوئے دستِ گدائی

زمانے بھر کا گر فاضل ہے کوئی
نہیں غم سے اسے ایک دم رہائی

مگر جاہل کو کیا کیا نعمتیں ہیں
جہالت نے بھی کیا قیمت ہے پائی!

سنائے لاکھ شاعر شعرِ خوش آب
کہ ٹھنڈک دل کو دیں اور روشنائی

نہ دیں ایک جو مگر خسّت کے مارے
اگر شاعر ہوں خود حضرت سنائی

خرد نے کان میں میرے کہا رات
کہ جھیلو صبر سے یہ بے نوائی

بگوشِ دل سن لے حافظ کہ جس نے
گرایا خود کو فوقیت بھی پائی!

تُرا کہ ہر چہ مُراد است در جہاں داری

مُرادِ دل سے جو دامن بھرا ہیاں رکھے
کہاں وہ یادِ غمِ زار و ناتواں رکھے

یہ جانِ دل بھی یہ روح و رواں بھی کردے حلال
جو تیغ بر سرِ آزادگاں رواں رکھے

لطیف روح اگر ہے تو پی مدام حریف
علی الخصوص اگر غم سے سرگراں رکھے

بیاضِ رخ کی بھلا کیونکہ بن سکے تصویر
سہ اور زلف مرکب بارغواں رکھے

نہ ہو عتاب زیادہ نہ جورِ ان کے سوا
روا جو چاہے وہ بیشک وہ بے گماں رکھے

ہزار تیرِ جفا کا ہے اختیار لگائے
نہ جانِ خستہ پر ایک تیر بے کماں رکھے

اُٹھائے جورِ رقیباں بہ خندہ پیشانی
کہ عشق سہل ہے گر یار مہرباں رکھے

وصالِ دوست جو صرف ایکدن ہی حاصل ہو
وہ عمر بھر کے مزے اور چکھوتیاں رکھے

لبوں کی دل نے حکایت پہ ہونٹ چاٹ لیے
تری تو بات بھی شیریں مری زباں رکھے

ہم اپنی گود تو پھولوں سے بھر چلے حافظ
بلا سے نالہ و فریاد باغباں رکھے

تو مگر بر لبِ جوئے زہوس بنشینی

بیٹھ کر آبِ رواں پر یہ بھلا رنگینی
اُٹھ کے کیا فتنہ بپا کر دے تری خود بینی

ہر گزیدہ ہے تو جس کا تجھے اُس کی ہی قسم
کیا جگہ میری کسی غیر نے دل میں چھینی؟

کیا کروں جورِ رقیباں پہ نہ گر صبر کروں
عاشقوں کے لئے کیا چارہ ہے جز مسکینی

ادب و شرم سے تو خسروِ مہرویاں ہے
صد مبارک ہے تری شرم یہ بھینی بھینی!

ہمنشیں خار کا ہو گُل کی لطافت سے عجب!
ہے کوئی مصلحتِ وقت یہ بے آئینی

سخنِ بے غرضِ بندۂ مخلص سن لے — اے کہ منظورِ بزرگانِ حقیقت بینی

نازنیں تجھ سا یہ پاکیزہ رخ و نیک نہاد — مردمِ بد کا قریں؟ تجھ کو چھوئے بد طینی؟

حیف گر تو ہو خراماں بہ تماشائے چمن — خوشتر از گل گل و نسریں کی کرے گلچینی؟

شیشہ بازی مرے اشکوں کی چھپے راستے سے دیکھ — آ کر اس منظرِ بینش میں تماشا بینی

یہ تری دلکشی و نازکی اے مایۂ حسن — اس کے لائق ہے جگہ بزمِ جلال الدینی

پھر وہی میں ہوں وہی کوچۂ عشق و کشکول — کیا گزارہ ہے فقیروں کا بجز مسکینی

بہ سلامت جو بچ جائے امانت بھر پائے — بیدلی سے گزر آساں ہے نہ ہو بیدینی

صبرِ حافظ کا بہا لے گیا سیلِ سرشک — بلغ الطاقۃ یا مقلۃ عینی بینی!

جاں فدائے تو کہ ہم جانی و ہم جانانی

جاں فدا تجھ پہ کہ جانی بھی ہو اور جانانی — سر رکھے در پہ ترے جاتی ہے سرگردانی

سر سری اٹھ نہیں سکنے کا سر اس چوکھٹ سے — کارِ دشوار نہیں ہوگا بایں آسانی

خام کو طاقتِ پروانۂ پر سوختہ کیا — نازنینوں کے نہیں بوتے کی جاں افشانی

وقتِ آرام نہیں۔ بیٹھے ہیں چھکے چھوٹے — دیدۂ گستاخ نہیں۔ چھا گئی ہے حیرانی!

رازِ دل فاش رقیبوں پہ ہوا آخر کار — چھپ کے رہ سکتی کہاں تک خبرِ پنہانی

میرے دیدوں پہ جگہ دے جو نہالِ قد کو — تر و شاداب رکھے چشموں کا ان کے پانی

دیکھ کر زلف کے پھندوں میں جو دل سے پوچھا — کیا گرفتار ہی تو کب چھوٹے گا اے زندانی؟

بولا ہاں ہاں تمھیں کیوں رشک نہ ہوگا مجھ پر — کس گدا کو یہ ملا مرتبۂ سلطانی؟

سچ ہے حافظ تو نہیں قابلِ صحبت اس کے — تیرے لائق فقط اس کوچہ کی ہے سگبانی

جائے حضور و گلشن امن است ایں سرائے

آنند بھون! جھروکہ درشن! محل سرائے ‎ ‎ آئے جو اس مکاں میں سراسر طرب میں آئے
اے قصرِ دولت آہ تو کس کا مکان ہے؟ ‎ ‎ شاخیں درختوں کی کہ ہما ہیں پروں کو چھائے
آب و ہوا میں آتشِ موسے کی خاصیت ‎ ‎ اور خاک آبِ خضر ہو جو زندگی بڑھائے
تازہ شگفتہ پھول۔ روان بخش ہر چمن ‎ ‎ زلفِ بنفشہ دل سے صبا کی گرد مٹائے
سنبل کی بانکڑی میں مہک چوکڑی بھرے ‎ ‎ اور جائے خاک زلفِ صبا مشک ہی اڑائے
ہر صبح اس آستانہ پہ جمشیدِ تختِ چرخ ‎ ‎ بہرِ صبوح جام جہاں بیں کھڑا پنجائے
حافظ یہاں سے جا نہ کہیں عیش کر یہیں ‎ ‎ ایسی بہشت میں بھی نہیں ہوگی کوئی جائے

جاناں خیال روئے تو دارند ہر کسے

جانا! خیال میں ترے رہتا ہے ہر کوئی ‎ ‎ لیکن نہ ہوگا مجھ سے تو مشتاق تر کوئی؟
گر آفتابِ حسن وہ طالع ہو بام پہ ‎ ‎ لائے نہ آنکھ میں کہیں حسنِ قمر کوئی
افواجِ غم ممالکِ دل میں دھڑلّے سے ‎ ‎ تاراج کرتی ہیں نہیں ہوتا خبر کوئی
اس دل پہ جو گزرتی ہو دستِ فراق سے ‎ ‎ دل جانے یا خدا نہیں واقف بشر کوئی
گم ہو کسی کا مجمعِ خوباں میں نقدِ دل ‎ ‎ رکھتا ہے کیوں تجھی پہ گماں اس کا ہر کوئی؟

حافظ سمایا سودا بھی سر میں تو ایسے کا
جس سے کہ لے گیا نہ سلامت ہی سر کوئی!

چہ قامتی کہ ز سر تا قدم ہمہ جانی

نہیں وہ جسم، سراپا تمام جان ہی ہے
کہاں یہ صورتِ آدم غلط۔ گمان ہی ہے
نہ جانیں رُخ بھی گُلِ گلستانِ جنّت یہ ہے
نہ مانیں قد بھی۔ کہ خود سرو بوستان ہی ہے
حکایتوں میں سُنا تھا بہت حسین تجھے
مگر جو دیکھا تو ایک حُسن کا جہان ہی ہے
نہیں ہوں مِٹنے والا میں جستجو سے تری
اگرچہ مِٹنے کو گر یہ سے مکان ہی ہے
نہیں اُٹھے گا ترے نقشِ پا سے سر اپنا
پھرا لے ہجر میں تو پھر یہ آستان ہی ہے
وہ گر سپہرِ جفا پیشہ، حال اپنا بھی
ہے روزگار کہ ویرانی جس کی شان ہی ہے
علیلِ چشم کی مانند جسم بھی ہے نڈھال
نہ صرف لفِ پریشان کی دُلمیں نشان ہی ہے
براہِ لطف و کرم ہی نجات دے جو نہیں
یقین مصیبت حافظ کا خوش گمان ہی ہے

چون در جہان خوبی امروز کامگاری

حاصل ہو گر جہاں کی خوبی و کامگاری
عاشق کی دو لبوں سے کر مدعا بر آری
ہم عاشقوں سے کب تک آخر یہ ناز ہوں گے
مسکین دوں پہ کب تک ہوگی جفا و خواری
کب تک ان انکھڑیوں سی یہ عین ناتوانی
اُن کاکلوں سی کب تک بیتابی بیقراری
جو جو ستم اُٹھائے جو درد دل نے پائے
جانے اگر ذرا بھی آنسو ہوں تیرے جاری
صہبائے وصل کی گر ایک چھینٹ اُڑکے پڑ جائے
پھر عمر بھر نہ جانوں کیا شے ہے ہوشیاری
ہو ہی چکا تھا میں تو فرقت میں گر نہ آتی
اُس باغ بوستاں سے بوئے امیدواری
میں ایک بندہ عاجز۔ تو قادر و توانا
کیا زور کے مقابل تیرے ہو میری زاری

وہ کان عاشقی کو سرمایہ چاہیئے ہے
دل میں ایک آگ روشن آنکھوں سے اب جاری

جی تو اٹھوں گا محشر میں بوسے وصل پاکر
چھوڑے گی سر نہ میرا بالین شرمساری

بس رحم کے ہو قابل اب حالِ زار حافظ
کب تک یہ نامرادی کب تک یہ رنج و خواری

چو سرو گر نخرامی دمے بگلزارے

وہ سروِ ناز جو گلشن میں آگیا بارے
یہ گل کے دل میں چبھے خار تیغ ہی مارے

ہے کفرِ زلف سے ہر حلقہ میں بپا محشر
جدھر اٹھاؤ نظر سحرِ چشم کے مارے

نثارِ نقشِ قدم جان ہو گو اس کے لئے
رواں و درہم و دینار ہیچ ہیں سارے

نصیب ہوئے کہ ہے چشم مست یار کو خواب
بپا ہیں چار سو بیدار دل کے چیکارے

نہ ہانک شیخیاں ان دلبروں کی زلفوں کی
جو تیرہ رائے ہوا دل تو دیکھے گا تارے

لگایا سر بھی و لے سر ہوئی کبھی نہ مہم
پھنسایا دل تو کسے خیال بھی ہوا بارے؟

کہا جو نقطہ بن آ حلقہ میں فقیروں کے
ہنسا کہ حافظِ پرکار سرنگوں جارے

چہ بودے گر دل آن ماہ مہربان بودے

برا نہ ہوتا جو وہ ماہ مہرباں ہوتا
چنیں نہ ہوتی یہ حالت وہ گر چناں ہوتا

نسیمِ طرۂ جاناں کے بھاؤ بتلاتا
ہر ایک موئے بدن گریہ صد زباں ہوتا

الٰہی عیشِ جہاں ٹھہر نہ جاتا گر ہیں یہاں
بہ زرماں سے ہی فی الجملہ در اماں ہوتا

اگر ہیں ہوتا بھی دنیا میں تاجدار و عزیز
تو پھر بھی تخت تو میرا وہ آستاں ہوتا

خیال سدرۂ اشک ہو گیا ورنہ
ہزار چشمہ ہر ایک سمت میں رواں ہوتا

کسی نے مجھ کو کوئے دوست کا نشاں نہ دیا — وگرنہ ہیچ یہ سب باغ و بوستاں ہوتا
نکل وہ پردے سے آتا تو جائے سیلِ سرِشک — اُسی کا حکم ہر ایک آنکھ سے رواں ہوتا
ہو بے نظیر رُخ، مہرِ آسماں کیا کام — بہ طبع کاش کہ ایک ذرہ مہرباں ہوتا
تھی راہِ دایرہ عشق چو طرف مسدُود — وگرنہ حافظ بیدل بھی درمیاں ہوتا

خوشتر از کوئے خرابات نہ باشد جائے

ہو نہیں سکتی خرابات سے خوشتر جائے — اپنی تو قبر بھی اے کاش یہیں بن جائے
شیشہ و بادہ و کنجِ چمن و روئے حسیں — کہہ دو لے تجھ سے بھی جو جو تجھے مرے من بھائے
جائے تو، دیرِ مغاں، لطف وطن بھلوا دے — ہائے تو رشکِ بتاں کیا ہی مبارک ہائے؟
کون کہتا ہے جہاں میں نہیں مجھ سا عاشق؟ — بوالہوس کا ہے یہ قولہ نہ یقیں فرمائے!
صنما دل میں جگہ تیرے سوا کس کی ہے — صرف تیری ہی نہیں اور کسی کی جائے
ہے ادب شرطِ محبت نہ نکالے منہ سے — کلمہ دیر کا جز برہمنِ دانائے
گر ترحم دلِ مجروح پہ حافظ کے اگر — آج تو مانے کہ ایک کل بھی یقیناً آئے

خوش کرد یاوری فلکت روزِ داوری

کی جنگ و داوری میں خدا نے تو یاوری — اب دیکھنی رہی تری شکرانہ آوری
اُس کی گلی میں شوکتِ شاہانہ ہیچ ہے — اقرارِ بندگی کرو اقبالِ چاکری
گرتے ہوؤں کا دیکھ خدا بھی ہے دستگیر — اے بندے تو بھی سیکھ لے اُفتادہ پروری
ساقی پہونچ یہاں بھی کوئی لے کے خوش خبر — ہو ایک دم تو شاخِ دلِ غمزدہ ہری

رہرو ہو اس کٹھن میں سبکبار چاہیے
خطروں سے شاہ راہ بزرگی کی ہے بھری

سلطان و فکرِ لشکر و افکارِ تاج و گنج
درویش و جمعِ خاطر و کُنجِ قلندری

یکساں ہے دخل دونوں کو نیلِ مرام میں
شاہوں سے نذرِ خیر، فقیروں سے یاوری

کہتا ہوں مشفقانہ کہ اے نورِ دل معاف
"اَلصُّلحُ خیر"، جنگ میں دیکھی نہ بہتری!

حافظ نہ گردِ فقر و قناعت جبیں سے پونچھ
شرمندہ خاکساری سے ہے کیمیاگری

در ہمہ دیرِ مغاں نیست چو من شیدائے

چھان لی دیرِ مغاں مجھ سا نہیں ہے شیدا
خرقہ اک جا ہے گرو علم کا دفتر اک جا

لے چکا لب سے یہ پیماں صنمِ بادہ فروش
نہ ہی دیکھوں نہ جب تک وہ رُخِ دل آرا

دل کے آئینۂ شاہی پہ تو جم جاتا ہے زنگ
دے خدا اور کوئی عقل کا روشن تارا

کی ہیں دیدوں نے رواں دامنِ تر سے نہریں
اِن کناروں پہ لگاتا کوئی سروِ بالا

کون جز شمع زباں راز پہ کھولے اپنے
وہ تو کہتے نہیں پروانے کو مطلق پروا

کشتیِ بادہ کوئی لائے کہ بے دوست یہاں
دل نے آنکھوں سے رواں کر دیئے غم کے دریا

ذکر کچھ اور سنوں گا ہی نہیں خلد پرست
مَے ہو، معشوقہ ہو، بس اور نہیں کچھ منشا

جا نہ نرگس کی تو ہم چشمی کی بکواس پہ سن
کوئی بینا نہیں جاتا ہے پسِ نابینا!

کیا ہی دلچسپ لگی صبح درِ میکدہ پر
ق نغمہ زن بادف و نَے گاتا تھا طفلِ ترسا

یہی اسلام ہے حافظ کہ جو تیرا اسلام
وائے گر آئے کوئی آج کے پیچھے فردا

دیدم بخواب دوش کہ ماہے برآمدے

ایک چاند شب کو خواب میں پیشِ نظر ہُوا — پرتو میں جس کے عرصۂ ہجراں بسر ہُوا
تعبیر پائی یارِ سفر کردہ آئے گا — کیوں آج سے بھی کاش نہ یہ پیشتر ہُوا
کیا خوب ہوتا خواب کے آجاتا ہم قدم — جھونکا ہوا کا بھی نہ کوئی راہبر ہُوا
جانیں فدا میں کرتے ہم اُس دلنواز پہ — وہ روح بن کے بھی نہ کبھی جلوہ گر ہُوا
جس نے سکھائی سنگدلی اُس کو لے خدا — پتھر پہ پاش پاش نہ کیوں اُس کا سر ہُوا
ہوگی نہ پھر مجال رقیبوں کو ظلم کی — کوئی ستم رسیدہ جو فریاد پر ہُوا
اے دل وہ دن بھی یاد ہیں جب ہر گھڑی وصول — ایک یار کا پیام براہِ دگر ہُوا؟
یا دشت بخیر ساقیِ فرخندہ فال وہ — دروازہ جب کھلا وہیں پیشِ نظر ہُوا
خاں انِ رہ نرفتہ کو کیا ذوق عشق کا — دریا دلوں دلیروں سے یہ گھاٹ سر ہُوا
آبِ خضر نصیبِ سکندر ہو کیا ضرور — ایسا بھی کیا جہاں میں بھلا زور و زر ہُوا
مقبولِ طبعِ شاہِ سخن پرور آئے گا — حافظ جو شعرِ خیر تری طرز پر ہُوا

رفتم بہ باغ تاکہ بچینم سحر گلے

پہونچا میں صبح باغ - جھکا چُننے کو گُل ایک — ناگاہ آئی کان میں فریادِ بلبل ایک
مجھ سی ہی وہ غریب بھی ایک گُل پہ تھی فدا — برپا فغاں سے اُس کی تھا گلشن میں غلغل ایک
پھرتا رہا میں باغ میں پھر پھر کے بھی رہا — دل میں بہ بارہ گُل و بلبل تامل ایک
ہر فصلِ گُل ہزاروں ہی کھلتے ہیں باغ میں — خالی خلش سے خار کی پایا نہیں گُل ایک

گُل پارِ خار دیکھا تو بُلبُل قرینِ عشق　　ہرگز تغیّر اس میں نہ اس میں تبدّل ایک
رُودادِ عندلیب اثر دل میں کر گئی　　باقی نہ مجھ میں نام کو چھوڑا تحمّل ایک
حافظ مدارِ چرخ سے پھر کیا فلاح کار　　اُس میں بھی دیکھتے ہیں جھگڑا گو ہو گُل ایک

روزگاریست کہ ما را نگراں میداری

کون مدّت سے ہمیں تو نگراں رکھتا ہے　　مخلصوں کو بھی بوضعِ دگراں رکھتا ہے
گوشۂ چشمِ رضا سے کبھی دیکھا نہ ہمیں　　بس یہی حُرمتِ صاحب نظراں رکھتا ہے؟
داغِ غم سے ترے گُل باقی نہ بُلبُل چھوٹی　　اس کو صد چاک اُسے نعرہ زناں رکھتا ہے
گُل و بلبل پہ صبا حُسن ترا کھول گئی　　اہلِ گلشن کو بھی تو دل نگراں رکھتا ہے
رندی و آوارگی سب میرا گنہ ہے لیکن　　تو بھی باعث ہے یہ ایک دوست گماں رکھتا ہے
نرگسِ باغِ نظر چشم و چراغ اے دلبر　　اپنے دل خستہ سے کیوں طبع گراں رکھتا ہے؟
طمعِ مہر و وفا بچّوں سے ؟ لاحول ولا!　　عقل اے پیرِ خرد اپنی کہاں رکھتا ہے؟
کاسۂ جامِ جہاں بیں کی تھی طینت کچھ اور　　تو تمنائے گُلِ کوزہ دگراں رکھتا ہے
کیسۂ سیم و زرِ نقد کو جھٹکا کے تو دیکھ　　جی میں گر کچھ ہوسِ سیمبراں رکھتا ہے
دیں گئے یہ دلقِ ملمع نہ کوئی ذوقِ حضور　　آرزوئے بصر از بے بصراں رکھتا ہے
دین و دل دونوں دوں اور سیج بھی نہ بولوں ہے　　کہ تو اس حالتِ بد سے مجھے یہاں رکھتا ہے؟
چوڑی اس ہاتھ میں کیا چاہیئے کنگن ہیں یہی　　خونِ اربابِ ہنر کے جو نشاں رکھتا ہے
شکر کے دن یہ شکایت میں گزریں حافظ
کیا گئے گزرے زمانے کا دھیان رکھتا ہے

زہے خوش رقم کہ بر گُل رخسار می کشی

دکھلایا خط یہ بر گُلِ رخسار کھینچکر　　　خط بر صحیفۂ گُل و گلزار کھینچکر
ہے ہے یہ دل بچیگا نہ ابرو و چشم سے　　　تانے کماں ہیں بر سرِ بیمار کھینچکر
بادِ صبا پہ ڈال کے ڈورے وہ مُوئے زلف　　　بیکار کو بناتی ہے باکار کھینچکر
آ آ کے یاد وہ لبِ میگون چشمِ مست　　　خلوت سے لائیں خانۂ خمار کھینچکر
اُس تک حرم نشیں کو بس ہفت پردہ سے　　　اس طرح تو نہ لا سرِ بازار کھینچکر
مت بھاگ چشمِ بد سے بچاؤ نگاہیں تجھے　　　دامن ترا نہ پھاڑ دیگا یہ خار کھینچکر
دنیا کی اور آرزو حافظ جو ہو تباہ　　　مے پی کے اور وہ طرۂ طرار کھینچکر

ز کوئے یار می آید نسیم باد نوروزی

وہ آئی کوئے جاناں سے نسیمِ بادِ نوروزی　　　کریں اُس کی ہوا داری سے دل کی شمع افروزی
کل آپ سے اے گُل سخن در پردہ کہتا ہوں　　　زیادہ پانچ دن سے کب ہی حکم میرِ نوروزی
جو ہو زردار مثلِ گُل خدارا عیش کو دے کُل　　　غلط پر تھا غلط قارون کا سودائے زراندوزی
طریقِ کامیابی کیا ہے ترکِ کام خود کرنا　　　کُلاہِ سروری یہ ہے نہیں ٹوپی وہ زردوزی
غرورِ علم سامانِ طرب سے باز رکھتا ہے　　　سُن اے عالم! کہ جاہل کو زیادہ ملتی ہو روزی
مے صافی ہی میری جاں ۔ رہا صوفی وہ بدمیے ہے　　　نصیبِ ہر عیب جیں جیسی نہ ہو عاقل کو بہروزی!
سمجھنا نوحۂ قمری کا مطلب جو بہاروں میں ؟　　　اگر مجھ سا ہی غم اس کو بھی ہے شاید شبا روزی
طریقِ عشق گر سیکھو تو بلبل سے گلستاں میں　　　سنو حافظ کو مجلس میں جو چاہو شعر آموزی

زاں مے صاف کز و پختہ شود ہر خامے

اُس مے صاف سے جو پختہ ہو پی کر خام ایک
ہو جو ماہِ رمضان بھی ملے ساقی جام ایک

روزے پر روزہ گیا پائی نہ ان ہاتھوں نے
ساقِ شمشاد و قد و ساعدِ سیم اندام ایک

رمضاں گرچہ ہے مہمانِ عزیز اپنا دل
اُس کا جانا ہی غنیمت سمجھ اور انعام ایک

رسم ہی ہے یہ زمانے کی بجا کیوں زاہد
جبکہ ہر صبح کے پیچھے ہی لگی ہے شام ایک

مرغِ زیرک تو نہ پھٹکے گا کبھی خانقہ میں
ہے ہر ایک واعظ کی تلبیس بھی تو گویا دام ایک

یار گلشن میں ہو جب سیرِ چمن میں مشغول
اُس کو پہونچا یہ صبا جا کے مرا پیغام ایک

یہ حریفوں میں شب و روزِ مے صاف کے دور
بھول کر بھی کبھی یاد آئے نہ دُردِ آشام ایک؟

خسروِ عہد نے ہی داد نہ دی جب حافظ
داد کیا دے گا وہ دشوار پسند خود کام ایک!

سحر باد می گفتم حدیث آرزو مندی

صبا سے صبح میں تھا اور بیانِ آرزومندی
ندا آئی کہ واثق رہ بالطافِ خداوندی

سنوار ایک زلفِ لیلیٰ تو بھی کارِ عشقِ مجنوں کر
زباں عاشق کو کرتے ہیں خیالاتِ خردمندی

جہاں ایک زالِ رعنا اور جبلّی بے مروت ہو
توقع اس سے شادی کی ہے ایک مہمل خیالبندی

یہاں پس لنغ میں دیکھا تو ایک درویش خرم
الٰہی مجھ کو کیجو شاہِ درویشی و خرسندی

قلم کا منہ ہے کیا کھولے زباں رازِ محبت پر
ہے باہر حدِّ گویائی سے شرحِ آرزومندی

ہو نا اہلوں پہ ضائع حیف تیرا سایۂ دولت
ہُما یہ تجھ سا عالی قدر اور یہ ہڈیاں گندی؟

دعائے صبح و شام اے جاں کلیدِ قفلِ مطلب ہے
یہی دلدار تک سیدھی ہے راہِ رشتہ پیوندی

یہ سحر غمزۂ فتاں کہ دیں درد اور دوا بخشیں — دلآویزیِ زلفِ مشک فشاں کیا کہ دلبندی
اے او یوسفِ مصری! غرورِ سلطنت اتنا — تیرے باپ کی؟ آخر ہوئی کیا ہر فرزندی؟
کلامِ حافظِ شیراز گاتے رقص کرتے ہیں — سیہ چشمانِ کشمیری و ترکانِ سمرقندی!

سلامے چو بوئے خوش آشنائی

سلام ایک کھلتا گلِ آشنائی — تجھے پہونچے اے آنکھ کی روشنائی
درود ایک نورِ دلِ پارسا سا — لے اے شمعِ خلوت گہِ پارسائی
نظر کوئی آتا نہیں ہمدموں سے — ہوا غم سے دل خون ساقی دُہائی!
رفیقوں نے توڑا ہی یوں عہدِ صحبت — کبھی جیسے تھی ہی نہیں آشنائی
وہ صوفی فلک سے کہاں نیچے ہیں — نہیں دل میں اب تابِ زہد ریائی
عروسِ جہاں حسن کی حد کو پہونچی — کہ حد سے بڑھا شیوۂ بے وفائی
نہ پھر میکدے سے وہ کنجی وہیں ہے — کہ شب جس کا مفتاحِ مشکل کشائی
ہو بیچارہ اور چور زخموں سے تب بھی — نہ سنگیں دلوں سے لے دل مومیائی
جو تو چھوڑ دے مجھ کو اے نفسِ طامع — گدائی میں کیا کیا کروں پادشائی!
بتا دوں تجھے کیمیائے سعادت؟ — بُرے ساتھیوں سے جدائی جدائی!
نہ کر جورِ گردوں کی حافظ شکایت — تو کیا جانے اے بندہ کارِ خدائی!

سحرم ہاتفِ میخانہ بدولت خواہی

ہاتفِ میکدہ کل از رہِ دولت خواہی — بولا مت جا کہ تو دیرینہ ہوا درگاہی

جذبِ کشش جسم سا ہو اور جان سے سترِ ملکوت — دیکھ لے جامِ جہاں بیں میں جہاں کی تہاہی
بہ ادب پیش ہو ہر دُرِ دکش میکدہ سے — سرِ حق سے تجھے سالک ہو اگر آگاہی
دُرِ یکتا نہ کے یہ رندِ قلندر اکثر — دے کے لے لیتے بھی ہیں افسرِ شاہنشاہی
خشت بالیں ہوں یہ جب فرشِ فلک پر ہو قدم — دستِ قدرت کا تو بحرانِ کے بیاں ہو کیا ہی
سلطنت فقر کی گر تجھ کو عطا ہو جائے — کمتریں ملک ترا مہر سے ہوتا تا ماہی!
طے مگر ہو گی یہ منزل نہ بلا خضر کے ایک — ہے اندھیرے میں زیادہ خطرِ گمراہی
سر ہو یہ اور دورِ میخانہ منڈیرے بس کی — آسماں پار ہیں ہر چند نگیں کوتاہی
آئے درِ فقر کا کھٹکا نہ تجھ کو تو نہ چھوڑ — مسندِ خواجگی و مجلسِ توراں شاہی
اے سکندر نہ کل کوشش بیہودہ نہ کر — آبِ حیواں نہیں سلطنے کا بزورِ شاہی
حافظِ خام طمع شرم بھی کچھ آتی ہے — کیا عمل ہیں؟ دو جہاں جن کی یہ قیمت چاہی؟

سحر گہ رہروے در سرزمینے

دور رہ پر سنا تھا مجھے ایک سرزمیں میں — کہا ایک نے یہ گوشِ ہم قریں میں
کہ اے صوفی! اسے شیشے کے اندر — تو ہے ہوتی ہو صاف ایک اربعیں میں
گر انگشتِ سلیماں میں نہیں ہے — تو پھر کیا خاصیت نقشِ نگیں میں
خدا اُس خرقہ پر صد با ہی لعنت — رکھے جو سینکڑوں بت آستیں میں
درونِ تیرہ میں روشن نصیبے ہو — دیا کوئی دلِ خلوت نشیں میں
مروت عنقا ہو بارِ گراں ہو — نہیں کچھ بوجھ نازِ نازنیں میں
تجھے صد اجر اے دارائے خرمن — نظر کر رہزن کی ایک خوشہ چیں میں

حسینوں میں تو ٹھیری تُند خوئی
مگر کیا عیب ہے قلبِ حزیں میں؟

درِ میخانہ کھل جائے تو دیکھوں
مآلِ کار جامِ بیش بیں میں

نشاط و عیش کا بھی گم نشاں ہے
کوئی درمانِ دل نے سعیِ دیں میں

نہیں ہمت کو اجرِ سر بلندی
دُعا بیتاب قفلِ آہنیں میں

نہ کچھ حافظ کا قرآں میں لگے جی
رہا عالم تو وہ ڈھلِ لِ یقیں میں

ساقی بیا کہ شد قدحِ لالہ پُر زمے

ساقی چل آ۔ پڑی قدحِ لالہ میں بھی مے
طامات کب تلک یہ خرافات تا بکے!

چھوڑ اپنے کبر و ناز کو۔ دیکھے جہاں نے ہیں
چینِ قبائے قیصر و طرفِ کلاہِ کے

ہُشیار ہو کہ مرغِ چمن مستِ صبح ہیں
بیدار ہو کہ خواب عدم آنے ہی کو ہے

کیا اعتماد ہو نظرِ مہرِ چرخ پر
جو اس کے عشوے پر مریں افسوس ملئے وے!

کیا کیا لچکتی ناز سے ہے شاخِ نَو بہار
یارب اسے تو چھو بھی نہ جائے ہوائے دے

جاہ و حشم پہ گُل کے نہ جا دل نہ پچھائے گا
فرّاش باد ہر ورقِ گل کو زیرِ پے

دے مجھ کو یادِ حاتمِ طے میں بڑا سا جام
کر دے سیاہ نامہ بخیلوں کا آج طے

وہ مے کہ جس کا رنگ طبیعی ہے ارغواں
لالہ کا لال جس کے پسینے سے رنگ ہے

وہ دیکھ مطربانِ چمن سُر ملاتے ہیں
بجتے ہیں سُن تو بربط و طنبور و چنگ و نے

مند لگی ہے سبزے کی چل باغ میں وہاں
استادہ سرو ہے تو کمر بستہ آ گئے نے

بادِ سحر نے یاد لڑکپن دلا دیا
لا وہ دوا دے غم کی جو دارُو ہو لے بنے

اثنیائے روزگار ہوں رہنِ شراب سب
مردانِ راہ کچھ نہیں رکھتی عزیز شے

کل بھی شراب و کوثر و حور اپنے واسطے — ہو آج کیوں نہ ساقی مہر و جامِ مے
جا پہونچی دھوم حافظِ جادو کلام کی — تا حدِ چین و شام و با قصائے روم و رے

سینہ مالامال دردست اے دریغا مرہمے

سینہ مالامال ہے زخموں سے کچھ مرہم تو ہو — دم گھٹا تنہائی سے بندکوئی ہمدم تو ہو
آدمِ خاکی اِس عالم میں نہیں ہے دستیاب — عالمِ نو کے لئے بھی چاہئے آدم تو ہو
چاہِ غم میں جلتا ہوں شمعِ چگل کے واسطے — شاہِ ترکاں بھی ہو غافل پر کوئی رستم تو ہو
عشق میں کس کام کے خاماں وقفِ عیش و ناز — ایک جہاں کو پھونک دے اللہ یہ دم خم تو ہو
عیش و آسائش طریقِ عشقبازی میں کہاں — چور ہی زخموں سے یارب طالبِ مرہم تو ہو
اس سپہرِ گرم رو سے کیا امیدِ عافیت — جامِ مے ساقی کہ تسکینِ قلب کو اک دم تو ہو
عقل بھی ہنس دی مری بیتی پہ بولی بو العجب — درد ایسا درد، غم ایسا کسی کو غم تو ہو!
بوئے جوئے مولیاں آتی ہو جس کی سمت سے — دین و دل اس ترک سمرقندی کو دخترِ کم تو ہو!
گریۂ حافظ کرے کیا پیشِ استغنائے دوست — گریہ کو طوفاں میں قدرِ قطرۂ شبنم تو ہو

سلام اللہ ما کرّ اللیالی!

سلام اللہ ما کرّ اللیالی — علیٰ ملکِ المکارمِ و المعالی
علیٰ وادی الاراک و مَن علیہا — و داری باللوا فوق الرمالی
دعاگوئے غریبانِ جہاں ہو — وادعوا بالتواتُر و التوالی
نہ گھبرا دل، کہ وہ زنجیرِ گیسو — ہے دلجمعی، نہیں آشفتہ حالی
اَمُوتُ صبابۃً یا لیت شعری — متیٰ نُطقُ البشیرِ عنِ الوّالی

فحبک راحتی فی کلِّ حین | و ذکرک مونسی فی کلِّ حالی
سویدائے دلِ شوریدہ تا حشر | نہ ہو اس شورشِ سودا سے خالی!
وصال ایک تجھ سے شاہ کامراں کا | میں بدنام اور رندِ لاابالی
فزوں خط سے ہوئے صد ہا جمال اور | ہے تو زندہ صد سالِ جلالی!
تجھے نقاشِ قدرت آفریں ہو | سجایا گرد سے خطِ ہلالی
وہ جس جانب کرے رخ یاالٰہی | نگہباں ہو بحفظِ لایزالی
رہے قایم وہ ورنہ سہل تر ہے | زیانِ مایۂ جانی و مالی
خدا جانے ہے حافظ کی غرض کیا | وعلم اللہ حسبی عن سوالی!

سبت سلمے بصدغیہا فوادی

سبت سلمے بصدغیہا فوادی | و روحی کلَّ یوم لی ینادی
خدارا رحم مجھ بیدل پہ کر دے | واوصلنی علی رغم الاعادی
ومن انکرتنی عن حب سلمے | غریق العشق فی بحرالوادی
غم سودائے عشقِ یار میں دل | توکلنا علی رب العبادی
گیا حافظ کا جینِ زلف میں دل | بلیلٍ مظلمٍ واللہ ہادی!

سلیمی منذحلت بالعراقی

سلیمی منذحلت بالعراقی | الاقی فی ہواہا ما الاقی
اے او ساربانِ محمل دوست | الی رکبانکم طال اشتیاقی

سنا اے مطربِ خوش لہجہ خوش سرود — غزل میں لے کی صوتِ عراقی
عطا لے ساقی ایک رطلِ گراں ہو — سقاک اللہ من کاسٍ دِھاقِ
جوانی سن کے لوٹ آتی ہو گویا — صدائے چنگ و نوشا نوشِ ساقی
مے باقی بھی دے تجھ پر چھڑک دوں — مرے ہیں آ کے ساقی عمر باقی
فراقِ یار نے خوں کر دیا دل — الا لعناً لایام الفراقِ
رہ اپنے نیک خواہوں سے بنا کر — غنیمت جان حسنِ اتفاقی
مسیحائے مجرد کو ہے زیبا — کرے شمعِ فلک سے ہم وثاقی
عجب پر بیں دلہن ہو دخترِ رز — نہ ہوتی کاش یہ دخترِ طلاقی
ربیع العمر فی مرعیٰ حماکم — حماک اللہ یا عہد التلاقی
خرد کو غوطہ دے دریا میں بینوش — بہ گلبانگِ جوانانِ عراقی
نہانی الشیب من کل العذاری — سوے التقبیل خدٍ واعتناقی
وصالِ دوست ٹھیرا کار اپنا — نہ بک واعظ سخنہائے فراقی!
دموعی بعدکم لاتحقروہا — فکم بحرٍ عمیقٍ من سواقی؟
عففت فرص الوصال ما شعرنا — سنا حافظ غزلہائے فراقی

شہریست پُر حریفاں از ہر طرف نگارے

ایک شہر پُر حسیناں۔ دیکھو جدھر نگار ایک — موقع ہے عشق بازو۔ کرنا جو چاہو کار ایک
چشمِ فلک نے دیکھا ایسا حسیں نہ ہوگا — کس صید گہ میں ہوگا ایسا پری شکار ایک؟
گل سے ہزار درجے بڑھ کر وہ نازنیں ہے — دامن میں اس کی الجھا پائے کبھی نہ خار ایک

دیکھا کسی نے کب تھا وہ جسم جان جیسا — نکلا نہ اُس کا چھو کر دامن کبھی غبار ایک
ایسے شکستہ کو کیا کہنا جھڑک کے "جا، جا" — یہاں غایتِ تمنا بس ہے یا کنار ایک
بے غش ہے مے چڑھا لے ہو وقت و موقع پا لے — آئے نہ آئے تجھ کو آئندہ نوبہار ایک
کیونکر یہ راز کھولوں لاحق ہو کس سے بولوں — کیا درد دردِ سخت اِک کیا کارِ سخت کار ایک
اِک ترکِ شوخ کے ہیں جنگل میں موئے حافظ — کیونکر جئے جو ایسا ہو یار اور دیار ایک

صبا تو نکہت آں زلف مشکبو داری

صبا بسا گئی وہ زلفِ مشکبو ساری — الٰہی خوش رہے! ہے دوست کی ہی بو ساری
مرصع گوہر اسرارِ حسن و عشق ہے دل — رکھے تو شوق سے رکھ لے یہ پلک تُو ساری
نہیں شمایلِ مطبوعِ یار میں کچھ نقص — جو نقص ہے تو نگہباں کی تند خو ساری
نوائے عندلیب اے گل تجھے خوش آئے کیوں — خوش آئے شورشِ مرغانِ ہرزہ گو ساری
ہوں ایک گھونٹ میں سرمست۔ نوش ہو جو تجھے! — تھی خود یہ کون سے خم کی مئے سبو ساری؟
قبائے حسن فروشی تجھے بھی زیبا ہے — کہ تجھ میں بھی ہے وہی گُل کی خو و بو ساری
مٹے جو کھوج بھی مشکِ ختن کا کیا غم ہے — یہ زلف و خال ہی دیدیں گے مشکبو ساری
شہِ ممالکِ خوبی ایک آفتاب ایک تُو — تجھے بھی زیبِ کنیزانِ ماہرو ساری!
نہ سرکشی پہ دکھا سروِ جویبار یہ ناز — اُسے جو دیکھے تو بھولے یہ اپنی خو ساری
دعا جو دی تو ہنسا سُن کے زیرِ لب۔ پوچھا — ہے کون؟ چاہتا کیا؟ کہہ تو گفتگو ساری؟

یہ کنجِ مدرسہ حافظ نہ دے گا گوہرِ عشق
ہے چلنے پھرنے پہ موقوف جستجو ساری!

صبحست وژاله می چکد از ابر بهمنی

تڑکا ہے اوس چھان چکا ابر بہمنی
ساز صبوح کرکے چڑھا جام یکمنی
گرداب ماؤمن میں پھنسا ہوں پلا مجھے
بھولوں نجات پاؤں میں از ما ؤ منی
خون پیالہ پی نہیں خون حرام یہ
اور دھیان رکھ اُسی سے جو ہو کار کردنی
گر صبحدم خمار تجھے درد سر کرے
پیشانی خمار کو دے توبھی گردنی
ساقی ہے خیال کہ غم ہی کمین میں
مطرب بھول جائے تجھے بھی یہ رہزنی
مے دے کہ جھک کے کان میں میرے یہ بولا چنگ
خوش باش ہاں اکتا ہے یہ پیر منحنی
حافظ تو سرو قد کو لگا جیسے چشم پر
دے خون دل تو اُسکو اُجاڑے ؟ یہ دشمنی؟

طفیل ہستی عشقند آدمی و پری

سب عشق کی ہی بدولت ہیں آدمی و پری
ارادت آدمی لائے سعادتوں سے بھری
نہ مستعد نظر ہو تو وصل کیا چاہے
نہیں تھا جام جہاں میں مفید بے بصری
مے صبوح و شکر خواب صبحدم کب تک؟
رواں ہو زاری شب اور نالہ سحری
کسی کی بوئے رخ و زلف کی ہی لہریں ہیں
صبا کی غالیہ سائی گلوں کی جلوہ گری
دکھائے جہد نہ رہ جائے بے نصیب از غیب
نہ لے غلام بھی کوئی بوصف بے ہنری
ہو نقد حسن تو لے آ میں سلطنت دیدوں
ملے گا ہاتھ جو غفلت ذرا بھی اس میں کری
دعائے گوشہ نشیں پھیر دے گی تیر بلا
ادھر بھی ترچھی نظر سے نہ دیکھیو ذری؟
اندھیریوں میں مجھے رہنمائے روز ہوئی
نماز نیم شبی اور گریہ سحری

فراق و وصل میں حیراں ہوں بس نہیں چلتا
کہ اس قدر تو یہ بھی ہے اور پھر نظری!

طریقِ عشق عجب راہ پر خطر دیکھی
پناہ خدا کی کسی نے جو راہ کھوٹی کر دی!

سنا جو مژدہ وہ آخر ملال ہی لایا
لہٰذا ہم ہیں اب اور رندی اور بےخبری

ہزار جان سے جلتا ہوں اسکی غیرت میں
ہر روز سا ایک نئی مجلس میں تیری جلوہ گری

امید پھر ہے دعاؤں سے تیری اے حافظ
ارا اے اُسامرُ ویلے بلیلۃِ القمری!

عمر بگذشت بہ بیحاصلی و بوالہوسی

گم ہوئی عمر بہ بیحاصلی و بوالہوسی
اے پسر جام دے ایک جلد یہ بیری برسی!

تنگ رستان ہے یہ شہر جو شہباز ہیں یہاں
مکھیاں مارنے ہی پر ہے گزران کی کسی

تول دے کھول کے پر بن وہ صفیر طوبیٰ
تجھ سے طایر کو ہوا افسوس یہ قید قفسی!

کارواں چل دیا. سوتے ہیں. بیاباں در پیش
خواب آرام ہیں گزری ترے بانگ جرسی

کون بیچارہ دبے کس ہے غلاموں میں مرے؟
پرسش یار ابھی تک ہے یہ کانوں میں بسی

عود و مجمر بھی بنا چھونے کو دامن اس کا
دل کباب اپنا کیا میں نے پئے خوش نفسی

لمع البرق من الطور و آنست بہ
فلعلی لک آتی بشہاب قبسی

نافہ ساں خوں شدہ دل بھی تو اسے لازم ہے
جس کا ارماں ہو یہاں شہرتِ مشکیں نفسی

تیری خوشبو پہ پھرے ڈھونڈتا کب تک حافظ
یسر اللہ طریقا بک یا ملتمسی!

کہ برد بہ نزد شاہان زمن گدا پیامے

کوئی ہے؟ سنا دے شہ کو یہ فقیر کا پیام ایک
کہ دکان مے پہ ملتا ہے ہزار جم کو جام ایک

دے شرابِ خام مجھ کو نہ حریف پختہ یارو
ہے ہزار درجہ بہتر ز ہزار پختہ خام ایک

میں خراب ہوں کہ بدنامِ جہاں، مگر دعا ہے — کہ چھڑائے مجھ کو بت سے ملے ایسا نیکنام ایک
تجھے دستِ کیمیا ہے، مرے کھوٹ پر نظر کر — کہ نہ پائی اور پونجی تو بچا یہی دام ایک
یہ کہاں کروں شکایت، کہوں کس سے یہ حکایت — وہ حیات دیتے تھے لب پہ حیاتِ بے دوام ایک
یہ بعید تھا وفا سے تری بھیجتا نہ ہم کو — کبھی نامہ و پیام ایک کبھی بہ پرسشِ سلام ایک
چلو جاؤ پارساؤ کہ رہی نہ پارسائی — مئے ناب جب چڑھا لی تو ہوئی ننگ صرف نام ایک
یہ ہزار دانہ تسبیح نہ بنے گی جال میرا — کہ جو مرغ دانا ہوگا نہ پھنسے گا ایسے دام ایک
ترا بندہ ہوں میں دل سے مجھے رکھ گنوا نہ دیکھ — کہ مبارک اور ایسا نہیں پائے گا غلام ایک
تو چلا تو تیرِ مژگاں کہ ہے وہ خونِ حافظ — کہ جہاں میں اس سے بڑھ کر نہ ہوا ہو قتلِ عام ایک

کتبت قصۂ شوقی و مدمعی باکی

کتبتُ قصۂ شوقی و مدمعی باکی — بس آ کے ناک میں دم آ چکی ہے غمناکی
سنائی آنکھوں نے کیا داستانِ عشق دراز — ایا منازلَ سلمیٰ فاین سلماکی
عجیب واقعہ! کیا حادثہ ہے! الا اللہ! — انا خطرتِ قتیلاً و قاتلی شاکی!
زباں کس کی ہے ہو عیب گو کے دامن پاک — ہر گل پہ قطرۂ شبنم کی مثل ایک پاکی
بنائے خاک قدم لے کے تیری لالہ و گل — نہیں ازل میں یہ جب عکسِ آبی و خاکی
رہا نشان نہ کوئی مجھ میں تیرا تجھ بن گو — ارے آثر محیای من محیاکی
صبا عبیر فشاں آئی ساقیا اٹھ بیٹھ — دبات شمۃ کرمِ مطیّبِ زاکی
دع التکاسل تغنم فقد جری مثل — ہے زادِ راہرواں چستی اور چالاکی
زبان لال ہے حافظ ہی وصفِ حسن میں کیا — ہے گم صفاتِ الٰہی میں عقل ادراکی!

گفتند خلایق کہ توئی یوسفِ ثانی

کہتی ہے خلایق کہ تو ہے یوسفِ ثانی
پر غور سے دیکھا تو ہے یوسف تو کہانی

فرہاد ترے عشق میں کہلاؤں عجب کیا
تو خسروِ خوباں ہے اے شیرینِ زبانی

تشبیہہ نہیں غنچہ کو کچھ تیرے دہن سے
غنچے میں کہاں ہوتی ہے یہ تنگ دہانی

سو بار کیا وعدہ - دیا کام نہ لب نے
سب سوسنِ آزاد کی تھی چرب زبانی

آنسو کی طرح دیدۂ مردم سے وہ گر جائے
جس پر نظر آئے تری خستگی کی نشانی

گزرا سپرِ جاں سے بھی تیرِ نظرِ یار
اللہ رے بیمار تری سخت کمانی

دکھلا تو دے رفتار کہ ہو سرو روانہ
اٹھلا دے ذرا یار کہ بھولے وہ روانی

ہم سر کو قدم کر کے قلم کی طرح گزرے
قدر اُس نے نہ ایک پرزہ کاغذ کی بھی جانی

دھکے نہ دلا حافظِ غمدیدہ کو اپنے
برباد کیے تجھ پہ دل و دین و جوانی!

مے خواہ و گل افشاں کن از دہر چہ میجوئی

پی مُل بھی، لُٹا گُل بھی اور آتش رکھ کو دی
تُو نے بھی سُنی بُلبلِ گُل کی یہ چہ می گوئی؟

مسند پہ گلستاں کی ایک شاہدِ ساقی کا
مُنہ چوم لے، لب چکھ لے، مے پیکے بہ خوشروئی

شمشاد خراماں ہو - آہنگِ گلستاں ہو
چل سرو ترے قد سے کچھ سیکھ لے دلجوئی

یہ غنچہ لبِ خنداں ہے کس کے مقدر کا
یہ شاخِ گلِ رعنا ہے کس کے لئے بوئی؟

بازار ہے گرمی پر اور جوشِ خریداری
کچھ بیچ لے کچھ کر لے سرمایۂ نیکوئی

ہر شمعِ نکو رو کی خطرے میں ہوا کے ہے
حاصل جو ہنر سے ہو بہتر وہ نکو روئی

ہر موئے سرِ طرہ سو نافوں کو ارزاں تھا
کاش اس میں کہیں ہوتا ایک شمۂ خوشبوئی

ہر مرغ ہے با نغمہ اس گلشنِ شاداں میں
چہکار ہے بلبل کی حافظ کی ثنا گوئی!

مخمور جام عشقم ساقی بده شرابے

مخمورِ عشق ہوں میں ساقی پلا شراب ایک — چھلکا دے جام ڈھلکے محفل میں رنگ آب ایک
گم عشق نا ہوش میں ہے راز پردہ دار بھی — مضطرب غزل سنا ایک ساقی پلا شراب ایک
ایک آفتاب ہے وہ ٹھیرے نہ آنکھ جس پر — منہ چھپائیں دونوں دیدے دکھلا کے اضطراب ایک
امیدِ جلوہ میں ہوں سراپا انتظاری — اور لب کی جستجو میں محو خیال و خواب ایک
مخمور انکھڑیوں کے ہیں بھر دے جام ساقی — بیمار ہیں دو لب کے جی جائیں دے جواب ایک!
حلقہ بنا ہوں جھک کر دیکھے گر اس کا دہاں — جانے مجھے بھی ہوں میں از حلقہ ہائے باب ایک
اس کاسے کی نہ جانب پھیلانا ہاتھ جس سے — دل دے گواہی ہوگا حاصل نہ قطرہ آب ایک
اچھا خیالِ رخ سے دل کو لگایا حافظ — اور آگ یہ لگا دے گا لمعۂ سراب ایک

نوبہار است در آں کوش کہ خوش دل باشی

نوبہار آئی ہے دل چاہیے خوش دل رہنا — پھر بہاروں میں ہمیشہ ہے تہ گل رہنا
چنگ در پردہ نصیحت تو بہت کرتا ہے — حیف دل کا ہی نصیحت کے نہ قابل رہنا
کیوں کہیں یہ تو نہ کر اسکو نہ پی اس سے نہ مل — عقل سے چاہیے خود ہی تجھے عاقل رہنا
ہے ہر اک برگِ خزاں دفترِ احوالِ عجیب — ہائے عبرت نہ کسی سے ہو یہ غافل رہنا
دوست کی راہ ہو دشوار تو آسان بھی ہے — چاہیے اس میں ذرا واقفِ منزل رہنا
غم دنیا میں عبث صرف نہ کر نقدِ حیات — تا کجا وقفِ غم و غصۂ باطل رہنا
بخت یاور ہیں جو حافظ تو کوئی بات نہیں — صیدِ دامِ بتِ مطبوعِ شمائل رہنا

نورِ خدا نمایدت آئینہ مجردی

نورِ خدا نما ہے ایک آئینہ مجردی — دیکھ ہمارے طور کو طالبِ عشق سرمدی

جام دے ایک، جحیم گر نام مرے گنہ کا لے — آب بنا دے آگ کو معجزۂ محمدی
شعبدہ بازیوں کو چھوڑ۔ مان نہیں ہیں یہ روا — قال رسول ربنا ما انا قط بن آدمی
کھنچے کھنچے یوں جو بالعمد مجھ پہ اٹھائی تیغ کیں — بھول گئی کیا آیۂ فی عمد ممددی؟
با این جمال دلبری، خیز سوئے چمن تو کر گزر — اہل چمن تجھے امام کرکے بنیں گے مقتدی
نقش خودی سے لوح دل دھوئے تو ترت دیر کر — عقل کی راہ چلے اگر جی سے نکال دے خودی
ہیں دل و جاں تو حافظا بستۂ دام آرزو — شرم تعلقوں سے کر مدعی مجردی!

نوش کن جام شراب یک منی

پی بھی جا جام شراب یک منی — غم کو نگلا لال ہیرے کی کنی
دل کشادہ چاہیے مثل قدح — خم کی صورت کب تلک گم صم و فی؟
پی کے جام بیخودی سے ایک رطل — بھول جائے تجھ کو سب لاف منی
باندھ پیمانے سے پیماں مردوار — زہد و تقوی سب کی گردن زنی
خاک بن قدموں کی۔ کیا مانند ابر — جملہ رنگ آمیزی و تردامنی!
اٹھ دکھا کو نقش تو حافظ کی طرح — پائے جاناں میں ہی ہو سر افگنی

ہزار جہد بکردم کہ یار من باشی

کیے ہزار جتن تا کہ یار ہو میرا — قرار بخش دل بے قرار ہو میرا
دن ایک آئے مرے کلبۂ حزیں میں مگر — شب ایک انیس دل و غمگسار ہو میرا
چراغ دیدۂ شب زندہ دار میرا بنے — انیس خاطر امیدوار ہو میرا
کسی تو رات یہ دیکھوں میں اپنی آنکھوں سے — بجائے اشک رواں ہمکنار ہو میرا
پھریں جہاں بت عشاق ڈالے ہاتھ میں ہاتھ — وہاں وہ سیر چمن میں نگار ہو میرا

جہاں غلاموں پہ نازاں ملاحتوں کے دھنی ۔۔ وہ اُس سبھا میں خداوندگار ہو میرا
غزال جہر مرا صیدِ ناتواں بن جائے ۔۔ ہرن جو تجھ سا کسی دن شکار ہو میرا
تو کیں عقیق کے افسوں سے خوں ہوا ہے دل ۔۔ بتا دوں تجھ کو اگر رازدار ہو میرا
جو تین بوسے دولت سے مرے مقرر ہیں ۔۔ اگر ادا نہ کیے قرضدار ہو میرا
ہوں گرچہ حافظِ شہر ایک جو سے ارزاں میں ۔۔ اگر نہ لطف و کرم اُس کا یار ہو میرا

ہوا خواہِ توام جاناں و میدانم کہ می دانی

ہوا خواہی مری جاناں میں جانوں تو نے بھی جانی ۔۔ کہ بے لکھے پڑھے بھی ہر حقیقت تو نے پہچانی
فرشتے سجدۂ آدم میں نیت تیری رکھتے تھے ۔۔ کہ تیرے حسن میں دیکھا تھا کچھ مافوقِ انسانی
خمِ زلف اب ترا نام خدا مجموعۂ دل ہے ۔۔ نہ اس مجموعے کو یارب ہو آسیبِ پریشانی
ذرا زلفوں کو لہرا دے کہ صوفی رقص میں آ کے ۔۔ جھڑیں بت آستینوں سے کرے جب دست افشانی
کشادِ کارِ مشتاقاں ہے دل بندی میں ابرو کی ۔۔ گرہ سے صاف رکھ لِلّٰہ ایک لحظہ تو پیشانی!
نسیمِ عطرِ خوباں میں بھی کیا آنکھوں کی ٹھنڈک ہو ۔۔ نہ ہو اس قوم کو یارب کبھی رنجِ پریشانی
ملامت گر یہ رازِ عاشق و معشوق کیا سمجھے ۔۔ وہ کیا دیکھے گا نابینا خصوصاً رازِ پنہانی
رفیقوں سے بگڑ جانا خلاف کاردانی ہے ۔۔ اٹھے دشواریِ منزل بہ یادِ عہدِ آسانی
توقع ہے یہ طالع سے کہ کھولوں گا کمر تیری ۔۔ مگر آزردہ اس مسکیں سے ہونے کی نہیں ٹھانی
دریغا عیشِ شب بیداریوں کے کھوئے نیندوں میں ۔۔ سمجھ قدرِ وصال اے دل کہ فرقت بھی ہے شیطانی
فریبِ چنبرِ کاکل میں حافظ دل نہ پھنس جائے ۔۔ یہ ایک اقبالِ ناممکن کی ہے زنجیر کھڑکانی!

تمت بالخیر

ملنے کا پتہ

کتب خانہ انجمن ترقی اُردو شمس المطابع قانونی بک ڈپو	حیدرآباد دکن
خواجہ بک ڈپو	دہلی
الناظر بک ایجنسی	لکھنو
تاج کمپنی لمیٹڈ	لاہور
محمد سعید صاحب تاجر کتب سندریہ پٹی	کلکتہ
نذیر احمد صاحب ایجنٹ تاج کمپنی	بمبئی
محمد حنیف صاحب تاجر کتب	اجمیر شریف
مولنا حسرت موہانی	کان پور
یونیورسٹی بک ڈپو	علی گڑھ